# خلافت عمرؓ میں شورائیت اور اسکے اثرات

## (تجزیاتی مطالعہ)

*Submitted By*

ASAD UR REHMAN

01-259221-002

*Supervised By*

DR. SYED MUHAMMAD SHAHID TIRMAZI

Department of Islamic Studies

BAHRIA UNIVERSITY ISLAMABAD

Session (2022 - 2024)

# خلافت عمرؓ میں شورائیت اور اسکے اثرات

## (تجزیاتی مطالعہ)

*Submitted By*

ASAD UR REHMAN

01-259221-002

*Supervised By*

DR. SYED MUHAMMAD SHAHID TIRMAZI

A Thesis Submitted in the Fulfilment of the Requirements for the Award of the Degree in Master in Science (Islam and Life)

Department of Islamic Studies

School of Humanities and Social Sciences

BAHRIA UNIVERSITY ISLAMABAD

Session (2022 - 2024)

Bahria University
Discovering Knowledge

**THESIS APPROVAL SHEET**

**Topic of Research:** خلافت عمر رضی اللہ عنہ میں شورائیت اور اسکے اثرات (تجزیاتی مطالعہ )

**Name of Student:** **ASAD-UR REHMAN**

Enrollment No: 01-259221-002

Programme: MS Islamic Studies (Islam & Life)

Approved by:

**Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmazi**
Thesis Supervisor

**Dr. SANAULLAH**
Internal Examiner

**DR RAO FARHAN ALI**
External Examiner

**Dr. RAHIM ULLAH**
Program Coordinator

**Dr Syed Muhammad Shahid Tirmazi**
Head of Dep

## Supervisor's Statement

This is certified that the work contained in this thesis, entitled

"خلافت عمرؓ میں شورائیت اور اسکے اثرات، تجزیاتی مطالعہ", has been carried out under my supervision by **Asad Ur Rehman** and is approved for submission in partial fulfilment of the requirement for the degree of MS Islamic Studies.

Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmazi

Head of the Department

Department of Islamic Studies

Bahria University Islamabad

# Bahria University

Discovering Knowledge

## MS-13

## Thesis Completion Certificate

Student's Name**: <u>Asad Ur Rehman</u>**

Enrollment No. **<u>01-259221-002</u>**

Programme of Study: **<u>MS-Islamic Studies</u>**

Thesis Title: **"خلافت عمرؓ میں شورائیت اور اسکے اثرات، تجزیاتی مطالعہ"**

It is to certify that the above student's thesis has been completed to my satisfaction and, to my belief, its standard is appropriate for submission for evaluation. I have also conducteda plagiarism test on this thesis using the HEC prescribed software and found a similarity index of <u>16%</u> that is within the permissible limit set by the HEC for the MS/MPhil degree thesis. I have also found the thesis in a format recognized by the BU for the MS/MPhil thesis.

Principal Supervisor’s Signature: ____________

Name: <u>Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmazi</u>

Date: <u>15-02-2024</u>

# Bahria University

Discovering Knowledge

**MS-14A**

## Author’s Declaration

I, **Asad Ur Rehman,** hereby state that my MS thesis titled

" خلافت عمرؓ میں شورائیت اور اسکے اثرات، تجزیاتی مطالعہ " , is my own work and has not been submitted previously by me for taking any degree from this University (Bahria University) or anywhere else in the country or world.

At any time, if my statement is found to be incorrect, even after my graduation, the university has the right to withdraw or cancel my MS degree.

Scholar/Author’s Signature: ___________

Scholar/Author’s Name: **Asad Ur Rehman**

Date: 15-02-2024

# Bahria University

Discovering Knowledge

**MS-14A**

## Plagiarism Undertaking

I **Asad Ur Rehman**, solemnly declare that the research work presented in the thesis titled

" خلافت عمرؓ میں شورائیت اور اسکے اثرات، تجزیاتی مطالعہ ", is solely my research work with no significant contribution from any other person. Any small contribution or help,wherever taken, has been duly acknowledged, and the complete thesis has been written by me. I understand the zero-tolerance policy of the HEC and Bahria University towards plagiarism. Therefore, I, as the author of the above titled thesis, declare that no portion of mythesis has been plagiarized and that any material used as a reference is properly referred to and cited.

I undertake that if I am found guilty of any formal plagiarism in the above titled thesis even after the award of my MS degree, the university reserves the right to withdraw or revoke my MS degree, and that HEC and the university have the right to publish my name on the HEC/University website, where the names of students, who submitted plagiarized theses are placed.

Scholar/Author's Signature: ____________

Scholar/Author's Name: Asad Ur Rehman

Date: 15-02-2024

# ACKNOWLEDGMENT

First and foremost, I offer my sincerest gratitude to Allah, the Most Merciful and the Most Compassionate, for granting me the strength, guidance, and perseverance to complete this thesis. Without His blessings and divine guidance, this journey would not .have been possible

I extend my heartfelt thanks to Dr. Shahid Tirmazi, my esteemed supervisor, whose unwavering guidance, expertise, and encouragement have been indispensable throughout this endeavor. Dr. Tirmazi's dedication to academic excellence, depth of .knowledge, and insightful feedback have greatly enriched this research

I am deeply appreciative of Dr. Tirmazi's willingness to share his expertise, provide constructive criticism, and offer unwavering support, even during the most challenging phases of this project. His mentorship has been a cornerstone of my academic .development, and I am truly grateful for the opportunity to learn under his guidance

Additionally, I would like to express my gratitude to my dear Father, whose support, .encouragement, and contributions have enriched this journey in countless ways

Finally, I am profoundly thankful to my family and friends for their unwavering support, understanding, and encouragement. Their belief in my abilities and their constant encouragement have been a source of strength and motivation throughout this endeavor

.

# DEDICATION

This thesis is dedicated to the memory of my esteemed teacher, Hafiz Abdul Salam bin Muhammad. His guidance, wisdom, and unwavering support have been an enduring source of inspiration throughout my academic journey.

Hafiz Abdul Salam bin Muhammad's passion for knowledge and dedication to his students left an indelible mark on all who had the privilege of learning from him. His belief in my potential and encouragement to pursue excellence have been instrumental in shaping my academic pursuits.

Though he is no longer with us, his legacy lives on through the countless lives he touched and the profound impact he made on our community. This thesis is a humble tribute to his remarkable influence and enduring memory.

May his soul rest in peace, and may his legacy continue to inspire future generations of scholars. May Allah forgive them and grant me and hundreds of his students the ability to spread his knowledge all over the world.

# Abstract

This research delves into the comprehensive exploration of "Shura-e-at," elucidating its conceptual framework, significance, importance, and fundamental characteristics. It examines the historical context of "Shura-e-at" during the caliphate of Hazrat Umar, documenting his adoption and implementation of this consultative process in governance.

The study scrutinizes the impact of Shura's decisions on the governance structure of Hazrat Umar's caliphate. Addressing contemporary critiques and concerns surrounding "Shura-e-at," the research evaluates the inclusion of women and non-Muslims in the consultative process, aligning their representation with Shariah principles and juristic opinions prevalent during Umar's Caliphate.

The research categorizes Hazrat Umar's decisions into three types and constructs chapters corresponding to them: legislative, administrative, and judicial. After mentioning all these decisions, their impacts are also elucidated. Following the clarification of Hazrat Umar's decision-making process, a comparison is drawn between his consultation method and modern Western democracy, shedding light on the similarities, disparities, and potential areas of convergence between these two governance models.

**Keywords**: Shura-e-at, Hazrat Umer, Caliphate of Hazrat Umar, Ijlas, Mushawrat, Mashwarah, Faislah ,Sahabah kiram

# فہرست موضوعات


**باب اول: تعارف تحقیق** ........ ۳

**فصل اول: تعارف موضوع** ........ ۳

اہمیت وضرورت ........ ۵

سوالات تحقیق ........ ٦

وجہ انتخاب موضوع ........ ٦

اہداف ومقاصد ........ ٦

بیان مسئلہ ........ ۷

سابقہ کام کا جائزہ ........ ۷

تحقیقی خلا ........ ۸

تحقیقی طریقہ کار ........ ۸

تحقیقی اخلاقیات ........ ۹

مواد کی تدوین وجمع ........ ۹

حوالہ جات ........ ۹

ابواب وفصول ........ ۱۰

**فصل ثانی: حضرت عمرؓ کا تعارف** ........ ۱۱

قبولیت اسلام سے پہلے کی زندگی ........ ۱۳

قبول اسلام ........ ۱۴

حضرت عمرؓ خلافت صدیقی میں ........ ۱۵

خلافت کے لیے نامزدگی ........ ۱۵

حضرت عمرؓ کے فضائل ومناقب ........ ۱٦

دور خلافت ........ ۲۱

ارکان خلافت ........ ۲۲

وزارتیں ........ ۲۴

**فصل ثالث: شورائیت کا تعارف** ........ ۳۱

اسلام کا تصور شورائیت ........ ۳۲

شورائیت کی اہمیت قرآن کریم سے ........ ۳۴

شورائیت کی اہمیت حدیث سے ........ ۳۸

شورائی نظام کے خدوخال ........ ۴۱

**فصل رابع: شورائیت کی اہمیت، حضرت عمرؓ کی نظر میں** ........ ۴۷

خلافت عمرؓ میں اہل حل وعقد ........ ۴۷

حضرت عمرؓ کے اقوال ..... ۵۰

گورنرز، قاضیوں، کمانڈرز اور عمال کو شورائیت کی تلقین ..... ۵۴

**باب دوم: خلافتِ عمرؓ میں مجالاتِ شورائیت اور اس کے اثرات ..... ۵۶**

**فصل اول: مقننہ میں شورائیت اور اسکے اثرات ..... ۵۶**

مجوسیوں کے حکم کی تعیین ..... ۵۷

ایک مجلس کی تین طلاقیں ..... ۶۳

نماز جنازہ کی تکبیرات ..... ۶۷

**فصل ثانی: انتظامیہ میں شورائیت اور اسکے اثرات ..... ۶۸**

ملکہ روم کا ہدیہ ..... ۶۸

سرکاری دیوان کا اجراء ..... ۷۲

گورنرز، والیان ریاست اور کمانڈرز کی تقرری ..... ۷۶

نئے خلیفہ کا انتخاب ..... ۸۱

**فصل ثالث: عدلیہ میں شورائیت اور اسکے اثرات ..... ۹۰**

شراب نوشی کی حد مقرر کرنا ..... ۹۲

ہتک عزت کا کیس ..... ۹۹

مرض سے شفایابی تک حد کا سقوط ..... ۱۰۳

**باب ثالث: خلافتِ عمرؓ میں شورائی نمائندگی اور جدید مغربی جمہوریت ..... ۱۰۴**

**فصل اول: شورائیت میں خواتین کی شمولیت ..... ۱۰۴**

خواتین کی شورائیت کی شرعی حیثیت ..... ۱۰۹

حضرت عمرؓ کی خواتین سے شورائیت ..... ۱۱۴

**فصل ثانی: شورائیت میں غیر مسلموں کی شمولیت ..... ۱۲۱**

غیر مسلموں سے مشاورت کی شرعی حیثیت ..... ۱۲۲

حضرت عمرؓ کا طرز عمل ..... ۱۲۷

ابتدائے تاریخ اسلامی میں غیر مسلموں سے مشاورت کی قلت ..... ۱۳۱

**فصل ثالث: خلافت عمرؓ میں "شورائیت" اور جدید مغربی جمہوریت ..... ۱۳۳**

جدید مغربی جمہوریت (ڈیموکریسی) کا پس منظر ..... ۱۳۴

تقابل (اختلافات) ..... ۱۳۴

اتفاقات ..... ۱۳۹

نتائج ..... ۱۴۱

تجاویز ..... ۱۴۲

فہرست آیات ..... ۱۴۳

فہرست احادیث ..... ۱۴۵

فهرست أعلام ........................................................................................................ ۱۳۷
فهرست اماکن ........................................................................................................ ۱۳۷
مصادر و مراجع ........................................................................................................ ۱۳۸

# باب اول: تعارف تحقیق

## فصل اول: تعارف موضوع

### تمہید

انسان ہمیشہ سے ہی اجتماعیت پسند ہے اس لیے تاریخی اعتبار سے اس کو کسی نہ کسی نظام کے تحت رہ کر اجتماعی زندگی اپنانا پڑتی ہے سو انسان مختلف ادوار میں مختلف نظاموں کے تجربات سے گزرتے رہے جن میں سے کچھ الہامی نظام تھے اور کچھ غیر الہامی۔ الہامی نظاموں میں سے اہم ترین اور حتمی، (مسلمانوں کے ایمان کے مطابق) نبی رحمت کا دیا گیا نظام ہے جس میں ایسے اجتماعی زندگی کی جانب رغبت دلائی گئی ہے جو مسلمانوں کے مابین اتحاد والفت کی بنیاد پر قائم ہو لہذا اس اتحاد والفت کو قائم کرنے کے طریقے کار کے طور پر نظام شوری کو متعارف کروایا گیا کیونکہ باہمی اخوت و مودت کے نازک رشتے پر زد اس وقت پڑتی ہے جب کوئی انسان یہ محسوس کرنے لگتا ہے کہ مقابل اس کے حقوق کی پامالی کر رہا ہے اور اس کی عزت نفس کو مسل رہا ہے تو اس انفرادیت اور استبداد کی وجہ سے اس کی غیرت وحمیت کی بیداری ایک فطری عمل ہوتا ہے پھر نتیجتاً انسان باہم دست وگریباں ہو جاتے ہیں اور معاشرہ حیوانیت کا روح دھار لیتا ہے۔ لیکن جب معاشرے میں یہ تصور عام ہو جائے کہ یہاں کوئی کسی پر حکمران نہیں ہے اور باہمی اخوت ومحبت کے اسلامی اصولوں کی وجہ سے کوئی کسی پر اپنا حکم مسلط نہیں کر سکتا تو یقینا فساد اور بدامنی کا دروازہ از خود بند ہو جائے گا اور امت کا شیرازہ مستحکم ہوتا چلا جائے گا۔

نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "رأس العقل بعد الإيمان التودد إلى الناس و ما يستغني رجل عن مشورة"[1]

ترجمہ: "ایمان کے بعد سب سے بڑی دانشمندی لوگوں سے محبت ہے اور آدمی مشورے سے بے نیاز نہیں ہو سکتا"۔

اسلامی حکومت کی بنیادی اصولوں میں بھی یہ بات شامل ہے کہ حکمران وعمال امور مملکت میں مسلمانوں سے مشورہ لیں، ان کی آراء اور رضا کو سامنے رکھتے ہوئے فیصلے کریں اور نظام حکومت کو شورائیت کی بنیاد پر قائم کریں۔ اسلامی سیاست کا یہ اصول اس کی ریڑ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے چنانچہ حضرت عمرؓ نے اپنی حکومت کی اساس شورائیت پر ہی رکھی تھی اور اس دور میں شورائیت کا دائرہ قدرے وسیع ہو گیا تھا کیونکہ نئے نئے مسائل وواقعات بکثرت وقوع پذیر ہوتے تھے اور ریاست اسلامیہ کی سرحدیں ان ملکوں تک پھیل گئی تھیں جہاں تہذیبیں مختلف تھیں، رسم ورواج میں فرق اور نظام زندگی میں تباین تھا۔ ان وجوہات کی بنا پر ایسی جدید مشکلات پیدا ہوئیں جن میں دقیق اور وسیع اجتہاد کی ضرورت پیش آئی چنانچہ حضرت عمرؓ رعایا پر کسی بھی مسئلے میں اپنا حکم اس وقت تک لاگو نہیں کرتے تھے جب تک قوم کے نمائندوں سے اس بابت مشورہ نا فرمالیتے۔

---

[1] البيهقى ، احمد بن حسين ، السنن الكبرى (بيروت : دار الكتب العلمية) كتاب : آداب القاضى ، باب : مشاورة الوالى والقاضى فى الامر ، ح ۲۰۳۰۴

حضرت عمرؓ کا قول ہے : "لا خير فى أمر أبرم من غير شورى"[1]

ترجمہ: "جو کام مشاورت کے بغیر عمل میں لایا جائے اس میں خیر نہیں ہوتی"۔

حضرت عمرؓ شورائیت پر اس قدر سختی سے کاربند تھے کہ بعض دفعہ کسی مسئلے پر بحث کرتے ہوئے مجلس شوری میں ایک ماہ سے بھی زائد عرصہ لگ جاتا تھا۔[2] حضرت عمرؓ کی خلافت کے شورائی نظام کا خاکہ موجودہ جمہوری ملکوں میں رائج دستوری نظاموں سے ملتا جلتا تھا جس کے اندر کسی بھی فیصلے یا پالیسی کی منظوری کے لیے مختلف شوارئی مراحل طے کیے جاتے تھے بعد ازاں جب ان فیصلوں کا نفاذ عمل میں لایا گیا تو اس کے اثرات اور نتائج حیران کن ثابت ہوئے۔

حضرت عمرؓ کے دور خلافت کی کامیابی میں جہاں دیگر عوامل کار فرما ہیں وہیں پر نظام خلافت کی اساس شورائیت پر ہونا سر فہرست ہے۔

## اہمیت وضرورت

تخلیق کائنات سے ہی اللہ تعالی نے انسانوں کو ایک دوسرے کا محتاج بنایا ہے اس لیے وہ دوسروں سے ہمیشہ مختلف معاملات میں مشورہ لیتا ہے مشاورت کا یہ عمل انفرادی اور اجتماعی دونوں سطحوں پر اہمیت کا حامل ہوتا ہے کیونکہ مشاورت سے مشکل، گھمبیر اور پیچیدہ مسائل کے حل کی راہ ہموار ہوتی ہے۔ انفرادی سطح پر کیے گئے مشورے انفرادی اثرات کے حامل ہوتے ہیں جبکہ اجتماعی سطح پر کیے گئے مشورے قوموں، معاشروں اور حکومتوں کو بہتر بنانے اور دور رس نتائج کے حصول میں کارآمد ثابت ہوتے ہیں لہذا اسلام نے بھی باہمی مشاورت کے عمل کی نہ صرف حوصلہ افزائی کی ہے بلکہ حکماترغیب بھی دلائی ہے۔

شورائیت کی اہمیت کا اندازہ قرآنی احکامات سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے۔

اللہ تعالی نے فرمایا: "وَالَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَمْرُهُمْ شُورَى بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ"[3]

ترجمہ: "اور وہ لوگ جنھوں نے اپنے رب کا حکم مانا اور نماز قائم کی اور ان کا کام آپس میں مشورہ کرنا ہے اور ہم نے انھیں جو کچھ دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں"۔

اس آیت میں اللہ تعالی نے شوری کو نماز کے ساتھ ذکر فرمایا جو اس کی اہمیت کا مظہر ہے۔

شورائیت کے حوالے سے ہمارے سامنے ایک رہنما دور خلافت راشدہ کا ہے جو رسول اللہ ﷺ کے براہ راست فیض یافتگان کا دور ہے اور نبی کریم ﷺ کی تلقین کی روشنی میں اس دور کے اقدامات ہمارے لیے آئیڈیل ہیں۔ اس مکمل عہد میں سے (جو لگ بھگ ۳۰ سال کے عرصے پر محیط ہے) حضرت عمرؓ کے عہد خلافت میں کثرت فتوحات کی وجہ سے شورائیت کی اہمیت وافادیت اور کسی حد تک اس کے ادارہ جاتی خدوخال سامنے آئے لہذا اس اہمیت کے پیش نظر عہد فاروقی کی شورائیت اور مسلمانوں کے اجتماعی زندگی پر اس کے مرتب

---

[1] الصلابى ، على بن محمد ، فصل الخطاب فى سيرة ابن الخطاب (الامارات : مكتبة الصحابة ٢٠٠٤ ) ، ص ١٠٩

[2] الشيخ ، عبد الستار ، عمر بن الخطاب خليفة الراشدي العظيم و الامام العادل الرحيم (دمشق : دار القلم ) ، ص ٤١

[3] الشورى : ٣٨

ہونے والے اثرات کو صراحت کے ساتھ قلم بند کرنا چاہیے تاکہ عصر حاضر میں اس نظام کی اطلاق کے لیے ہمارے سامنے ایک ماڈل موجود ہو۔

## سوالات تحقیق

١. حضرت عمرؓ کی خلافت میں شورائیت کا نظام کیسا تھا اور اس کے کیا اثرات تھے؟

٢. حضرت عمرؓ کی شورائیت اور جدید مغربی جمہوریت میں کیا فرق ہے؟

## وجہ انتخاب موضوع

١٩٨٣ میں صدر ضیاء الحق کے حکم پر انصاری کمیشن نے اپنی رپورٹ میں "شورائیت" کو اسلامی نظام حکومت کے طور پر پیش کیا تھا جس کے اندر اس نظام کے اطلاقی صورتوں کو واضح کرتے ہوئے اس کے نفاذ کی سفارش کی گئی تھی۔ مقالہ نگار نے اس رپورٹ کو پڑھنے کے بعد یہ محسوس کیا کہ شورائیت کا کوئی ایک ماڈل ہمارے سامنے ہونا ضروری ہے جس کی روشنی میں اس کے اطلاق کو ممکن بنایا جائے اس وجہ سے مقالہ نگار نے خلافت راشدہ کا انتخاب کیا کیونکہ رسول اللہ کا فرمان ہے: "فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الْمَهْدِيِّينَ الرَّاشِدِينَ"۔[1]

ترجمہ: "میری سنت اور میرے خلفاء کی سنت اپنائے رکھنا، خلفاء جو اصحاب رشد وہدایت ہیں"۔

علاوہ ازیں مکمل خلافت راشدہ میں سے حضرت عمر کی خلافت کو اس لیے منتخب کیا کیونکہ اس دور میں اسلامی سرحداد کی وسعت دورانیہ طویل صحابہ کرام جیسی بے داغ شخصیات کے ہاتھوں میں زمام کار اور فتنوں سے محفوظ دور تھا ان خصوصیات کے پائے جانے کی وجہ سے اس نظام کی افادیت اور ممکن اطلاق کی صورتوں کو زیادہ بہتر سمجھا جا سکتا ہے

## اہداف و مقاصد

١. "شورائیت" کی اہمیت کو واضح کرنا۔

٢. عہد فاروقی میں "شورائیت" کے شعبہ جات اور اس کی تنفیذات پر بحث کرنا۔

٣. عہد فاروقی کے شورائی فیصلوں کے، ان کے شعبوں اور معاشرے میں مرتب ہونے والے اثرات سے روشناس کروانا۔

٤. عہد فاروقی کی "شورائیت" اور "جدید مغربی جمہوریت" کے فرق کو واضح کرنا۔

[1] ابو داود ، سليمان بن اشعث ، سنن ابى داود (رياض : دار السلام ) ، كتاب : السنة ، باب : لزوم السنة ، ح ٤٦٠٧

## بیان مسئلہ

عمومی طور پر سمجھا جاتا ہے کہ اسلام کوئی نظام حکومت نہیں دیتا جبکہ نبی رحمت اور خلفائے راشدین کا قائم کردہ نظام حکومت اس سوچ کی نفی کرتا ہے ضروری امر یہ ہے کہ اس دور کے نظام کی جزئیات کو احاطہ تحریر میں لایا جائے۔

## سابقہ کام کا جائزہ

۱. اسماعیل، عبدالحمید، الشوری واثرھا فی الدمقراطیۃ (بیروت : منشورات المکتبۃ العصریۃ): اس کتاب میں شوری کی اہمیت وضرورت پر بحث کی گئی ہے اور ڈیموکریسی کی خامی اور کمزوری کی تناظر میں شورائیت کی جانب توجہ دلائی گئی ہے۔

۲. الشیخ ، عبدالستار، عمر بن الخطاب امام عادل الرحیم وخلیفۃ راشد العظیم (دمشق: دار القلم): اس کتاب میں حضرت عمرؓ کی زندگی اور دور خلافت کو تمام پہلوؤں سے بیان کیا گیا ہے۔ مصنف نے مجلس شوری کا حضرت عمرؓ کی خلافت کے بنیادی ادارے کے طور پر ذکر کیا ہے۔

۳. الصلابی، علی بن محمد، حضرت عمر بن خطاب شخصیت اور کارنامے۔ مترجم: شمیم احمد سلفی وعبدالمعین (ریاض: دارالفرقان) : یہ کتاب خلافت عمرؓ پر لکھی جانے والی کتابوں میں سے سب سے مفصل اور عمدہ کتاب ہے لیکن اس کتاب میں شورائیت کو خلافت کی بنیاد کے طور پر مختصراً چند صفحوں پر ذکر کیا گیا ہے۔

۴. گورایہ، محمد یوسف ، خلافت راشدہ میں شورائی نظام،iri.aiou.edu.pk: مضمون میں شورائیت کا مقننہ عدلیہ اور انتظامیہ کے امور میں کردار پر روشنی ڈالی گئی ہے اور مختصر انداز سے اس کے طریقوں کی جانب اشارہ کیا گیا ہے جو کہ تحقیق طلب ہے اور یہ مضمون مطلق خلافت راشدہ کو اپنے ضمن میں لیے ہوئے ہیں۔

۵. انصاری، ظفر احمد، نظام حکومت کے بارے میں انصاری کمیشن رپورٹ، tooba-elibarary.blogspot.com: اس رپورٹ میں صدر ضیاء الحق کی جانب سے تشکیل دی گئی کمیشن نے نظام شوری کے متعلق قابل عمل سفارشات پیش کی لیکن یہ رپورٹ صرف اصولوں پر مبنی ہے اور زیادہ تر اطلاقی پہلوؤں کو مد نظر رکھتے ہوئے ترتیب دی گئی ہے۔

۶. نعمانی، شبلی، الفاروق (کراچی: دارالاشاعت): علامہ شبلی نعمانی نے اس کتاب میں حضرت عمرؓ کی خلافت کی مکمل ادارہ جاتی ترتیب وتفصیل ذکر کی ہے جس میں انہوں نے مجلس شوری کا ایک ادارے کے طور پر ذکر کرتے ہوئے چند مثالیں بیان کی ہیں جو کہ انتہائی مختصر اور تفصیل طلب ہیں۔

مذکورہ بالا کتب کے علاوہ مقالہ ہذا کے موضوع سے متعلقہ مواد پر مشتمل درجن سے زائد کتب مقالہ نگار کی نظر سے گزریں جو کہ اسلام میں شوری کی اہمیت اور شورائیت اور جمہوریت کے تقابل پر مشتمل تھیں علاوہ ازیں وہ کتب جو حضرت عمرؓ یا

خلفائے راشدین کی سیرت یا سیاست کے موضوع پر لکھی گئی ہیں ،ان میں قضاو اقتصاد وغیرہ پر تفصیلا لب کشائی کی گئی ہے لیکن شورائیت کو واقعاتی ترتیب میں ضمنا بیان کیا گیا ہے جو کہ محض چند سطروں یا چند صفحات پر مشتمل ہے۔

## تحقیقی خلا

سابقہ کام کا جائزہ لینے کے بعد مقالہ نگار اس نتیجے پر پہنچا ہے کہ بالعموم خلافت راشدہ اور بالخصوص عہد فاروقی میں شورائیت اور اس کے معاشرے پر مرتب ہونے والے اثرات پر کوئی تحقیق مقالہ نگار کے احاطہ علم میں نہیں آسکی لہذا اسلامی تاریخ میں حضرت عمرؓ کی خلافت کی اہمیت کو مد نظر رکھتے ہوئے اس مقالے میں خلافت عمرؓ میں شورائیت اور اس کے اثرات کا جائزہ لیا جائے گا۔

## تحقیقی طریقہ کار

- اس مقالہ میں منہج تحقیق ،تاریخی اپنایا گیا ہے۔
- ابتدا میں وصفی منہج اپناتے ہوئے حضرت عمرؓ، خلافت عمرؓ اور شورائیت کا تفصیلی تعارف کروایا گیا ہے۔
- تعارف کے باب میں شوری اور امیر مملکت کی قانونی حیثیت کو شرعی اور حضرت عمرؓ کی خلافت کی روشنی میں واضح کیا گیا ہے۔
- عصر حاضر میں اس نظام کے اطلاق میں ممکنہ اعتراضات کو سامنے رکھتے ہوئے وصفی اسلوب کے تحت خواتین اور اقلیتوں کی نمائندگی کے مسئلے کو تفصیل کے ساتھ واضح کیا گیا ہے جو کہ قرآن وسنت، آثار صحابہ ،فقہاء کی آراء اور صحابیات کی مثالوں کے ساتھ خلافت عمرؓ کی روشنی میں بیان کیا گیا ہے۔
- دوران تحقیق ،موضوع کے کسی گوشے سے متعلقہ کسی مصنف یا محقق کی رائے کا حسب ضرورت دلیل کی روشنی میں تنقیدی تجزیہ بھی کیا گیا ہے۔
- مقالہ میں شورائی فیصلے سے مراد خلیفہ کی کسی ایک شخصیت سے مشاورت یا فیصلہ صادر فرمادینے کے بعد مجلس شوری کے سامنے پیش کیے ہوئے فیصلے بھی "شورائیت" کے زمرے میں شمار کئے گئے ہیں ۔
- شورائی فیصلوں کے اثرات کا تجزیہ کرتے ہوئے کسی مصنف یا محقق کا تجزیہ بیان کرنے کے ساتھ ساتھ بوقت ضرورت مقالہ نگار کا ذاتی تجزیہ بھی ذکر کیا گیا ہے۔
- مقالہ میں ذکر کردہ آیات کا ترجمہ حافظ عبد السلام بن محمد کی تصنیف کردہ تفسیر، "تفسیر القران کریم" سے لیا گیا ہے۔
- مقالہ میں کسی واقعے کی طوالت کی بنا پر اس کا صرف موضوع سے متعلقہ پہلو ذکر کیا گیا ہے۔

- مقالہ میں مذکور مرفوع احادیث کی تخریج ترجیحاامام البانی اور علامہ احمد محمود شاکر میں سے کسی کی ذکر کی گئی ہے اور اگر مذکورہ شخصیات میں سے کسی کی تخریج میسر نہ آسکی تو کسی دستیاب محقق کی تخریج بمع حوالہ ذکر کی گئی ہے لیکن تاریخی واقعات کی تخریج نہیں کی گئی ہے۔
- اس تحقیقی مقالہ میں شورائی فیصلوں کے مثبت اور منفی اثرات کا جائزہ لیا گیا ہے لیکن اکثریت صرف مثبت اثرات ہی سامنے آئے ہیں۔
- مقالہ ہذا میں احادیث کی جو کتابیں مکتبہ شاملہ پر میسر ہیں ان کی نمبرنگ مکتبہ شاملہ کے مطابق کی گئی ہے۔
- مقالہ میں مجالات شورائیت کو تین بنیادی اقسام پر منقسم کیا گیا ہے جن کے ضمن میں ذیلی اقسام مذکور ہیں۔

## تحقیقی اخلاقیات

۱. مقالہ میں ذکر کردہ شخصیات کا مکمل احترام ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے۔

۲. اختلاف رائے دلیل کی بنیاد پر اور شائستگی کے ساتھ کیا گیا ہے۔

۳. عربی اقتباسات کا مکمل ترجمہ بمع حوالہ ذکر کیا گیا ہے۔

۴. انداز بیان سلیس اور مؤدبانہ اپنایا گیا ہے۔

## مواد کی تدوین وجمع

معلومات ومواد کے حصول اور تدوین کے لیے بنیادی مصادر کی طرف رجوع کیا گیا ہے البتہ بوقت ضرورت عدم دستیابی یا کسی بھی ناگزیر وجوہات کی بناپر ثانوی مصادر کا ہی حوالہ ذکر کیا گیا ہے علاوہ ازیں حل طلب وضاحت طلب اصطلاحات، اعلام ،اماکن کی حاشیہ میں وضاحت کی گئی ہے۔

کتب ومضامین کے ان لائن مکتبات سے بھی استفادہ کیا گیا ہے نیز مقالہ کی زیادہ تر کتب کا حوالہ مکتبۃ شاملہ کا ہی ذکر کیا گیا ہے۔

## حوالہ جات

دوران مقالہ حوالہ جات اور کتابیات کے لیے بحریہ یونیورسٹی کے طے کردہ فارمیٹ کا استعمال کیا گیا ہے۔

# ابواب وفصول

## باب اول

(تعارف)

تعارف تحقیق

فصل اول: حضرت عمرؓ (تعارف، فضائل ومناقب اور دور خلافت)

فصل ثانی: "شورائیت" (تصور، خدوخال اور اہمیت)

فصل ثالث: حضرت عمرؓ کی نظر میں شورائیت کی اہمیت

## باب ثانی

(خلافت عمرؓ میں مجالات شورائیت اور اسکے اثرات)

فصل اول: مقننہ میں شورائیت اور اسکے اثرات

فصل ثانی: انتظامیہ میں شورائیت اور اسکے اثرات

فصل ثالث: عدلیہ میں شورائیت اور اسکے اثرات

## باب ثالث

(خلافت عمرؓ میں شورائی نمائندگی اور "جدید مغربی جمہوریت")

فصل اول: شورائیت میں خواتین کی شمولیت

فصل ثانی: شورائیت میں غیر مسلموں کی شمولیت

فصل ثالث: خلافت عمرؓ میں "شورائیت" اور "جدید مغربی جمہوریت"

# فصل ثانی: حضرت عمرؓ کا تعارف

## نام و نسب

عمر بن خطاب بن نفیل بن عبد العزی بن رباح بن قرط بن رزاح بن عبد اللہ بن عدی بن کعب بن لوئی[1]۔ آپکا تعلق خاندان قریش کی شاخ بنو عدی سے تھا۔ آپؓ کا نسب کعب پر نبی ﷺ سے جاملتا ہے۔

کنیت: ابو حفص[2] تھی۔[3] یہ کنیت نبی ﷺ نے بدر کے دن رکھی تھی۔ اس کنیت پر حضرت عمرؓ نے اپنے پہلے بیٹے کا نام رکھا تھا جو چھوٹی عمر میں ہی فوت ہو گیا تھا[4]۔

القابات: مختلف روایات میں حضرت عمرؓ کے تین القابات ذکر کیے گئے ہیں: الفاروق[5]، القوی[6]، الاصیلع[7]۔

## پیدائش و اوصاف

آپؓ کی ولادت عام الفیل سے ۱۳ برس بعد ہوئی۔ بعثت کے وقت آپؓ کی عمر ۲۷ سال تھی اور ہجرت کے وقت ۴۰ سال تھی[8]۔ آپؓ کے جسمانی اوصاف یہ تھے کہ آپؓ سرخی مائل گوری رنگت کے مالک تھے، دونوں رخسار اور آنکھیں انتہائی خوبصورت تھیں، دونوں پاؤں اور ہتھیلیاں موٹی تھیں، گوشت سے بھرے ہوئے اعضاء اور مضبوط جسم کے مالک تھے۔ سر کے آگے کے بال گرے ہوئے تھے شاید اسی لیے آپؓ کو "اصیلع" کہا جاتا تھا[9]۔ آپؓ چلتے تو تیز چلتے اور بولتے تو اونچا بولتے تھے۔ آپؓ مہندی کا خضاب لگاتے تھے اور آپؓ کی مونچھیں دونوں طرف سے بڑھی رہتی تھیں۔ آپؓ بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے جس پر یہ لکھوایا ہوا تھا "كفى بالموت واعظا يا عمر"[10]

[1] قرطبی، یوسف بن عبد الله، **الاستيعاب فى معرفة الاصحاب**(بیروت :دار الجبل ۱۹۹۲)، ج ۳، ص۱۱۴۴

[2] "حفص" کا مطلب شبل یعنی شیر کا بچہ

[3] الشيخ، عبدالستار، **عمر بن الخطاب الخليفة الراشدي العظيم والامام العادل الرحيم**(دارالقلم ۲۰۱۲)ص ۲۵

[4] الخطيب ، عبد الكريم ، **عمر بن الخطاب**، (دار الفكر العربى )، ص۳۹

[5] ابو نعيم، احمد بن عبدالله، **حلية الاولياء وطبقات احفياء**(بيروت :دار احياء التراث العربى )،ص ۴۳

[6] الشيخ، **عمر بن الخطاب**، ص۲۶

[7] شيبانى ،احمد بن حنبل، **مسند امام احمد بن حنبل** (رياض:دار السلام۲۰۱۳ )،مسند عمر بن خطاب ، ح ۳۶۱

[8] الشيخ، **عمر بن الخطاب**، ص۳۰

[9] الصلابی، علی بن محمد، **عمر بن خطاب شخصیت اور کارنامے**(ریاض: الفرقان )، مترجم شمیم احمد خلیل سلفی، ص۴۱

[1010] الشيخ، **عمر بن الخطاب**، ص۲۹

## خاندان

حضرت عمرؓ کے والد خطاب بن نفیل ہیں۔ آپؓ خود اپنے والد کے بارے میں کہا کرتے تھے کہ وہ انتہائی تند مزاج اور شقی القلب شخص تھے جو ان پر انتہائی سختی روا رکھتے تھے۔[1] آپؓ کے دادا نوفل بن عبد العزی قریش کے اشرافیہ میں سے تھے جن کے پاس لوگ اپنے مسائل کے حل کے لیے آتے تھے۔[2]

حضرت عمرؓ کی والدہ کا نام حنتمہ بنت ہاشم بن مغیرہ ہے۔ آپؓ کی والدہ ابو جہل کے چچا کی بیٹی ہیں جبکہ بعض مورخین نے لکھا ہے کہ ابو جہل کی بہن تھیں ۔لیکن درست بات یہ ہے کہ وہ ابو جہل کی بہن نہیں تھیں۔[3]

## بیویاں

زمانہ جاہلیت میں آپؓ کی تین بیویاں تھیں ۔

زینب بنت مظعونؓ ، قریبہ بنت ابی امیہ المخزومیہؓ ،ام کلثوم ملیکہ بنت جرول الخزاعیہ [4]

زمانہ اسلام میں حضرت عمرؓ نے پانچ خواتین سے شادی کی۔جنکے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

ام حکیم بنت حارث بن ہشامؓ [5]، جمیلہ بنت ثابت بن ابی الافلحؓ [6]،عاتکہ بنت زید بن عمر بن نفیلؓ [7]،ام کلثوم بنت علی بن ابی طالبؓ [8]،سبیعۃ بنت الحارثؓ [9]۔

حضرت عمرؓ ایک سے زائد شادیوں کے پیچھے کار فرما اپنے ارادے کو واضح کرتے ہوئے کہتے ہیں: "میں عورتوں کے پاس محض اپنے شہوت بجھانے کے لیے نہیں آتا اگر اولاد کا معاملہ نہ ہوتا تو مجھے اس بات کی قطعا کوئی پرواہ نہ تھی کہ میں کسی عورت کو اپنی آنکھ سے بھی دیکھوں"۔[10] ایک مرتبہ آپؓ نے فرمایا: "میں خود کو بیویوں سے صحبت پر اس لیے مجبور کرتا ہوں کہ ممکن ہے اللہ تعالی میرے نطفے سے ایسی اولاد پیدا فرمائے جو اللہ کا ذکر اور اس کی تسبیح کرے"۔[11]

## اولاد

آپؓ کی کل اولاد کی تعداد ١٤ ہے جن میں آٹھ لڑکے اور پانچ لڑکیاں تھیں

---

[1] ایضا ص ٣١
[2] الزبیری، ابو عبداللہ، المصعب بن عبداللہ، **نسب قریش** (قاھرۃ:دارالمعارف)،ص ٣٤٧
[3] الشیخ،**عمر بن الخطاب**،ص٣١
[4] ابن سعد ،محمد بن سعد ، **الطبقات الکبری**(بیروت:دار الکتب العلمیۃ ١٩٩٠)،ج٣،ص٢٠١
[5] الزبیری،**نسب قریش**،ص٣٠٣
[6] ایضا ص٣٤٩
[7] ابن حجر، **الاصابۃ** ،ج٨ ،ص٢٢٨
[8] ابن سعد،**الطبقات**،ج٨،ص٣٢٩
[9] ابن حجر،**الاصابۃ**،ج٨،ص١٧٣
[10] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص٤٣
[11] ایضا

عبد اللہؓ، عبد الرحمن الاکبر، عبد الرحمن الاوسط، عبد الرحمن الاصغر، عاصم، زید الاکبر، عیاض، زید الاصغر، حفصہ، فاطمہ، رقیہ، زینب، جمیلہ[1]

صاحب البدایہ نے اولاد کی تعداد ۱۳ لکھی ہے اور اس میں جمیلہ کا ذکر موجود نہیں جبکہ جمیلہ کا اولاد عمرؓ میں سے ہونے کی دلیل صحیح حدیث میں موجود ہے۔ ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کی ایک بیٹی تھی جس کا نام عاصیہ تھا پس نبی ﷺ نے اس کا نام جمیلہ رکھ دیا۔[2]

### غلام اور حاجب

حضرت عمرؓ کے جن حاجب اور غلاموں کے نام تاریخ میں ملتے ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں:

یرفا[3]، اسلم[4]، مہجع[5]، مالک بن عیاض[6]، الاقرع[7]، ھنی[8]، عمیر[9]، یسار بن نمیر[10]، سعد بن نوفل الجاری[11]، اسق الرومی[12]

### قبولیت اسلام سے پہلے کی زندگی

حضرت عمرؓ نے زمانہ جاہلیت میں بڑی کٹھن زندگی گزاری۔ آپؓ اس دور کو یاد کرتے ہوئے خود ہی فرمایا کرتے تھے کہ میں زمانہ جاہلیت میں اپنی خالاؤں کے اونٹ چرایا کرتا تھا اور وہ مجھے مٹھی بھر کھجوریں یا کشمش دیا کرتیں اور میں اسی پر دن گزرتا تھا[13]۔ اس کے علاوہ حضرت عمرؓ اپنے والد کے اونٹ بھی چرایا کرتے تھے اور یہ وقت ان کے لیے انتہائی مشکل تھا جس کو وہ خود یاد کرتے تھے۔

زبیر بن بکار ؒ کہتے ہیں کہ عمر بن خطابؓ اشراف قریش میں سے تھے اور آپؓ کے ذمے سفارت کاری کا منصب تھا۔

اگر قریش اور دیگر قبائل کی لڑائی ہو جاتی تو وہ آپؓ کو سفیر بنا کر بھیجتے اور اگر کوئی نفرت دلانے والا نفرت دلاتا تو وہ فخر و مباہات جتانے کے لیے آپؓ کو بھیجتے اور وہ سب آپؓ سے خوش رہتے "[14]۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ صاحب حکمت و دانش، بلیغ اللسان، دلیل میں پختہ اور واضح الکلام تھے جس کی وجہ سے آپؓ منصب سفارت کاری پر فائز تھے اور یاد رہے کہ آپؓ نے ساری زندگی صرف

---

[1] ابن کثیر ، إسماعیل بن عمر، **البدایة والنهایة**(دار إحیاء التراث العربي۱۹۸۸) ، ج ۷ ، ص ۱۵۷

[2] نیشاپوری ، مسلم بن حجاج ، **المسند الصحیح المختصر بنقل العدل عن العدل إلی رسول الله**(ریاض: دار السلام ۱۴۱۹ھ)،کتاب الآداب،باب استحباب تغییر الاسم القبیح ،ح۲۱۳۹

[3] ابن حجر ،**الاصابة** ،ج ۶،ص۵۴۶

[4] ابن الأثیر،علي بن أبي الکرم محمد بن محمد،**أسد الغابة في معرفة الصحابة**(دار الکتب العلمیة۱۹۹۴) ،ج۱ص۱۲۰

[5] قرطبی،یوسف بن عبد الله،**الاستیعاب فی معرفة الاصحاب**(بیروت :دار الجبل۱۹۹۲ )ج۴،ص۱۴۸۶

[6] ابن حجر، **الاصابة**،ج۶،ص۲۱۶

[7] ابو داود،سلیمان بن اشعث،**سنن ابی داود**(ریاض:دار السلام۱۹۹۹)،کتاب :السنة ، باب : فی اخلفاء ، ح ۴۶۵۶

[8] ابن حجر ،احمد بن علی،**فتح الباری بشرح صحیح البخاری**(بیروت:دار المعرفة۱۳۷۹ھ )،ج۶،ص۱۷۶

[9] ابن ماجة،محمد بن یزید،**سنن ابن ماجة** (ریاض:دار السلام۱۹۹۹) کتاب : اقامة الصلاة و السنة فیها، باب :ما جاء فی التطوع فی البیت فی ،ح۱۳۷۵

[10] الشیخ،**عمر بن الخطاب**،ص۳۷

[11] ابن حجر، **الاصابة** ،ج۳،ص۲۱۱

[12] الشیخ،**عمر بن الخطاب**،ص۳۹

[13] ابن عساکر،ابو القاسم علی بن حسن ،**تاریخ مدینةدمشق**،(دار الفکر للطباعة و النشر و التوزیع۱۹۹۸)،ج ۴۴،ص۳۱۵

[14] المزی،جمال الدین،**تهذیب الکمال فی اسماءالرجال**(بیروت: مؤسسة الرسالة۱۹۸۰)،ج۲۱،ص۳۲۲

جانور چرانے میں نہیں گزاری تھی بلکہ حضرت عمرؓ قریش کے عمومی پیشہ تجارت سے بھی وابستہ رہے تھے اور اس دوران آپؓ موسم سرما میں یمن اور موسم گرما میں شام کا تجارتی سفر کیا کرتے تھے اور اسی سبب آپؓ قریش کے مالدار لوگوں میں سے تھے۔
آپؓ کی مالداری کی دلیل ہجرت کے موقع کا وہ واقعہ ہے جس میں آپؓ نے عیاش بن ربیعہ کو کہا تھا کہ اللہ کی قسم! تم جانتے ہو میں قریش کے مالدار لوگوں میں سے ہوں پس میں اپنا آدھا مال تمہیں دے دیتا ہوں تم ان (مشرکوں) کے ساتھ مت جاؤ۔[1]
حضرت عمرؓ زمانہ جاہلیت میں اسلام کے سخت ترین مخالفوں میں سے ایک تھے۔ آپؓ ایمان لانے والوں پر انتہائی سختی روا رکھتے تھے۔ ایک مرتبہ ایک لونڈی کو اتنا مارا کہ مار مار کر تھک گئے کوڑا آپؓ کے ہاتھوں سے گر گیا۔ اس دوران ابو بکرؓ کا وہاں سے گزر ہوا تو انہوں نے اس لونڈی کو خرید کر آزاد کر دیا۔[2]

## قبول اسلام

نبی ﷺ نے حضرت عمرؓ کے لیے دعا کی۔ ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ دعا مانگی "اے اللہ ابو جہل ابن ہشام اور عمر بن خطاب میں سے جو تجھے زیادہ محبوب ہے، اس کے ذریعے اسلام کو غالب کر دے" اللہ کے نزدیک ان دونوں میں سے عمر زیادہ پسندیدہ تھے۔[3]
اس دعا کے بعد حضرت عمرؓ اسلام لے آئے[4]۔ حضرت عمرؓ کے اسلام قبول کرنے سے مسلمانوں کو زبردست قوت ملی اور مسلمان اعلانیہ عبادات اور دعوت کا کام کرنے لگے۔

## حضرت عمرؓ کے قبول اسلام کے وقت تعداد اور تاریخ

حضرت عمرؓ نے نبوت کے چھٹے سال ذی الحجہ کے مہینے میں حضرت حمزہؓ کے قبول اسلام کے تین دن بعد اسلام قبول کیا اس وقت مسلمانوں کی کل تعداد ۳۹ تھی۔ حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ اس وقت مسلمانوں کی کل تعداد ۳۹ تھی میں نے ۴۰ کی تعداد پوری کر دی۔[5]
حضرت عمرؓ کے قبول اسلام کے وقت مسلمانوں کی تعداد کے بارے میں مختلف روایات آتی ہیں ۔ مقالہ نگار نے ان تمام روایات میں تطبیق ایسے کی ہے کہ اس دور میں ابھی خفیہ تبلیغ ہی چل رہی تھی حتی کہ کچھ مسلمانوں کو بھی ایک دوسرے کا علم نہیں تھا جس طرح

---

[1] ابن هشام،عبد الملک،**السيرة النبوية لابن هشام**(مصر:شركة مكتبة و مطبعة مصطفى البابى الحلى واولاده۱۹۵۵)،ج۱،ص۴۷۵

[2] الشرقاوی،عبد الرحمن ،**الفاروق عمر**( قاهرة:مركز الاهرام للترجمة و النشر۱۹۸۶)،ص۸

[3] الترمذی محمد بن عيسى،**سنن الترمذی**(رياض: دار السلام۱۹۹۹)،کتاب : ابوب المناقب عن رسول اللهﷺ، باب : فى مناقب عمر بن الخطاب، ح۳۶۸۱

[4] شیبانی، احمد بن حنبل، **فضائل الصحابة**، مترجم: نوید احمد بشار (جہلم: بک کارنر)، ص ۱۳۰
یہ واقعہ مختلف تاریخ اور سیرت کی کتابوں میں ملتا ہے۔ فضائل صحابہ میں ڈاکٹر وصی اللہ کی تحقیق کے مطابق سند منقطع ہونے کی وجہ سے یہ روایت ضعیف ہے۔ اس کی سند میں قاسم بن عثمان البصری ضعیف راوی ہیں جو کہ انس سے روایت کر رہے ہیں اور ان کا انس سے سماع ثابت نہیں ہے۔ یہ روایت سیرت ابن ہشام، صفتۃ الصفوۃ اور دیگر سیرت کی کتابوں میں مختلف طرق سے آئی ہے جن کو ملا کر اس روایت کو حسن لغیرہ کے کا درجہ دیا جا سکتا ہے مگر اس کے علاوہ باقی واقعات کی سند میں شدید ضعف ہے ۔

[5] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص۵۸

حضرت عمر ؓ کو اپنی ہی بہن اور بہنوئی کا علم نہیں تھا سو خفیہ دعوت کی وجہ سے جس کو جتنی تعداد اور لوگوں کا علم تھا اس نے اتنی ہی تعداد کو بیان کیا ہے لہٰذا ان روایات میں حقیقتاً تعارض موجود نہیں ہے۔

## حضرت عمرؓ خلافت صدیقی میں

رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد انصار ثقیفہ بنی ساعدہ میں جمع ہوئے اور امارت سے متعلق بحث کرنے لگے پھر ان کے پاس ابو بکر، عمر اور ابو عبیدہ بن جراح ؓ بھی پہنچ گئے۔ یہ موقع اس قدر حساس اور نازک تھا کہ یہاں پہ ہلکی سی بے احتیاطی بہت بڑے فتنے کو جنم دے سکتی تھی لہٰذا اس موقع پر عمرؓ نے اپنی کمال فراست سے کام لیتے ہوئے اس حساس مسئلے کو بخوبی حل کر دیا اور مسلمان ابو بکر صدیق ؓ کی خلافت پر متفق ہو گئے۔[1] بعد ازاں حضرت عمرؓ نے عام بیعت سے قبل بھی لوگوں کو وعظ کیا اور ابو بکرؓ کی بیعت پر ابھارا۔ درحقیقت اس اہم موقع پر لوگوں کو سیدنا ابو بکر ؓ کی امامت پر متفق کرنے میں آپؓ نے جو کردار ادا کیا اور جو پر حکمت موقف اختیار کیا وہ بہت عظیم اور آب زر سے لکھنے کے لائق ہے۔ حضرت عمر ؓ خلافت صدیقی میں حضرت ابو بکر ؓ کے مشیر رہے اور تمام بڑے فیصلوں میں شامل رہے اور حضرت ابو بکرؓ کے ساتھ امور ریاست کی انجام دہی میں آخر تک ان کے معاون رہے۔

عہد صدیقی میں حضرت عمرؓ کی مشاورت جن خاص امور میں رہی وہ یہ تھے : یمن سے حضرت معاذ ؓ کی واپسی [2]، قرآن کو جمع کرنا [3]، رعایا کو استعمال کے لیے زمین دینا [4] اور اس طرح کے تمام فیصلوں میں حضرت عمر ؓ شورائی کمیٹی کے ممبر رہے۔

## خلافت کے لیے نامزدگی

حضرت ابو بکر صدیقؓ نے شدت علالت کے باعث صحابہ کرام کو جمع کر کے اپنے بعد خلیفہ کے انتخاب کا معاملہ ان کے سپرد کر دیا۔ چنانچہ صحابہ کرام نے آپس میں مشاورت کرنے کے بعد جناب ابو بکرؓ کے پاس آئے اور خلیفہ کے انتخاب کو آپؓ کی رائے پر چھوڑ دیا۔ حضرت ابو بکر صدیق ؓ نے پہلے خود غور و خوض کیا اور بعد ازاں دیگر صحابہ کرام سے مشاورت کی جن میں سر فہرست عبد الرحمن بن عوفؓ، عثمان بن عفانؓ، اسید بن حضیرؓ، سعید بن زید ؓ اور متعدد انصار و مہاجرین شامل ہیں۔ حضرت ابو بکرؓ نے ان تمام سے حضرت عمرؓ کو زمام خلافت سونپنے کی بابت مشاورت کی تھی جسکا جواب ان تمام حضرات کی جانب سے اتفاق کی صورت میں تھا۔ حضرت ابو بکر ؓ نے اپنی زندگی میں ہی جناب عمرؓ کے لیے عہد لے لیا اور لوگوں سے بیعت لی تا کہ بعد میں کسی قسم کا اختلاف و انتشار واقع نہ ہو۔ حضرت عمرؓ کے نامزدگی کا مکمل عمل شورائیت کے اصولوں پر مبنی تھا جس میں حضرت ابو بکرؓ نے اہل حل وعقد سے مشورہ کیا اور عام لوگوں کی

---

[1] الشیبانی ، احمد بن حنبل،**مسند امام احمد**(ریاض: دار السلام)، مسند عمر بن الخطاب ،ح ۱۳۳

**تخریج:احمد محمود شاکر نے اس حدیث کی سند کو" اسنادہ صحیح" کہا ہے۔۔دیکھئے:**الشیبانی ، احمد بن حنبل،**مسند امام احمد**(قاھرۃ: دار الحدیث۱۹۹۵)، محقق : احمد محمود شاکر ، ج ۱، ص ۲۲۳

[2] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص۱۳۶

[3] ایضا، ص۱۴۱

[4] ابن المبرد،یوسف بن حسن،**محض الصواب فی فضائل امیر المؤمنین عمر بن الخطاب**(مدینة المنورۃ:عمادۃ البحث العلمی بالجامعة الاسلامیة۲۰۰۰)،ص۲۶۰

رائے بھی معلوم کی[1]۔ حضرت ابو بکرؓ کے اس طریقے کار کی وجہ سے ہی جناب عمرؓ کی خلافت کے لیے نامزدگی میں کسی قسم کا کوئی اختلاف ہمیں تاریخ اور سیر میں نہیں ملتا لہٰذا حضرت ابو بکر ؓ کے اس طرز عمل کو سامنے رکھتے ہوئے یہ کہا جا سکتا ہے کہ اسلام میں خلیفہ یا امیر کا انتخاب عوام کا حق ہے اور اسے عوامی نمائندوں کے ذریعے طے کیا جانا چاہیئے اور حضرت ابو بکرؓ کا یہ عمل اسلام کے اس مزاج کی دلیل ہے کہ انہوں نے پہلے یہ معاملہ اہل حل و عقد یعنی اراکین شوری کے حوالے کر دیا اور بعد ازاں انہی کے کہنے پر حضرت عمرؓ کو نامزد کیا اور اس نامزدگی پر عوام کی رائے جاننا چاہی جس پر لوگوں نے رضامندی کا اظہار کیا اور قبول کیا لہٰذا معلوم ہوا کہ اہل حل و عقد ہی اس امت کے ممبران پارلیمنٹ ہیں ۔اس طرح گویا حضرت عمرؓ کا خلیفہ مقرر کیا جانا شورائیت کے صحیح ترین اور عادلانہ اسلوب کے بالکل موافق تھا۔

## حضرت عمرؓ کے فضائل و مناقب

حضرت عمرؓ اپنے نسب میں آٹھویں پشت پر رسول اللہ ﷺ سے جا ملتے ہیں اور یاد رہے کہ عمر بن خطابؓ فضل و منقبت میں ابو بکرؓ کے بعد ہیں۔ آپؓ انبیاء اور رسل اور حضرت ابو بکرؓ کے بعد تمام انسانوں میں بلا قید و شرط سب سے افضل ہیں۔ آپؓ کی فضیلت کے متعلق مسلمانوں کا یہی عقیدہ ہونا چاہیے اور یہی فرقہ ناجیہ یعنی اہل السنۃ والجماعۃ کا عقیدہ ہے۔[2]

۱۔ **ایمان:** آپؓ کی منقبت کی بنیاد اس قدر شاندار اور منفرد ہے کہ یہ منقبت صحابہ کرامؓ میں اور کسی کو نہ مل سکی کہ آپؓ کے اسلام لانے کی دعا خود رسول اللہ ﷺ نے فرمائی۔ حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"اللَّهُمَّ أَعِزَّ الْإِسْلَامَ بِأَحَبِّ هَذَيْنِ الرَّجُلَيْنِ إِلَيْكَ بِأَبِي جَهْلٍ أَوْ بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ وَكَانَ أَحَبَّهُمَا إِلَيْهِ عُمَرُ"[3]

**ترجمہ:** 'اے اللہ! ان دونوں یعنی ابو جہل اور عمر بن خطاب میں سے جو تجھے محبوب ہو اس کے ذریعہ اسلام کو طاقت و قوت عطا فرما'، آپ ﷺ نے فرمایا: 'تو ان دونوں میں سے عمر اللہ کے محبوب نکلے'۔

اور پھر آپؓ کے کامل ایمان کی گواہی خود رسول اللہ ﷺ نے دی جب حضرت عمرؓ نے رسول اللہ ﷺ سے اپنی جان سے بڑھ کر محبت کرنے کا کہا تو آپ ﷺ نے فرمایا "الان یا عمر"[4]

**ترجمہ:** اب تمہارا ایمان کامل ہوا ہے اے عمر۔

---

[1] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص۱۴۸

[2] عائض، ناصر بن علی ،**عقیدة أهل السنة والجماعة فی الصحابة الکرام**(مدینة: جامعة الاسلامیة۲۰۰۹)، ص۲۹۱

[3] الترمذی، **جامع الترمذی**، ابواب المناقب عن رسول اللہ ، باب : فی مناقب عمر ، ح ۳۶۸۱

**تخریج:** امام البانی نے اس حدیث کو "حسن صحیح" کہا ہے۔ دیکھیے: البانی ، ناصر الدین ، **التعلیقات الحسان علی صحیح ابن حبان وتمییز سقیمه من صحیحه، وشاذه من محفوظه**(جدة – المملكة العربية السعودية: دار با وزیر للنشر والتوزیع ۱۴۲۴ ھ – ۲۰۰۳ م) ،ج ۱۰ ، ص ۲۹ ، ح ۶۸۴۲

[4] البخاری، محمد بن اسماعیل ،**الجامع الصحیح المسند من حدیث رسول الله و سننه وأیامه**(ریاض: دار السلام ۱۹۹۹) ، کتاب : الایمان و النذور ، باب : کیف کان یمین البنی ﷺ ح۶۶۳۲

۲. علم و دین: عمر فاروقؓ کو اللہ تعالی نے قرآن و سنت کا وسیع علم عطا کر رکھا تھا جس کی گواہی رسول اللہ ﷺ نے دیتے ہوئے فرمایا :

"بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ، أُتِيتُ بِقَدَحِ لَبَنٍ، فَشَرِبْتُ حَتَّى إِنِّي لَأَرَى الرِّيَّ يَخْرُجُ فِي أَظْفَارِي، ثُمَّ أَعْطَيْتُ فَضْلِي عُمَرَ بْنَ الخَطَّابِ» قَالُوا: فَمَا أَوَّلْتَهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: «العِلْمَ»"[1]

ترجمہ:"رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں سو رہا تھا (اسی حالت میں) مجھے دودھ کا ایک پیالہ دیا گیا۔ میں نے (خوب اچھی طرح) پی لیا۔ حتی کہ میں نے دیکھا کہ تازگی میرے ناخنوں سے نکل رہی ہے۔ پھر میں نے اپنا بچا ہوا (دودھ) عمر بن خطاب کو دے دیا۔ صحابہ کرامؓ نے پوچھا آپ نے اس کی کیا تعبیر لی؟ آپ ﷺ نے فرمایا "علم"

مذکورہ حدیث میں "علم" سے مراد لوگوں کے ساتھ آپ ؓ کی وہ شرعی سیاست اور تدبیر ہے جو اللہ کی کتاب اور سنت رسول اللہ پر مبنی ہوتی تھی اور آپؓ کو یہ خصوصیت اس لیے حاصل ہوئی کہ ابو بکر ؓ کے مقابلے میں آپؓ کی مدت خلافت طویل رہی اور عثمان و علیؓ کے مقابلے میں اختلاف و آراء سے پاک رہی ۔ جہاں تک آپؓ کی دینداری کا تعلق ہے اس کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے:

"بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ، رَأَيْتُ النَّاسَ يُعْرَضُونَ وَعَلَيْهِمْ قُمُصٌ، مِنْهَا مَا يَبْلُغُ الثُّدِيَّ وَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ دُونَ ذَلِكَ وَمَرَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَعَلَيْهِ قَمِيصٌ يَجُرُّهُ قَالُوا مَاذَا أَوَّلْتَ ذَلِكَ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ: «الدِّينَ»" [2]

ترجمہ:"میں سویا ہوا تھا: میں نے دیکھا کہ لوگ میرے سامنے لائے جا رہے ہیں۔ انھوں نے قمیص پہنی ہوئی ہیں، کسی کی قمیص چھاتی تک پہنچتی ہے کسی کی اس سے نیچے تک پہنچتی ہے اور عمر بن خطاب گزرے تو ان پر جو قمیص ہے وہ اسے گھسیٹ رہے ہیں۔ "لوگوں نے عرض کی: اللہ کے رسول اللہ ﷺ! آپ نے اس کی کیا تعبیر فرمائی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:" دین۔"

**۳۔ ہیبت اور شیطان کا خوف کھانا:** سعد بن ابی وقاصؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمرؓ کو مخاطب کر کے فرمایا :

"يَا ابْنَ الْخَطَّابِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا لَقِيَكَ الشَّيْطَانُ سَالِكًا فَجًّا قَطُّ إِلَّا سَلَكَ فَجًّا غَيْرَ فَجِّكَ"[3]

ترجمہ: "اے ابن خطاب! اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، اگر شیطان تمہیں کسی راستے پر چلتا دیکھتا ہے تو اسے چھوڑ کر وہ کسی دوسرے راستے پر چل پڑتا ہے"۔

حافظ ابن حجر کا قول ہے کہ اس حدیث میں حضرت عمرؓ کی فضیلت کا یہ تقاضہ ہے کہ شیطان کا کوئی وار آپؓ پر کارگر نہ ہوتا تھا۔ اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں کہ آپؓ غلطیوں سے معصوم تھے کیونکہ معصوم صرف رسول اللہ ﷺ ہیں۔

**۴۔ الہام یافتہ:** حضرت عمرؓ کی عظمت و منقبت کو یہ حدیث چار چاند لگاتی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

---

[1] البخاری، **الجامع الصحيح**، كتاب : العلم ، باب : فضل العلم ، ح۸۲

[2] مسلم ، **صحيح مسلم**، كتاب: فضائل الصحابة، باب: مناقب عمر بن الخطاب، ح۲۳۹۰

[3] البخاری، **الجامع الصحيح**، كتاب : فضائل اصحاب النبی ﷺ ، باب : مناقب عمر بن الخطاب ، ح۳۶۸۳

"لَقَدْ كَانَ فِيمَا قَبْلَكُمْ مِنْ الْأُمَمِ مُحَدَّثُونَ فَإِنْ يَكُ فِي أُمَّتِي أَحَدٌ فَإِنَّهُ عُمَرُ"[۱]

ترجمہ: "تم سے پہلی امتوں میں محدث ہوا کرتے تھے، اور اگر میری امت میں کوئی ایسا شخص ہے تو وہ عمر ہیں "۔

اس حدیث میں وارد "محدثون" سے کیا مراد ہے؟ اس کے متعلق اہل العلم کا اختلاف ہے۔ بعض کا کہنا ہے الہام یافتہ شخص مراد ہے، بعض کا کہنا ہے کہ وہ شخص مراد ہے، جس کی زبان سے بلا قصد وارادہ درست رائے کا اظہار ہوتا ہو، بعض کا کہنا ہے کہ ہم کلام ہونا مراد ہے یعنی فرشتے آپؓ سے ہم کلام ہوتے تھے اور بعض کا کہنا ہے کہ دور اندیشی اور بصیرت مراد ہے۔

حافظ ابن حجر نے ان تمام اقوال کا ذکر کرنے کے بعد لکھا ہے کہ عمرؓ کو خاص طور پر اس صفت سے متصف کرنے کی وجہ یہ ہے کہ دور نبوی کے بعد بھی آپ کی کئی باتیں اصابت رائے پر مبنی رہیں۔[۲]

مقالہ نگار کی رائے کے مطابق "محدثون" سے مذکورہ بالا تمام باتیں مراد ہو سکتی ہیں سوائے فرشتوں کے ہم کلام ہونے والی مراد کے کیونکہ فرشتے انبیاء سے ہم کلام ہوتے ہیں یا ان کے ہم کلام ہونے کے لیے کسی نص سے ثابت ہونا لازم ہے جیسا کہ حضرت مریم اور ہاجرہ علیہما السلام سے ہم کلام ہوئے تھے۔ واللہ اعلم۔

ایک اور اہم بات یہ بھی ہے کہ آپؓ کا "محدث" ہونا حضرت ابو بکر ؓ سے افضل واشرف ہونے کی دلیل نہیں ہے۔

**۵۔ عشرہ مبشرہ میں سے:** حضرت ابو موسی اشعریؓ بیان کرتے ہیں :

"كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَائِطٍ مِنْ حِيطَانِ الْمَدِينَةِ فَجَاءَ رَجُلٌ فَاسْتَفْتَحَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ افْتَحْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَفَتَحْتُ لَهُ فَإِذَا أَبُو بَكْرٍ فَبَشَّرْتُهُ بِمَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللَّهَ ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ فَاسْتَفْتَحَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ افْتَحْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَفَتَحْتُ لَهُ فَإِذَا هُوَ عُمَرُ فَأَخْبَرْتُهُ بِمَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللَّهَ ثُمَّ اسْتَفْتَحَ رَجُلٌ فَقَالَ لِي افْتَحْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ عَلَى بَلْوَى تُصِيبُهُ فَإِذَا عُثْمَانُ فَأَخْبَرْتُهُ بِمَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللَّهَ ثُمَّ قَالَ اللَّهُ الْمُسْتَعَانُ"[۳]

ترجمہ : "حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ نے بیان کیا کہ میں مدینہ کے ایک باغ (بئر اریس) میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا کہ ایک صاحب نے آکر دروازہ کھلوایا، آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ ان کے لیے دروازہ کھول دو اور انہیں جنت کی بشارت سنا دو، میں نے دروازہ کھولا تو حضرت ابو بکرؓ تھے۔ میں نے انہیں نبی کریم ﷺ کے فرمانے کے مطابق جنت کی خوشخبری سنائی تو انہوں نے اس پر اللہ کی حمد کی، پھر ایک اور صاحب آئے اور دروازہ کھلوایا۔ حضور ﷺ نے اس موقع پر بھی یہی فرمایا کہ دروازہ ان کے لیے کھول دو اور انہیں جنت کی بشارت سنا دو، میں نے دروازہ کھولا تو حضرت عمرؓ تھے، انہیں بھی جب حضور ﷺ کے ارشاد کی اطلاع سنائی تو انہوں نے بھی اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کی۔ پھر ایک تیسرے اور صاحب نے دروازہ کھلوایا۔ ان کے لیے بھی حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ دروازہ

---

[۱] البخاری،**الجامع الصحیح** ،کتاب : فضائل اصحاب النبیﷺ ، باب : مناقب عمر بن الخطاب ،ح۳۶۸۹

[۲] ابن حجر، احمد بن علی ،**فتح الباری بشرح صحیح البخاری**،ج ۷،ص۵۰

[۳] البخاری، **الجامع الصحیح**، کتاب : فضائل اصحاب النبیﷺ ، باب : مناقب عمر بن الخطاب، ح۳۶۹۳

کھول دو اور انہیں جنت کی بشارت سنادو ان مصائب اور آزمائشوں کے بعد جن سے انہیں (دنیا میں) واسطہ پڑے گا۔ وہ حضرت عثمانؓ تھے۔ جب میں نے ان کو حضور ﷺ کے ارشاد کی اطلاع دی تو انہوں نے اللہ کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہی مدد کرنے والا ہے"۔

**۶۔ ابو بکرؓ کے بعد رسول اللہ ﷺ کو سب سے محبوب:**

"عَنْ أَبِي عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ عَلَى جَيْشِ ذَاتِ السُّلَاسِلِ فَأَتَيْتُهُ فَقُلْتُ أَيُّ النَّاسِ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ عَائِشَةُ فَقُلْتُ مِنْ الرِّجَالِ فَقَالَ أَبُوهَا قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ ثُمَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَعَدَّ رِجَالًا"[1]

ترجمہ: "ابو عثمان نے بیان کیا، کہا کہ مجھ سے حضرت عمرو بن عاصؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے انہیں غزوہ ذات السلاسل کے لیے بھیجا (عمروؓ نے بیان کیا کہ) پھر میں آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے پوچھا کہ سب سے زیادہ محبت آپ کو کس سے ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ عائشہؓ سے۔ میں نے پوچھا: اور مردوں میں؟ فرمایا کہ اس کے باپ سے، میں نے پوچھا: اس کے بعد؟ فرمایا کہ عمر بن خطابؓ۔ اس طرح آپ ﷺ نے کئی آدمیوں کے نام لیے"۔

**۷۔ موافقات:** متعدد کاموں میں حضرت عمرؓ کے خیالات کے عین موافق اللہ تعالیٰ نے احکامات جاری کیے اور یہ دلیل تھی اس بات کی کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عمرؓ کی زبان اور دل پر حق کو جاری کر دیا تھا۔ حضرت ابو ذرؓ فرماتے ہیں:

"سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللَّهَ وَضَعَ الْحَقَّ عَلَى لِسَانِ عُمَرَ يَقُولُ بِهِ"[2]

ترجمہ: "میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا' آپ ﷺ فرماتے تھے" بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے عمر کی زبان پر حق جاری فر دیا ہے اور وہ حق ہی کہتے ہیں "۔"

سو اللہ تعالیٰ نے حضرت عمرؓ کو اس قدر عالی شان خصوصیات سے نوازا ہوا تھا کہ آپؓ کا مزاج اسلام کے مزاج میں ڈھل گیا تھا اور آپؓ اسلام مخالف کوئی بھی قدم قبول نہ کرتے تھے۔ اس واسطے کچھ چیزیں جن کا ابھی حکم نازل نہیں ہوا تھا لیکن وہ آپؓ کے مزاج پر گراں گزر رہی ہوتیں تو اللہ تعالیٰ نے ان میں وہی احکامات صادر فرمادیے جو حضرت عمرؓ کی رائے سے موافق تھے۔ خود حضرت عمرؓ فرماتے ہیں:

"وَافَقْتُ رَبِّي فِي ثَلاَثٍ: فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ، لَوِ اتَّخَذْنَا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى، فَنَزَلَتْ: {وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى} [البقرة: ۱۲۵] وَآيَةُ الحِجَابِ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، لَوْ أَمَرْتَ نِسَاءَكَ أَنْ يَحْتَجِبْنَ، فَإِنَّهُ يُكَلِّمُهُنَّ البَرُّ وَالفَاجِرُ،

---

[1] ایضا، ح۳۶۶۲

[2] ابو داود، **سنن ابی داود**، کتاب : الامارة و الخراج و الفیئ ، با ب : فی تدوین العطاء ، ح۲۹۶۲

*تخریج: امام البانی نے اس حدیث کو" صحیح "کہا ہے۔ دیکھیے:* الالبانی، ناصر الدین ، **صحيح وضعيف سنن أبي داود**( إسكندرية: مركز نور الإسلام لأبحاث القرآن والسنة) ، ح ۲۹۶۲

فَنَزَلَتْ آيَةُ الحِجَابِ، وَاجْتَمَعَ نِسَاءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الغَيْرَةِ عَلَيْهِ، فَقُلْتُ لَهُنَّ: (عَسَى رَبُّهُ إِنْ طَلَّقَكُنَّ أَنْ يُبَدِّلَهُ أَزْوَاجًا خَيْرًا مِنْكُنَّ)، فَنَزَلَتْ هَذِهِ الآيَةُ [1]

ترجمہ: "تین باتوں میں جو میرے منہ سے نکلا میرے رب نے ویسا ہی حکم فرمایا۔ میں نے کہا تھا کہ یارسول اللہ! اگر ہم مقام ابراہیم کو نماز پڑھنے کی جگہ بناسکتے تو اچھا ہوتا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔" اور تم مقام ابراہیم کو نماز پڑھنے کی جگہ بنالو" دوسری آیت پردہ کے بارے میں ہے۔ میں نے کہا تھا کہ یارسول اللہ کاش! آپ اپنی عورتوں کو پردہ کا حکم دیتے، کیونکہ ان سے اچھے اور برے ہر طرح کے لوگ بات کرتے ہیں۔ اس پر پردہ کی آیت نازل ہوئی اور ایک مرتبہ آنحضور ﷺ کی بیویاں جوش و خروش میں آپ ﷺ کی خدمت میں اتفاق کرکے کچھ مطالبات لے کر حاضر ہوئیں۔ میں نے ان سے کہا کہ ہوسکتا ہے کہ اللہ پاک تمہیں طلاق دلادیں اور تمہارے بدلے تم سے بہتر مسلمہ بیویاں اپنے رسول ﷺ کو عنایت کریں، تو یہ آیت نازل ہوئی: عسى ربه ان طلقلكن ان يبدله ازواجا خيرا منكن "۔

ان تین چیزوں کے علاوہ تحریم الخمر بھی موافقات عمرؓ میں سے ہے اور اسی طرح منافق کا جنازہ پڑھنے کا مسئلہ بھی۔

٨. **شہادت کی خوشخبری پانے والے:** حضرت عمرؓ ان چند افراد میں سے تھے جنہوں نے زبان نبوت سے شہادت کی خوشخبری پائی تھی. حضرت انس ؓ بیان کرتے ہیں :

"أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَعِدَ أُحُدًا وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ فَرَجَفَ بِهِمْ فَقَالَ اثْبُتْ أُحُدُ فَإِنَّمَا عَلَيْكَ نَبِيٌّ وَصِدِّيقٌ وَشَهِيدَانِ"[2]

ترجمہ:"جب نبی کریم ﷺ، ابوبکر، عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم کو ساتھ لے کر احد پہاڑ پر چڑھے تو احد کانپ اٹھا، آنحضرت ﷺ نے فرمایا: احد! قرار پکڑ کہ تجھ پر ایک نبی، ایک صدیق اور دو شہید ہیں"۔

٩. **رسول اللہ کا سسر ہونا:** حضرت رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمرؓ کی بیٹی حفصہؓ سے نکاح کیا تھا جو کہ رسول اللہ ؐ کی حضرت عمرؓ سے تعلق کی مضبوطی، محبت اور الفت کی دلیل ہے۔ حضرت عمرؓ نے کہا کہ انکی بیٹی حفصہ کا خاوند فوت ہوگیا تو انہوں نے عثمانؓ اور ابوبکر ؓ کو اپنی بیٹی کا رشتہ دینا چاہا لیکن پھر رسول اللہ ﷺ نے پیغام بھیج دیا "ثُمَّ خَطَبَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَنْكَحْتُهَا إِيَّاهُ"[3]

ترجمہ :"پھر حضور ﷺ نے خود حضرت حفصہؓ سے نکاح کا پیغام بھیجا اور میں نے آنحضرت ﷺ سے اس کی شادی کردی"۔

١٠. **رسول اللہ ﷺ کا خلیفہ کے انتخاب میں حضرت ابوبکر و عمرؓ کی جانب اشارہ کرنا:** رسول اللہ ﷺ نے ایک مرتبہ اپنے خواب کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

---

[1] البخاري، **الجامع الصحيح**، كتاب : الصلاة ، باب : ما جاء فی القبلة ، ح٤٠٢

[2] ايضا، كتاب : فضائل اصحاب النبی ، ح٣٦٧٥

[3] البخاري، **الجامع الصحيح**، كتاب : النكاح ، باب : عرض الانسان ابنته او اخته على أهل الخير، ح٥١٢٢

«بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُنِي عَلَى قَلِيبٍ، عَلَيْهَا دَلْوٌ، فَنَزَعْتُ مِنْهَا مَا شَاءَ اللهُ، ثُمَّ أَخَذَهَا ابْنُ أَبِي قُحَافَةَ فَنَزَعَ بِهَا ذَنُوبًا أَوْ ذَنُوبَيْنِ، وَفِي نَزْعِهِ، وَاللهُ يَغْفِرُ لَهُ، ضَعْفٌ، ثُمَّ اسْتَحَالَتْ غَرْبًا، فَأَخَذَهَا ابْنُ الْخَطَّابِ، فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا مِنَ النَّاسِ يَنْزِعُ نَزْعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، حَتَّى ضَرَبَ النَّاسُ بِعَطَنٍ»[1]

ترجمہ:"میں سویا ہوا تھا کہ میں نے خود ایک کنویں پر دیکھا اس پر ایک ڈول تھا میں نے اس میں جتنا اللہ نے چاہا پانی نکالا، پھر ابن ابی قحافہؓ نے اس سے ایک یا دو ڈول نکالے، اللہ ان کی مغفرت کرے! ان کے پانی نکالنے میں کچھ کمزوری تھی، پھر وہ ایک بڑا ڈول بن گیا تو عمر بن خطابؓ نے اسے پکڑ لیا، چنانچہ میں نے لوگوں میں کوئی ایسا عبقری (غیر معمولی صلاحیت کا مالک) نہیں دیکھا جو عمر بن خطابؓ کی طرح سے پانی نکالے حتی کہ لوگ اونٹوں کو (سیر اب کر کے گھاٹ سے سے باہر) آرام کرنے کی جگہ پر لے گئے"۔

ایک دوسری حدیث میں اس موقف کی تائید حضرت عائشہؓ کے قول سے بھی ہوتی ہے۔ ابن ابی ملیکہ فرماتے ہیں:

"سَمِعْتُ عَائِشَةَ وَسُئِلَتْ : مَنْ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَخْلِفًا لَوِ اسْتَخْلَفَهُ ؟ قَالَتْ : أَبُو بَكْرٍ. فَقِيلَ لَهَا : ثُمَّ مَنْ بَعْدَ أَبِي بَكْرٍ ؟ قَالَتْ : عُمَرُ. ثُمَّ قِيلَ لَهَا : مَنْ بَعْدَ عُمَرَ. قَالَتْ : أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ. ثُمَّ انْتَهَتْ إِلَى هَذَا"[2]

ترجمہ:"میں نے ام المؤمنین عائشہ صدیقہؓ سے سنا، ان سے پوچھا گیا کہ اگر رسول اللہ ﷺ خلیفہ منتخب کرتے تو کس کو کرتے؟ انہوں نے کہا کہ سیدنا ابو بکرؓ کو (خلیفہ) بناتے۔ پھر پوچھا گیا کہ ان کے بعد کس کو (خلیفہ) بناتے؟ انہوں نے کہا کہ سیدنا عمرؓ کو (خلیفہ) بناتے۔ پھر پوچھا گیا کہ ان کے بعد کس کو (خلیفہ) بناتے؟ انہوں نے کہا کہ سیدنا ابو عبیدہ بن الجراح کو۔ پھر خاموش ہو رہیں"۔

رازدار رسول اللہ ﷺ جناب حذیفہ بن یمانؓ کی حدیث مذکورہ بالا فضیلت پر مہر نبوی کی حیثیت رکھتی ہے۔ حضرت حذیفہؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

" إِنِّي لَا أَدْرِي مَا قَدْرُ بَقَائِي فِيكُمْ، فَاقْتَدُوا بِاللَّذَيْنِ مِنْ بَعْدِي ". وَأَشَارَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ"[3]

ترجمہ:"میں نہیں جانتا کہ میں کتنا عرصہ تمہارے اندر موجود رہوں گا، لہٰذا میرے بعد (خلیفہ بننے والے) دو افراد کی پیروی کرنا۔" یہ فرماتے ہوئے آپ ﷺ نے ابو بکر اور عمرؓ کی طرف اشارہ کیا"۔

## دور خلافت

خلافت عمرؓ ایک ایسا عظیم اور ضخیم باب ہے جس کو چند صفحات پر بیان کرنا ناممکن ہے البتہ اس دور کا ایک مجموعی خاکہ بیان کرنا لازم ہے تاکہ اس مقالہ کی اہمیت واضح کی جاسکے۔ خلافت عمرؓ کئی اعتبار سے اپنے بعد والوں کے لیے مشعل راہ ہے چونکہ اس دور میں حضرت

---

[1] مسلم، **صحیح مسلم**، کتاب : فضائل الصحابة ، باب : من فضائل عمر ، ح۲۳۹۳

[2] مسلم، صحیح مسلم ، کتاب : فضائل الصحابة ، باب: من فضائل ابی بکر الصدیق ، ح ۲۳۸۵

[3] ابن ماجة، **سنن ابن ماجة**، کتاب : فی فضائل اصحاب رسول اللهﷺ، باب : فی فضل ابی بکر ، ح۹۷

تخریج : اس حدیث کو امام البانی نے "صحیح" کہا ہے۔ دیکھئے: الالبانی ، ناصر الدین ، **صحیح و ضعیف ابن ماجة**(اسکندریة : مرکز نور الإسلام لأبحاث القرآن والسنة) ج ۱ ، ص ۱۶۹

عمر ؓ نے اسلامی سلطنت کو مضبوط بنیادیں فراہم کیں اور اس کو ادارے جاتی بنیادوں پر قائم کیا اور پھر سلطنت کی سرحدیں بے حد وسعت اختیار کر گئیں۔ خلیفہ کی حیثیت سے حضرت عمرؓ ۱۰ سال منصب خلافت پر فائز رہے۔

**آغاز خلافت:** سیدنا ابو بکر صدیقؓ ۲۱ جمادی اخری ۲۳ ہجری سوموار کی شام کو اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔ انا لله وانا اليه راجعون۔

اگلے دن یعنی منگل کو جناب عمر بن خطابؓ منصب خلافت پر متمکن ہوئے اور مسلمانوں نے مسجد نبوی میں ان کے ہاتھ پر بیعت کر لی حضرت عمرؓ نے سب سے پہلے "امیر المومنین" کا لقب اختیار کیا۔[1]

## ارکان خلافت

۱. شورائیت: حضرت عمرؓ نے اپنی خلافت کی بنیاد شورائیت پر رکھی اور اگر بغور جائزہ لیا جائے تو اندازہ ہوتا ہے کہ دیگر ارکان خلافت کی بنیاد بھی شورائیت پر ہی تھی لہٰذا یہ ایک ایسی بنیاد ہے جس سے کوئی بھی سربراہ مملکت مستغنی نہیں ہو سکتا۔

حضرت عمرؓ رعایا سے صرف نظر کر کے خود کو کسی پر ترجیح نہ دیتے تھے اور نہ ہی ان پر اپنا حکم مسلط کرتے تھے۔ اپنے ہر امر میں مسلمانوں سے مشاورت کر کے فیصلہ کرتے تھے۔

۲. عدل و مساوات: سیدنا عمرؓ عدل و انصاف کا سراپا نمونہ تھے۔ آپؓ کی سیاست ایسے عدل پر قائم تھی جس سے تمام انسان مستفید ہوئے۔ آپؓ عادلانہ عمل میں اس قدر کامیاب رہے کہ آپ کا نام اور عدل لازم اور ملزوم ہو گئے۔ حضرت عمرؓ نے فیصلوں، مراعات، ظلم کا بدلہ چکانے، کھانے، کھلانے، وظائف کی تقسیم الغرض ہر اعتبار سے اپنی خلافت کو عدل و انصاف پر کھڑا کیا۔ حضرت عمرؓ نے اپنی خلافت کا اصول یہ رکھا تھا کہ بے شک حاکم اور محکوم، مرد اور عورت، عرب و عجم اور سفید و سیاہ سب لوگ اسلام کی نگاہ میں برابر ہیں۔ اسلام نے جنس، رنگ، نسب، حاکم اور محکوم کی بنیادوں پر انسانوں کی ہر تفریق کو مٹا دیا ہے۔ شریعت کی نگاہ میں سب کے سب برابر ہیں لہٰذا حضرت عمرؓ نے اپنی خلافت میں انسانوں کے درمیان کسی بھی اعتبار سے تفاوت کو ختم کر دیا تھا۔

۳. ربانیت: حضرت عمرؓ کی خلافت کی ایک اہم بنیاد ربانیت تھی یعنی حضرت عمرؓ اپنے تمام اقوال و افعال میں اسلام اور اس کے ارکان اور شعائر کی نشر و اشاعت کو مد نظر رکھتے، رعایا کی جان و مال کے تحفظ، ان کے حقوق کی ادائیگی، ان پر ظلم و زیادتی سے اجتناب اور ان کے امن و سلامتی کے لیے تگ و دو میں خالصتاً اللہ کا ڈر اور خوف کو اپنے دل میں رکھتے اور اپنے امور انجام دیتے۔ حضرت عمرؓ نے اسی وجہ سے اپنی خلافت میں لوگوں کے لیے اپنے مزاج کے خلاف نرمی روا رکھی اور رعایا کے معاملے میں اللہ کی رضا و خوشنودی کو ہمیشہ مقدم رکھا۔

---

[1] حاکم، محمد بن عبد الله، **المستدرک علی الصحیحن**(دار الکتب العلمیة ۱۹۹۰)، ج۳، ص۸۷

۴. آزادیاں: حضرت عمرؓ کی خلافت جن اصولوں پر قائم تھی ان میں سے ایک اصول آزادی کا بھی تھا۔ اس اصول کے خلاصہ یہ ہے کہ اسلامی شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے تمام انسانوں کی ہر طرح کی آزادیوں کی ضمانت لی جائے۔ اسلامی سلطنت کی سرحدوں کی وسعت میں اس قدر کامیابیوں کے پیچھے کارفرما وجوہات میں سے ایک اہم وجہ یہ بھی تھی کہ اس دور میں روم اور ایران جیسی بڑی سلطنتیں اپنی رعایا کی مذہبی، معاشی اور معاشرتی آزادیاں سلب کیے ہوئے تھیں جبکہ اسلام نے یہاں تک آزادی دے دی کہ کوئی شخص کسی کو زبردستی اسلام میں داخل نہیں کر سکتا اور غیر مسلم مکمل امن و امان کے ساتھ اسلامی ریاست میں سکونت اختیار کر سکتے ہیں۔

حضرت عمرؓ کا یہ قول آزادی کے حوالے سے انکے موقف کو جاننے میں معاون ہو گا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا:

"متی استعبدتم الناس و قد ولدتهم امهاتهم احرارا"[1]

ترجمہ: "تم لوگوں کو غلام کیونکر بناتے ہو حالانکہ انکی ماوں نے انکو آزاد جنا ہے۔"

۱. آزادی کے چند لازمی پہلو یہ ہیں: مذہبی عقیدے کی آزادی

۲. آمد و رفت اور صبح شام میں آزادی

۳. ملکیت کی آزادی

۴. آزادی رائے۔

عسکری قوت (جہاد): عسکری قوت کسی بھی ریاست کی اہم بنیاد ہوتی ہے اور یہی بنیاد کسی بھی ریاست کی بقا کا ضامن ہوتی ہے اس باب میں اسلام نے بڑی صراحت اور ترغیباً اور حکماً احکامات دیے ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: "واعدوا لهم ما استطعتم من قوة"[2]

ترجمہ: "اور تم ان (دشمنوں) کے لیے جتنی کر سکو قوت کی صورت میں تیاری رکھو"

یہ بات تو واضح ہے کہ حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں مسلمانوں کی عسکری قوت انتہائی مضبوط اور منظم تھی اور حضرت عمرؓ اپنی افواج کے کمانڈر ان چیف تھے لہذا آپؓ ہی قیادت کا انتخاب کرتے، ان کو احکامات اور سمت بتلاتے، کمک اور رسد کا بندوبست کرتے، تیز ترین قاصدوں کے انتظام سے پیغامات وصول کرتے اور بھیجتے، فتوحات کے بعد انتظامات کرتے، مال غنیمت کی تقسیم کی نگرانی کرتے اور مجاہدین کے اہل و عیال کی دیکھ بھال کا اہتمام کرتے تھے۔

مختصراً اگر جائزہ لیا جائے تو حضرت عمرؓ نے عسکری قوت کے باب میں بے شمار اصلاحات کی تھیں۔ آپؓ نے کئی ایسی پالیسیاں بنائیں جو آج تک اسلامی تاریخ میں امتیازی حیثیت رکھتی ہیں جس میں کسی بھی فوجی کے لیے چار ماہ بعد چھٹی، والدین کی اجازت کی شرط، مجاہدین کے گھوڑوں کے لیے الگ چراگاہوں کا قیام، مختلف شہروں میں فوجی چھاونیوں کا قیام، چھاونیوں میں بازار اور مساجد کی تعمیر، افواج کے لیے

---

[1] الشیخ، **عمر بن الخطاب**، ص ۳۸۵

[2] الانفال: ۶۰

وظائف کی تقرری اور شہروں میں اضافی (ریزرو) گھوڑوں کی فراہمی کا انتظام کر رکھا تھا الغرض اس شعبے میں خلافت عمرؓ میں اس قدر ترقی ہوئی کہ اس پر ایک مکمل تحقیق کی ضرورت ہے۔

## وزارتیں

خلافت عمرؓ کی سرگرمیوں کی ادارہ جاتی بنیادوں پر مختلف صورتیں بیان کی گئی ہیں جن میں نمایاں صورتوں کو ذیل میں ذکر کیا جا رہا ہے۔

**وزارت مذہبی امور و اوقاف**

حضرت عمرؓ کی خلافت میں جس شعبے کی سب سے زیادہ سرگرمی ہمیں نظر آتی ہے وہ دینی امور کی ہے کیونکہ یہ وہ شعبہ ہے جو ہر شعبے کا لازما حصہ ہے۔ سو حضرت عمر ؓ بذات خود رعایا کی دینی تربیت کیا کرتے، شعائر اسلام کی پابندی کرتے اور اس پر سختی فرماتے تھے۔ عبد الرحمن بن عبد القاری فرماتے ہیں کہ میں نے عمرؓ کو ممبر پر لوگوں کو تشہد سکھاتے ہوئے سنا۔

ایک مرتبہ دوران خطبہ عثمان بن عفانؓ تشریف لائے تو آپؓ نے دوران خطبہ ہی حضرت عثمانؓ سے لیٹ آنے پر باز پرس کی ۔[1]

حضرت عمرؓ نے بندے مقرر کر رکھے تھے جو ہر نماز میں صفوں کی درستگی کیا کرتے تھے اور آپؓ ان کی درستگی کی رپورٹ دینے تک نماز کے لیے تکبیر نہ کہتے تھے۔[2]

آپؓ نے تمام گورنرز کو یہ حکم دے رکھا تھا کہ لوگوں کی نمازوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے اور ان کی نمازوں کے اوقات کو لکھ کر واضح کیا جائے بلکہ امیر المؤمنینؓ نے یہ بھی لکھ بھیجا تھا کہ میرے نزدیک سب سے اہم کام نماز ہے۔[3]

حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں ایک اندازے کے مطابق صرف عرب میں چار ہزار مساجد تھیں اور پوری مملکت میں جن مساجد میں جمعہ ہوتا تھا وہ لگ بھگ ۱۲ ہزار کے قریب تھیں باوجود اس کے کہ چھوٹی مساجد کے اندر جمعہ نہیں ہوتا تھا[4]۔ ان اعداد و شمار سے اندازہ ہوتا ہے کہ عہد فاروقی میں مذہبی امور پر کس قدر توجہ دی جاتی تھی۔

اس وزارت کے فرائض منصبی میں یہ امور شمار کیے جاسکتے ہیں: اقامت صلاۃ ءتحفظ دین ءمساجد کی تعمیر و مرمت ءامور حج کی نگرانی ء شرعی حدود کا قیام، جہاد فی سبیل اللہ کی شرعی پہلو سے آگاہی۔

## وزارت تعلیم

رعایا کو تعلیم سے آگاہی کا اہتمام نبی ﷺ کے دور سے ہی شروع ہو گیا تھا جبکہ اسلام سے قبل تعلیم کا رجحان انتہائی کم تھا اور چند گنے چنے افراد ہی پڑھے لکھے تھے جن میں سے ایک حضرت عمرؓ بھی تھے۔

---

[1] الشیخ ،**عمر بن الخطاب**،ص۳۹۹

[2] عبد الرزاق،ابوبکر،**المصنف**(کتاب الجامع للامام معمر بن راشد الازدی–روایة عبد الرزاق الصنعانی)،(الهند: المجلس الهندی۱۴۰۳ھ)ج۳،ص۴۷،ح۲۴۳۸

[3] مالک،مالک بن انس،**مؤطا امام مالک**، کتاب : الصلاۃ ، باب : وقوت الصلاۃ ،ح۶

[4] العمری،عبد العزیز،**الولایة علی البلدان فی عهد الخلفاء الراشدین**،(دار اشبیلیاء۲۰۰۱)،ص۳۰۶

حضرت عمرؓ نے اپنے دور خلافت میں تعلیم و تعلم کے عمل کو عام اور آسان کیا تا کہ ہر شخص کو دینی فہم اور قران و حدیث کا حقیقی علم حاصل ہو جائے۔ آپؓ کے ہی مشورے سے قرآن مجید مدون کیا گیا اور بعد میں با قاعدہ اس کے حفظ کی تعلیم کا انتظام کیا گیا۔ خلافت عمرؓ میں قران و سنت، ادب و شعر اور لغت کی تعلیم کا ریاستی سطح پر انتظام کیا گیا۔ اس کے علاوہ تاریخ اور انساب کے علوم پر بھی دسترس حاصل کرنے کے تعلیمی مواقع فراہم کیے گئے۔

حضرت عمرؓ ہر لشکر کے ساتھ ایسے لوگ بھیجتے جو مفتوحہ علاقوں میں عوام کو تعلیم سے آراستہ کرتے اور معلمین کے لیے با قاعدہ وظائف مقرر کیے جن میں سے ایسے معلمین بھی تھے جو صرف بچوں کو تعلیم دیتے تھے۔ مدینہ کے اندر تین اساتذہ صرف بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھانے پر مامور تھے اور ان کی ماہانہ ۱۵ درہم تنخواہ مقرر تھی۔[۱]

**مشہور اور بڑے جامعات:** خلافت عمرؓ میں مختلف ریاستوں کے اندر تعلیمی مراکز کا قیام عمل میں لایا گیا جسکے اساتذہ کی تقرری کے انتظامات سرکاری سطح پر کئے جاتے تھے۔ ان جامعات کے اندر تعلیم حاصل کرنے والوں کے بارے میں بھی حضرت عمر ؓ با قاعدہ پوچھ گچھ بھی کرتے تھے۔[۲]

جامعات یہ ہیں: جامعۃ المدینہ، جامعۃ المکہ، جامعۃ البصرہ[۳]، جامعۃ الکوفہ[۴]، جامعۃ الشام، جامعۃ المصر[۵]

## وزارت خزانہ

حضرت عمر کے دور خلافت میں جس شعبے میں سب سے زیادہ جدت اور مثالی کارکردگی دکھائی گئی وہ وزارت خزانہ تھی۔
وزارت خزانہ کو مندرجہ ذیل حصوں میں تقسیم کر کے بہتر سمجھا جاسکتا ہے۔

### ذرائع آمدن

عہد فاروقی میں سابق اسلامی دور کی نسبت ذرائع آمدن میں وسعت اور جدید شکلیں سامنے آئیں جسکے مندرجات یہ ہیں۔

**زکوۃ:** حضرت عمرؓ نے رسول اللہ ﷺ اور ابو بکر صدیقؓ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے "بیت الزکوۃ" قائم کیا اور اسلامی سلطنت کے علاقوں میں زکوۃ کے لیے محصولین مقرر کیے۔

---

[۱] البیہقی، احمد بن حسین، **السنن الکبری**(بیروت ، لبنان: دار الکتب العلمیة۲۰۰۳)،ج۶،ص۱۲۴

[۲] الشیخ،عبد الستار ،**اعلام الحفاظ و المحدثین**(دمشق:دار القلم۱۹۹۷)،ج۱،ص۵۷۶

[۳] الثیخ،**اعلام الحفاظ و المحدثین** ، ج ۱ ،ص۵۷۶

[۴] ابن سعد،**الطبقات الکبری** ،ج۶،ص۵ تا ۸

[۵] الشیخ،**عمر بن الخطاب**،ص۴۱۱

زکوۃ کی وصولی میں شفافیت اور عدلیابی دور خلافت راشدہ کا امتیاز ہے۔ آپؓ نے پانی اور نہروں سے سیراب ہونے والی کھیتوں سے عشر اور مشینوں اور دیگر آلات سے سیراب ہونے والی کھیتوں سے نصف عشر یعنی بیسواں حصہ زکوۃ لی ۔ آپؓ کے دور میں ہر سال زکوۃ کی آمدنی کی جو مقدار ذکر کی جاتی ہے وہ جزوی یا غیر دقیق ہیں لہذا وہ اعداد و شمار مجموعی مقدار کا پتہ نہیں دیتیں۔[1]

**جزیہ:** حضرت عمرؓ کے دور میں جزیہ کے نظام کو کچھ ایسے ترقی ملی کہ آبادی کے اعداد و شمار تیار ہوئے، مالدار فقیر اور متوسط طبقے کے لوگوں میں تفریق کی گئی اور دیگر کئی ایسی شرائط اور پابندیاں سامنے آئیں جن کا اس سے پہلے کوئی وجود نہ تھا رہی یہ بات کہ جزیہ کی وصولی کا میکنزم یا مقدار کی تعیین کا طریقہ کار کیا تھا؟ تو تحقیق سے معلوم ہوتا ہے کہ لوگوں کی وسعت اور ریاستوں کی خوشحالی کے اعتبار سے جزیے کی مقدار مختلف تھی اور اس کا فیصلہ حاکم وقت کے اجتہاد پر تھا کہ وہ ذمی افراد کی طاقت اور حیثیت کو دیکھ کر اور انہیں مشقت اور پریشانی سے بچا کر ان پر جزیہ نافذ کرے۔ حضرت عمرؓ نے اسکی وصولی کا وقت فصلی سال کا آخر مقرر کیا تھا۔

**خراج (لگان):** حضرت عمرؓ نے ایک طویل مشاورتی سلسلے کے بعد مفتوحہ زمینوں کو خراج قرار دیا تھا جو ریاست اور مسلمانوں کے استقرار کے لیے ایک مستحکم اور مستقل آمدنی کا ذریعہ تھا۔

حضرت عمر ؓ نے اس فیصلے کے بعد حذیفہ بن یمان ؓ اور عثمان بن حنیفؓ کو عراق بھیجا کہ وہاں کی زمینوں کی پیمائش اور لوگوں کی مالی حیثیت، زمین کی شادابی، اور خشکی، درخت اور دیگر نباتات کی نوعیت معلوم کریں اور سواد عراق کے ممتاز لوگوں کا ایک وفد بھیجیں تاکہ میں ان سے معلومات حاصل کروں۔ جب وفد آپؓ کے پاس آیا تو آپؓ نے ان سے پوچھا کہ تم عجمیوں کو کتنا خراج (لگان) دیتے تھے ؟انہوں نے کہا: ۲۷ درہم۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ میں تم سے اتنا زیادہ لینا پسند نہیں کرتا۔[2]

عراق کا رقبہ تین کروڑ ۶۰ لاکھ مربع جریب[3] ٹھہرا۔ پیداوار اور رقبے کے حساب سے مختلف علاقوں کے لئے مختلف مقدار متعین کر دی گئی کی جس کے بعد مذکورہ ٹیکس وصول کیا جاتا۔

**عشور (کسٹم آمدنی):** حضرت عمرؓ کے دور میں مختلف ممالک کے ساتھ تجارتی لین دین کو فروغ ملا تو حضرت عمرؓ نے دیگر غیر مسلم ممالک کے ہاں اس نظام کے رائج ہونے کی وجہ سے اس کو رائج کرنے کے احکامات صادر فرمائے۔ مؤرخین نے بالاتفاق مسلمانوں میں سب سے پہلے اس نظام کو قائم کرنے والے کے طور پر حضرت عمرؓ کا نام لیا ہے۔

ڈاکٹر صلابی نے اس کے آغاز کے حوالے سے لکھا ہے کہ باشندگان "منبج" اور "بحر عدنان" کے اس پار رہنے والوں نے حضرت عمرؓ سے درخواست کی کہ وہ کسٹم کی ادائیگی کرتے ہوئے عرب سرزمین پر تجارت کرنا چاہتے ہیں ۔ حضرت عمرؓ نے مشورے کے بعد اس کو نافذ

---

[1] صلابی، **عمر بن خطاب**، ص۴۰۷

[2] قاضی ابو یوسف،یعقوب بن ابراهیم ، **کتاب الخراج**(بیروت:دار المعرفة۱۹۷۹)،ص۴۱،۴۰

[3] جریب ایک ایسا پیمانہ ہے جو ۴ قفیز کے برابر ہوتا ہے اور ایک قفیز ۱۴۴ ہاتھ لمبائی کے برابر ہوتا ہے۔ یعنی ایک قفیز لگ بھگ ۲۱۶ فت کا ہوتا ہے سو اس طرح ایک جریب تقریبا ۸۶۴ مربع فٹ کا ہوا۔ موجودہ دور کے حساب سے ایک جریب لگ بھگ ۴ کنال یا ۸۰ مرلے کا ہوتا ہے۔ یاد رہے کہ اس پیمائش میں علاقائی اعتبار سے فرق ہوتا ہے۔

کر دیا اور مسلم تاجروں سے پوچھا کہ جب تم حبشہ جاتے ہو تو تم سے کتنا ٹیکس لیا جاتا ہے؟ مسلم تاجران نے بتایا کہ دسواں حصہ لیا جاتا ہے ۔ آپؓ نے بھی اسی مقدار کو نافذ کر دیا اسی طرح سامان تجارت ۲۰۰ درہم تک پہنچنے پر پانچ درہم اور دو سے زیادہ ہو جانے پر ہر ۴۰ پر ایک درہم مقرر کیا[1]۔ حضرت عمر ؓ نے اس ٹیکس کی وصولی کی پالیسی بھی بہت شاندار اپنائی ہوئی تھی۔ مثلاً جب کافر ریاست مسلم تاجران کا کسٹم ٹیکس معاف کرتی تو آپؓ بھی معاف کر دیتے اور جن سامانوں کی ضرورت ہوتی اس پر ٹیکس بہت کم یا ختم کر دیتے۔

**مال فے اور مال غنیمت:** عہد فاروقی میں فتوحات کی وجہ سے مال غنیمت کی بہتات ہو گئی تھی کیونکہ قیصر و کسری بڑے کر و فر کے ساتھ میدان میں اترتے اور انکی شکست کے بعد وہ مال مسلمانوں کو مل جاتا۔ بعض او قات ان اموال کی مالیت ۱۵ سے ۷۰ ہزار درہم تک پہنچ جاتی تھی ۔ آپؓ کے عہد میں مدائن، جلولا اور ہمدان جیسے بڑے بڑے شہر فتح ہوئے اور مسلمانوں کو بہت قیمتی مال ملا جس میں سے کسری کا ایک قالین ۳۶۰۰ مربع گز کا تھا وہ ۲۰ ہزار درہم میں فروخت ہوا۔ صرف جلولاء شہر کے مال غنیمت کا خمس چھ ملین درہم تھا۔[2]
کسری کی حکومت کی زمینیں جو مسلمانوں کو ملی تھیں حضرت عمرؓ نے ان کو مفاد عامہ کے لیے وقف کر دیا جس کے غلہ جات کی آمدن سات ملین درہم تک پہنچ گئی۔

## بیت المال اور دواوین کا نظام

حضرت عمرؓ کے پاس مال بکثرت جمع ہونے لگا تو آپؓ نے بیت المال اور دیوان کا نظام قائم کیا۔ آمدن اور خرچ کی تفصیل نیز سرکاری اخراجات اور تنخواہوں کا مکمل ریکارڈ درج ہوتا تھا۔
طبقات ابن سعد نے حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت میں اس ادارے کی ابتدا کا ذکر کیا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ ؓ پانچ لاکھ درہم لے کر آئے تو حضرت عمر ؓ اتنے زیادہ مال پر حیران ہوئے تو اپؓ کو دیوان بنانے کا مشورہ دیا گیا [3]۔ بعض روایات میں فارسی سرداروں کا مشورہ قرار دیا گیا ہے۔ طبری نے یہ واقعہ ۱۵ ہجری اور دیگر مورخین نے ۲۰ ہجری کا قرار دیا ہے۔ صلابی کے نزدیک ۲۰ ہجری والا موقف راجح ہے۔
بیت المال میں سب سے پہلے مردم شماری کر کے فہرستیں مرتب کی گئیں اور اس کا ہیڈ آفس مدینہ میں بنایا گیا اور پھر دیگر ریاستوں میں اس کے ذیلی دفاتر قائم کر کے ان کے دیوان تیار کروائے گئے جسکے بعد رعایا کو مراتب میں تقسیم کر کے ان کے لیے عطیات و وظائف مقرر کیے گئے۔
مراتب میں سب سے پہلے اہل بیت پھر بنو ہاشم پھر حضرت ابو بکرؓ کا خاندان اور پھر اسی ترتیب سے لسٹ تیار کی گئی اور انصاف کے پہلو کو مد نظر رکھتے ہوئے حضرت عمرؓ نے اپنے خاندان کو لسٹ کے سب سے آخر میں رکھا۔ سو اس ساری بحث کے خلاصہ یہ ہے کہ اسلامی تاریخ میں سب سے پہلے حضرت عمرؓ نے "بیت المال" کا ادارہ قائم کر کے اس کو دیوان کی شکل دی اور منظم اور مضبوط اصول پر اپنی

---

[1] صلابی، **عمر بن خطاب**، ص ۴۳۱
[2] العمری، اکرم ضیاء، **عصر الخلافة الراشدة محاولة لنقد الرواية لالتاريخية مة لموافق مناهج المحدثين** (مكتبة العبيكان ۱۴۱۴ھ)، ص ۱۸۹
[3] ابن سعد، **الطبقات**، ج ۳، ص ۳۰۱

معیشت کو پروان چڑھایا۔ حضرت عمرؓ کے زمانے میں بیت المال کے نگران زید بن ارقم ؓ تھے ۔بعض روایات میں بنو قارہ قبیلے سے تعلق رکھنے والے عبد القاری کا بطور نگران تذکرہ ملتا ہے۔[1]

## عہد فاروقی کے اخراجات

بیت المال سے خرچ ہونے والے ملکی اخراجات کی تین قسمیں ہیں۔

**زکوۃ کے مصارف:** حضرت عمرؓ نے ان تمام مصارف کا مکمل ریکارڈ مرتب کروایا ہوا تھا اور فقراء کو اتنا مال دیا جاتا تھا کہ اس کی فقیری جاتی رہے اور ایسے فقراء جو مستقل فقر کا شکار ہوں تو زکوۃ ان کے لیے ایک دائمی اور منظم تعاون ہوتا تھا۔

اس ضمن میں دو باتیں ذکر کرنا ضروری ہیں ایک یہ کہ حضرت عمرؓ نے تالیف قلب کے مصرف کو ساقط کر دیا تھا۔ آپؓ کا موقف تھا کہ اب اسلام مضبوط ہو چکا ہے اب اس مصرف کا کوئی مستحق نہیں۔

اور دوسری بات یہ کہ مسافروں کا چونکہ ریکارڈ نہیں رکھا جا سکتا کیونکہ کہ کسی کو بھی، کسی بھی وقت، کہیں بھی سفر کی حاجت ہو سکتی ہے اسلئیے آپؓ نے اس کے لیے "دارالدقیق "نامی ایک عمارت بنوادی اور راستوں میں مختلف سرائے بنوادیے جہاں پر آٹا، ستو اور دیگر سامان ضروریہ مہیا کیا جاتا تھا اور اگر کوئی مسافر زادراہ ختم ہو جانے کی وجہ سے پریشانی کا شکار ہوتا تو اس کو زادراہ مہیا کیا جاتا تھا۔

**خراج جزیہ اور عاشور کے اخراجات:** جزیہ، خراج اور عاشور کی آمدنی کو خلفاء، گورنران، افسران فوج، اہل بیت، مجاہدین کی اہل و اولاد اور دیگر اعمال خیر میں خرچ کیا جاتا تھا اس کے علاوہ وظائف اور عطیات کے لیے فوجی دیوان مرتب کیا گیا جس میں مراتب کے اعتبار سے اہل بیت، خاندان ابو بکرؓ، بدری صحابہ، نومولود بچے اور مستحقین کے نام اور وظائف مرتب کیے گئے۔

**مال غنیمت کے اخراجات:** مال غنیمت کا خمس اللہ کے حکم کے مطابق رسول اللہ ﷺ اپنی ذاتی ضروریات اور اپنی بیویوں پر خرچ کرتے تھے۔ آپ ﷺ کی رحلت کے بعد صحابہ کرام ؓ کی باہم مشاورت سے مذکورہ حصہ اسلحہ اور گھوڑوں کی خریداری میں خرچ کیا گیا لیکن فقراء اور مساکین کا مصرف اپنی جگہ بر قرار رہا۔ خمس نکال کر بقیہ چار حصے لشکر پر ہی خرچ کیے جاتے تھے جن میں سے شہسوار کو تین حصے دیے جاتے تھے جو کہ دو حصے گھوڑے اور ایک شہسوار کا ہوتا تھا اور پیادہ مجاہدین کو ایک ایک حصہ ملتا تھا۔

**اسلامی سکے کا اجراء:** علامہ مقریزی لکھتے ہیں کہ عمر بن خطابؓ وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے ۱۸ ہجری میں کسروی نقش پر مشتمل سکوں کو اسلامی ریاست میں رائج کیا اور ان میں سے بعض پر "الحمد للہ "، بعض پر "لا الہ الا اللہ "اور بعض پر خلیفہ کے نام کا اضافہ کر دیا[2]۔ لہذا یہ کہا جا سکتا ہے کہ حضرت عمرؓ نے سب سے پہلے اسلامی سکہ کا اجرا کیا جس میں وقت کے ساتھ ساتھ ترقی ہوتی گئی۔

---

[1] صلابی، عمر بن خطاب، ص ۴۳۹

[2] صلابی، عمر بن خطاب، ص ۴۴۹

**زرعی ترقی کے لیے جاگیر مقرر کرنا :** زمین کو کارآمد بنانے کے لیے حضرت ابو بکر صدیق ؓ نے اپنے عہد خلافت میں سیاست نبوی کو نافذ کرتے ہوئے خالی پڑی ہوئی زمینوں کو لوگوں کے لیے الاٹ کر دیا چنانچہ آپؓ نے زبیر بن عوامؓ کو "جرف" اور "قناة" کے درمیان خالی پڑی ہوئی زمین دی ۔ آپؓ کے بعد خلیفہ عمر فاروقؓ نے سیاست نبوی پر عمل کرتے ہوئے اصلاح اور کارآمد بنانے کی غرض سے زمین الاٹ کرنے کے دائرے کو مزید وسعت دی اور اعلان کیا: اے لوگو! جس نے کسی بے آباد زمین کو آباد کیا وہ اسی کی ہے۔

## وزارت قانون وعدل

حضرت عمرؓ نے محکمہ قضا اور اس کے لوازمات کو بھی ترقی دی اور انکے دور حکومت میں دیگر حکومتی اداروں سے محکمہ عدل کو الگ کرنے اور اسے مستقل ادارہ تسلیم کرنے سے لوگوں کی زندگیوں پر اس کے واضح اثرات مرتب ہوئے۔

حضرت عمرؓ نے بعض گورنروں کو منصب قضاء کا اضافی چارج بھی دیے رکھا اور بعض ریاستوں میں مرکز سے الگ قاضی کی تقرری اور تعیناتی بھی کی۔

آپؓ کے عہد خلافت میں منصب قضاء پر فائز رہنے والے یہ لوگ تھے: ابن مسعودؓ ، سلمان بن ربیعہؓ ، قیس بن ابو العاص القرشیؓ، نافع الخزاعیؓ، یعلی بن امیہؓ ، مغیرہ بن شعبہ عثمان بن ابو العاصؓ، معاویہ بن ابی سفیان ؓ ، ابو موسی اشعریؓ ، عمیر بن سعدؓ ، علی ابن ابی طالبؓ، زید بن ثابتؓ اور سائب بن یزیدؓ۔[1]

مذکورہ بالا اشخاص میں سے بعض کو منصب قضاء پر گورنری سمیت برقرار رکھا گیا جیسے کہ معاویہ ؓ کے ساتھ آپ نے کیا اور بعض کو محض گورنری تک محدود رکھا جیسا کہ ابو موسی اشعریؓ کو۔

حضرت عمر فاروقؓ نے عدلیہ اور نظام قضاء کے لیے نہایت اعلی اور صاف دستور بنایا۔ اس دستور کو انکے حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ اور ابو عبیدۃ بن جراحؓ[2] کے نام لکھے گئے خطوط سے کی روشنی میں سمجھا جا سکتا ہے۔

مذکورہ بالا خطوط اور دیگر خطوط واقوال کی روشنی میں حضرت عمرؓ کی خلافت میں قاضی کے فرائض کچھ یوں واضح کیے جاسکتے ہیں:

اخلاص وللّٰہیت ، معاملے کی مکمل تحقیق کرنا، شریعت اسلامی کی روشنی میں فیصلہ ، پیچیدہ اور مشکل معاملات میں مشورہ طلبی، فریقین کے ساتھ یکساں برتاؤ، کمزور کی ہمت افزائی، پردیسی کے دعوی پر فوری عدالتی کاروائی اور اس کا قیام وطعام، کشادہ دلی اور تحمل

---

[1] ابن قیم، شمس الدین، **اعلام الموقعین عن رب العالمین**، ترجمہ: محمد جوناگڑھی، (لاہور: مکتبۃ قدوسیہ ۱۹۹۹)، ج۱، ص۷۲

[2] حیدرآبادی، حمید الله، **مجموعة الوثائق السياسية للعهد النبوي والخلافةالراشدة**(بيروت: دار النفائس۱٤۰۷ھ)، ص۴۳۸

مزاجی، ہر اس چیز سے اجتناب جو قاضی کی حق گوئی پر اثر انداز ہو، ظاہری دلائل و قرائن کا اعتبار، طرفین میں مصالحت کی کوشش، حق کی طرف پلٹنا، فرد جرم ثابت ہونے تک متہم کی تہمت سے برات، نص کے مقابلے میں قیاس کا عدم جواز، قاضیوں کا خود کو قضا کے فیصلے کے تابع کرنا۔

خلافت عمرؓ کے تعارف کے باب میں بنیادی اور امتیازی اداروں کی ضروری تفصیل پر اکتفا کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ حضرت عمرؓ نے انتظامی امور کے حوالے سے کئی اہم پالیسیاں بھی متعارف کروائیں جن میں گورنرز کی تقرری کا نظام، احتساب، نو آبدیاتی تعمیر و ترقی کے فیصلے اور دیگر ضروری پیشہ وارانہ ذمہ داروں کی سرپرستی کے امور شامل ہیں جنکے بارے میں دوسرے ابواب میں تفصیلات آئیں گی لہذا تعارف کے باب میں خلافت کے اہم بنیادوں اور ان اداروں کے مختصر تعارف پر اکتفا کیا گیا ہے جو کسی بھی ریاست کے ستون یا لازمی جزو ہوتے ہیں لہذا اسی کے ساتھ تعارف کے باب کا اختتام ہوا۔

# فصل ثالث :شورائیت کا تعارف

## تعریف:

**لغوی معنی:**"شوری" عربی زبان کا لفظ ہے جو کہ "شور " سے ماخوذ ہے اس کے مشتقات کے لغوی اعتبار سے مختلف معانی ہیں "شار یشور شورا" اشارہ کرنا، خوب رو ہونا، فروختگی کے لیے جانور کو دوڑا کر اس کی طاقت دکھانا، جیسا کہ حدیث طلحہؓ میں آتا ہے "کان یشور نفسه امام رسول الله " ۔اس کے علاوہ چھتے سے شہد نکالنے کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔علامہ راغب نے لکھا ہے کہ رائے طلب کرنا بعض کا بعض کی طرف مراجعت کرکے۔[1] آسان الفاظ میں لفظ "شوری" باب تفاعل یعنی "التشاور "کا اسم مصدر ہے جس کا لغوی معنی باہمی مشورہ کرنا ہے۔[2]

**اصطلاحی معنی:** اصطلاحی اعتبار سے شوری کی مختلف تعریفات کی گئی ہیں جو کہ معنا آپس میں تقریباً ملتی جلتی ہیں ان میں سے صرف تین تعریفات ذیل میں ذکر کی جارہی ہیں۔

١. "طلب الرأي من أهله و إجالة النظر فيه وصولا إلى الرأي الموافق للصواب"[3]

ترجمہ:"اس کے اہل سے رائے طلب کرنا اور اس میں غور کرنے میں تاخیر کرنا یعنی دیر تک غور و خوض کرنا تاکہ درستگی کے موافق رائے تک پہنچا جاسکے"۔

٢. "الشورى هي تبادل الأراء فى أمر من أمور لمعرفة أصوبها و أصلحها لأجل اعتماده و العمل به "[4]

ترجمہ:شوری یہ ہے کہ معاملات میں سے کسی معاملے پر اس لیے آراء کے تبادلہ کرنا تاکہ سب سے درست اور اچھی رائے کو پہچان کر اس پر اعتماد کرکے عمل میں لایا جائے۔

٣. "الشورى استطلاع رأي الأمة أو من ينوب عنها فى أمرمن الأمورالعامة المتعلقة بهابهدف التوصل فيها إلى رأي الأقرب إلى الصواب الموافق لأحكام الشرع تمهيدا لاتخاذ القرار المناسب فى موضوعه"[5]

ترجمہ: "شوری یہ ہے کہ عوامی معاملات میں اس معاملے پر مناسب فیصلے کی تیاری کی غرض سے قوم یا اس کے مقرر کردہ نمائندوں کی رائے حاصل کی جائے جس کا مقصد ایسی رائے پر پہنچنا ہو جو راست اور شرعی احکامات کے عین موافق ہو"۔

اردو میں "شوری" کے لغوی معنی مشورہ اور صلاح ذکر کیا گیا ہے۔اور اسکے علاوہ "شوری" کی طرف نسبت کے ساتھ "شورائی، شورائیت اور شورائیہ "تینوں الفاظ مذکور ہیں۔

---

[1] راغب،حسن بن محمد،**المفردات فى غريب القرآن**(دمشق،بيروت:دار القلم ،دار الشامية١٤١٢ھ)،ص۴۶۹

[2] کیرانوی،وحید الزمان،**القاموس الوحید**(لاہور، کراچی:ادارہ اسلامیات۱۹۸۶)،ص۵۹۷

[3] المهدى،حسين بن احمد ،**الشورى فى الشريعة الاسلامية**(مكتبة المعاصى سجل هذا الكتاب بوازرة الثقافة٢٠٠٦)،ص٢٦

[4] ايضا

[5] ايضا

اصطلاحی معنی یہ ہے کہ "وہ نظام جس میں صلاح ومشورے سے کاروبار حکومت انجام دیا جائے یا پنچائتی نظام "[۱]۔ **فیروز اللغات میں** "شورے" کے تلفظ کے ساتھ مشورہ اور صلاح کے معنی ذکر کیا گیا ہے۔[۲]

**شوریٰ اور شورائیت میں فرق:** ان دونوں میں فرق یہ ہے کہ "شورائیت" کسی نظام یا پروسیس کو ظاہر کرنے والا لفظ ہے جس میں مشاورت کا عمل مقصود ہوتا ہے جبکہ "شوریٰ" محض مشورہ دینے کے لیے استعمال ہوتا ہے جس طرح لفظ جمہور سے جمہوریت ہے۔ انگریزی زبان میں "شورائیت" کے لیے کوئی مخصوص لفظ نہیں ہے البتہ مختلف سیاق میں کچھ الفاظ بولے جاتے ہیں جو شورائی عمل پر دلالت کرتے ہیں جنہیں ذیل میں بیان کیا جارہا ہے

Deliberation, Conference, Comitte decision, Collective decision, Advisory

یادرہے کہ انگریزی زبان میں مندرجہ بالا الفاظ شورائی عمل کی وضاحت کے لیے استعمال کیے جاسکتے ہیں لیکن یہ اصطلاح چونکہ عربی زبان کی ہے اس لیے اس کی تفصیل اور استعمال عربی لفظ کے ساتھ ہی زیادہ ملتی ہے جبکہ اردو زبان چونکہ عربی زبان سے ماخوذ ہے اسلئیے اردو میں اس لفظ کا استعمال ہوتا ہے۔

## اسلام کا تصور شورائیت

اسلام کے شورائی نظام سے واقفیت کے لیے ضروری ہے کہ اس کے تاریخی پس منظر کو سامنے رکھا جائے تاکہ اس نظام کی کامیابی کو بہتر طریقے سے سمجھا جاسکے۔

نبی ﷺ کی آمد سے قبل قریش مکہ میں چند خصوصیات پائی جاتی تھیں ان میں سے ایک خصوصیت یہ تھی کہ قریش کے اندر اجتماعی نظم اور مرکزیت کے نمایاں آثار واضح ہورہے تھے جس کی واضح مثال قصی بن کلاب کے قائم کردہ نظام تھا۔ اس شخص کا اقتدار تمام قبائل قریش پر حاوی تھا اور قریش کے زیر اثر ہونے کی وجہ سے تمام عرب میں اس کی عظمت کا سکہ رواں تھا۔ قصی کے دور میں ہمیں ابتدائی طرز کی پارلیمنٹری سسٹم بھی نظر آتا ہے جس میں قریش کی نمائندے اپنے اہم معاملات کو اس کی سرپرستی میں شوریٰ کے ذریعے طے کرتے تھے۔

مشہور مورخ وسیرت نگار ابن ہشام نے قصی کے اس نظام حکومت کو بیان کرتے ہوئے لکھا ہے: "کعب بن لوئی کی اولاد میں قصی پہلا شخص تھا جسے مکہ میں سلطنت حاصل ہوئی اور قریش اس کی اطاعت کرنے لگے اس کے ہاتھ میں بیت اللہ کی نگرانی، حاجیوں کو پانی پلانا، حاجیوں اور باہر سے آنے والوں مہمانوں کی مہمان نوازی کرنا، اکابرین قریش کی مجلس کی صدارت،، جنگی قیادت جیسے پانچ کلیدی منصب تھے اس طرح اس نے اپنے دامن میں مکہ کے سارے شرف ومجد کو سمیٹ لیا تھا۔ قریش کے کسی بھی مرد یا عورت کا نکاح، کسی

---

[۱] سرہندی، وارث، **علمی اردو لغت** (جامع) (لاہور: علمی کتاب خانہ ۱۹۷۲)، ص ۹۳۶

[۲] مولوی فیروز الدین، **فیروز اللغات** (لاہور، راولپنڈی، کراچی: فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ)، ۸۴۹

بھی اہم معاملے پر مشاورت یا کسی بھی قبیلے سے جنگ کا فیصلہ اسی کے گھر پر ہوتا تھا جس کا صدر وہ یا اس کے بعد اس کی اولاد میں سے ہوتا تھا اور یہ سلسلہ اس کی زندگی اور موت کے بعد بھی چلتا رہا اور اس نے اس مقصد شورائیت کے لیے عمارت "دار الندوہ" بنائی جس کا دروازہ کعبہ کی جانب کھلتا تھا اور قریش اسی میں اپنے معاملات بارے مشاورت کرتے تھے "[1]۔ اور مزید وہ لکھتے ہیں کہ نبی ﷺ کی ہجرت کر جانے کے بعد وہ خوف زدہ ہو گئے اور دارالندوہ یعنی قصی بن کلاب کے گھر میں مشورہ کرنے کے لیے جمع ہوئے اور قریش کسی بھی اہم معاملے کا فیصلہ اس مقام پر جمع ہو کر مشورہ کیے بغیر نہیں کرتے تھے[2]۔

ان تصریحات سے یہ واضح ہوتا ہے کہ قریش ایک سادہ نظام حکومت سے آشنا تھے جس کے خمیر میں شورائیت تھی اس لیے اسلام نے اس نظام سے فائدہ اٹھایا اور اس کو جاری رکھا۔ یہیں سے یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ قرآن اور حدیث میں شوری کی تفصیلات اس لیے بیان نہیں کی گئیں کہ قریش کا ذہن شورائیت سے مانوس تھا، اس کے خدوخال ترتیب دینا ان کے لیے مشکل نہ تھا لہذا اہمیت وضرورت اور بنیادی احکامات بیان کر کے تفصیلات اور خدوخال کو انہی پر چھوڑ دیا گیا اور جہاں کہیں فکر و عمل میں کوئی خامی یا کمی محسوس کی گئی اس کی درستگی کر دی گئی۔

بعد از اسلام ،سیاست اسلامیہ میں شورائیت کو مرکزی حیثیت حاصل ہوئی لہذا شوری مملکت اسلامی کا ایک اہم اور بنیادی عنصر ہے جس کے بغیر اسلامی حکومت کا تصور محال ہے۔ قران مجید میں اللہ تعالی نے مشورے کو اہل ایمان کے بہترین وصف میں شمار کیا ۔ فرمایا

:"وامرھم شوری بینھم "[3]

ترجمہ: اور ان کا کام آپس میں مشورہ کرنا ہے۔

اسی بنا پر مشاورت اسلامی طرز زندگی کا ایک اہم ستون ہے

شورائیت کی اس قدر اہمیت کی وجہ یہ سمجھ میں آتی ہے کہ جن معاملات کا تعلق دوسروں کے حقوق اور مفاد سے ہو ان میں فیصلہ کرنا ایک بہت بڑی ذمہ داری ہے۔ کوئی شخص جو خدا سے ڈرتا ہو اور جانتا ہو کہ اس کی کتنی سخت جوابدہی اسے اپنے رب کے سامنے کرنا پڑے گی تو کبھی اس بھاری ذمہ داری کو تنہا اپنے سر لینے کی جرات نہیں کر سکتا بلکہ وہ شخص یہ چاہے گا اور کوشش کرے گا کہ ایک مشترکہ معاملہ، جن سے متعلق وہ معاملہ ہو ان سب کو یا ان کے نمائندوں کو اس فیصلے میں شریک مشورہ کرے تا کہ زیادہ صحیح اور مبنی بر انصاف فیصلہ کیا جاسکے اور اگر کوئی نادانستہ غلطی ہو بھی جائے تو تنہا کسی ایک شخص پر اس کی ذمہ داری نہ آپڑے۔ اسلامی طرز زندگی کا تقاضا یہ ہے کہ مشاورت کا اصول ہر چھوٹے بڑے معاملے میں اپنایا جائے چاہے وہ سماجی ہو یا سیاسی، گھریلو ہو یا معاشرتی یہی اسلام کا مزاج ہے۔

اللہ تعالی نے قران مجید میں نبی ﷺ کو مخاطب کر کے فرمایا : "وشاورھم فی الامر"[4]

---

[1] ابن هشام،**السيرة**، ج۱،س۱۲۵

[2] ايضا ،ج۱،ص۴۸۰

[3] الشورى: ۳۸

[4] آل عمران: ۱۵۹

ترجمہ: "اور کام میں ان سے مشورہ کر"۔

مولانا گوہر الرحمن لکھتے ہیں کہ تقریبا بارہ مفسرین نے اپنی تفاسیر میں لکھا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو مشورہ لینے کا حکم اس لیے دیا گیا ہے کہ امت کے لیے شورایت کی سنت قائم ہو جائے اور آئندہ آمریت کے راستے پر چلنے کی بجائے شورائیت کے شرعی قاعدے پر سختی کے ساتھ قائم رہے بعد ازاں نبی ﷺ کے شورائی اقدامات اور خلفائے راشدین کی اصلاحات سے شورائی خدوخال کسی حد تک واضح ہوئے اور امت کے لیے مشعل راہ بنے[1]۔

## شورائیت کی اہمیت قرآن کریم سے

شورائیت دراصل سیاست اسلامیہ کا منہج ربانی ہے جس کو اپنانا لازم ہے۔ اللہ تعالی نے قرآن مجید میں تین جگہوں پر براہ راست شورائیت کا ذکر فرمایا اور انکے علاوہ بے شمار جگہوں پر اشارتا یا واقعات کی ضمن میں شورائیت، مشورے یا مشاورت کی اہمیت کا احساس دلایا جن مواقع پر اللہ تعالی نے شورائیت کا باقاعدہ ذکر فرمایا وہ ذیل میں بیان کئے جارہے ہیں۔

۱. فرمان ربانی ہے: "و أمرهم شورى بينهم"[2]

امام قرطبی نے ابن عطیہ کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ شورائیت قواعد شرعیہ میں سے ہے اور جو حاکم اس پر عمل نہیں کرتا اس کو معزول کرنا واجب ہے اور اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

امام قرطبی مزید وضاحت کرتے ہیں کہ شورائیت مختلف آراء پر مبنی ہوتی ہے اور مستشر یعنی مشورہ طلب کرنے والا ان آراء پر غور و فکر کر کے کتاب و سنت کے قریب ترین رائے کو اپنائے اور اللہ پر توکل کرتے ہوئے اس کو نافذ کرے۔[3]

مذکورہ بالا آیت سورۃ الشوری میں آئی ہے جو کہ مکی سورت ہے۔ اس آیت میں اللہ تعالی نے شورائیت کو نماز اور زکوۃ کے درمیان ذکر کیا ہے جو اس کے وجوب پر دلالت کے لیے کافی ہے اور یہ آیت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نماز اور زکوۃ فریضہ عبادت میں سے ہیں اور شورائیت فریضہ سیاست میں سے ہے۔[4]

۲. ارشاد ربانی ہے: "و شاورهم فى الأمر"[5]

جنگ احد میں نبی ﷺ نے صحابہ سے مشاورت کی کہ مشرکین سے جنگ مدینہ میں رہ کر کی جائے یا میدان میں نکل کر؟ جمہور صحابہ نے میدان میں جنگ کرنے کا مشورہ دیا جس کے بعد مسلمانوں نے میدان احد میں نکل کر دشمن کا مقابلہ کیا اور کچھ غلط فہمی کی بنا پر مسلمانوں کے قدم اکھڑنے لگے تو عین ممکن تھا کہ شورائی فیصلوں کی قدر و قیمت میں کمی واقع ہو جاتی تو اللہ تعالی نے یہ آیت

---

[1] گوہر الرحمن، **اسلامی سیاست** (مردان: مکتبۃ تفہیم القرآن ۲۰۰۲)، س۲۸۷

[2] الشورى: ۳۸

[3] القرطبی، محمد بن احمد، **الجامع لاحکام القرآن** (قاهرة: دار الكتب المصرية ١٩٦٤) ج ۴، ص۲۴۹

[4] الانصاری، عبد الحميد اسماعيل، **الشورى و اثرها فى الديمقراطية** (صيدا، بيروت: مشورات المكتبة المصرية ١٩٨٠)، ص۵۳

[5] آل عمران: ۱۵۹

نازل فرمائی ۔اس آیت میں جمہور کے شورائی فیصلے کی حوصلہ افزائی کی گئی اور اور ان کو مشاورت کے عمل کو آئندہ بھی اپنانے کا حکم دیا گیا۔[۱]

امام حسن بصری نے اس آیت کی روشنی میں لکھا ہے کہ اللہ تعالی کو علم تھا کہ نبی ﷺ صحابہ کے مشوروں کے محتاج نہیں ہیں لیکن اس کے باوجود اس کا حکم اس لیے دیا گیا تھا کہ امت کے حکمران اپنے مسائل اس نہج پر حل کر سکیں ۔[۲] اس کے برعکس امام ابو بکر جصاص اس حکم کو نبی ﷺ کے حق میں بھی واجب مانتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ یہ بات درست نہیں ہے کہ صحابہ کرام سے مشورہ کرنے کا حکم نبی ﷺ کو صرف تطییب نفوس یا صحابہ کے مراتب کو بلند کرنے یا سنت مشاورت قائم کرنے کے لیے دیا گیا ہے کیونکہ اگر صحابہ کو یہ بات معلوم ہوتی تو اس میں صحابہ کی رفع شان تو نہیں الٹا وہ متوحش ہوتے کہ ہماری رائے یا مشورے کی اہمیت تو ویسے بھی نہیں ہے۔اور امام آلوسی لکھتے ہیں کہ اگر مشورے کا مقصد ارباب شوری کی آراء سے فائدہ اٹھانے کی بجائے محض دلجوئی ہوتا تو ہر کس و ناکس سے مشورہ لیا جاسکتا تھا خواہ وہ صاحب رائے ہو یا نہ ہو (جبکہ نبی ﷺ نے ہمیشہ اہل الرائے سے مشورہ کیا ہے)۔[۳]

رسول اللہ ﷺ کے حق میں مشورہ یا شورائیت کی حیثیت کے بارے میں ایک طویل اختلاف اہل العلم کے ہاں پایا جاتا ہے۔البتہ قران کے سیاق سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالی نے امت کی انفرادی اور اجتماعی امور کی انجام دہی میں شورائیت یا مشاورت کو لازمی قرار دیا ہے۔

۳. ارشاد ربانی ہے: "فَإِنْ أَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا"[۴]

ترجمہ:"پھر اگر وہ دونوں آپس کی رضامندی اور باہمی مشورے سے دودھ چھڑانا چاہیں تو دونوں پر کوئی گناہ نہیں"۔

دودھ چھڑوانے کی شرعی مدت دو سال کے بعد ہے اگر میاں بیوی دو سال سے پہلے دودھ چھڑوانا چاہتے ہیں تو باہم مشاورت کر کے فیصلہ کریں اگر دونوں میں سے کوئی ایک متفق نہ ہو تو دودھ چھڑوانا جائز نہ ہو گا۔[۵] اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ انفرادی زندگی میں بھی مشاورت اس حد تک کرنی چاہیے کہ متعلقہ افراد میں اتفاق رائے پیدا ہو جائے۔

اس آیت کے ضمن میں امام رشید رضا لکھتے ہیں کہ قرآن نے اولاد کے اس معمولی مسئلے میں مشاورت کی طرف ہماری رہنمائی کی ہے اور والدین میں سے کسی ایک کو دوسرے کے بغیر اپنی مرضی کی اجازت نہیں ہے تو پھر ایک بندے کے لیے بلا شرکت غیرے پوری قوم یا امت کے فیصلے کرنا کیسے درست ہو سکتا ہے؟ حالانکہ امت کی تربیت کرنا اور امت میں عدل قائم کرنا اولاد کی تربیت اور ان میں عدل

---

[۱] عمری، جلال الدین انصر، **اسلام کا شورائی نظام** (لاہور: مکتبۃ تعمیر انسانیت ۱۹۷۳)، ص ۳۵

[۲] الشافعی،محمد بن ادریس،**الام**(بیروت:دار الفکر ۱۹۸۳) ج۷ ،ص۱۰۰

[۳] الآلوسی،شہاب الدین محمد بن عبد اللہ،**روح المعانی فی تفسیر القرآن العظیم و السبع المثانی**(بیروت:دار الکتب۱۴۱۵ھ)،ج۲،ص۳۱۹

[۴] البقرۃ: ۲۳۳

[۵] الماوردی،علی بن محمد،**تفسیر الماوردی /النکت و العیون**(بیروت،لبنان:دار الکتب العلمیۃ )ج۱،ص۳۰۱

قائم کرنے سے زیادہ مشکل ہے باوجودیکہ حکمرانوں اور بادشاہوں کی اپنی رعایا کے ساتھ شفقت والدین کی اولاد کے ساتھ شفقت سے کہیں کم ہوتی ہے۔[۱]

مذکورہ بالا تینوں مقامات وہ ہیں جن میں براہ راست شورائیت کا ذکر موجود تھا اب ذیل میں ان مواقع کا ذکر کیا جائے گا جو اشارتاً یا واقعات کی ضمن میں شورائیت کی اہمیت پر مشتمل ہیں۔

۱. فرمان ربانی ہے: "يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ"[۲]

ترجمہ: "اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کا حکم مانو اور رسول کا حکم مانو اور انکا بھی جو تم میں سے حکم دینے والے ہیں"۔

شیخ محمد عبدہ مصری فرماتے ہیں کہ انہوں نے ایک عرصے تک "اولوالامر" کی حقیقت پر غور کیا بالآخر وہ اس نتیجے پر پہنچے کہ "اولوالامر" سے مراد مسلمانوں کے ارباب حل وعقد ہیں۔ "اولوالامر" کا دائرہ علماء امراء حکام روسائے جنود اکابرین قوم اور ان تمام رہنماؤں پر وسیع ہے جن کی طرف امت اپنی ضروریات اور مصالح میں رجوع کرتی ہے اگر امت کا یہ طبقہ کسی معاملے پر متفق ہو جائے تو امت پر اس کی اطاعت واجب ہوگی بشرط کہ "اولوالامر" مسلمانوں ہی میں سے ہوں اور ان کا حکم کتاب وسنت کے خلاف نہ پڑتا ہو اور اپنے بحث اور فیصلے میں کسی دباؤ سے مجبور نہ ہوں ساتھ ہی ان کے اجتہاد کا دائرہ مصالح مومنین تک محدود ہو"[۳]

۲. فرمان الٰہی ہے: "قَالَتْ يَاأَيُّهَا الْمَلَأُ أَفْتُونِي فِي أَمْرِي مَا كُنْتُ قَاطِعَةً أَمْرًا حَتَّى تَشْهَدُونِ"[۴]

ترجمہ: "اے سردارو! تم میرے معاملے میں مجھے حل بتاو، میں کبھی کسی معاملے کا فیصلہ کرنے والی نہیں، یہاں تک کہ تم میرے پاس موجود ہو"۔

ملکہ سبا نے حضرت سلیمان علیہ السلام کے خط کو دیکھنے کے بعد اپنے وزراء سے مشاورت کی۔ یہ واقعہ زمانہ قدیم میں بھی حاکم اور محکومین کے مابین شورائیت کے ذریعے سے حکومتی معاملات کو چلانے کے عمل پر دلالت کرتی ہے باوجود اس کے کہ وہ قوم سورج کی پجاری تھی اور اس بات کی دلیل آیت کا یہ ٹکڑا ہے" مَا كُنْتُ قَاطِعَةً أَمْرًا حَتَّى تَشْهَدُونِ"

امام قرطبی نے قتادہ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ اس کے پاس ۳۱۳ افراد ایسے تھے جو اس کی مجلس شوری کے رکن تھے اور ان میں سے ہر ایک کو چار ہزار وظیفہ ملتا تھا۔[۵]

۳. فرمان الٰہی ہے: "قَالَ الْمَلَأُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ إِنَّ هَذَا لَسَاحِرٌ عَلِيمٌ يُرِيدُ أَنْ يُخْرِجَكُمْ مِنْ أَرْضِكُمْ فَمَاذَا تَأْمُرُونَ"[٦]

---

[۱] رشید رضا، محمد رشید، **تفسير القرآن الحكيم (تفسير المنار)**،(الهيئةالمصرية العامة للكتب ۱۹۹۰) ،ج۲،ص۳۲۸

[۲] النساء : ۵۹

[۳] عمری، **اسلام کا شورائی نظام**، ص۴۵

[۴] النمل: ۳۲

[۵] القرطبی، **تفسير القرطبی**، ج۱۳، ص۹۵

[٦] الاعراف: ۱۱۰،۱۰۹

ترجمہ : "فرعون کی قوم کے سرداروں نے کہا یقینا یہ تو ایک ماہر فن جادوگر ہے جو چاہتا ہے کہ تمھیں تمھاری سرزمین سے نکال دے، تو تم کیا حکم دیتے ہو"۔

یہ آیات واضح طور پر دلیل ہے اس بات کی کہ فرعون جیسا حکمران جو اپنی طاقت اور حکومت کی بنا پر اپنے آپکو خدا سمجھتا تھا وہ بھی اپنی ضروری حکومتی معاملات میں مجلس شوری کی آراء سے مستغنی نہیں تھا۔

۴. فرمان ربانی ہے:" وَكَانَ فِي الْمَدِينَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ قَالُوا تَقَاسَمُوا بِاللَّهِ لَنُبَيِّتَنَّهُ وَأَهْلَهُ ثُمَّ لَنَقُولَنَّ لِوَلِيِّهِ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ أَهْلِهِ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ وَمَكَرُوا مَكْرًا وَمَكَرْنَا مَكْرًا وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ" [1]

ترجمہ :"اور اس شہر میں نو(۹) شخص تھے، جو اس سرزمین میں فساد پھیلاتے تھے اور اصلاح نہیں کرتے تھے۔ انھوں نے کہا آپس میں اللہ کی قسم کھائو کہ ہم ضرور ہی اس پر اور اس کے گھر والوں پر رات حملہ کریں گے، پھر ضرور ہی اس کے وارث سے کہہ دیں گے کہ ہم اس کے گھر والوں کی ہلاکت کے وقت موجود نہ تھے اور بلاشبہ ہم ضرور سچے ہیں اور انھوں نے ایک چال چلی اور ہم نے بھی ایک چال چلی اور وہ سوچتے تک نہ تھے"۔

ان آیات میں اللہ تعالی نے قوم صالح کے نو افراد کی مجلس شوری کی جانب اشارہ فرمایا جو حضرت صالح علیہ السلام کی مخالفت میں آپس میں مشاورت کر کے فساد اور انتشار پھیلاتے تھے حتی کہ انہوں نے مشاورت سے حضرت صالح علیہ السلام کے قتل کا منصوبہ بنایا۔

قران کریم میں اس طرح کے بے شمار ایسے واقعات مذکور ہیں جو کسی بھی قوم یا سلطنت کے اندر اس قوم اور سلطنت کے امور کی انجام دہی میں مشورے یا شورائیت کی اہمیت کا کو باور کرواتی ہیں طوالت کی باعث ان میں سے چند کو اشارتاً ذکر کیا جارہا ہے۔

۴. "إِذْ قَالُوا لَيُوسُفُ وَأَخُوهُ أَحَبُّ إِلَى أَبِينَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ إِنَّ أَبَانَا لَفِي ضَلَالٍ مُبِينٍ" [2]

ترجمہ:"جب انھوں نے کہا یقینا یوسف اور اس کا بھائی ہمارے باپ کے ہاں ہم سے زیادہ پیارے ہیں، حالانکہ ہم ایک قوی جماعت ہیں۔ بے شک ہمارا باپ یقینا کھلی غلطی میں ہے"۔

اس آیت میں حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کی باہمی مشاورت بیان ہو رہی ہے

قران مجید کے سیاق سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام کو راستے سے ہٹانے کے لیے ان کے بھائیوں نے ان کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا لیکن بعد ازاں مشاورت کے بعد درمیانی راستہ اپناتے ہوئے ان کو قتل کرنے سے وہ باز آگئے اور حضرت یوسف علیہ السلام کو ایک اندھے کنویں میں پھینک دیا گیا۔

۵. فرمان ذیشان ہے: "وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُونِي أَقْتُلْ مُوسَى وَلْيَدْعُ رَبَّهُ إِنِّي أَخَافُ أَنْ يُبَدِّلَ دِينَكُمْ أَوْ أَنْ يُظْهِرَ فِي الْأَرْضِ الْفَسَادَ" [3]

---

[1] النمل: ۴۸

[2] یوسف: ۸

[3] المومن: ۲۶

ترجمہ : "اور فرعون نے کہا مجھے چھوڑ دو کہ میں موسیٰ کو قتل کر دوں اور وہ اپنے رب کو پکارلے، بے شک میں ڈر تا ہوں کہ وہ تمھارا دین بدل دے گا، یا یہ کہ زمین میں فساد پھیلا دے گا"۔

فرعون ،موسیٰ علیہ السلام کو قتل کرنے کے حوالے سے اپنے مشیروں سے مشاورت کر رہا تھا تو اسکو اس مشاورتی اجلاس میں مخالفت کا سامنا کرنا پڑا۔

۶. ارشادربانی ہے: "يَابُنَيَّ إِنِّي أَرَى فِي الْمَنَامِ أَنِّي أَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرَى" [۱]

ترجمہ: اس نے کہا اے میرے چھوٹے بیٹے! بلاشبہ میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں، تو دیکھ تو کیا خیال کرتا ہے؟

حضرت ابراہیم علیہ السلام کا اپنے بیٹے سے مشورہ کرنا اس آیت سے واضح ہو رہا ہے۔

۷. "يَاأَيُّهَا الْمَلَأُ أَفْتُونِي فِي رُؤْيَايَ إِنْ كُنْتُمْ لِلرُّؤْيَا تَعْبُرُونَ" [۲]

ترجمہ:،اے سرداروں! مجھے میرے خواب کے بارے بتاؤ

مصر کا بادشاہ اپنے خواب کے بارے میں اپنے وزیروں سے مشورہ طلب کر رہا ہے۔

۸. "وَإِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِيُثْبِتُوكَ أَوْ يَقْتُلُوكَ أَوْ يُخْرِجُوكَ"[۳]

ترجمہ :"اور جب وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا، تیرے خلاف خفیہ تدبیریں کر رہے تھے، تاکہ تجھے قید کر دیں، یا تجھے قتل کر دیں، یا تجھے نکال دی

اس آیت میں قریش کا ہجرت کی رات رسول اللہ ﷺ کے بارے میں مشاورت کو بیان کیا گیا ہے "۔

**نوٹ:** مذکورہ بالا واقعات قرانی میں مذکورہ مشاورتیں "شوری" کی اصطلاح کے تحت نہیں آئیں گی کیونکہ یہ اصطلاح خالص اسلامی ہے جو خیر کے کاموں پر مشاورت کے عمل کے لیے بولی جاتی ہے اور سابقہ اقوام یا غیر مسلموں کے مشاورت اور مسلمانوں کی شورائیت میں فرق یہ ہے کہ مسلمانوں کے ہاں شورائیت سنت کے قریب ترین رائے تک پہنچنے کے لیے عمل میں لائی جاتی ہے جبکہ غیر مسلم اور سابقہ اقوام کے واقعات میں ایسا بہت کم ہے اور یہی بنیادی فرق ہے۔

## شورائیت کی اہمیت حدیث سے

قران مجید کے حکم کے بعد نبی ﷺ نے اپنے اقوال وافعال سے شورائیت کی اہمیت اور افادیت کو اجاگر کیا۔

۱. اچھے مشیر کا فائدہ: نبی ﷺ نے ایک موقع پر خلیفہ کو اچھے مشیر چننے اور اچھے مشیروں سے مشاورت کے نتائج کے بارے میں آگاہ فرمایا:

---

[۱] الصافات: ۱۰۲

[۲] یوسف: ۴۳

[۳] الانفال: ۳۰

"مَا اسْتُخْلِفَ خَلِيفَةٌ إِلَّا لَهُ بِطَانَتَانِ بِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِالْخَيْرِ وَتَحُضُّهُ عَلَيْهِ وَبِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِالشَّرِّ وَتَحُضُّهُ عَلَيْهِ وَالْمَعْصُومُ مَنْ عَصَمَ اللَّهُ"[1]

ترجمہ:"جب بھی کوئی شخص حاکم ہوتا ہے تو اس کے صلاح کار اور مشیر دو طرح کے ہوتے ہیں ایک تو وہ جو اسے نیکی اور بھلائی کا حکم دیتے ہیں اور اس پر ابھارتے رہتے ہیں اور دوسرے وہ جو اسے برائی کا حکم دیتے ہیں اور اس پر اسے ابھارتے رہتے ہیں اور معصوم وہ ہے جسے اللہ محفوظ رکھے"۔

۲. **مضبوط کام:** ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ "حزم" یعنی احتیاط اور مضبوطی کار کسے کہتے ہیں؟ آپ ﷺ نے جواب دیا:

۳. " أن تشاور ذا رأي ثم تطيعه "[2]

۴. **قوم کا بہترین مفاد:** "شورائیت" من حیث القوم بہتر فیصلے پر پہنچنے کا راستہ ہے اور زبان رسالت سے ان کی درستگی کی ضمانت ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

"ما شاور قوم إلا هدوا لأرشد أمرهم "[3]

ترجمہ: جو قوم شورائی عمل کو اپناتی ہے انکی سب سے راست فیصلے کی طرف رہنمائی کی جاتی ہے"۔

۵. **نبی رحمت ﷺ کہ سنت وعادت:** حضرت عمر ؓ فرماتے ہیں کہ میں اور حضرت ابو بکرؓ رات کو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مسلمانوں کے معاملات میں باہم مشاورت کیا کرتے تھے۔[4]

۶. **اجتماعی امور میں نبی رحمت ﷺ کا معمول:** کسی بھی ضروری اجتماعی مسئلے میں رسول اللہ ﷺ تمام نمائندہ صحابہ کرام سے مشاورت کا اہتمام کیا کرتے تھے جس کا ایک نمونہ ہمیں ذیل کے واقعہ میں نظر آتا ہے۔

---

[1] بخاری، **الجامع الصحيح**، كتاب :القدر ، باب : المعصوم من عصم الله ، ح ۶۶۱۱

[2] البيهقي، **السنن الكبرى**، كتاب : آداب القاضي ، باب :من يشاور، ج ۱۰،ص۱۹۱،ح ۲۰۳۲۱

*تخریج: اس حدیث کو امام ابو داود نے "المراسیل" میں ذکر کیا ہے۔ دیکھئے:* أبو داود ، سليمان بن الأشعث ، **المراسيل** (بيروت : مؤسسة الرسالة۱۴۰۸ھ) ، محقق : شعيب الارنوط ، ح ۴۸۲

[3] ابن ابی شيبة ،عبد الله بن محمد ،**الكتاب المصنف فى الاحاديث و الآثار** (لبنان:دار التاج،الرياض:مكتبة الرشد۱۴۰۹ھ)،كتاب :الادب ، باب :فى المشورة من أمر بها ، ج۵،ص۲۹۸ ،ح
۲۶۲۷۵

*تخریج: امام زیلعی نے اس حدیث کو "غریب" کہا ہے۔ دیکھئے:* الزيلعى ،جمال الدين ، **تخريج الأحاديث والآثار الواقعة في تفسير الكشاف للزمخشري** (رياض : دار ابن خزيمة۱۹۹۷) ، ج۱ ، ص ۲۳۳

[4] الترمذى ، **سنن الترمذى** ، ابوب الصلاة عن رسول اللهَ ، باب : الرخصة فى السمر بعد العشاء ، ح۱۶۹

*تخریج: امام ترمذی نے اس حدیث کی سند کو "حسن" قرار دیا ہے۔*

*اس حدیث کو امام البانی نے* "**سلسلة الاحاديث الصحيحة**" *میں ذکر کیا ہے۔ دیکھئے:* الالبانى ، ناصر الدين ، **سلسلة الأحاديث الصحيحة وشيء من فقهها وفوائدها**(رياض : مكتبة المعارف للنشر والتوزيع۱۹۹۵)، ج ۶ ، ص ۶۵۵ ،ح ۲۷۸۱

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو جب ابوسفیان کی آمد کی خبر ملی تو آپ نے مشورہ کیا، کہا: حضرت ابو بکرؓ نے گفتگو کی تو آپ ﷺ نے ان سے اعراض فرمایا، پھر حضرت عمرؓ نے گفتگو کی تو آپ ﷺ نے ان سے بھی اعراض فرمایا۔ اس پر حضرت سعد بن عبادہ ؓ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے: اے اللہ کے رسول! کیا آپ ہم سے (مشورہ کرنا) چاہتے ہیں؟ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! اگر آپ ہمیں (اپنے گھوڑے) سمندر میں ڈال دینے کا حکم دیں تو ہم انہیں ڈال دیں گے اور اگر آپ ہم کو انہیں (معمورہ اراضی کے آخری کونے) برک غماد تک دوڑانے کا حکم دیں تو ہم یہی کریں گے۔ کہا: تو رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو بلایا، اور وہ چل پڑے حتی کہ بدر میں پڑاؤ ڈالا۔[1]

۷. **سماجی اور نجی زندگی میں مشاورت** : نبی ﷺ نے اپنے گھریلو مسئلے میں بھی بعض قریبی اور متعلقہ لوگوں سے مشاورت کی جس سے خیر کی باتیں مزید واضح ہوئیں جیسا کہ واقعہ افک کی پریشانی میں آپ نے مختلف افراد سے مشاورت کی جس سے معاملے کی کسی حد تک وضاحت بھی ہوئی اور اپ کو تسلی بھی ہوئی۔

رسول اللہ ﷺ نے علی بن ابی طالب ؓ اور اسامہ بن زیدؓ کو اپنی بیوی کو علیحدہ کرنے کے متعلق مشورہ کرنے کے لیے بلایا کیونکہ اس سلسلے میں اب تک آپ ﷺ پر وحی نازل نہیں ہوئی تھی۔ اسامہ ؓ نے تو حضور اکرم ﷺ کو اسی کے مطابق مشورہ دیا جو وہ حضور ﷺ کی بیوی (مراد خود اپنی ذات سے ہے) کی پاکیزگی اور حضور ﷺ کی ان سے محبت کے متعلق جانتے تھے۔ چنانچہ انہوں نے کہا کہ آپ کی بیوی میں مجھے خیر و بھلائی کے سوا اور کچھ معلوم نہیں ہے لیکن علیؓ نے کہا یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے آپ پر کوئی تنگی نہیں رکھی ہے اور عورتیں بھی ان کے علاوہ بہت ہیں۔ آپ ان کی باندی (بریرہؓ) سے بھی دریافت فرمالیں وہ حقیقت حال بیان کر دے گی۔ پھر حضور ﷺ نے بریرہؓ کو بلایا اور ان سے دریافت فرمایا کہ کیا تم نے کوئی ایسی بات دیکھی ہے جس سے تمہیں (عائشہ پر) شبہ ہوا ہو۔ حضرت بریرہ ؓ نے کہا، اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا۔ میں نے ان کے اندر کوئی ایسی چیز نہیں دیکھی جو بری ہو۔ اتنی بات ضرور ہے کہ وہ ایک نو عمر لڑکی ہیں' آٹا گوندھ کر سو جاتی ہیں اور بکری آکر اسے کھا جاتی ہے۔[2]

۸. **مشورہ ایک امانت:** نبی ﷺ نے مشاورت کے عمل کو رازداری میں رکھنے کی ترغیب دلائی ہے خصوصا جب وہ مشورہ جو عمومی نہ ہو۔

فرمان رحمت عالم ﷺ ہے: "المستشار مؤتمن" [3]

ترجمہ: " مشورہ دینے والا امین ہوتا ہے۔"

یعنی جس طرح امانت میں خیانت حرام ہے اسی طرح کسی کا مشورہ بھی امانت ہوتا ہے اسکو فاش کرنا امانت میں خیانت کے مثل ہے۔

---

[1] مسلم ، **صحیح مسلم** ،کتاب : الجهاد والسیر ، باب :غزوة بدر ، ح ۱۷۷۹

[2] البخاری،**الجامع الصحیح** ،کتاب : المغازی ، باب : حدیث الافک ، ح۴۱۴۱

[3] ابو داود، **سنن ابی داود** ، اول کتاب الادب ، باب : فی المشورة ، ح ۵۱۲۸

تخریج: اس حدیث کو امام البانی نے سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ میں ذکر کیا ہے۔ دیکھئے: الالبانی ، **سلسلة الاحادیث** ، ج ۴ ، ص ۱۹۴

۹. **مسلمان کا حق:** مشورہ طلبی پر اپنی دانست اور فہم کے مطابق سب سے بہتر مشورہ دینا مسلمان کا حق قرار دیا گیا ہے آپ ﷺ نے فرمایا:

"الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ إِذَا اسْتَنْصَحَكَ فَانْصَحْ لَهُ "[1]

ترجمہ: ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حق ہیں : (ان میں سے ایک یہ ہے کہ) جب کوئی مسلمان تم سے کوئی مشورہ طلب کرے تو تم اسکو (اپنی دانست کے مطابق) سب سے اچھا مشورہ دو۔ اور آپ ﷺ نے فرمایا: "وَمَنْ أَشَارَ عَلَى أَخِيهِ بِأَمْرٍ يَعْلَمُ أَنَّ الرُّشْدَ فِي غَيْرِهِ فَقَدْ خَانَهُ"[2]

ترجمہ: جس نے اپنے بھائی کو کوئی ایسا مشورہ دیا جبکہ اسے علم تھا کہ بھلائی اس کے خلاف میں ہے تو اس نے اس کی خیانت کی۔"

## شورائی نظام کے خدوخال

اسلام میں شورائیت کے تصور اور اہمیت کو جاننے کے بعد ضروری ہے کہ مختصراً اس کے خدوخال بھی واضح کئے جائیں لہذا سب سے پہلے یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ اسلامی سیاست میں ریاست کا سربراہ یا حاکم چننے کا اختیار، ریاستی پالیسی اور فیصلہ سازی اہل شوری یا اہل حل وعقد کے پاس ہے اسلیئے سب سے پہلے اہل حل وعقد کے بارے میں وضاحت کی جارہی ہے۔

**اہل شوری:** اہل شوری یعنی ارکان شوری کو اہل حل وعقد، اہل اختیار یا اہل اجتہاد بھی کہا گیا ہے [3]۔ اہل شوری کا بنیادی تصور قران کی مندرجہ ذیل آیات سے مستنبط ہے۔

- " يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ "[4]

ترجمہ: "اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کا حکم مانو اور رسول کا حکم مانو اور انکا بھی جو تم میں سے حکم دینے والے ہیں"۔

- "وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَى أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنْبِطُونَهُ مِنْهُمْ " [5]

ترجمہ: "اور اگر وہ اسے رسول کی طرف اور اپنے حکم دینے والوں کی طرف لوٹاتے تو وہ لوگ اسے ضرور جان لیتے جو ان میں سے اسکا اصل مطلب نکالتے ہیں"۔

اہل شوری میں قوم کے نمائندہ افراد کی شمولیت لازم ہے اور قوم کے نمائندہ افراد پر مشتمل مجلس شوری تشکیل دینا نبی ﷺ کی سنت میں سے ہے جس طرح آپ ﷺ نے انصار کے اسلام قبول کرنے کے بعد بیت عقبہ میں قوم کے ۱۲ نقیب مقرر فرمائے تھے۔[6] اسکے

[1] مسلم، **صحیح مسلم** ، کتاب : السلام ، باب : من حق المسلم للمسلم رد السلام ، ح ۵۶۵۱

[2] ابو داود ، **سنن ابی داود** ،کتاب : العلم ، باب : التوقی فی الفتیا ، ح۳۶۵۷

امام البانی نے اپنی کتاب "صحیح وضعیف سنن ابی داود" میں اس حدیث کی سند کو "حسن" قرار دیا ہے۔ دیکھئے: الالبانی ، **صحیح و ضعیف ابی داود** ، ح ۳۶۵۷

[3] حبیب، سعد عبد السلام، **الشوری فی الاسلام** (القاهرة: کتب الاسلامیة ، المجلس الاعلی للشؤن الاسلامیة)، ص ۴۲

[4] النساء: ۵۹

[5] النساء: ۸۳

[6] ابن سعد ، **طبقات ابن سعد**، ج۱، ص۱۰۷

علاوہ نبی ﷺ نے قبیلہ ہوازن کے قیدی واپس کرنے کے معاملے میں عام افواج سے مشاورت کی لیکن آپ کو اتنے زیادہ افراد کی رائے جاننے میں دشواری ہوئی تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم لوگ واپس لوٹ جاو ہمیں آپ کے سردار آپکی مرضی کے بارے میں آگاہ کر دیں گے۔[1]

اصحاب حل و عقد یعنی اہل شوری کون ہونے چاہیں ؟ اس مسئلے پر مختلف متاخرین اور متقدمین اہل العلم کی آراء نقل کرنے کے بعد انصاری کمیشن نے لکھا ہے کہ اہل شوری کی خصوصیات کے متعلق آیات و احادیث پر غور کرنے کے بعد ہمارے سامنے یہ خصوصیات آتی ہیں کہ اصحاب شوری عاقل و بالغ ہوں اور اپنی صلاحیتوں کے اعتبار سے امور مملکت سے متعلق ذمہ دارانہ رائے قائم کر سکیں اور علم و دیانت میں قابل اعتماد ہوں۔

علامہ رشید رضا نے لکھا ہے کہ یہاں پر علم کا وسیع مفہوم مراد ہے جس میں دینی علوم کا علم، سیاسیات ، طب اور انجینئرنگ وغیرہ علوم و فنون شامل ہیں ۔ یہ ضروری نہیں کہ ارکان شوری سب کے سب ان علوم کے ماہر ہوں بلکہ بحیثیت مجموعی ان میں ایسے لوگ شامل ہونے چاہیے جو ان علوم و فنون سے فرداً فرداً واقف ہوں۔[2]

مزید براں امام غزالی کے نزدیک یہ تمام لوگ ایسے ہونے چاہیں کہ جن کو عامۃ الناس کا اعتماد حاصل ہو۔ ایسے لوگ نہ ہوں جو جبر کے ساتھ مسلط ہو کے رعایا کے متعلق فیصلے کریں[3]۔ کمیشن نے ممکنہ اہل شوری کے بارے تمام اقوال کا ذکر کرنے کے بعد موجودہ دور میں محمد عبدہ کے ذکر کردہ اس طریقے کار کو زیادہ موزوں قرار دیا ہے۔ محمد عبدہ فرماتے ہیں کہ اس (اولو الامر) سے مراد اہل الحل والعقد ہیں جن میں امراؤ، حکام، علماء، افواج کے سربراہ اور وہ تمام سرداران اور زعماء جن کے پاس لوگ اپنی شکایات اور مسائل لے کر آتے ہیں (مثلا تجارت صنعت وزراعت سے وابستہ افراد اور محنت کشوں کے رہنما مختلف تنظیموں کے سربراہان وغیرہ )، شامل ہیں اور یہ سب اگر کسی بات پر متفق ہو جائیں تو مسلمانوں پر ان کی اطاعت واجب ہے۔[4]

قاضی حسین المھدی نے نے قرآن میں مذکور آیت شوری کی روشنی میں اہل شوری کی خصوصیات کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ بنیادی خصوصیات آیت شوری کی روشنی میں ترتیب دیے جاسکتے ہیں۔[5]

**امور شوری:** مجلس شوری کے اختیارات حالات کے تقاضوں کے مطابق وضع کیے جاسکتے ہیں البتہ چند بنیادی اصول بیان کیے جارہے ہیں۔

---

[1] البخاری،**الجامع الصحیح** ، کتاب : المغازی ، باب : قول اللہ تعالی : و یوم حنین اذ اعجبتکم ،ح۴۳۱۹،۴۳۱۸

[2] انصاری کمیشن رپورٹ،iri.aiou.edu.pk،ص۲۵

[3] الغزالی،حامد الدین،**الاسلام و استبداد السیاسی**(دار الکتاب العربی)،ص۵۶

[4] انصاری کمیشن رپورٹ،iri.aiou.edu.pk،ص۲۵

[5] المھدی،**الشوری فی الشریعة**، ص ۱۹۰

۱. پہلا اصول یہ ہے کہ کتاب وسنت کی حدود میں "شورائیت" کا اختیار مجلس شوری کو حاصل ہے۔ وہ امور ومعاملات جن پر نص وارد ہے ان میں شورائیت نہیں کی جاسکتی۔ اسکے متعدد دلائل قرآن مجید میں وارد ہوئے ہیں جس میں سے صرف دو ذکر کئے جارہے ہیں۔

فرمان الٰہی ہے:"اتَّبِعُوا مَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ مِنْ رَبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوا مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءَ قَلِيلًا مَا تَذَكَّرُونَ "[1]

ترجمہ: "اس کے پیچھے چلو جو تمھاری طرف تمھارے رب کی جانب سے نازل کیا گیا ہے اور اس کے سوا اور دوستوں کے پیچھے مت چلو"۔

فرمان الٰہی ہے:"وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَمْرًا أَنْ يَكُونَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ أَمْرِهِمْ وَمَنْ يَعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا مُبِينًا "[2]

ترجمہ: اور کبھی بھی نہ کسی مومن مرد کا حق ہے اور نہ کسی مومن عورت کا کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی معاملے کا فیصلہ کردیں کہ ان کے لیے ان کے معاملے میں اختیار ہو اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے سو یقیناوہ گمراہ ہوگیا، واضح گمراہ ہونا۔

۲. دوسرا اصول یہ ہے کہ اہل شوری پر امت کے جذبات اور میلانات کے مطابق فیصلہ سازی کرناضروری ہوتا ہے اور جب یہ جماعت کسی فیصلے پر متفق ہو جائے تو امت پر اس فیصلے کو تسلیم کرنالازم ہے۔[3]

۳. تیسرا اصول یہ ہے کہ مجلس شوری کی بنیادی ذمہ داری امیر مملکت کا چناؤ اور انتخاب ہے ابن عباسؓ نے فرمایا: "الامارة شوری"۔[4]
شوری"۔[4]

ترجمہ: امارت شورائیت کے ذریعے ہی طے کی جائے گی۔

امام خضرمی لکھتے ہیں کہ "وشاورھم فی الأمر" کا خطاب پوری امت کو ہے اس وجہ سے مسلمانوں کے تمام اہم کاموں کی اساس شوری ہے ان میں سے اہم ترین کام خلیفہ کا انتخاب ہے جو مسلمانوں کے مشورے اور رضامندی کے بغیر عمل میں نہیں آسکتا۔[5]

۴. چوتھا اصول یہ ہے کہ شریعت اسلامیہ نے شورائیت کو کسی خاص محکمے یا شعبے کے ساتھ معین نہیں کیالہذا تمام سیاسی قضیات اگرچہ وہ اقتصادی، عسکری، دینی قضیات کیوں نہ ہوں، کو شورائیت لازم ہے بشرطیکہ فیصلہ یا نتیجہ شرعی نصوص کے خلاف نہ ہو۔۔[6]

---

[1] الاعراف: ۳

[2] الاحزاب: ۳۶

[3] عمری، **اسلام کا شورائی نظام**، ص۵۰

اسکی دلیل ملاحظہ کریں صحیح بخاری ح۴۳۱۹،۴۳۱۸

[4] المتقی الھندی ، علی بن حسام، **كنز العمال فی سنن الاقوال و الافعال** (مؤسسة الرسالة۱۹۸۱)ج ۵، ص ۷۳۷

[5] عمری، **اسلام کا شورائی نظام**، ص۵۷

[6] الصالح، محمد بن احمد، **الشوری فی الكتاب و السنة و عند علماء المسلمين**(مكتبة الملک فهد الوطنية للنشر۱۹۹۹ )،ص ۱۰۵

یادرہے کہ روز مرہ کے امور میں خلیفہ اگر ماہرین سے مشاورت کرلے توٹھیک ہے ورنہ حاکم یاامیر کو شرعی دلائل کی روشنی میں کسی حد تک ذاتی اجتہاد کا اختیار حاصل ہے لہذا خلیفہ یاحاکم تمام امور میں شورائیت کے ذریعے طے پانے والے فیصلوں کاپابند نہیں سوائے ان امور کے جوامت کے مجموعی مسائل میں مجلس شوری سے اتفاق رائے کے ساتھ منظور ہوئے ہوں۔[1]

**شورائی نظام میں امیر یاحاکم کی حیثیت:** اس اعتبار سے آراء کی تین قسمیں ہوسکتی ہیں۔

**پہلی رائے:** امیر مملکت تمام اساسی امور جو ریاست کے اجتماعی مفاد پر اثرانداز ہوسکتے ہیں، میں قوم کے نمائندوں یعنی اہل شوری کی اغلبیت یا اکثریت کی رائے کاپابند ہے اور اسے یہ حق نہیں ہے کہ ملک کے بنیادی اور فیصلہ کن معاملات کو ارباب حل وعقد سے مشورہ کیے بغیر طے کرے۔ اسکی ایک دلیل یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جن امور میں صحابہ کرام سے مشاورت کی ان میں آپ ﷺ نے کبھی بھی اکثریتی رائے کی مخالفت نہیں کی اسکے علاوہ حضرت عمرؓ کسی بھی مسئلے پر مہاجرین سے مشورہ کرتے اور جس بات پر انکی اکثریت متفق ہوتی اسکو نافذ کردیتے اگر مہاجرین کی اکثریت کسی رائے پر متفق نہ ہوپاتی توپھر انصار سے مشاورت کرکے اس حکم کو نافذ کرتے اور جب کبھی اکثریت کی رائے حضرت عمرؓ کی رائے کے مخالف ہوتی تو آپؓ مشاورت کرتے رہتے اور دلائل سے قائل کرنے کی کوشش کرتے رہتے یہاں تک کہ اس مسئلے پر اتفاق رائے پیدا ہوجاتا جیسا کہ خراجی زمینوں کے فیصلے کا معاملہ تھا۔ معلوم ہوا کہ امیر اگر اپنی رائے کو درست سمجھتاہے توضروری ہے کہ وہ اپنی رائے پر مجلس شوری کو مطمئن کرے اور اتفاق رائے پیدا کرنے کی کوشش کرے تاکہ امت کاشیرازہ منقسم نہ ہو اور اختلاف کے بجائے اتحاد پیدا ہو۔

باقی رہے روز مرہ کے امور توان میں امیر کو مسائل متعلقہ میں بصیرت اور درک رکھنے والوں سے مشورہ کرناچاہیے لیکن وہ ان مشیروں کی رائے کاپابند نہیں ہے اور مشیروں کا یہ طبقہ خاص نمائندوں پر مشتمل ہونا بھی ضروری نہیں ہے بلکہ انکا محض متعلقہ مسئلے پر فہم رکھنا کافی ہوگا۔

**دوسری رائے:** مجلس شوری کے فیصلے یا آراء کو امیر مملکت کے لیے اپنانا یا انکو نافذ کرنالازم نہیں ہے لہذا اس صورت میں ہر قسم کا اختیار امیر مملکت کو حاصل ہوگا کیونکہ امیر ہی امت کا امام ہے اور وہی جواب دہ بھی ہے اگر وہ ان فیصلوں پر عمل کرلے توبہتر اور اگر نہ کرے تواس سے کوئی پوچھ گچھ نہیں کی جاسکتی۔ اس رائے کے قائلین کی دلائل یہ ہیں: حضرت ابو بکر صدیقؓ نے مانعین زکوۃ سے قتال کافیصلہ مجلس شوری کی رائے کے برخلاف کیا، رسول اللہ ﷺ نے کئی اہم امور شورائیت کے بغیر طے کیے مثلاً صلح حدیبیہ اور بنی قریظہ سے جنگ، مجلس شوری کی اکثریت کی رائے کی پابندی ڈیموکریٹک سسٹم کے مشابہ ہوگا، قرآن مجید نے اکثریت کی بیشتر مقامات پر مذمت کی ہے۔

[1] عمری، اسلام کاشورائی نظام، ص۵۹

**تیسری رائے:** دوسری رائے کے بالکل برعکس ہے کہ ریاست کے ہر کلی یا جزی معاملے میں فیصلہ کن طاقت شوری ہی کی ہے اور امیر شوری ان فیصلوں کا قطعی طور پر پابند ہے اگر کسی بھی وقت امیر شورائی فیصلوں کی مخالفت کرے تو شوری اس کو برطرف کر سکتی ہے۔ اس رائے کے قائلین کے دلائل یہ ہیں: اگر مجلس شوری کی حیثیت فیصلہ کن نہیں ہے تو اسکے قیام کا کوئی فائدہ نہیں، اگر امیر، شورائی فیصلوں کا پابند نہیں تو پھر امت کے فیصلوں کی کوئی وقعت باقی نہ رہی اور وہ قہر اور جبر کے ساتھ مسلط ہے، اس قول کے قائلین کے دلائل عقلی ہیں۔[۱]

مولانا جلال الدین عمری نے ان تینوں آراء میں سے پہلی رائے کو سیرۃ طیبہ اور خلافت راشدہ کے تناظر میں اقرب الی الصواب قرار دیا ہے۔[۲]

پہلی رائے کا اقرب الی الصواب ہونا نبی ﷺ کے اس عمل سے بھی معلوم ہوتا ہے جو آپ ﷺ نے غزوہ خندق کے دوران کیا کہ آپ ﷺ نے قبیلہ غطفان کے ساتھ معاہدہ کرنے کا ارادہ فرمایا تو حضرت سعد بن عبادہؓ اور حضرت سعد بن معاذؓ نے مشورہ کرنے پر پوچھا: یا رسول اللہ ﷺ ! کیا یہ اللہ کا حکم ہے؟ آپ ﷺ نے جواب دیا: نہیں۔ پھر ان دونوں سرداران انصار نے کھل کر اس معاہدے کی مخالفت کی تو رسول کریم ﷺ نے معاہدے کے صحیفے کو چاک کر دیا۔[۳]

**مجلس شوری کی قانونی اور شرعی حیثیت:** مجلس شوری اپنے فیصلے قران وحدیث کے مطابق کرنے کی پابند ہے اور انکے متصادم کوئی بھی قانون اور فیصلہ صادر نہیں کر سکتی۔ امام ابن حزم نے لکھا ہے کہ قران وسنت کی اتباع پر علماء امت کا اجماع ہے۔[۴]

وہ قوانین اور فیصلے جو مجلس شوری نے منظور کیے ہوں اور امیر مملکت نے ان کی توثیق کی ہو تو ان کی اطاعت و اتباع ہر شخص پر لازم ہے دلیل اسکی اللہ تعالی کا یہ فرمان ہے: "

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ"[۵]

نبی رحمت ﷺ کا فرمان ہے؛"و المسلمون علی شروطهم"[۶]

ترجمہ: "مسلمان اپنی شرطوں کے پابند ہیں"۔

علامہ محمد عبدہ نے لکھا ہے کہ اگر اہل حل وعقد کسی فیصلے پر متفق ہو جائیں تو مسلمانوں پر انکی اتباع لازم ہے۔[۷]

---

[۱] عبد الرحمن عبد الخالق،**الشوری فی ظل نظام الحکم الاسلامی**( دار القلم للنشر و التوزیع ۱۹۹۷)،ص ۹۷

[۲] عمری، اسلام کا شورائی نظام، ص۶

[۳] الطبری،محمد بن جریر،**تاریخ الطبری= تاریخ الرسل و الملوک** ( مصر:دار المعارف۱۳۸۶ھ)،ج۲،ص۵۷۳

[۴] المهدی،**الشوری فی الشریعة**،ص۱۶

[۵] النساء: ۵۹

[۶] ابو داود، **سنن ابی داود** ، اول کتاب الاقضية ،باب : فی الصلح ، ح ۳۵۹۴

[۷] انصاری کمیشن رپورٹ،iri.aiou.edu.pk،ص۲۵

علامہ رشید رضا لکھتے ہیں: "واضح بات تو یہ ہے کہ "اولو الامر" کی اطاعت حکومت اور افراد امت دونوں پر واجب ہے جب وہ کسی بات پر متفق ہو جائیں اور امیر مملکت اور افراد امت پر واجب ہے کہ وہ مختلف فیہ امور اور عام مسائل میں ان کی طرف رجوع کریں۔ یہ "اولو الامر" خواہ از خود جمع ہو گئے ہوں یا امت کے طلب کرنے یا حکومت کی طلب سے جمع ہوئے ہوں بشرط کہ وہ صحیح معنی میں اہل حل عقد ہوں"۔[1]

[1] رشید رضا، **تفسیر المنار**، ج۵ ،ص۱۶۲

## فصل رابع: شورائیت کی اہمیت، حضرت عمرؓ کی نظر میں

### تمہید

اسلامی سیاست کی بنیاد "شورائیت" پر ہے جسکی عملی تصویر ہمیں رسول اللہ ﷺ کی سیرت طیبہ اور خلفائے راشدین کے طرز عمل میں نظر آتی ہے لیکن خصوصاً حضرت عمرؓ نے اپنے زمانہ خلافت میں شورائیت کو خوب وسعت دی اور اپنے بعد والوں کے لیے ایک ماڈل پیش کیا۔ حضرت عمر ؓبذات خود شورائیت کو اس قدر اہمیت اس لیے دیتے تھے کیونکہ آپؓ نے رسول اللہ ﷺ کی رفاقت میں مجلس شوری کے اہم رکن ہونے کی حیثیت سے اس کے فوائد کا انتہائی قریب سے مشاہدہ کیا تھا اسی لیے جہاں پر آپؓ اس عمل پر کاربند تھے وہیں پر آپؓ نے اپنے اقوال و افعال سے اس کی اہمیت کو امت کو باور کروایا۔

آپؓ کا شورائی عمل ان دستوری نظاموں سے ملتا جلتا ہے جو بہت سے جمہوری ملکوں میں رائج ہے دستور کے مطابق ان ممالک میں پہلے معاملہ ممبران پارلیمنٹ کے سامنے پیش ہوتا ہے پھر جب اکثریت کی رائے سے کوئی قرارداد پاس ہو جاتی ہے تو اسے دوسری مجلس پر پیش کیا جاتا ہے اس مجلس کو بعض ممالک میں مجلس الشیوخ اور بعض ممالک میں کونسل آف لارڈز کہا جاتا ہے پھر جب یہ مجلس بھی اس معاملے میں اپنی رپورٹ پیش کر دیتی ہے تو حاکم وقت اس نافذ کرتا ہے البتہ حضرت عمر ؓ اور ان ممالک کے عمل کے درمیان فرق یہ ہے کہ آپؓ کا طرز عمل اجتہاد پر مبنی تھا اور وہ کسی مستقل نظام اور دستور کے تابع نہ تھا۔ [1]

ذیل میں حضرت عمر ؓ کے ان اقوال و افعال کو بیان کیا جارہا ہے جو حضرت عمرؓ کی نظر میں شورائیت کی اہمیت کو واضح کر رہے ہیں۔

### خلافت عمرؓ میں اہل حل و عقد

حضرت عمرؓ کی نظر میں شورائیت کی اہمیت کو سمجھنے کے لیے اہل شوری کے حوالے سے ان کے انتخاب کو سمجھنا ضروری ہے۔ حضرت عمر ؓ کی مرکزی مجلس شوری انصار و مہاجرین صحابہ کرام پر مشتمل تھی جو تمام عرب کی نمائندہ جماعتیں تھیں اور ان کا فیصلہ تمام مسلمان بلاتردد قبول کرتے تھے اور ان دونوں جماعتوں میں سے خصوصاً مہاجرین کو قریش ہونے کی وجہ سے اہل عرب کا اعتماد حاصل تھا
۔

نبی ﷺ نے کئی مواقع پر مہاجرین و انصار کی سیاسی پوزیشن کو واضح کیا مثلاً نبی ﷺ نے فرمایا :"حکومت کے معاملے میں لوگ قریش کے تابع ہیں ان میں مسلمان مسلمانوں نے قریش کی اتباع کریں گے اور کافر کفار قریش کے پیچھے چلیں گے اور لوگوں کی مثال

---

[1] النجار ، **الخلفاء الراشدون** (قاهرة:المطبعة السلفية و مكتبتها١٣٤٨ھ)،ص٢٤٦

کان کی سی ہے جو جاہلیت میں بہتر مقام پر رہے ہیں وہ اسلام میں بھی بہتر مقام پر رہیں گے بشر طیکہ وہ اس شرف کے ساتھ دین کا تفقہ بھی حاصل کرلیں "[1]۔ ایک اور موقع پر آپ ﷺ نے فرمایا :" قریش اپنے فہم دانائی کی وجہ سے دوسرے دو آدمیوں کے ہم پلہ ہیں"[2] اور انصار کی پوزیشن آپ ﷺ نے یوں واضح فرمائی :"تمہارا خون میرا خون ہو گا، تمہاری حرمت میری حرمت ہو گی ، تم جس سے جنگ کروگے میں اس سے جنگ کروں گا، تم جس سے صلح کروگے میں بھی اسی سے صلح کروں گا" [3]۔ اسی طرح مختلف مواقع پر رسول اللہ ﷺ نے ان دونوں گروہوں کی مقام کو خوب واضح کیا ۔ نماز میں قریب کھڑے ہونے سے متعلق آپ ﷺ نے فرمایا:

"ليليني منكم أولو الأحلام والنهى"۔ [4]

ترجمہ: میرے قریب اہل عقل و دانش کھڑے ہوا کریں۔

اور ان سے مراد انصار و مہاجرین ہیں ۔ [5]

نبی ﷺ کی ان تصریحات کی روشنی میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہی دو گروہ امت مسلمہ میں عوامی جماعتوں کی حیثیت رکھتی تھیں ان کا فیصلہ ساری امت کا فیصلہ ہوتا تھا اور یہ دو گروہ جس نکتے پر متحد ہو جاتے امت اسے دل و جان سے قبول کرلیتی[6] چنانچہ ابو بکر بن محمد بن عمر بن حزم کہتے ہیں کہ جب تم اہل مدینہ کو کسی معاملے میں متفق دیکھ لو تو سمجھ لو وہی حق ہے[7]۔ اسی لیے حضرت عثمان ؓ کی شہادت کے بعد بلوائیوں نے خلیفہ کے چناؤ اور انتخاب کو اہل مدینہ کے سپرد کرتے ہوئے اس عمل کو ان کا حق قرار دیا انہوں نے کہا:

"يَا أَهْلَ الْمَدِينَةِ أَنْتُمْ أَهْلُ الشُّورَى، وَأَنْتُمْ تَعْقِدُونَ الْإِمَامَةَ، وَحُكْمُكُمْ جَائِزٌ عَلَى الْأُمَّةِ، فَانْظُرُوا رَجُلًا تَنْصِبُونَهُ وَنَحْنُ لَكُمْ تَبَعٌ"[8]

ترجمہ:"اے اہل مدینہ !تم لوگ اہل شوری ہو اور تم کو ہی امامت کے انعقاد کا حق ہے اور تمہارا ہی حکم ساری امت پر جاری ہے لہذا کسی آدمی کو خلیفہ منتخب کرو ہم تمہارے پیچھے ہیں"۔

علاوہ ازیں قیادت و سیادت کے معاملے میں بھی ان دونوں گروہوں کا باہم اختلاف اس لیے واقع نہیں ہوا کیونکہ نبی ﷺ نے اس کو بھی واضح فرمادیا تھا لہذا خلافت میں انصار کو وزراء اور مہاجرین کو امراء کا درجہ دیا گیا ۔

---

[1] البخاری،**الجامع الصحيح**،کتاب : المناقب ، باب : قول الله يأأيهاالناس انا خلقنكم من ذكر و انثى ، ح ۳۴۹۶،۳۴۹۵

[2] البیهقی،**السنن الكبرى**،کتاب : جماع ابواب المواقيت ، باب : ما يستدل به على ترجيح قول اهل الحجاز و عملهم ج ۱ ،ص۵۶۸،ح۱۸۱۱

*تخریج:اس حدیث کو امام البانی نے " صحیح" کہا ہے۔ دیکھئے:*الالبانی ، ناصر الدين ، **صحيح الجامع الصغير وزياداته**(المكتب الإسلامي)، ج ۱ ، ص ۴۳۵ ، ح ۲۱۸۸

[3] ابن هشام،**سيرة ابن هشام**،ج۱،ص۴۴۲

[4] مسلم ،**صحيح مسلم** ،کتاب : الصلاة ، باب : بَابُ تَسْوِيَةِ الصُّفُوفِ، وَإِقَامَتِهَا، وَفَضْلِ الْأَوَّلِ فَالْأَوَّلِ مِنْهَا، وَالَازْدِحَامِ عَلَى الصَّفِّ الْأَوَّلِ، وَالْمُسَابَقَةِ إِلَيْهَا، وَتَقْدِيمِ أُولِي الْفَضْلِ، وَتَقْرِيبِهِمْ مِنَ الْإِمَامِ ، ح۹۷۲

[5] البیهقی،**السنن الكبرى** ،کتاب : جماع ابوب موقف الامام و المامور ، باب :الرجال يأتمون بالرجل ومعهم صبيان ونساء،ج ۳،ص۱۳۸،ح۵۱۶۳

[6] **عمری، اسلام کا شورائی نظام**، ص۷۹

[7] ابن عبد البر ،ابو عمر يوسف،**جامع بيان العلم و فضله**(السعودية: دار ابن جوزی۱۹۹۴)،ج۲،ص۱۱۱۳،ر۲۱۷۷

[8] ابن الاثير،عز الدين ابو الحسن ، **الكامل فى التاريخ** (بيروت،لبنان: دار الكتاب العربى۱۹۹۷ )،ج۲ ،ص۵۵۶

اس سارے پس منظر کی وضاحت کے بعد اگر ہم حضرت عمر ؓ کے دور خلافت کے اصحاب حل وعقد کا جائزہ لیں تو ہمیں یہ نظر آتا ہے کہ آپؓ کے نزدیک اہل حل وعقد کے طور پر سب سے زیادہ اہمیت مہاجرین کی جماعت کی تھی ۔

علامہ شبلی نعمانی نے بھی اس جماعت کا ذکر کیا ہے کہ مہاجرین پر مشتمل ایک جماعت کے ساتھ حضرت عمرؓ روزانہ مسجد نبوی میں مشاورت کیا کرتے تھے اور فیصلے کرتے تھے اسی مجلس میں مجوسیوں کے حکم کا فیصلہ ہوا[۱]۔ اسکے علاوہ جو مرکزی مجلس شوری تھی اس میں کبار مہاجرین اور انصار صحابہ کرام تھے جن میں تمام کے تمام نام تو میسر نہیں البتہ ایک روایت میں اسکا تذکرہ اس طرح ملتا ہے کہ حضرت ابو بکرؓ کے سامنے جب کوئی اہم معاملہ پیش آتا تو آپؓ انصار ومہاجرین کے چنیندہ افراد کو مشاورت کے لیے بلاتے جن میں عمر، عثمان، علی، عبد الرحمن بن عوف، معاذ بن جبل، ابی بن کعب، زید بن ثابت رضوان اللہ علیہم اجمعین شامل ہوتے۔ یہی وہ لوگ تھے جو حضرت ابو بکرؓ کے زمانے میں مرجع انام سمجھے جاتے تھے۔ یہی طریقہ حضرت عمر بن خطابؓ کا بھی رہا۔[۲]

حضرت عمر ؓ نے مرکزی مجلس شوری کے معیار کو بھی انتہائی سخت رکھا جیسا کہ آپؓ نے اپنے بعد خلیفہ کے چناؤ کے لیے بنائی گئی شورائی کمیٹی میں بدری اور عشرہ مبشر صحابہ کرام کو منتخب کیا اور عمومی شورائیت کے لیے منتخب لوگوں کے لیے بھی معیار بلند رکھا جس کی دلیل صحیح بخاری میں ابن عباس ؓ کے قول سے واضح ہے کہ حضرت عمرؓ کی مجلس شوری میں قراء[۳] ہوا کرتے تھے[۴]۔

حضرت عمر ؓ اصحاب حل وعقد کے فیصلوں کو نافذ کیا کرتے تھے البتہ قرآن وسنت کی نص کی تلاش میں رہتے یہاں تک کہ کسی دلیل کے ملنے کے بعد کسی ملامت گر کی ملامت کو خاطر میں نہ لاتے تھے اور قرآن وسنت کے حکم کو نافذ فرماتے تھے۔ اصحاب حل وعقد اور امیر المومنین کے اس تعلق کو دیکھتے ہوئے یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ حاکم کو روزمرہ امور میں بھی اقرب الی الصواب رائے کے حصول کی خاطر شورائیت کے عمل کو اپنانا چاہیے اور شورائیت کے لیے ایسے افراد کا انتخاب کرنا چاہیے جو اپنے دلوں میں اللہ کا خوف رکھتے ہوں تاکہ ان کے مشوروں میں دنیاوی خوشامد، مصلحت یا کوئی اور مقصد کار فرما نہ ہو بلکہ خالص اسلام اور رعایا کی بہتری، ترقی اور فلاح وبہبود پر مشتمل پالیسی وضع کی جاسکے اسی ضمن میں حضرت عمرؓ نے یہ حکم ارشاد فرمایا: "اپنے معاملات میں ایسے آدمی سے مشورہ کرو جو اللہ سے ڈرتا ہو۔"[۵]

## شورائیت کی وسعت

حضرت عمرؓ کسی بھی مسئلے پر مدینہ کے ہر طبقے سے مشاورت کیا کرتے تھے البتہ مخصوص مجلس شوری کبار صحابہ کرام پر مشتمل تھی۔

---

[۱] شبلی، **الفاروق**، ص ۱۸۲

[۲] المتقی الھندی، **کنز العمال**، ج ۵، ص ۶۲۷

[۳] موجودہ دور میں قراء سے مراد محض قرآن کریم کا حافظ یا مجود سمجھا جاتا ہے جبکہ حضرت عمرؓ کی مجلس شوری کے "قراء" سے مراد صرف حافظ نہیں بلکہ قران کریم کے حافظ اور قرآنی علوم کے ماہر علماء اور استنباطات اور اجتہاد کا ملکہ رکھنے والے ہوتے تھے۔ دیکھئے: ابن حجر، علی بن محمد، **فتح الباری بشرح البخاری**، ج ۱۳، ص ۲۵۸

[۴] البخاری، **الجامع الصحیح**، کتاب: كِتَابُ الِاعْتِصَامِ بِالكِتَابِ وَالسُّنَّةِ، باب: بَابُ الِاقْتِدَاءِ بِسُنَنِ رَسُولِ اللَّهِ، ح ۷۲۸۶

[۵] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص ۱۶۸

حضرت عبداللہ ابن عباس ؓ فرماتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کی مجلس شوری کے ارکان قراء ہوتے جن میں بوڑھے اور جوان دونوں ہوتے تھے۔[1]

حضرت عمر ؓ کی شورائیت کو بنیادی طور پر دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے ایک (Formal) اس میں آپؓ خالص اہل حل وعقد سے مشاورت کرتے اور دوسرا حصہ (Informal) اس میں آپ مختلف اہل فن، صاحب علم، عام لوگوں اور مختلف طبقہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے مشاورت کیا کرتے تھے حتی کہ آپ بڑوں، لڑکوں اور بوڑھوں سے بھی مشاورت کرنے میں کوئی ہچکچاہٹ محسوس نہ کرتے تھے۔ عطا ابن یسار فرماتے ہیں کہ جب حضرت عمر بدری صحابہ کرام کو جمع کرتے تو ابن عباس کو ان کے ساتھ بلا لیتے تھے۔

سعد ابن ابی وقاصؓ فرماتے ہیں کہ میں نے عمرؓ کو دیکھا کہ آپؓ کو کوئی پیچیدہ مسئلہ درپیش ہوتا تو ابن عباسؓ کو بلاتے اور مشورہ طلب کرتے۔[2]

امام زہری نوجوانوں کو کہا کرتے تھے کہ تم اپنی کم عمری کی وجہ سے اپنے آپ کو حقیر نہ سمجھا کرو کیونکہ بے شک حضرت عمرؓ کو جب کوئی مسئلہ درپیش ہوتا تو نوجوانوں سے مشاورت کیا کرتے تھے تاکہ تاکہ سوچ بچار کی وجہ سے ان کے دماغ جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو سکیں۔[3]

محدث محمد بن سیرین کی روایت کے مطابق حضرت عمرؓ بعض اوقات خواتین سے بھی مشاورت کرتے اور اگر ان کی رائے درست معلوم ہوتی تو آپؓ اس کو اپنا لیتے۔[4]

حضرت عمر ؓ نے شورائیت کے عمل میں جہاں ارکان و مجالات کو وسعت دی وہیں پر آپؓ نے مشاورت کے دورانیہ کو بھی خوب وسعت دی تاکہ اہل شوری غور و خوض کے بعد مسئلے پر اتفاق رائے پیدا کر لیں۔ امام عامر الشعبی فرماتے ہیں جب کوئی قضیہ حضرت عمر ؓ کے پاس لایا جاتا تو کبھی کبھی آپؓ اس قضیے میں صحابہ سے مشاورت کے ساتھ غور و خوض میں مہینے بھی لگا دیتے تھے۔[5]

## حضرت عمرؓ کے اقوال

آپؓ کے اقوال زریں میں سے ہے: "جو کام بغیر مشورے کے عمل میں لایا جائے اس میں بھلائی نہیں ہوتی"[6]

حضرت عمرؓ شورائیت کی اہمیت کو ان الفاظ میں بیان فرماتے ہیں: "مسلمانوں پر واجب ہے کہ ان کے معاملات ان کے اور اہل حل وعقد کے درمیان شورائیت سے طے پائے جو شخص اس فریضے کو طے کرے لوگ اس کے تابع ہوں اور جس بات پر سب متفق ہو جائیں اور باہم راضی ہو جائیں سب پر لازم ہے کہ سب اس کے تابع ہوں اور جو شخص شورائیت کو بروئے کار لائے وہ اہل حل وعقد کی مشوروں کے

---

[1] البخاری ، **الجامع الصحیح**، کتاب : كِتَابُ الاِعْتِصَامِ بِالكِتَابِ وَالسُّنَّةِ ، باب : بَابُ الِاقْتِدَاءِ بِسُنَنِ رَسُولِ اللَّهِ ،ح۷۲۸۶

[2] الکاندهلوی،**محمد یوسف** ،حیا ة الصحابة،( بیروت،لبنان:مؤسسة الرسالة للطباعة و النشر و التوزیع۱۹۹۹) ج۲،ص ۲۷۷

[3] البیهقی ،**السنن الکبری** ، کتاب : آداب القاضی ، باب : من یشاور ،ج ۱۰،ص ۱۹۳ ، ح ۲۰۳۳۱

[4] ایضا ،ج۱۰،ص۱۹۳،ر ۲۰۳۳۲

[5] الشیخ، **عمر بن الخطاب**،ص۳۶۱

[6] النجار،**الخلفاء الراشدون**،ص۲۴۲

تابع ہو گا فوجی کاروائی وغیرہ سے متعلق اس کو ان کی رائے پر عمل کرنا ہو گا"[1] چنانچہ حضرت عمرؓ بذات خود جہادی مہمات میں قیادت کے لئے افراد کو چننے اور منصوبہ بندی ترتیب دینے کے لیے شورائیت کے ذریعے سے فیصلہ کرتے تھے۔

حضرت عمرؓ کے تصور شورائیت کو سمجھنے کے لیے ان کا یہ قول مددگار ثابت ہو گا کہ ان کے نزدیک شورائیت کے بغیر حاکم چننے یا بنانے کی خواہش رکھنے والے کی سزا اسکو قتل کر دینا ہے فرمایا:"جو شخص اہل حل وعقد کے مشورے کے بغیر خود امیر بننے یا دوسرے کو امیر بنانے کی دعوت دے تو تمہیں لامحالہ اسے قتل کر دینا چاہیے"[2] اسی طرح آپؓ نے فرمایا:"تم میں سے جو شخص مسلمانوں کے مشورے کے بغیر امیر بن جائے اس کا سر قلم کر دو"[3]

اصحاب حل وعقد کی اکثریتی رائے کی اہمیت کے حوالے سے آپؓ نے ایک موقع پر ارشاد فرمایا:"مسلمانوں کے لیے ضروری ہے کہ ان کے معاملات شوریٰ کے ذریعے طے پائیں۔ میں تمہارے جیسا ایک فرد ہوں جب تمہارے اصحاب رائے نے مجھے میدان جنگ میں جانے سے روک دیا ہے تو میری بھی یہی رائے قرار پائی ہے کہ میں مدینے میں ہی مقیم رہوں اور کسی دوسرے آدمی کو میدان جنگ میں بھیجوں"[4]

حضرت عمرؓ نے فرمایا:"انسان تین طرح کے ہیں ایک وہ آدمی کہ جس کے پاس معاملہ آتا ہے تو وہ اسے صرف اپنی رائے سے حل کرتا ہے دوسرا وہ آدمی جو اپنے مشکل معاملات میں دوسروں سے مشورہ لیتا ہے اور وہ لوگ اسے جو مشورہ دیں اس پر عمل بھی کرتا ہے اور تیسرا آدمی وہ ہوتا ہے جو نہ کسی کی بات مانتا ہے نہ کسی کی طرف توجہ دیتا ہے"[5]

حضرت عمرؓ کے نزدیک خلافت جیسے منصب کے لیے بغیر شورائیت کے چناؤ کرنا درست نہ تھا چنانچہ آپؓ نے فرمایا :

"لا خلافة الا عن مشورة"[6]

ترجمہ: خلافت شورائیت کے بغیر قابل قبول نہیں۔

ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے ایک مرتبہ ہمیں جابیہ کے مقام پر خطبہ دیا اور فرمایا: اے لوگو میں تمہارے درمیان اسی طرح خطبہ دینے کے لیے کھڑا ہوا ہوں جس طرح رسول اللہ ﷺ ہمارے درمیان خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوا کرتے تھے آپ ﷺ نے فرمایا"تم لوگ جماعت کو لازم پکڑو اور گروہ بندی سے بچو کیونکہ شیطان اکیلے آدمی کے ساتھ رہتا ہے اور دو کے ساتھ اس کا رہنا زیادہ دور کی بات ہے جو شخص جنت کے درمیانی حصے میں جانا چاہتا ہو وہ جماعت سے لازمی طور پر جڑا رہے"[7]

---

[1] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص۱۶۸

[2] المتقی الهندی، **كنز العمال**، ج۵، ص ۷۷۸

[3] ابن سعد، **الطبقات**، ج ۳، ص ۲۶۲

[4] ہیکل، حسین، **عمر فاروق اعظم**، ترجمہ: حبیب اشعر (لاہور: اسلامی کتب خانہ)، ص۱۸۶

[5] الصلابی، عمر بن خطاب، ص۱۶۶

[6] المتقی الهندی، **كنز العمال**، ج ۵، ص۶۴۸

[7] الترمذی، **جامع الترمذی**، ابوب الفتن عن رسول الله، باب ما جاء فی لزوم الجماعة، ح ۲۱۶۵

حضرت عمرؓ نے اس خطبے میں جماعت سے جڑے رہنے کی اہمیت کو باور کروانے کے لیے فرمان رسول اللہ ﷺ کو نقل کیا۔
قاضی حسین المہدی نے مذکورہ جماعت سے مراد اس جماعت کو کہا ہے جو امت کی رہنمائی کے لیے اللہ کی شریعت کے ان احکامات میں اجتہاد کر کے استنباط کا اہتمام کریں جن میں نص وارد نہ ہو۔[1] (اس سے مراد ریاستی سطح پر بنی ہوئی شورائی جماعت ہے نہ کہ مختلف شخصیات و نظریات کے تحت وجود میں آنے والی نجی پارٹیاں)
حضرت عمرؓ کے نزدیک شورائیت کی اہمیت آپکے اس قول سے بخوبی معلوم کی جاسکتی ہے جس میں آپؓ نے اسکی افادیت کو اجاگر کیا۔
آپؓ نے فرمایا: "ایک شخص کی رائے اکیلے اور کچے دھاگے کی سی ہے جب دو آراء کسی مسئلے پر جمع ہو جاتی ہیں تو ان کی نوعیت دو مضبوط دھاگوں کی سی ہو جاتی ہے اور جب کسی معاملے میں تین آراء متفق ہو جائیں تو وہ نا قابل شکست ہو جاتی ہیں "[2]
حضرت عمر بہتر آراء پیش کرنے اور قرآن وسنت کے عین موافق رہنمائی کرنے پر اپنے مشیر ان کی حوصلہ افزائی بھی فرماتے۔ آپؓ کا یہ عمل ایک دور اندیش، زیرک اور متبع سنت سیاستدان ہونے کی علامت ہے کہ آپؓ نے اختلاف کرنے کی وجہ سے مشیر ان کے ساتھ مخاصمت کا رویہ اختیار نہیں فرمایا۔ آپؓ نے اپنے قریبی ترین مشیر اور مجلس شوری کے اہم رکن حضرت علیؓ کے بارے میں فرمایا:
"لولا علي لهلك عمر "[3]
ترجمہ: اگر علی نہ ہوتے تو عمر ہلاک ہو جاتا۔
ایک مرتبہ حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ کا ماتھا چوما اور فرمایا: "اللہ مجھے اس زمین پر باقی نہ رکھے جس پر ابو الحسن نہ ہوں۔"[4]
ایک اور موقع پر حضرت عمرؓ نے حضرت معاذ بن جبلؓ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے فرمایا: عورتیں معاذ جیسے لوگوں کو پیدا کرنے میں بانجھ ہو گئی ہیں، اگر معاذ نہ ہوتے تو عمر ہلاک ہو جاتا۔[5]
حضرت معاذ بن جبلؓ جب طاعون کی بیماری سے شہید ہوئے تو حضرت عمرؓ بہت غمزدہ ہوئے اور فرمایا: اللہ تعالی معاذ پر رحم فرمائے، اس نے معاذ کو وفات دے کر اس امت سے بہت زیادہ علم اٹھالیا۔ بسا اوقات انکے مشورے بہتر ہوتے تھے اور ہم نے ان مشوروں کو قبول کیا اور دیکھا کہ ہمیں اسکا بہت فائدہ ہوا۔ انکے علم نے بہت نفع دیا اور خیر کی طرف ہماری رہنمائی کی، اللہ تعالی اسے نیکو کاروں کا بدلہ عطا کرے۔[6]
حضرت عمرؓ نے انکی وفات کی خبر سن کر انکی جن خدمات کو سراہا ان میں شورائی خدمات کا بطور خاص تذکرہ فرمایا۔

---

تخریج: امام البانی نے اس حدیث کو "صحیح" کہا ہے۔ دیکھیے: الالبانی، ناصرالدین، **صحیح و ضعیف سنن الترمذی**(الشارقة، القاهرة: مكتبة الصحابة ،مكتبة التابعين۲۰۰۴)، ج ۵ ، ص ۱۶۵

[1] المهدی ، **الشوری فی الشريعة الاسلامية**، ص ۹۸

[2] ابن قتيبة، عبد الله بن مسلم ، **عيون الاخبار**(بيروت: دار الكتاب العلمية۱۴۱۸ھ) ج۲ ص ۸۶

[3] ابن عبد البر، **الاستيعاب**، ج ۳، ص ۱۱۰۳

[4] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص۲۵۱

[5] ابن ابی شيبة ،**مصنف ابن ابی شيبة**، ج ۵ ص ۵۴۳

[6] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص۳۹۷

## بااختیار اور شفاف (غیر جانبدار) مجلس شوری

حضرت عمرؓ کے نزدیک ایسی بااختیار شورائیت کی اہمیت تھی جس میں اہل حل وعقد اپنی رائے کسی دنیاوی مصلحت یا حاکم کے ڈر کی وجہ سے تبدیل کرنے والے نہ ہوں بلکہ وہ مکمل دیانتداری اور بے باکی کے ساتھ قرآن وسنت کے موافق رائے دینے کی جرأت کرنے والی شورائیت کے حامی تھے اس کی سب سے بڑی دلیل دور نبوی میں ان کی اپنی شورائی مجالس اس بات کی گواہ ہیں کہ وہ اپنی رائے دینے میں نہایت نڈر تھے اور کسی بھی دنیاوی مصلحت کو خاطر میں نہ لاتے تھے۔ غزوہ بدر میں کفار کے قیدیوں کے حوالے سے مشاورت میں انہوں نے اہل بدر کے مخالف مشورہ اور رائے دی اور بڑے پرزور انداز میں اپنی رائے کو بیان کیا [1]۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ حضرت عمرؓ خود جب مشورہ دیتے تھے تو دنیاوی نفع ونقصان کو خاطر میں نہ لاتے تھے لہذا اپنی خلافت میں بھی آپؓ ایسی ہی شورائیت کے حامی تھے جو خلیفہ کے رعب وخوشامد سے آزاد ہو کر خلیفہ کی رہنمائی کرے۔ اس بات کی دلیل ان کے دور خلافت کی کئی ایسی شورائی مجالس ہیں جس میں آپؓ نے اپنی رائے کو پیش کرنے کے بعد مجلس شوری کے اتفاق نہ کرنے کی وجہ سے اپنی رائے کو چھوڑ دیا اور اہل شوری کی رائے کو منظور کر کے اس کو نافذ کیا [2] جیسا کہ جنگ قادسیہ کی قیادت کے لیے جانے کے فیصلے کو اصحاب شوری کے فیصلے کی وجہ سے آپؓ نے اپنی رائے تبدیل کر دی۔ [3]

شورائیت میں جانبداری اور اقربا پروری کے اعتبار سے حضرت عمرؓ کا دور خلافت انتہائی شفافیت پر مشتمل تھا۔ مثال کے طور پر حضرت عمرؓ نے اپنے رشتہ داروں کو مرکزی مجلس شوری کی رکنیت سے دور رکھا بلکہ ایسے لوگوں سے بھی سخت ناراض ہوتے جو مشاورت میں آپؓ کے عزیزوں کے حق میں مشورہ دیتے۔ ایک مرتبہ آپؓ نے کوفہ میں گورنر کی تقرری کے لیے مشاورت کی تو ایک آدمی نے آپؓ کے بیٹے عبد اللہ بن عمرؓ کا نام تجویز کیا تو آپؓ غصہ ہو گئے اور فرمایا:

"قاتلک الله والله ما اردت الله به " [4]

ترجمہ: اللہ تجھے ہلاک کرے اللہ کی قسم میرا قطعا یہ ارادہ نہیں تھا۔

**اور اس حوالے سے آپکا مشہور قول ہے:** " من استعمل رجلا لمودة أو قرابة لا يشغله إلا ذاك فقد خان الله و رسوله والمؤمنين و من استعمل فاجرا و هو يعلم أنه فاجر فهو مثله" [5]

ترجمہ: "جس نے کسی کو محض قرابت داری کی وجہ سے عامل بنایا اس نے اللہ، اسکے رسول ﷺ اور مومنین سے خیانت کی اور جس نے کسی برے آدمی کو عامل بنایا اور وہ اسکے بارے میں جانتا بھی ہے کہ وہ برا ہے پس وہ بھی اسی کی طرح برا ہے۔

[1] البخاری، **الجامع الصحیح**، کتاب: الجهاد و السیر، باب: الامداد بالملائکة فی غزوة بدر، ح۱۷۶۳
[2] النجار، **الخلفاء الراشدون**، ص۲۴۷
[3] الصالح، **الشوری فی الکتاب و السنة**، ص ۸۶
[4] المهدی، **الشوری فی الشریعة الاسلامیة**، ص ۱۱۸
[5] العمری، عبد العزیز بن ابراهیم، **الولایة علی البلدان فی عصر الخلفاء الراشدین** (ریاض: دار اشبیلیا ۲۰۰۱) ص ۱۸۹

اس کے علاوہ امیر المؤمنینؓ کے بعد خلیفہ کے چناؤ کے لیے تشکیل دی جانے والی شورائی کمیٹی میں باوجود عشرہ مبشرہ میں سے ہونے کے حضرت عمرؓ نے اپنے بہنوئی سعید بن زیدؓ کو رشتہ داری کی وجہ سے کمیٹی میں شامل نہیں کیا تھا[1]۔ حضرت عمرؓ کا یہ طرز عمل شورائیت کے عمل کی شفافیت اور غیر جانبداری کی ان کی نظر میں اہمیت اور اقرباپروری سے بیزاری کو نمایاں کرتا ہے۔ یہاں پر یہ بات بھی ذہن نشین کرنے کی ضرورت ہے کہ حضرت عمرؓ کا مذکورہ طرز عمل منفرد اس لیے ہے کہ ان کے بیٹے حضرت عبداللہ بن عمرؓ اور ان کے بہنوئی سعید بن زید ؓ جلیل القدر صحابہ کرام میں سے تھے اور اپنی اہلیت اور قابلیت کے لحاظ سے متعلقہ فورم کا حصہ بننے کے اہل تھے لیکن حضرت عمرؓ نے کمال فراست اور انتہائی احتیاط سے کام لیتے ہوئے عمل شورائیت کی اہمیت کو واضح کیا اور ایک آئیڈیل نظام کی بنیاد رکھی۔

## گورنرز، قاضیوں، کمانڈرز اور عمال کو شورائیت کی تلقین

حضرت عمر ؓ جس طرح بذات خود شورائیت کے عمل کو اپنی سیاسی زندگی کا حصہ بنائے ہوئے تھے اسی طرح اپنے گورنرز، جنگی کمانڈرز، عمال اور قاضیوں کو بھی اسی عمل کو اپنائے رکھنے کی تلقین فرمایا کرتے تھے۔

حضرت عمر ؓ نے ابو عبید ثقفی ؓ کو عراق کے محاذ پر جنگ کے لیے بھیجا تو ان کو یہ نصیحت کی: اصحاب رسول اور خاص طور پر بدری صحابہ کرام کی باتوں کو سننا اور اطاعت کرنا۔[2]

حضرت عمرؓ اپنے گورنرز کو اصحاب شرف ومجد سے مشاورت کا حکم دیا کرتے تھے۔ آپؓ نے ابو موسی اشعریؓ کو بصرہ کی گورنری کے دوران خط لکھا جس میں یہ فرمایا: مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ تم ایک بڑے ہجوم کو اجازت دیتے ہو (شورائیت کے لیے) پس جب میرا یہ خط تمہارے پاس پہنچ جائے تو تم نے اہل شرف، اہل قرآن، اہل تقوی اور اہل دین کی مجلس شوری کا اہتمام کرنا ہے اور جب تم ان کی مجلس منعقد کر لو تو پھر عام لوگوں کی بھی مجلس منعقد کر لینا۔[3]

اس خط سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ اہل شوری کے انتخاب کے حوالے سے کس قدر حساس اور محتاط تھے اسی طرح شریح کو لکھا کہ اہل علم وصلاح سے مشاورت کیا کرو۔[4]

حضرت عمرؓ نے دمشق کے قاضی سے پوچھا کہ تم کیسے فیصلے کرو گے؟

اس نے جواب دیا: اللہ کی کتاب سے۔

آپؓ نے پوچھا: اگر تمہیں اللہ کی کتاب سے ایسا معاملہ پیش آجائے جو کتاب اللہ میں موجود نہ ہو تو پھر کیسے فیصلہ کرو گے؟

اس نے کہا: پھر میں رسول اللہ ﷺ کی سنت کی روشنی میں فیصلہ کروں گا۔

---

[1] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص۸۱۶

[2] ایضاً، ص۱۶۸

[3] ابن المبرد ،**محض الصواب** ،ج ۲ ،ص۵۵۰

[4] المتقی، الھندی ،**کنز العمال** ،ج ۵، ص۸۱۰

آپؓ نے پھر پوچھا: اگر وہ رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی سنت سے بھی نہ ملے تو پھر تم کیسے فیصلہ کروگے؟

قاضی نے جواب دیا: پھر میں اپنی اور اپنے ساتھیوں کی اجتہادی رائے سے فیصلہ کروں گا۔

حضرت عمرؓ نے اس کا یہ جواب سن کر اس کی تحسین فرمائی۔[۱]

حضرت عمرؓ جنگی مہمات پر مصروف کمانڈروں کو بھی مشاورت کی مسلسل تاکید کیا کرتے تھے۔

آپؓ نے عراق میں برسرپیکار جنگی کمانڈرز کو خط لکھ کر تاکید فرمائی کہ تم اپنی جنگی مہمات میں طلیحہ اسدیؓ اور عمر بن معد یکربؓ کی مدد لیا کرو اور ان سے مشورہ لیا کرو اور ان دونوں کو کسی چیز کا ذمہ دار نہ بناؤ کیونکہ ہر کاریگر اپنی کاریگری کے بارے میں زیادہ جانتا ہے۔[۲]

حضرت عمرؓ خصوصا جنگی مہمات میں اپنے کمانڈرز کو مشیر ان کے چناؤ میں خصوصی احتیاط کا مشورہ دیا کرتے تھے۔ سعد بن ابی وقاصؓ کے نام آپؓ نے یہ فرمان لکھا: "جو شخص تمہارا پہلا مشیر ہو وہ عرب نژاد ہو اور تم اس کی خیر خواہی اور سچائی سے مطمئن رہو کیونکہ جھوٹے کی خبر تمہارے لیے کچھ مفید نہیں اگرچہ اپنی بعض خبروں میں سچا ہی کیوں نہ ہو اور دھوکہ باز تمہارے خلاف ایک جاسوس ہے وہ تمہارے حق میں جاسوسی نہیں کرے گا"۔[۳]

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمر بن خطابؓ ہر میدان میں شورائیت کے لیے منتخب افراد کے کردار اور ان کے فہم و فراست کو خصوصی طور پر جانچا کرتے تھے تاکہ شورائی عمل کو زیادہ سے زیادہ مؤثر بنایا جائے۔

---

[۱] ایضا ،ج۵،ص۸۱۱

[۲] الذهبی، شمس الدین محمد بن أحمد، **سیر اعلام النبلاء** (مؤسسة الرسالة۲۰۰۶) ،ج۱ ،ص۳۱۷

[۳] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص۱۶۸

# باب دوم: خلافتِ عمرؓ میں مجالاتِ شورائیت اور اس کے اثرات

## فصل اول: مقننہ میں شورائیت اور اسکے اثرات[1]

### تمہید

حضرت محمد ﷺ کی رحلت کے بعد جب اسلامی سلطنت کی باگ ڈور صحابہ کرام ؓ کے ہاتھ میں آئی تو حکومت کے بنیادی وظائف ثلاثہ (مقننہ انتظامیہ اور عدلیہ) اپنے واضح خدوخال کے ساتھ تقسیم کار کے اعتبار سے جدا جدا نہ تھے یعنی جو لوگ مقننہ (خلیفہ اور ارکان مجلس شوری) کے فرائض انجام دیتے تھے وہی انتظامیہ اور عدلیہ کی ذمہ داریاں بھی سنبھالے ہوئے تھے کئی مرتبہ ایسا ہوتا تھا کہ خلیفہ وقت جو تمام رعایا کا نمائندہ ہوتا تھا، اپنی دانشمندی میں سب سے زیادہ ذی فہم اور گہری سیاسی بصیرت کا نمونہ ہوتا تھا اپنی قوت فیصلہ سے بعض مواقع پر ایسی بات کا اعلان کر دیتا جو اگرچہ اجتماعی بہبود اور نتیجتاً جمہور کی رائے ہوتی تھی لیکن جب تک اسے مجلس شوری سے تمام ارکان شوری کی منظوری نہ لے لیتے خلیفہ مسلسل اپنے دلائل اور براہین سے انہیں قائل کرنے کی کوشش کرتا رہتا سو اس اعتبار سے کہا جا سکتا ہے کہ خلافت راشدہ کی اساس شورائیت پر رکھی گئی البتہ حضرت عمرؓ کا دور خلافت اس لئے اہم ہے کہ یہ دور اپنے پہلے ادوار سے دورانیے کے اعتبار سے بھی طویل تھا اور فتوحات کا سلسلہ اتنا وسیع ہوا کہ اس نے عرب، شام، ایران اور مصر کے قدیم تہذیبوں کو چند سال کے اندر اندر اپنی آغوش میں لے لیا سو اس دوران خلافت کا دائرہ کار کافی وسیع ہو گیا جس میں حضرت عمرؓ نے شورائیت کو خوب وسعت دی جسکے وسیع اثرات اسکے مجالات میں دکھائی دیئے۔

خلافت راشدہ میں شورائیت کا مقصد رسول اللہ ﷺ کے حکم کے بارے میں آگاہی حاصل کرنا ہوتا تھا کہ اگر درپیش مسئلہ میں خلیفہ کو کسی واضح نص کے بارے علم نہیں ہے تو ارکان میں سے کسی کو علم ہو تو وہ بتادے اور اگر واضح نص نہ ہو تو اجتماعی طور پر کسی اجتہادی رائے پر اتفاق کر لیا جائے۔

خلافت عمرؓ میں مقننہ کی بنیاد کو بیان کرتے ہوئے یوسف گورایہ لکھتے ہیں:

"حضرت عمر ؓ کے عہد میں مقننہ کا کام انجام دینے کے لیے کچھ خطوط کی بنیاد ڈالی جا رہی تھی اور اس سلسلے میں بعض مجالس واضح طور پر وجود میں آچکی تھیں اور ان مجالس کا ڈھانچہ اور ان کی کاروائی سے معلوم ہوتا ہے کہ جدید دور کی مقننہ کے ساتھ کئی سو سال کے فاصلے کے باوجود کچھ نہ کچھ مشابہت ضرور تھی یعنی مسجد نبوی کو اگر موجودہ پارلیمنٹ یا اسمبلی سے تشبیہ دی جائے اور اس میں منعقد ہونے والے

---

[1] مقننہ کی اصطلاح دور جدید میں خاص معنوں میں استعمال ہوتی ہے۔ اس کا مفہوم متعین اور مقصود واضح ہے یہ انتظامیہ اور عدلیہ سے الگ ایک آزاد ادارہ ہے جو قانون سازی کے لیے مخصوص ہے۔ قرون اولی میں مقننہ اس مفہوم کے ساتھ موجود نہ تھی بلکہ انتظامیہ اور عدلیہ کے ساتھ مخلوط تھی اس دور میں مقننہ ایسے نظام کے ترجمان تھی جس کے ذریعے حکومت کی مشینری چلانے کے لیے فیصلے ہوتے تھے اور ملکی نظم ونسق اور افراد و حکومت کے تعلقات اور دوسرے مسائل زیر غور آتے تھے۔

اجلاس عام کو جنرل اسمبلی یا ہاؤس آف کامنز سے، مجلس خصوصی کو اپر ہاؤس یا ہاؤس آف لارڈز سے تشبیہ دی جائے تو وہ بعید از قیاس نہ ہو گا۔ تاریخ میں ہمیں ان دونوں مجالس کا ذکر ملتا ہے۔ مورخ بلاذری کی روایت کے مطابق صحابہ کی ایک عام جماعت تھی جو اکثر مسجد نبوی میں اس مقصد کے لیے منعقد ہوتی تھی کہ پوری سلطنت کی طرف سے جو مسائل ان کے سامنے پیش ہوں ان پر غور کریں اگرچہ بلاذری نے اس مجلس میں شریک ہونے والے افراد کو مہاجرین تک محدود رکھا ہے لیکن ہمارے خیال میں اس میں انصار بھی ضرور شریک ہوتے ہوں گے ایک تو اس مجلس کا انعقاد مسجد نبوی میں ہوتا تھا جو عام جگہ تھی جہاں تمام مسلمان جس وقت چاہتے جاسکتے تھے اور کسی پر کسی وقت جانے میں کوئی رکاوٹ نہ تھی۔ دوسری روایت کے مطابق یہ مجلس پوری سلطنت کی طرف سے کسی بھی پیش ہونے والے مسئلے پر غور کرنے کے لیے طلب کی جاتی تھی جس میں مہاجرین کی خصوصیت نہ تھی کہ صرف وہی اس پر بحث کرسکتے ہیں انصار نہیں۔

مشہور روایات کے مطابق صحابہ کرام کی جماعت میں سے بعض حضرات بطور خاص اس کام کے لیے منتخب تھے اگرچہ ان کا انتخاب دور جدید کے طریقے استصواب رائے عامہ سے باقاعدہ نہیں ہوا تھا لیکن اس دور کے معروف طریقے کار کے اعتبار سے یہ اصحاب حل و عقد تھے"۔[1]

ذیل میں مقننہ کے اجلاسوں کی تفصیل ذکر کی جارہی ہے۔

## مجوسیوں کے حکم کی تعیین

مسجد نبوی کے اندر مہاجرین کی ایک جماعت خلافت سے متعلقہ روزمرہ کے امور میں مشاورت کے لیے حضرت عمرؓ کے ساتھ بیٹھا کرتی تھی اس مجلس میں حضرت عمرؓ نے مجوسیوں کے حکم کی تعیین کا مسئلہ ان کے سامنے رکھا آپؓ نے فرمایا: میں نہیں جانتا کہ میں مجوس کے ساتھ کیسا سلوک کروں کیونکہ وہ اہل کتاب نہیں ہیں ان سے اس مسئلے میں استصواب کیا۔[2] ارکان میں سے حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ اٹھے اور انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ان کے ساتھ اہل کتاب کا جیسا سلوک کرو۔[3]

**اثرات:**

اس مشاورتی سیشن کا فائدہ یہ ہوا کہ مجوسیوں کی مذہبی حیثیت کی تعین کے لیے از سر نو کسی نئے لائحہ عمل کو ترتیب دینے کی ضرورت پیش نہ آئی بلکہ نبی ﷺ کا ایک واضح حکم سامنے آگیا جس کے بعد یہ معاملہ سلجھ گیا۔

---

[1] گورایہ، محمد یوسف، **خلافت راشدہ میں شورائی نظام**، iri.aiou.edu.pk

[2] شبلی نعمانی، **الفاروق**، ص ۱۸۲

[3] ابو عبید، قاسم بن سلام ، **كتاب الاموال** ،(مصر:دار الكتب ۱۹۶۸)،ص ۳۲

## ہجری تاریخ کا آغاز

امام ابن جوزی نے میمون بن مہران سے ذکر کیا ہے کہ حضرت عمر ؓ کے پاس ایک خط لایا گیا جس پر شعبان کی تاریخ درج تھی۔ حضرت عمر ؓ نے پوچھا: یہ کون سا شعبان ہے جو گزر گیا ہے یا جو آنے والا ہے یا جس میں ابھی ہم ہیں؟ پھر آپؓ نے صحابہ کرام کو جمع کیا اور مسئلہ ان کے سامنے رکھ کے فرمایا: لوگوں کے لیے کوئی ایسی تاریخ مقرر کرو جس کو سب پہچانیں۔ مجلس شوری کے کچھ افراد نے یہ رائے دی کہ آپ رومی تاریخ درج کریں۔ اس رائے کے خلاف یہ کہا گیا کہ وہ بہت لمبا سال ہوتا ہے اور دوسرا وہ اپنی تاریخ ذوالقرنین کی پیدائش سے شروع کرتے ہیں۔ پھر کچھ ارکان نے یہ تجویز پیش کی کہ اہل فارس کی تاریخ کا اعتبار کر لیا جائے۔ اس تجویز پر یہ کہا گیا کہ ان کا ہر نیا بادشاہ پہلے والے کے احکامات کالعدم قرار دے دیتا ہے پھر تمام اراکین شوری اس تجویز پر متفق ہو گئے کہ دیکھا جائے رسول اللہ ﷺ کتنا عرصہ مدینہ میں مقیم رہے ہیں؟ انہوں نے اندازہ لگایا کہ آپ ﷺ ۱۰ سال تک مدینہ میں مقیم رہے ہیں لہذا آپ ﷺ کی ہجرت کا اعتبار کرتے ہوئے اسی کو اسلامی تاریخ کا نقطہ آغاز بنا لیا گیا۔[۱]

حضرت سعید بن مسیب نے اس تجویز کنندہ کا نام بھی نقل کیا ہے وہ لکھتے ہیں کہ عمر بن خطاب ؓ نے انصار اور مہاجرین کو جمع کیا۔ آپؓ نے اسلامی سلطنت کے لئے نئے تاریخی کلینڈر پر مشاورت فرمائی تو حضرت علی ابن ابی طالبؓ نے فرمایا کہ جب آپ ﷺ شرک کی سرزمین سے نکلے یعنی جس دن آپ ﷺ نے ہجرت کی اس دن سے اسلامی تاریخ کا آغاز کیا جائے تو حضرت عمرؓ نے تمام اراکین کے اتفاق کے بعد اس کو نافذ کر دیا۔[۲]

**اثرات:**

حکومتی سطح پر اس منفرد کارنامے کے ذریعے سیدنا عمر ؓ نے جزیرۃ العرب میں مکمل اتحاد کا چراغ روشن کیا چنانچہ دین واحد کے وجود سے عقیدے کا اتحاد تفریق کی تمام بنیادوں کو مٹا دینے سے امت کے اتحاد اور ایک اسلامی تاریخ کی تعیین سے متعدد رجحانات کا اتحاد سامنے آیا اور مسلمان مکمل اعتماد کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کرنے کے لائق ہو گئے۔[۳]

حضرت عمرؓ نے ہجری تاریخ کی بنیاد رکھ کے اسلامی تہذیب وثقافت کو ایک الگ شناخت دی جس سے امت مسلمہ تا قیامت مستفید ہوتی رہے گی۔

---

[۱] ابن المبرد، **محض الصواب**، ج۱، ص۳۱۶

[۲] ایضا

[۳] صلابی، **عمر بن خطاب**، ص۲۰۵

## خراج (لگان) کا نظام

روم وفارس کی فتوحات کے بعد مفتوحہ زمینوں کے بارے میں حضرت عمرؓ نے شدید اختلافات کا سامنا کیا۔ حضرت عمرؓ چونکہ نظام حکومت میں شورائیت کے بغیر کوئی بھی فیصلہ مسلط نہیں فرماتے تھے لہذا آپؓ نے اس پر صحابہ کرام سے مشاورت فرمائی۔ ابتدا میں حضرت عمرؓ ان مفتوحہ زمینوں کو غنیمت کی طرح مجاہدین میں تقسیم کر دینے کا ارادہ رکھتے تھے لیکن حضرت علیؓ اور حضرت معاذ بن جبلؓ نے آپؓ کو اس فیصلے سے خبر دار رہنے کا مشورہ دیا۔ اس مسئلے پر آپؓ نے جب مشاورت کا آغاز کیا تو یہ رائے پیش کی گئی کہ ان زمینوں کو تقسیم کیا جائے اور اس رائے کے حامی حضرت بلالؓ اور حضرت عبد الرحمن بن عوفؓ تھے اور دوسری جانب حضرت عثمانؓ علیؓ اور طلحہؓ اس زمین کو تقسیم نہ کرنے کے حامی تھے۔

اراکین شوری کا اس مسئلے میں اختلاف اس قدر شدت اختیار کر گیا کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا: "اے اللہ مجھے بلال اور اس کے ساتھیوں سے کافی ہو جا"

یہ مسئلہ اس قدر طول پکڑ گیا کہ شورائیت پر کئی دن گزر گئے چنانچہ آپؓ نے انصار اور مہاجرین کے اشراف کو بلایا جن میں سے پانچ انصار اور پانچ مہاجرین کے سردار تھے اور معاملہ ان کے سامنے رکھ دیا حضرت عمرؓ نے اس مجلس میں اپنی رائے کو بہترین انداز میں پیش کیا آپؓ نے فرمایا: "میں تم جیسا ایک عام آدمی ہوں اور آپ آج حق بات کہنے کے لیے آئے ہیں۔ جس نے میری مخالفت کی اور جس نے میری تائید کی اس نے تائید کی۔ میں نہیں چاہتا کہ جو میری رائے اور خواہش ہے تم بھی اس کے قائل ہو جاؤ۔ پھر فرمایا: "مجاہدین کو لگتا ہے کہ میں ان کے حقوق کی حق تلفی کر رہا ہوں حالانکہ میرے خیال میں کسری کی زمین کے بعد اب کسی زمین کی فتح باقی نہیں رہی اللہ نے ہمیں کسری کے اموال، اراضی، شادابی اور ہریالی کو غنیمت میں عطا کر دیا لہذا میں نے اموال کو مہاجرین کے درمیان تقسیم کر دیا غنیمت کا خمس نکال کر ان کے مصرف میں لگا دیا اور مفتوحہ زمین کے بارے میں میں نے یہ فیصلہ کیا کہ اس کو مفتوحہ قوم کے قبضے میں ہی رہنے دوں اور اس سے زمین کے بدلے خراج لیتا رہوں اور وہ اس کی ادائیگی کرتے رہیں گے جو مسلمان مجاہدین، عورتوں اور آنے والی نسلوں کے لیے مال فے ہو جائے گا۔ آپ لوگوں کا کیا خیال ہے کیا ان بڑے شہروں کے لیے اسلامی فوج اور ان کے لیے سامان رسد کی ضرورت نہیں ہے اگر میں یہ زمین مجاہدین میں تقسیم کر دوں تو یہ اخراجات کہاں سے پورے ہوں گے"۔ حضرت عمرؓ نے اپنے اس موقف کی دلیل پیش کرتے ہوئے فرمایا کہ اگر میں یہ زمین تقسیم کر دوں تو آئندہ آنے والی نسلوں کو کچھ نہ ملے گا حالانکہ اللہ تعالی نے مال فے میں ان کا حق بتایا ہے۔

ارشاد باری تعالی ہے: "و الذین جاؤوا من بعدھم"[1]

ترجمہ: اور وہ لوگ جو ان (انصار و مہاجرین) کے بعد آئیں گے ان کے لیے مال فے میں حق ہے۔

---

[1] الحشر: ۱۰

آپؓ کی باوزن دلیل، مسئلے کی شاندار منظر کشی اور فریق مخالف کی رائے کا خوبصورت انداز میں مدلل رد سن کر تمام اہل شوری نے آپؓ کی رائے سے اتفاق کیا اور پھر اس فیصلے کو نافذ کر دیا گیا۔

اس فیصلے کے بعد حضرت عمرؓ نے اس کی تنفیذ کے لیے عثمان بن حنیف اور حذیفہ بن یمانؓ کو سواد عراق کی پیمائش کے لیے بھیجا اور انہیں یہ نصیحت کی کہ پیمائش میں عدل سے کام لینا اور نرمی والا برتاؤ کرنا چنانچہ ان دونوں افراد نے مکمل پیمائش کی اور سواد عراق کا کل رقبہ تین کروڑ ٦٠ لاکھ مربع جریب ٹھہرا۔ پیداوار کے حساب سے انگور پر فی جریب ١٠ درہم، کھجور پر فی جریب اٹھ درہم، گنا پر فی جریب چھ درہم، گیہوں پر فی جریب چار درہم، اور جو پر فی جریب دو درہم سالانہ خراج مقرر کیا۔[1]

اثرات:

اس شورائی فیصلے کے بہت شاندار اور دور رس اثرات سامنے آئے جن میں سے ایک مسلمانوں کے اختلاف اور باہمی جنگ و جدال کا راستہ بند کرنا تھا لیکن ساتھ ہی ساتھ اس فیصلے کے کئی اور بھی اثرات مرتب ہوئے۔

١. ظالمانہ نظام سے آزادی

اس شورائی فیصلے سے جاگیر دارانہ نظام ہمیشہ کے لیے مکمل طور پر ختم ہو گیا چنانچہ ہر ظالمانہ جاگیر دارانہ نظام جو صرف اپنے فائدے کے لیے ساری زمینوں پر قابض تھا اور مفت کاشتکاری کے لیے سارے کسانوں کو غلام بنایا ہوا تھا، حضرت عمرؓ نے اس شورائی فیصلے سے اسے معطل کر دیا۔ آپؓ نے قابل زراعت زمین کو اس کے مالکوں کی ملکیت میں باقی رکھا اور وہ لوگ عدل و انصاف پر مبنی خراج کے بدلے اس کی کاشتکاری کرتے رہے اور بقدر استطاعت ہر سال خراج ادا کرتے رہے۔ حضرت عمرؓ کے اس شورائی قانون جس میں وہاں کے اصلی باشندوں کو قابل زراعت زمین کی ملکیت دی گئی تھی اور بقدر استطاعت خراج کی ادائیگی کے عوض وہ اس کی کاشتکاری کے حقدار تھے اس پر کسان رشک کرنے لگے اور انہیں زندگی میں پہلی مرتبہ یہ احساس ہوا کہ ہم بھی قابل زراعت زمین کے مالک ہیں نہ کہ ظالم حکمرانوں کے غلام کیونکہ ان ظالم حکمرانوں کے دور میں وہ صرف ایک مزدور و غلام کی حیثیت سے زندہ تھے جو بلا کسی معاوضہ کی کاشتکاری کرتے تھے اور اس کے عوض میں روٹیوں کے چند ٹکڑے انہیں دے دئے جاتے تھے۔

٢. روم و فارس کی فوجوں کے در اندازی کے راستے بند ہونا

جنگ کے ذریعے سے مفتوحہ علاقوں کی کسانوں کو زمین کی ملکیت دینے کی عادلانہ شورائی پالیسی نے انہیں اسلامی سلطنت سے غیر مشروط وفاداری کا احساس دلایا اور اسی وجہ سے وہ فارس و روم کے اپنے حکمرانوں سے نفرت کرنے لگے اور انہیں کسی قسم کا تعاون نہ دیتے بلکہ ان کے خلاف مسلمانوں کو اپنا تعاون پیش کرتے یہاں تک کہ فارسی فرمانروا رستم نے "حیرا" والوں کو بلایا اور کہا کہ اللہ کے دشمنوں! ہم پر عربوں کا قبضہ دیکھ کر تم خوش ہوتے ہو۔ تم نے ہمارے خلاف ان کے لیے جاسوسی کی اور مال کے ذریعے سے ان کی مدد کی۔

---

[1] ابو یوسف، الخراج، ص ٢٤

### ۳۔ مفتوحہ ممالک کے باشندوں کا تیزی سے اسلام قبول کرنا

کسانوں کو زمین کی ملکیت سونپ دینے کا ایک بہت اچھا اثر یہ سامنے آیا کہ وہ بہت تیزی سے اسلام قبول کرنے لگے اور اتنے شاندار انداز سے اسلام کی نشر و اشاعت ہوئی کہ ماضی میں اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ مفتوحہ قوموں نے اسلامی عدل کو بخوبی محسوس کیا ان کے سامنے حق واضح ہو گیا اور اپنے ساتھ مسلمانوں کے معاملات کو دیکھ کر اپنے انسانی مقام کو پہچان لیا۔

### ۴۔ سرحدوں کی حفاظت کے لیے ملکی خزانے کی تنظیم

اسلامی سلطنت کا دائرہ چاروں طرف وسیع ہو گیا اور پہلے زمانے کی ملکی سرحدوں سے متجاوز ہو کر دور دور تک اسلامی سرحدوں کے ناموں کا اطلاق ہونے لگا اور ان سرحدوں میں سب سے اہم فرات کی سرحد مانی جاتی تھی اس کی طولانی ایسی اہم سیاسی و جغرافیائی خطوط سے گزرتی تھی جو اسلامی سلطنت اور رومن ایمپائر کی سرحدوں کو ایک دوسرے سے جدا کرتی تھی۔ حضرت عمرؓ نے ہر اسلامی شہر سے اس کی ضرورت کی مقدار میں فوجی گھوڑوں کو تیار کیا اس طرح ہر شہر میں ہمہ وقت تیار رہنے والے فوجی شاہ سواروں کی عددی قوت ۳۰ ہزار سے زیادہ ہو گئی اور یہ تعداد پیادہ یا فوجی اور شتر بانوں کے علاوہ ہے۔ آپؓ نے ان شہسواروں کو منظم فوج کی شکل میں صرف سرحدوں کی حفاظت کے لیے خاص ریزرو کیا تھا۔ آپؓ نے ملکی خزانے سے ان کی تنخواہیں مقرر کیں اور جہاد فی سبیل اللہ کے ذریعے سے اسلامی دعوت کی نشر و اشاعت کے علاوہ دیگر تمام مشغولیات سے انہیں روک دیا اس طرح گویا اللہ تعالی نے خراج کو عسکری طاقتوں کی مضبوطی اور اس کی فوج کی تنخواہوں کی فراہمی کا ایک اہم ذریعہ بنا دیا۔

مفتوحہ ممالک کی زمین کو ان کی ملکیت میں سونپنے کا ایک اثر یہ بھی تھا کہ ان کے اندر محنت اور زمین سے سرمایہ کاری کا جذبہ پروان چڑھے گا اور مسلمانوں کی آمد سے پہلے اپنے حکام کو ٹیکس ادا کرنے میں جس قدر اپنی جان چھپاتے تھے اس کا اسلامی عدل اور رواداری سے موازنہ کریں گے۔[1]

## وبا والے علاقے میں نہ جانا

۱۷ ہجری میں حضرت عمرؓ نے شام کا سفر کرنے کا ارادہ فرمایا تاکہ فتح کے بعد وہاں کے نظم و نسق مرتب فرمائیں۔ آپؓ نے تبوک کے قریب "سرغ" مقام پر پڑاؤ ڈالا۔ اس دوران آپؓ کی ملاقات سپہ سالاروں، جن میں حضرت ابو عبیدہ بن جراح، یزید بن ابی سفیان اور شرحبیل بن حسنہؓ تھے، سے ہوئی۔ انہوں نے حضرت عمرؓ کو شام میں پھیلی ہوئی وبا اور اس کی شدت کے بارے میں آگاہ کیا۔ حضرت عمرؓ یہ سن کر انتہائی مضطرب ہوئے اور آپؓ نے انصار و مہاجرین کی جماعت کا شورائی اجلاس بلا کر ان کے سامنے یہ معاملہ رکھ دیا اور پوچھا کہ شام کا سفر جاری رکھا جائے یا مدینہ واپس لوٹ جایا جائے؟

---

[1] الصلابی، عمر بن خطاب، ص ۴۲۸

اس مسئلے میں اہل شوری میں اختلاف ہوااور وہ دورائے میں منقسم ہو گئے۔ایک گروہ نے کہا کہ آپؓ صرف اللہ کی خوشنودی کے حصول کے لیے آئے ہیں لہذا آپؓ کو شام جانا چاہیے جبکہ دوسرا گروہ یہ رائے رکھتا تھا کہ وہاں ہلاکت اور فنا کا دور دورہ ہے لہذا آپؓ کو واپس لوٹ جانا چاہیے پھر آپؓ نے ان مہاجرین کا اجلاس بلایا جو فتح مکہ کے وقت موجود تھے ان سب نے بالاتفاق آپؓ کو واپسی کے سفر کا مشورہ دیا ۔حضرت عمرؓ نے اکثریتی فیصلے کو تسلیم کرتے ہوئے واپس لوٹنے کا اعلان کر دیا ۔

حضرت ابو عبیدہؓ کو جب اس فیصلے کا علم ہوا تو انہوں نے حضرت عمرؓ سے کہا: امیر المومنین! کیا آپ قضائے الٰہی سے بھاگتے ہیں؟ حضرت عمرؓ نے جواب دیا: ہاں! میں قضا الٰہی سے قضا الٰہی کی طرف بھاگتا ہوں اور پھر فرمایا تمہارا کیا خیال ہے اگر ایک شخص ایسی وادی میں اترے جس کا ایک حصہ سرسبز ہو اور دوسرا بنجر تو کیا جس نے بنجر حصے میں بھیڑیں چرائیں اس نے قضائے الٰہی سے نہیں چرائیں اور جس نے سرسبز حصے میں چرائیں اس نے قضا الٰہی سے نہیں چرائیں ۔[1]

اس دوران حضرت عبد الرحمن بن عوفؓ تشریف لائے اور انہیں اس سارے مسئلے کے بارے میں علم نہیں تھا۔انہوں نے پوچھا کہ کیا ہوا؟ جب ان کو درپیش مسئلے کے بارے میں بتایا گیا تو انہوں نے فرمایا: مجھے اس بارے میں علم ہے میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے :

" إِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ بِأَرْضٍ فَلَا تَقْدَمُوا عَلَيْهِ، وَإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَأَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ "[2]

ترجمہ: اگر تم سنو کہ یہ وبا کسی علاقے میں پھیلی ہوئی ہے تو وہاں نہ جاؤ اور جب کسی علاقے میں یہ پھیل جائے تو وہاں موجود ہو تو وہاں سے نہ بھاگو۔

**اثرات:**

سب سے پہلے تو حضرت عمرؓ کے اس شورائیت کے بعد سامنے آنے والے صائب فیصلے سے یہ واضح ہو گیا کہ شورائی عمل سے اللہ تعالی اقوام و افراد کی درستگی کی جانب رہنمائی فرماتا ہے جس کی دلیل حضرت عبد الرحمن عوفؓ کی ذکر کردہ حدیث ہے جو شورائی فیصلے کے عین موافق ہے اور اس فیصلے پر مہر تصدیق ثبت کرتی ہے۔

اس شورائی فیصلے کے اثرات انتہائی اہم تھے کیونکہ یہ وبا اتنی شدت اختیار کر چکی تھی کہ اس کی زد میں لگ بھگ ۲۵ ہزار مسلمان اور جلیل القدر صحابہ کرام جو لشکروں کی امراء تھے، آئے اور شہید ہوئے اگر اس دوران حضرت عمر ؓ وہاں تشریف لے جاتے تو اندیشہ تھا کہ امت کو آپؓ کی شہادت کی صورت میں ناقابل تلافی نقصان اٹھانا پڑتا جبکہ اکابر صحابہ کرام کی اکثریت بھی آپؓ کے ساتھ تھی۔

حضرت عمرؓ کی اس شورائیت کے نتیجے میں رسول اللہ ﷺ کا فرمان سامنے آگیا جس سے وبائی امراض کی پھیلاؤ کے وقت مسلمانوں کو حکمت عملی مرتب کرنے کے لیے ایک ضابطہ میسر آیا۔

---

[1] ہیکل، **فاروق اعظم**، ص ۳۴۷

[2] مسلم، **صحیح مسلم**، کتاب: السلام، باب: الطاعون و الکهانة و نحوها ،ح ۲۲۱۹

# ایک مجلس کی تین طلاقیں

حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے ارشاد فرمایاہے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ مبارک میں، عہد صدیقی اور عہد فاروقی کے ابتدائی دوسالہ تک ایک مجلس میں دی ہوئی تین طلاقیں ایک شمار ہوتی تھیں پھر حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ لوگ اس معاملے میں جلدی کرنے لگے ہیں جس میں ان کے لیے مہلت تھی لہذا ہم اسے ان پر نافذ کر دیتے ہیں سو حضرت عمرؓ نے (تادیبا) اسے نافذ کر دیا۔

اس مسئلے میں فقہی اعتبار سے ایک طویل اختلاف موجود ہے لیکن یہاں پر مقالہ نگار اس کا تذکرہ شورائی فیصلے کے پیرائے میں کر رہا ہے۔ حضرت عمرؓ نے ابتدائی دوسال کے بعد ایک مجلس میں دی ہوئی تین طلاقوں کو تین شمار کرنے کا قانون بنادیا جو کہ آپؓ کا ایک شورائی فیصلہ تھا۔ اس فیصلے کے شورائی ہونے کی دلیل یہ ہے کہ ڈاکٹر صلابی نے "فصل الخطاب" میں نقل کیاہے کہ خلیفۃ المسلمین کے اس اقدام کی توثیق کرنے والے حضرت عثمان بن عفانؓ، علی بن ابی طالبؓ، ابن عباسؓ، ابن مسعودؓ، عمران بن حصین ؓ جیسے بہت سارے صحابہ کرام تھے اس اعتبار سے اس کو ایک شورائی فیصلہ کہا جاسکتا ہے علاوہ ازیں دیگر شورائی فیصلوں کی طرح اس فیصلے کی بھی مخالفت اس دور میں ہمیں نظر نہیں آتی جو کہ اس بات کی گواہی ہے کہ یہ فیصلہ اتفاق رائے سے کیا گیا تھا مزید بر آں حضرت علیؓ، حضرت عثمانؓ اور خود عبداللہ بن عباسؓ اسی پر فتوی دیا کرتے تھے۔

### حضرت علیؓ کا فتوی

عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، فَقَالَ: إِنِّي طَلَّقْتُ امْرَأَتِي أَلْفًا، فَقَالَ لَهُ علي: بَانَتْ مِنْكَ بِثَلَاثٍ، وَاقْسِمْ سَائِرَهُنَّ بَيْنَ نِسَائِكَ

ترجمہ: ایک شخص حضرت علیؓ کے پاس آیا اور اسنے کہا: میں نے اپنی بیوی کو ایک ہزار طلاقیں دے دی ہیں۔ علیؓ نے فرمایا: تین کی وجہ سے وہ تجھ سے جدا ہو گئی ہے اور باقی طلاقیں اپنی باقی بیویوں میں تقسیم کر دے۔

### حضرت عثمانؓ کا فتوی

عَنْ معاوية بن أبي يحيى، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، فَقَالَ: طَلَّقْتُ امْرَأَتِي أَلْفًا، فَقَالَ: بَانَتْ مِنْكَ بِثَلَاثٍ

### حضرت ابن عباسؓ کا فتوی

عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِابْنِ عَبَّاسٍ: طَلَّقْتُ امْرَأَتِي أَلْفًا، فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ: ثَلَاثٌ تُحَرِّمُهَا عَلَيْكَ، وَبَقِيَّتُهَا عَلَيْكَ وِزْرٌ، اتَّخَذْتَ آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا

ترجمہ: ایک شخص ابن عباسؓ کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ میں نے اپنی بیوی کو ہزار مرتبہ طلاق دے دی ہے۔ ابن عباسؓ نے فرمایا؛ تین کی وجہ سے وہ تجھ پر حرام ہو گئی ہے اور باقی تجھ پر بوجھ ہیں، تو اللہ کی آیات کا مذاق بناتا ہے۔[1]

[1] ابن قیم ،محمد بن ابی بکر ، **زاد المعاد فی هدى خير العباد**(بیروت؛ مؤسسة الرسالة،کویت: مکتبة منار الاسلامية١٩٩٤) ،ج٥ ص ٢٣٦ص

رہا یہ مسئلہ کہ حضرت عمرؓ نے رسول اللہ ﷺ اور ابو بکر صدیقؓ کے عمل کے بر خلاف یہ قدم کیوں کر اٹھایا تو امام ابن قیم اس مسئلے کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "مسئلہ طلاق میں حضرت عمر بن خطابؓ نے اپنے متقدمین کے اجماع کی مخالفت نہیں کی بلکہ اس معاملے میں عجلت کرنے والوں کے لیے تینوں طلاقوں کو نافذ کرنا مناسب سمجھا کیونکہ بلا کسی شرعی وجہ جواز کے طلاق دینے کی حرمت سب کو معلوم تھی تاہم یہ ان کی عام عادت بنتی جا رہی تھی بلا شبہ ایسے حالات میں امام یعنی حاکم کو یہ اختیار ہے کہ لوگ جس مشقت کو خود مول لینے پر تلے ہوں اور اللہ کی نرمی اور رخصت قبول کرنے پر آمادہ نہ ہوں تو وہ حاکم انہیں اسی کا پابند کر دے "[1]

امام ابن قیم کے اس قول کی روشنی میں یہ واضح ہو گیا کہ یہ مسئلہ حاکم کے اجتہاد پر موقوف ہے وہ وقت اور حالات کے تقاضوں کے مطابق باہمی مشاورت سے مناسب فیصلہ کرے۔

اثرات:

حضرت عمرؓ کے اس فیصلے کے اثرات پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ آپؓ کے اس فیصلے سے امت میں افتراق پیدا ہوا کیونکہ آج تک کچھ گروہ حضرت عمرؓ کے فیصلے کو دلیل مانتے ہوئے ایک مجلس میں دی گئی تین طلاقوں کو تین شمار کرتے ہیں اور بعض گروہ صحیح مسلم کی روایت کی روشنی میں ایک مجلس کی تین طلاقوں کو ایک شمار کرتے ہیں۔ مقالہ نگار کی رائے کے مطابق امت کا اس مسئلے پر اختلاف حضرت عمرؓ کے فیصلے کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ وجہ اختلاف عصر حاضر میں مقننہ کے اختیار میں ریاست و حکومت کی کمزوری ہے امام ابن قیم کی رائے کی روشنی میں اس فیصلے کا اختیار حاکم کے پاس ہے لیکن بد قسمتی سے حکومت و ریاست کی زمام کار غیر فقیہ اور غیر مجتہد افراد کے ہاتھوں میں ہے جس کی وجہ سے یہ فیصلے رعایا کے مختلف گروہ کرتے ہیں اور پھر مخالفت پیدا ہوتی جاتی ہے جبکہ خلافت عمرؓ میں مقننہ کی مکمل ذمہ داری ریاست کے سپرد تھی لہذا جب ریاست نے یہ قانون پاس کیا تو پھر کسی نے اس کی مخالفت نہ کی حالانکہ اس وقت کی شخصیات رسول اللہ ﷺ کے براہ راست فیض یافتگان میں سے تھے۔

## زکوۃ کے مصارف میں سے "مؤلفۃ القلوب" کو ساقط کرنا

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں زکوۃ کے جن مصارف کا تذکرہ فرمایا ہے ان میں سے ایک "مؤلفۃ قلوب" ہے اس سے مراد زکوۃ کا وہ حصہ ہے جو لوگوں کو تالیف قلب کے لیے دی جاتی تھی لیکن حضرت عمرؓ نے اموال زکوۃ سے اس مصرف کو ساقط کر دیا حضرت عمرؓ کا اس مسئلے پر اجتہاد یہ تھا کہ یہ مصرف اس وقت کے لیے تھا جب اسلام انتہائی کمزور اور کسمپرسی کے عالم میں تھا اور اس کو افراد کی ضرورت تھی لیکن اب اسلام غالب آ چکا ہے اور الٰہی تائید و نصرت کے بعد افراد کی دلجوئی کے لیے تالیف قلب کی ضرورت نہیں رہی۔

حضرت عمرؓ نے اپنے اس اجتہاد کو قانونی حیثیت دینے کے لیے اس مسئلے کو صحابہ کرام کے سامنے پیش کیا۔ آپؓ کی دلیل کو سننے کے بعد تمام صحابہ نے اتفاق رائے سے اس قانون کی منظوری دے دی۔ حضرت عمرؓ کی دور اندیشی تھی کہ آپؓ نے اس مسئلے کو صحابہ کرام سے منظور کروالیا ورنہ کچھ ناعقبت اندیش لوگوں نے اس مسئلے پر حضرت عمرؓ پر نص قرآنی نے سے ثابت شدہ مصرف کو ساقط کرنے کا

---

[1] ایضا ،ج ۵ ،ص ۲۳۷

الزام عائد کر دیا لیکن جب انہوں نے یہ دیکھا کہ یہ فیصلہ تو حضرت عمرؓ نے شورائیت کے عمل کے بعد اتفاق رائے سے نافذ کیا تھا تو انہوں نے یہ تاثر دینے کی کوشش کی کہ شاید صحابہ کرام نے کسی زور یا دباؤ کی وجہ سے اتفاق رائے کیا تھا حالانکہ یہ بات بعید از قیاس ہے کیونکہ مجلس شوری کے ارکان کھل کر اپنی رائے پیش کرتے تھے اور حضرت عمرؓ نے کئی مواقع پر اراکین شوری کی وجہ سے اپنی رائے کو تبدیل کیا اور کسی قسم کی بد دلی یا ناراضگی کا اظہار تک نہیں کیا۔ واضح رہے کہ صحابہ کرام کے سامنے اس پابندی کے اسباب جواز موجود تھے انہوں نے سوچا کہ شان و شوکت کے ساتھ اسلام کی پیشرفت کے مد نظر اب ان چند افراد کی کوئی بہت بڑی حیثیت اور کوئی بہت بڑا وزن نہیں ہے اب تو بہت ساری قوتیں اسلام لا چکی ہیں اور جس کسی خدشے کے پیش نظر تالیف قلب کے لیے چند لوگوں کو مال دیا جاتا تھا اب وہ خدشہ اور خطرہ بھی باقی نہیں رہا بلکہ اب اس کے متعلق یہ خدشہ تھا کہ کہیں وہ ہاتھ پہ ہاتھ دھرے نہ بیٹھے رہیں۔[1]

ڈاکٹر صلابی لکھتے ہیں کہ موجودہ دور میں تالیف قلب کی خاطر اموال زکوۃ کے مستحقین قدیم زمانے کی اصل شکل میں یہ دوسری شکل میں موجود ہیں اور ان میں دل جوئی کی خاطر دیے جانے والے اموال زکوۃ کی مکمل شرائط پائی جاتی ہیں۔[2]

**اثرات:**

اس فیصلے سے معاشرے پر مرتب ہونے والے اثرات میں سے سب سے اہم اثر قومی خزانے پر مالی اخراجات کے بوجھ میں کمی واقع ہونا تھی کیونکہ اس زمانے میں پے در پے فتوحات ہو رہی تھیں سو اس مصرف کے تحت زکوۃ لینے والوں کی فہرست انتہائی طویل ہو جاتی اور اس کے علاوہ نو مسلم محض اسی پر اکتفا کر کے ہاتھ پر ہاتھ دھرے رہتے جس کی وجہ سے معاشرے میں بغیر محنت کھانے کا رجحان بڑھنے کا خدشہ تھا اور یہ خدشہ اس لیے بھی درست تھا کہ فتوحات مسلسل ہو رہی تھیں اور لوگ جوق در جوق اسلام میں داخل ہو رہے تھے۔

اس فیصلے کے اثرات میں سے ایک اور اہم اثر یہ بھی ہے کہ حضرت عمرؓ اور صحابہ کرام کے اس اجتہاد سے مجتہدین کے لیے نص قرانی سے گہرائی کے ساتھ استنباط کا ایک نمونہ واضح ہوا۔

## گھوڑوں اور غلاموں کی زکوۃ

حضرت عمرؓ کے پاس شام سے کچھ لوگ آئے اور انہوں نے کہا کہ ہمیں کچھ مال، گھوڑے اور غلام ملے ہیں ہم چاہتے ہیں کہ اس میں زکوۃ ادا کریں اور اپنے مال پاک کریں ۔ حضرت عمرؓ نے جواب دیا : میرے سے پہلے میرے دو ساتھیوں نے جو کیا ہے میں بھی وہی کروں گا پھر آپؓ نے اصحاب رسول اللہ ﷺ سے مشاورت کی اور اراکین میں سے حضرت علیؓ نے مشورہ دیا کہ یہ بہتر ہے بشرطیکہ جزیے کی شکل میں نہ ہو جو آپؓ کے بعد بھی ان سے وصول کیا جا سکے۔[3]

---

[1] مصطفى محمود ، **الابعاد السياسية مفهوم الامن فى الاسلام**(قاهرة: المعهد العالى للفكر الاسلامى١٩٩٦)،ص ٣٠٦

[2] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص ۴۴۱

[3] الشیبانی،**مسند احمد بن حنبل** ،مسند عمر بن خطاب ، ح٨٢

غلام اور گھوڑوں میں زکوۃ کی یہ صورت محض تجارتی مقاصد کے لیے استعمال ہونے والے غلام اور گھوڑوں کے لیے تھی وگرنہ خدمت کے غلام اور جہاد کے گھوڑوں پر زکوۃ نہیں ہے۔

**اثرات:**

اس فیصلے سے مملکت کے ذرائع آمدنی میں اضافہ ہوا اور اس فیصلے کا ایک یہ اثر بھی واضح ہوتا ہے کہ غلاموں کی تجارت پر کیونکہ ریاستی نگرانی لازم ہوگئی چنانچہ یہ فیصلہ غلاموں کی غیر قانونی خرید و فروخت کی روک تھام کا سبب بھی بنا۔

## حاکم کا خوف

حضرت حسن بصری فرماتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کو ایک (بد چلن) عورت کے بارے میں معلوم ہوا کہ لوگ اس کے بارے میں باتیں کر رہے ہیں چنانچہ آپؓ نے اس عورت کو بلا بھیجا، لوگوں کے دلوں میں حضرت عمرؓ کا بڑا رعب اور دبدبہ تھا لہذا جب اس عورت کو حضرت عمرؓ کا پیغام پہنچا تو وہ گھبرا گئی اور اپنے آپ سے کہنے لگی: تیری ہلاکت ہو تجھے عمر نے بلایا ہے۔ جب وہ حضرت عمرؓ کے پاس جانے کے لیے نکلی تو عمرؓ کے خوف سے اس کو راستے میں ہی دردزہ ہو گیا۔ پاس سے گزرتی ہوئی کچھ خواتین نے اس کی تکلیف کو پہچانتے ہوئے اس پر پردہ تانا اور اس دوران اس کا بچہ پیدا ہوا ایک بار رویا اور مر گیا۔ حضرت عمرؓ کو جب اس واقعے کی خبر ہوئی تو آپؓ نے انصار اور مہاجرین کی شورائیت کا اجلاس بلا لیا اور اجلاس میں مسئلہ ان کے سامنے رکھا کہ اس مسئلے میں کیا کیا جائے؟ سب نے مشورہ دیا کہ آپؓ کا کوئی قصور نہیں ہے کیونکہ آپؓ نے اس کو تادیب کے لیے بلایا تھا اور آپؓ حاکم ہیں یہ آپ کا حق ہے۔ اس سارے شورائی عمل کے دوران ایک شخص سب سے پیچھے بیٹھا ہوا تھا۔ حضرت عمرؓ نے سب سے پیچھے بیٹھے ہوئے آدمی کو مخاطب کر کے اس سے مشورہ طلب کیا تو اس شخص نے کہا: امیر المومنین ! میرا کہنا یہ ہے کہ اگر ان لوگوں نے آپ کا خیال کیا ہے تو واللہ انہوں نے آپ کی خیر خواہی نہیں کی اور اگر یہی ان کی صوابدید ہے تو ان کی رائے غلط ہے لہذا آپؓ کی وجہ سے یہ صورتحال پیدا ہوئی ہے اسلیے آپ پر دیت لازم ہے۔

حضرت حسن بصری سے پوچھا گیا کہ وہ شخص کون تھے انہوں نے کہا کہ وہ علی بن ابی طالبؓ تھے۔[1]

پھر حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ کو دیت ادا کرنے کا حکم دیا۔[2]

**اثرات**

اس فیصلے کی بنیاد حضرت عمرؓ کا رعب و جلال تھا جو لوگوں کے دلوں میں بہت زیادہ تھا حتی کہ ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عمرؓ سے ایک آیت کی تفسیر پوچھنے کے لیے ایک سال تک سوچتا رہا لیکن آپؓ کے رعب کی وجہ سے ان سے پوچھ نہ سکا[3]۔ سو حاکم کی شخصیت کا اس قدر رعب ہونے کے باوجود مذکورہ بالا فیصلے سے رعایا کو یہ اعتماد ہوا کہ ہمارا حاکم حکومت پر اس قدر مضبوط گرفت رکھنے کے باوجود

---

[1] ابن المبرد ،**محض الصواب**، ج١، ص٢٧٣

[2] الزيلعی ، جمال الدين ، **نصب الراية لأحاديث الهداية مع حاشيته بغية الألمعي في تخريج الزيلعي**(بيروت، لبنان : مؤسسة الريان للطباعة والنشر،جدة : دار القبلة للثقافة الإسلامية١٩٩٧)، ج ٤ ، ص ٣٩٨

[3] مسلم ، **صحيح مسلم** ،كتاب الطلاق ،باب : فی الايلاء و اعتزال النساء ، ح ١٤٧٩

ہم پر ظلم کرنے والا نہیں ہے بلکہ اس کو ہمارے حقوق کا مکمل ادراک ہے اور اس کے علاوہ اس کا ایک اثر یہ بھی سامنے آیا کہ رعایا کو یہ یقین بھی ہوا کہ ہمارے حاکم کے اس قدر بارعب اور صاحب جلالت ہونے کے باوجود اس کے اتنے دلیر اور نڈر مشیر بھی موجود ہیں جو اسے رعایا کے حقوق کے بارے میں غفلت وزیادتی سے روکے رکھتے ہیں ۔

تاریخ شاہد ہے کہ حاکم اور رعایا کا یہ باہمی اعتماد معاشرے کے امن کا ضامن ہوتا ہے۔

## نماز جنازہ کی تکبیرات

حضرت عمرؓ نے اپنے عہد خلافت میں یہ دیکھا کہ نماز جنازہ کے اندر تکبیرات میں لوگوں کا اختلاف ہے بعض لوگ چار، بعض پانچ اور بعض چھ تکبیرات کہتے ہیں تو اس مسئلے نے انہیں بے چین کر دیا چنانچہ حضرت عمرؓ نے اس اختلاف کا حل نکالنے کے لئے صحابہ کرام کا اجلاس طلب کیا اور یہ اجلاس حضرت ابو مسعود انصاریؓ کے گھر میں طلب کیا گیا ۔ آپؓ نے ان کے سامنے نماز جنازہ کی تکبیرات کا معاملہ رکھا۔ اراکین شوری میں سے ہر ایک شخص نے اپنی رائے کا اظہار کیا بالاخر سب لوگ اس بات پر جمع ہو گئے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی زندگی کے اندر نماز جنازہ پر زیادہ تر چار تکبیرات کہی ہیں اور آخری نماز جنازہ جو آپ ﷺ نے پڑھی اس میں بھی آپ ﷺ نے چار تکبیرات کہی ہیں چنانچہ نماز جنازہ کی چار تکبیرات پر صحابہ کرام کا اجماع ہو گیا۔[1]

### اثرات:

حضرت عمرؓ کے اس شورائی فیصلے سے امت کو ایک بڑے اختلاف سے بچالیا گیا ۔ امام ابن عبد البر لکھتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کے اس شورائی فیصلے کے بعد نماز جنازہ کی چار تکبیرات پر تمام فقہاء اور اہل فتوی کا اجماع ہو گیا اسکے علاوہ جو اس فیصلے سے اختلاف کرنے والے ہیں وہ شاذ ہیں جنکی جانب التفات کی ضرورت نہیں۔[2]

---

[1] البيهقى ،**السنن الكبرى** ، كتاب الجنائز، باب ما يستدل به على ان اكثر الصحابة اجتمعوا على اربع و راى بعضهم الزيادةمنسوخة،ج۴،ص۶۰ ،ح۶۹۴۷

[2] الشوكانى ، محمد بن على ، **نيل الأوطار**(مصر: دار الحديث١٩٩٣) ، ج ۴ ، ٧١

# فصل ثانی: انتظامیہ میں شورائیت اور اسکے اثرات

## تمہید

انتظامی معاملات میں حاکم کے لیے شورائیت کو اپنانا لازم نہیں ہے جیسا کہ تقرری و معزولی ،وظائف وعطیات، تفتیش و تحقیق، ذرائع وسائل کی دیکھ بھال وغیرہ کے امور جو مملکت کے نظم ونسق سے متعلقہ ہوں لیکن حضرت عمرؓ کا عہد خلافت اس اعتبار سے ممتاز عہد تھا کہ شورائیت کی اہمیت وفوائد کے پیش نظر آپؓ کئی مرتبہ انتظامی امور میں بھی مشاورت کیا کرتے تھے عموما انتظامی امور میں حضرت عمرؓ کئی مرتبہ مشاہیر صحابہ کرام کے بجائے مسئلے سے متعلقہ افراد سے مشاورت کیا کرتے تھے اور بعض اوقات ان مشوروں کو تسلیم کر لیتے اور کبھی کبھی رد کر دیتے ۔ حضرت عمرؓ کے اس طرز عمل کی بناپر مولانا جلال الدین عمری نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ حاکم انتظامی امور میں شورائیت کا پابند نہیں ہے البتہ متعلقین سے مشاورت کر لینا بہتر ہے۔

## ملکہ روم کا ہدیہ

شاہ روم نے حضرت عمرؓ کو ایک تہنیتی پیغام لکھا جس کے جواب میں حضرت عمرؓ نے ایک خط شاہ روم کو لکھ کر قاصدوں کے حوالے کیا۔اس ڈاک کے ساتھ حضرت عمرؓ کی بیوی حضرت ام کلثومؓ نے ملکہ روم کے لیے خوشبو، پانی کے برتن اور کچھ زیورات بطور ہدیہ بھیجے۔ ملکہ روم نے ان عطیات کو اپنی ہم نشین عورتوں کے سامنے رکھا اور ان کو بتلایا کہ یہ تحفے مجھے حاکم عرب کی بیوی اور ان کے نبی کی بیٹی [1] نے بھیجے ہیں ۔اس کے بعد ملکہ روم نے حضرت ام کلثوم کو ایک خط لکھا اور ایک قیمتی ہار بطور ہدیہ بھی بھیجا جب قاصد خط لے کر حضرت عمرؓ کے پاس آیا تو حضرت عمرؓ نے یہ ہدیہ روک لیا اور پھر "الصلوۃ جامعۃ "کی ندا لگوائی جب صحابہ کرام جمع ہو گئے تو آپؓ نے ان کے سامنے ہدیہ کا ذکر کیا اور فرمایا :"جو کام بغیر مشورے کے کیا جائے اس میں بھلائی نہیں ہے"۔

ام کلثومؓ نے ملکہ روم کو جو ہدیہ بھیجا تھا اس کے بدلے میں ملکہ روم نے بھی ام کلثومؓ کو ہدیہ بھیجا ہے۔ آپؓ لوگ مجھے اس سلسلے میں مشورہ دیں کہ میں اس ہدیے کا کیا کروں ؟اراکین شوریٰ نے اس ہدیے کو ام کلثومؓ کے لیے جائز ہونے کی رائے دی اور اپنی رائے کو واضح کرتے ہوئے بہترین دلائل دیے۔

پہلی دلیل یہ دی گئی کہ ملکہ روم کوئی ذمی عورت نہیں ہے کہ وہ رشوت دے رہی ہو اور اس کے بدلے آپ سے کوئی کام نکلوانا چاہتی ہو اور نہ ہی وہ آپ کی مملوکہ ہے کہ وہ آپ کو خوش کرنا چاہ رہی ہو لہذا یہ ہدیہ ام کلثومؓ کی ہدیے کے بدلے کے طور پر آیا ہے اس پر ان کا حق ہے اور یہ ہدیہ ان کو دے دینا درست ہے۔ اور دوسری دلیل اراکین شوریٰ کی طرف سے یہ پیش کی گئی کہ ہم بھی کپڑے ہدیے میں دیتے تھے تاکہ بدلے میں ہمیں بھی ہدیہ مل سکے اور ہم اسے بازار میں بیچ کر کچھ کما سکیں ۔

---

[1] حضرت ام کلثومؓ، حضرت فاطمہؓ کی بیٹی اور رسول اللہ ﷺ کی نواسی تھیں۔اس نسبت سے انکو رسول اللہ ﷺ کی بیٹی کہا گیا ہے۔

حضرت عمرؓ نے ان مشوروں اور آراء کو اطمینان سے سننے کے بعد فرمایا کہ ملکہ روم کے پاس قاصد ام کلثومؓ کے نمائندے کے طور پر نہیں گیا تھا بلکہ وہ مسلمانوں کا نمائندہ تھا اور خاص مسلمانوں کا پیغام لے کر گیا تھا لہذا آپؓ نے ہدیہ حضرت ام کلثومؓ کو دینے کے بجائے بیت المال میں جمع کر دیا اور ام کلثوم کو ان کے دیے ہوئے ہدیے کے عوض رقم دے دی۔[1]

**اثرات:**

یہ مشاورت چونکہ انتظامی نوعیت کی تھی لہذا حضرت عمرؓ نے اہل شوری کی آراء لینے کے بعد حتمی فیصلہ خود کیا۔

اس فیصلے سے حضرت عمرؓ کی دیانتداری اور خود احتسابی سے رعایا کو خوب اندازہ ہو گیا کہ ہمارا حکمران اپنے گھر والوں کے بارے میں اتنا محتاط اور دیانت دار ہے تو ہمارے جان و مال کی حفاظت صحیح طریقے سے کرے گا لہذا اس سے ایک اعتماد کی فضا بہتر ہوتی ہے جو کہ کسی بھی قسم کے انتشار سے بچاؤ کے اسباب میں سے ہے۔

حضرت عثمانؓ کی خلافت کے انتشار کے پیچھے بلوائیوں کا ایک اعتراض یہ بھی تھا کہ حضرت عثمانؓ اپنے عزیز و اقارب کو نوازتے ہیں سو اس پس منظر میں حضرت عمرؓ کے اس فیصلے کے اثرات کو بخوبی جانچا جا سکتا ہے کہ آپؓ نے اس فیصلے سے رعایا میں ممکنہ بد گمانیوں کا قلع قمع کیا حتی کہ جب یہ ہدیہ بھیجا گیا تھا تب بھی آپؓ نے صحابہ کرام کو اعتماد میں لیا اور مملکت کی اخلاقی بنیادوں کو مضبوط کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔

آپؓ جانتے تھے کہ لوگوں کی نگاہیں آپؓ کی طرف دیکھ رہی ہیں اور اس میں کوئی فائدہ نہیں ہے کہ آپؓ اپنی ذات پر تو سختی کریں اور آپؓ کے گھر والے عیش و عشرت کی زندگی گزاریں چنانچہ آپؓ جب بھی کوئی حکم امتناع جاری کرتے تو آپؓ اپنے گھر والوں کے پاس آتے اور ان سے فرماتے: "میں نے لوگوں کو فلاں کام سے روک دیا ہے۔ لوگ تم پر اسی طرح نگاہ رکھتے ہیں جس طرح گوشت خور پرندہ گوشت پر نگاہیں رکھتا ہے۔ اگر تم نے حکم کی خلاف ورزی کی تو وہ بھی کریں گے اور اگر تم دور رہے تو وہ بھی دور رہیں گے۔ اللہ کی قسم! اگر میرے پاس کوئی ایسا فرد لایا گیا جو میرا قریبی ہو اور اس نے میرے حکم کی خلاف ورزی کی ہو تو اسے میں دہری سزا دوں گا"۔[2]

## خلیفہ کا وظیفہ

اس سلسلے میں دو روایات مختلف مورخین نے ذکر کی ہیں مقالہ نگار دونوں روایات کو ذکر کر کے صحیح سند والی روایت کی نشاندہی کر دے گا کیونکہ دونوں ہی روایات میں شورائیت کا ذکر ہے۔

سہل بن حنیف اپنے والد سے ذکر کرتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کو خلافت کی زمام کار سنبھالے ہوئے کچھ عرصہ گزر گیا کہ آپؓ نے اس دوران بیت المال سے کچھ نہ لیا اور خلافت کی مصروفیات کی وجہ سے آپؓ تجارت بھی نہ کر سکتے تھے لہذا آپؓ نے اصحاب رسول اللہ کا

---

[1] النجار ، **الخلفاء الراشدون** ، ص ٢٤٢

[2] ابن المبرد ، **محض الصواب** ، ج ٣ ، ص٨٩٣

اجلاس طلب کیا اور ان کے سامنے اپنا مدعا ان الفاظ میں بیان کیا: میں اس منصب خلافت کے کام میں مشغول ہو گیا ہوں تو میرے لیے بیت المال سے کتنا لینا درست ہے؟

حضرت عثمانؓ نے کہا: کھایئے اور کھلایئے۔ سعید بن زید ؓ نے بھی اس رائے سے اتفاق کیا۔ حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ سے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ دوپہر اور شام کا کھانا آپ بیت المال سے لے سکتے ہیں سو حضرت عمرؓ نے اس رائے کو اپنا لیا۔[۱]

دوسری روایت میں احنف بن قیس سے مروی ہے وہ کہتے ہیں کہ امیر المومنین عمر بن خطابؓ نے صحابہ کی جماعت کے سامنے بیت المال سے اپنے لیے حلال مال کی ترتیب اور مقدار خود بیان کرتے ہوئے فرمایا: میرے لیے جو بیت المال سے حلال ہے اس کو میں تمہارے سامنے ذکر کیے دیتا ہوں۔ میرے لیے دو جوڑے لینا جائز ہیں جو موسم سرما میں سردی کا ایک جوڑا اور موسم گرما میں گرمی کا ایک جوڑا ہوگا۔ ایک سواری جس پر سوار ہو کر میں حج اور عمرہ ادا کر سکوں۔ قریش کے ایک درمیانے درجے کے گھرانے جو نہ زیادہ امیر ہوں اور نہ زیادہ غریب ہوں، کے جتنے میرے اخراجات اور اس کے علاوہ جو مسلمانوں کو ملے گا اس میں سے جو میرا حصہ ہو اوہ، کیونکہ میں مسلمانوں کا ہی ایک فرد ہوں۔[۲]

ان دونوں روایات میں سے دوسری روایت سند کے اعتبار سے زیادہ قوی ہے اور بعد میں حضرت عمرؓ کے بیت المال سے مصرف سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ نے دوسری روایت میں آنے والے فیصلے کی تنفیذ فرمائی تھی۔

اثرات:

حضرت عمرؓ کے اس شورائی فیصلے کے آپؓ کی خلافت میں اور بعد از خلافت بڑے تابناک اثرات مرتب ہوئے۔

حضرت عمرؓ نے اس فیصلے سے اپنے عمال اور والیان ریاست کے لیے اپنے آپ کو ایک نمونے کے طور پر پیش کیا تاکہ وہ کار سرکار کی انجام دہی کو عیش و عشرت کا سبب نہ سمجھیں بلکہ اس کو ایک امانت سمجھیں اور اس کی واضح مثالیں بھی ہمیں نظر آتی ہیں۔

حضرت عمرؓ جب بیت المقدس کے سفر پر تشریف لے گئے تو حضرت ابو عبیدہ بن جراحؓ کے گھر میں جا کر دیکھا تو ایک زین، پرانے مشکیزے اور چند برتنوں کے علاوہ کوئی سامان نہ تھا۔ حضرت عمرؓ نے کھانا چیک کرنے کی غرض سے کھانا منگوانے کا کہا تو ابو عبیدہؓ ٹوکری سے روٹی کے چند ٹکڑے نکال لائے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: اے ابو عبیدہ! تمہارے علاوہ ہم سب کو دنیا نے بدل دیا ہے۔[۳]

اس کے علاوہ حضرت عمرؓ کے اس فیصلے سے خلافت کے تمام مناصب پر فائز افراد مال کے استعمال میں انتہائی محتاط ہو گئے کہ اگر خلیفہ خود اتنے سے وظیفے پر گزارہ کر رہا ہے تو ہماری فضول خرچی یا اسراف کے لئے کوئی حیلہ کام نہ آئے گا لہذا حضرت عمرؓ کے اس فیصلے سے عوام کے مال کی حفاظت عمال اور والیان ریاست کے لیے انتباہ اور بعد از خلافت آنے والے مسلم حکمرانوں کے لیے قابل تقلید عمل کی صورت میں ایک نمونہ سامنے آیا۔

---

[۱] ابن سعد، **الطبقات الکبری**، ج۳، ص۲۳۳

[۲] ایضا، ج ۳، ص ۲۰۹

[۳] الذهبی، **سیر اعلام النبلاء**، ج۱، ص ۱۷

## عاشور

عاشور سے مراد وہ آمدنی ہے جسے کوئی بھی ملک اپنی سرحد سے گزرنے والی تجارت پر عائد کرتا ہے خواہ اس کا تعلق درآمدات سے ہو یا برآمدات سے۔

عہد نبوی ﷺ اور دور صدیقیؓ میں اسلامی سلطنت میں اس ٹیکس کا کوئی وجود نہیں تھا۔ یہ نظام حضرت عمرؓ کے زمانے میں وجود میں آیا۔ اس کی ابتدا ایسے ہوئی کہ باشندگان "منبج"[1] اور "بحر عدن"[2] کے پار بسنے والے افراد نے حضرت عمرؓ کو سرزمین عرب پر تجارت کی اجازت دینے کے بدلے کسٹم ادائیگی کی پیشکش کی اس پیشکش کے بعد حضرت عمرؓ نے صحابہ کرام کا شورائی اجلاس بلایا اور "اہل منبج" اور "بحر عدنان" کے پار سے آئی ہوئی پیشکش کو انکے سامنے رکھا اور ان سے مشورہ کیا۔ صحابہ کرام نے بالاتفاق اس پیشکش کو منظور کر لیا اور اس کی اجازت دے دی۔[3]

اس فیصلے کی تنفیذ اس طرح ہوئی کہ حضرت عمرؓ نے احکامات جاری کیے کہ وہ مال جو دس درہم سے کم ہو اس پر کسٹم ٹیکس لاگو نہیں ہوگا۔ دوسری سلطنتوں سے آنے والے تجارتی قافلوں پر برابری کی سطح پر دسواں حصہ اور ذمیوں سے نصف عشر لیا جائے گا۔ مسلمانوں پر دوسو درہم پورے ہونے پر ہر ۴۰ درہم پر ایک درہم لاگو ہوگا اور اس سے کم ہو تو ان کا ٹیکس ساقط ہو جائے گا۔ اور یہ ٹیکس سال میں ایک مرتبہ لیا جائے گا اس کے علاوہ جب حربی کفار مسلمانوں سے وصول کیے جانے والا کسٹم معاف کرتے تو حضرت عمرؓ بھی اس ٹیکس کو معاف کر دیتے اور اگر کوئی ایسا سامان ہوتا جس کی اسلامی سلطنت میں قلت ہوتی تو اس پر انتہائی کم ٹیکس یا مکمل ختم کر دیتے تاکہ زیادہ سے زیادہ مال پہنچ سکے۔[4]

### اثرات:

اس جدید اسلامی قانون نے بین الاقوامی سطح پر تجارتی منڈی کو منظم کیا اور پھر اسلامی تجارت نے تجارت کی دنیا میں خوب خوب فائدہ اٹھایا اس لیے کہ عالمی تجارت کے لیے اسلامی سلطنت کے دروازے کھل گئے اور دنیا کے گوشے گوشے سے اسلامی سلطنت تک سامان تجارت آنے لگا پھر فطری طور پر مسلم اور غیر مسلم تاجروں کو دنیا کے ہر خطے سے اموال کے درآمد وبرآمد کرنے میں کافی حوصلہ ملا بشمول جزیرہ عرب، اسلامی سلطنت کے اندرون ملک تجارتی مراکز کافی متحرک ہو گئے اور جزیرہ عرب کی ریاستوں سے دیگر اسلامی ریاستوں کو آنے جانے والے تجارتی قافلے رواں دواں ہو گئے اسی طرح اسلامی سلطنت کی بندرگاہیں ہندوستان چین اور مشرقی افریقہ

---

[1] محافظ حلب میں واقع ملک شام کا ایک ضلع ہے۔

[2] "عدن" یمن کا ساحلی شہر ہے۔

[3] الصنعانی ، **المصنف** ، ج ١٠ ، ص ٣٣٤ ، ح ١٩٢٨٠

[4] قلعه جی محمد رواس ، **موسوعة فقه عمر بن الخطاب** (کویت:مکتبة الفلاح ) ، ص ٥٠٦

ڈاکٹر قلعہ جی حکومت کویت کے انسائیکلوپیڈیا فقہ اسلامی کی کمیٹی کے ممبر اور جامعہ کویت کے کلیہ شرعیہ کے صدر ہیں۔

سے آنے والے قیمتی اور نفیس باربردار کشتیوں کا استقبال کرنے لگیں خلافت راشدہ اور بنو امیہ کے دور میں ترقی کا سماں بالکل صاف طور پر نظر آیا۔[1]

## سرکاری دیوان کا اجراء

حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ میں بحرین سے آیا اور خلیفہ المسلمین عمر بن خطابؓ کو بتایا کہ میں بحرین سے پانچ لاکھ درہم لایا ہوں۔

حضرت عمرؓ حیرت سے کہنے لگے: تمہیں معلوم ہے کہ تم کیا کہہ رہے ہو؟

انہوں نے کہا: ہاں جی مجھے معلوم ہے۔

آپؓ نے پھر پوچھا کہ تم جانتے ہو کہ تم کیا کہہ رہے ہو؟

میں نے کہا: جی امیر المومنین! ایک لاکھ، پھر ایک لاکھ، پھر ایک لاکھ، پھر ایک لاکھ، پھر ایک لاکھ،

حضرت عمرؓ نے فرمایا: تمہیں نیند آرہی ہے۔ تم گھر جاؤ اور سو جاؤ پھر صبح آنا۔

حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں: میں صبح اٹھ کر امیر المؤمنین کے پاس گیا تو آپؓ نے فرمایا: اب بتاؤ۔

میں نے کہا: میں بحرین سے پانچ لاکھ درہم لایا ہوں۔

آپؓ نے حیرت سے کہا: سارے درہم درست ہیں؟

میں نے کہا: میں تو یہی جانتا ہوں۔

حضرت عمرؓ یہ سن کر ممبر پر تشریف لائے اور حمد و ثنا بیان کی۔ صحابہ کرام کو مخاطب کر کے فرمایا: میرے پاس بہت سامال آیا ہے اگر چاہو تو وزن کر کے تمہیں دے دوں اور چاہو تو گن کر دے دوں۔ اس دوران ایک شخص کھڑا ہوا اور کہنے لگا: میں نے شاہان عجم کو دیکھا ہے کہ وہ عطیات کی تقسیم کے لیے اپنا دیوان بناتے ہیں[2]۔ آپؓ کو یہ مشورہ پسند آیا اور اس پر صحابہ کرام کی مجلس شوری سے رائے طلب کی۔ حضرت علی ؓ نے کہا کہ اس مسئلے کا حل یہ ہے کہ آپ کے پاس جو مال جمع ہو آپؓ اسے اپنے پاس نہ رکھیں بلکہ تقسیم کر دیا کریں۔ حضرت عثمانؓ نے فرمایا: میرے خیال سے مال بہت زیادہ ہے۔ لوگوں کے لیے کافی ہو گا لہذا اگر شمار نہ کیا گیا تو یہ اندازہ نہ ہو پائے گا کہ کس کو ملا ہے اور کس کو نہیں جس سے بد نظمی پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ پھر حضرت ولید بن مغیرہ ؓ نے مشورہ دیا کہ میں شام گیا ہوں وہاں پر میں نے بادشاہوں کو دیکھا ہے کہ وہ عام عطیات و مصارف اور فوجی اخراجات کے لیے الگ الگ دیوان بنا کر رکھتے ہیں حضرت عمرؓ نے اس مشورے کی تائید کی اور پھر اس کی منظوری دے دی گئی۔[3]

---

[1] العمادی،حسن عبد الکریم،**التجارة و طرقها فی الجزیرة العرب بعد الاسلام حتی قرن الرابع ھ** ،(المکتبة الوطنیة۱۹۹۷) ص۳۳۲

[2] ابن سعد ، **الطبقات** ،ج ۳ ، ص۲۲۸

[3] ایضا ، ج ۳ ، ص ۲۲۴

ایک اور روایت میں ہے کہ مدینہ میں چند فارسی سرداران نے حضرت عمرؓ کو شاہ کسریٰ کی طرح کے دیوان مرتب کرنے کا مشورہ دیا۔ حضرت عمرؓ نے بڑی باریک بینی کے ساتھ کسریٰ کا نظام دیوان کے بارے میں ان سے پوچھا۔[1]

ان دونوں روایات میں تطبیق یوں دی جاسکتی ہے کہ دیوان مرتب کرنے کا فیصلہ ہو جانے کے بعد فارسی سرداران سے اس کی کیفیت اور اس کے مندرجات بارے پوچھا گیا۔

دیوان مرتب کرنے کے فیصلے کے بعد وظائف وعطیات کی تقسیم اور ترتیب کے لیے کبار صحابہ کرام کا دوبارہ مشاورتی اجلاس طلب کیا گیا۔ حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ نے کہا: آپ اپنی ذات سے شروع کیجئے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا۔ اللہ کی قسم! ہرگز نہیں بلکہ میں اس سے شروع کروں گا جو رسول اللہ ﷺ سے زیادہ قریب ہو گا اور بنوہاشم کے حصے مقرر کروں گا جو رسول اللہ کا قبیلہ ہے۔ چنانچہ انہوں نے حضرت عباسؓ کا پھر حضرت علیؓ کا حصہ نکالا یہاں تک کہ پانچ قبائل کے درمیان ترتیب قائم کی اور پانچواں نمبر حضرت عمرؓ کے قبیلہ بنوعدی کا آیا۔[2]

معروف مورخ علامہ محمد حسین ہیکل لکھتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کے اس اجلاس میں حضرت حکیم بن حزامؓ بھی موجود تھے اور انہوں نے مشورہ دیا کہ آپؓ قریش کے وظیفے مقرر فرما رہے ہیں جبکہ قریش اہل تجارت ہیں۔ آپؓ کے وظیفہ مقرر کرنے کی وجہ سے قریش تجارت چھوڑ بیٹھیں گے پھر آپؓ کے بعد کوئی اور حکمران آکر ان کے وظیفے بند کر دے گا اور تجارت ان کے ہاتھ سے نکل چکی ہو گی۔[3]

### اثرات

حضرت عمرؓ کے اس شورائی فیصلے سے وظائف وعطیات کا ریکارڈ مرتب ہو گیا۔ ریکارڈ کی ترتیب سے مسلمانوں کو برابر بلا تعطل ان کے مقرر کردہ وظائف وعطیات کے حصول میں چنداں مشکل نہ ہوتی تھی۔

اس فیصلے کا ایک پہلو تنظیم وتنسیق کا ہے جو بلاشبہ انتہائی شاندار رہا اور وقتاً فوقتاً اس میں ترقی ہوتی گئی البتہ دوسرا پہلو وظائف کی تقرری کے اثرات کا ہے۔ مولانا حسین ہیکل لکھتے ہیں کہ وظائف نے عربوں کو کاہل بنا دیا اور وہ روزی کے لیے دوڑ دھوپ کرنے سے بے پرواہ ہو گئے۔ اس کے بعد جب حالات بدلے، فتوحات کا سلسلہ رکا اور غیر عرب اسلامی سلطنت میں شامل ہو گئے اور یہ اس وقت کی بات ہے جب اسلامی دارالحکومت مدینہ سے دمشق اور دمشق سے بغداد منتقل ہو گیا تو جزیرۃ العرب کے باشندوں کے وظائف بند کر دیے گئے۔ آسائش وبے عملی کی گود میں پرورش پانے والی نسل نہ تجارت کی طرف لوٹ سکی نہ روزی کے لیے جدوجہد کر سکی جس کے نتیجے میں حجاز ایسا ویران ہوا کہ آج تک نہ پنپ سکا۔[4]

---

[1] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص۴۳۶

[2] الندوی ، ابو الحسن علی الحسنی ، **المرتضى سيرة امير المؤمنين سيدنا ابو الحسن على بن ابى طالب** (دمشق: دار القلم۱۹۸۹ )، ص ۱۱۰

[3] ہیکل، **فاروق اعظم**، ص۶۱۶

[4] ایضاً، ص

عصر حاضر میں لگ بھگ بیسویں صدی کے وسط میں جدید سعودیہ میں تیل ذخائر دریافت ہوئے جس کی وجہ سے نے عرب آسودہ حال ہوئے۔

## امیر المومنین کا لقب

حضرت ابو بکر صدیقؓ جب مسند خلافت پر متمکن ہوئے تو آپؓ کو " خلیفة رسول الله "کہا جانے لگا پھر حضرت عمرؓ خلیفہ بنے تو آپؓ کو "خلیفة خلیفة رسول الله "کہا جانے لگا۔ صحابہ کرام نے اجلاس میں یہ مسئلہ پیش کیا کہ حضرت عمرؓ کے بعد آنے والے خلیفہ کو کہا جائے گا "خلیفة خلیفة خلیفة رسول الله "اس طرح تو یہ لقب بہت لمبا ہو جائے گا اسی طرح اس کے بعد آنے والے خلیفہ کے لیے مزید لمبا ہو جائے گا لہذا کوئی ایسا لقب منتخب کیا جائے جس کے ساتھ حضرت عمرؓ کے بعد کے خلفاء کو بھی پکارنے میں آسانی ہو۔ اراکین میں سے بعض نے یہ تجویز پیش کی کہ ہم مومنین ہیں اور عمرؓ ہمارے امیر ہیں پس حضرت عمرؓ کو امیر المومنین کے لقب سے پکارا جائے۔ سو اس لقب پر اتفاق ہو گیا اور "امیر المومنین "کا لقب لکھا اور پڑھا جانے لگا۔[1]

امام ابن جوزی نے اس حوالے سے ایک اور روایت بھی ذکر کی ہے جس میں وہ لبید بن ربیعہ اور عدی بن حاتم کی طرف سے سب سے پہلے امیر المومنین کے لقب کے ساتھ پکارے جانے کو اس لقب کے ابتدا کی وجہ بیان کرتے ہیں ۔[2] ان دونوں روایات میں تعارض نہیں ہے اس صورت میں تطبیق ایسے دی جاسکتی ہے کہ ابتدا میں اس مسئلے پر غور ہو تا رہا یہاں تک کہ لبید بن ربیعہ اور عدی بن حاتم نے یہ لقب بیان کیا جس کو بعد ازاں شورائی منظوری کے بعد رائج کر دیا گیا۔

### اثرات:

حضرت عمرؓ کو اس لقب کے ساتھ ملقب کرنے کے شورائی فیصلے سے خلافت اسلامیہ میں خلیفہ کی اصل حیثیت یعنی بادشاہ یاڈکٹیٹر نہیں بلکہ "امیر "ہونا واضح ہو گیا اور مسلمانوں میں حاکم کی حیثیت کو حضرت معاذ بن جبل ؓ نے ایک موقع پر رومیوں کے سامنے ان کے اپنے بادشاہ پر فخر کے جواب میں بیان کرتے ہوئے فرمایا :"اگر تمہارا بادشاہ ہر قل ہے تو ہمارا بادشاہ اللہ ہے اور ہمارا امیر ہم ہی میں سے ایک آدمی ہے اگر وہ قرآنی ہدایات اور نبوی تعلیمات کے مطابق ہم میں کام کرتا ہے تو ہم اسے اپنا امیر مانتے ہیں اور اگر وہ اس سے ہٹ جاتا ہے تو اسے منصب سے ہٹا دیتے ہیں وہ ہم سے الگ تھلگ ہو کر نہیں رہتا نہ تکبر کرتا ہے اور نہ اقتدار کا رعب جماتا ہے"۔[3]

اس فیصلے سے حاکم کو مخاطب کرنے میں اپنائے جانے والے خوشامدی لاحقوں اور سابقوں کو کی بھی بیخ کنی کر دی گئی اور خلافت میں یہ راستہ بند ہو گیا۔

---

[1] ابن سعد، **الطبقات**،ج ۳،ص ۲۱۳

[2] ابن جوزی ، عبد الرحمن بن علی، **مناقب امیر المؤمنین عمر بن الخطاب** (بحرین:المجلس الاعلی للشؤون الاسلامیة ۲۰۱۳) ص۲۹۶

[3] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص۳۴۷

## غلاموں کے حقوق کا تحفظ

عبد اللہ بن بریدہ فرماتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے بتایا کہ میں ایک دن عمر بن خطابؓ کے گھر بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک ہم نے چیخ وپکار کی آواز سنی ۔ حضرت عمرؓ نے اپنے غلام یرفا کو حکم دیا کہ اے یرفا! دیکھو یہ آوازیں کس کی ہیں ؟ یرفا چلا گیا اور معلومات لے کر آیا اور حضرت عمرؓ کو اس معاملے کے متعلق بتاتے ہوئے کہا: قریش کی ایک لونڈی کی ماں کو بیچا جا رہا ہے (جس وجہ سے وہ شور مچا رہی ہے)
حضرت عمرؓ نے فوراً اصحاب شوری کو طلب کرتے ہوئے یرفا کو حکم جاری کیا: مہاجرین وانصار کو فوراً میرے پاس بلاؤ!
بریدہ فرماتے ہیں کہ ابھی کچھ وقت ہی گزرا تھا کہ اجلاس کے لیے آئے ہوئے افراد سے کمرہ بھر گیا ۔ حضرت عمرؓ نے اجلاس کا حمد وثنا سے آغاز کیا اور اس واقعہ کے پس منظر میں پوچھا: کیا تم یہ جانتے ہو کہ حضرت محمد ﷺ قطع رحمی (رشتہ داری توڑنے) کا پیغام لے کر آئے تھے ؟ سب نے جواب دیا : "نہیں" پھر آپؓ نے یہ آیت تلاوت کی ۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:فهل عسيتم ان توليتم أن تفسدوا فى الأرض و تقطعوا ارحامكم "[1]
پھر فرمایا: اس سے بڑھ کر کیا قطع رحمی ہو سکتی ہے آج تم میں سے کسی کی ماں کو بیچا جا رہا ہے جبکہ اللہ نے تمہیں مال میں بھی کشادگی دی ہے۔
مہاجرین وانصار نے حضرت عمرؓ کو اس مسئلے پر مناسب آرڈر جاری کرنے کی منظوری دے دی۔ حضرت عمرؓ نے مجلس شوری کی منظوری کے بعد تمام سلطنت میں یہ آرڈر لکھ کر بھیجا کہ کسی خونی رشتہ دار کو خرید وفروخت میں جدا نہ کیا جائے۔[2]
حضرت عمرؓ کا یہ فیصلہ غلاموں کی خرید وفروخت میں کمی کا سبب بنا اور رفتہ رفتہ آپؓ نے عربوں کو غلام نہ بنانے کا قانونی حکم جاری کر کے اس کے اثرات کو مزید بہتر بنایا اور اگر کوئی غلام تھے بھی تو ان کے ساتھ مکاتبت کا حکم دیا گیا علاوہ ازیں یہ فیصلہ عہد فاروقی میں عدل و انصاف کے ساتھ غلاموں کے حقوق کے تحفظ کا ضامن بنا۔

## بیت المقدس میں مسجد اقصی کی تعمیر

حضرت عمرؓ نے بیت المقدس کی فتح کے بعد مسجد اقصی کی تعمیر کے بارے میں کعب احبار سے مشورہ کرتے ہوئے پوچھا:
أين ترى نجعل المسجد؟ قال: اجعله خلف الصخرة فتجمع بين القبلتين: قبلة موسى وقبلة محمد صلى الله عليه وسلم، فقال: ضاهيت اليهودية والله يا أبا إسحاق! خير المساجد مقدمها، فبناه في مقدم المسجد[3]

---

[1] محمد: ۲۲
[2] الحاكم، **المستدرک على الصحيحن** ، ج۲، ص ۴۹۶ ،ح۳۷۰۸
[3] المتقى ، علاء الدين عل بن حسام ، **كنز العمال في سنن الأقوال والأفعال**(مؤسسة الرسالة۱۹۸۱) ، ج ۱۴ ، ص ۱۴۹

ترجمہ: تمہارے خیال میں مسجد کہاں بنائی جائے؟انہوں نے جواب دیا: آپ مسجد، صخرہ [1] کے پیچھے بنائیں پس اس طرح آپ دو قبلوں، یعنی حضرت موسیٰ اور حضرت محمد ﷺ کے قبلوں کو جمع کر دیں گے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: اے ابو اسحاق! تم نے یہودیت کو ملا دیا۔ مساجد کا بہتر حصہ انکا اگلا حصہ ہوتا ہے۔ پھر آپؓ نے صخرہ کے آگے مسجد بنانے کا حکم دیا۔

**اثرات:**

حضرت عمرؓ نے اس مشاورت پر عمل نہ کرتے ہوئے مسجد اقصیٰ کو اصل جگہ پر تعمیر کیا اور آنے والی مسلمان نسلوں کے لیے مسجد اقصیٰ کی پہچان کو واضح کر دیا اور بیت المقدس کی فضیلت کی بنیاد یعنی مسجد اقصیٰ کی اہمیت اور ایک مسلمان کے دل میں اس کی حیثیت کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔

## گورنرز، والیان ریاست اور کمانڈرز کی تقرری

حضرت عمرؓ سے پہلے حضرت ابو بکر صدیقؓ کا عاملین کی تقرری کا اسلوب یہ تھا کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے معین کیے ہوئے افراد کو ترجیح دیتے تھے چونکہ حضرت ابو بکرؓ کا زیادہ تر عہد خلافت مرتدین اور جھوٹے مدعیان نبوت کی سرکوبی میں گزرا لہذا اس دور میں زیادہ تر رسول اللہ ﷺ کے مقرر کردہ افراد ہی اپنی ذمہ داریوں پر برقرار رکھے گئے۔ پھر جب حضرت عمرؓ مسند خلافت پر متمکن ہوئے تو جہاں پر آپؓ نے کافی ساری اصلاحات کیں انہی میں سے ایک عمال اور گورنران کی تقرری تھی اس کی اصلاح کی ضرورت اس وجہ سے پیش آئی کہ اسلامی سلطنت کی سرحدات وسیع ہو گئیں اور کئی جگہوں پر محاذ جنگ کھول دیا گیا جسکے نتیجے مسلمان مسلسل فتح یاب ہو رہے تھے اسلئے گورنران اور والیان ریاست کی تعداد بڑھانا لازم ہو گیا ایسے میں افراد کے چناؤ کے لیے حضرت عمرؓ نے جو اسلوب اختیار کیا وہ یہ تھا کہ آپؓ بزرگ صحابہ کرام کی مجلس شوریٰ کی شورائیت کے بعد ان کی منظوری دیتے تھے۔ اور اس منظوری کے بعد باقاعدہ قرارداد پر اراکین کی مہر تصدیق ثبت کی جاتی تھی۔[2]

سیدنا عمر بن خطابؓ گورنروں کے انتخاب کی صورت میں اہل شوریٰ سے مشورہ لیتے اور پھر باقاعدہ قرارداد تیار کرتے تھے [3] جس پر انصار و مہاجرین (جو اراکین شوریٰ ہوتے) کی جماعت کو گواہ بناتے اور عہدے دار سے قرارداد پر درج کردہ شرائط کی پابندی کا عہد لیتے تھے پھر تقرری کا باقاعدہ خط جاری کیا جاتا جو مقرر کردہ شخص لے جا کر سابقہ عہدیدار کو دیتا اور پھر سربراہی منتقل ہوتی تھی۔[4]

ذیل میں اس نوعیت کی اہم شورائی اجلاس کا تذکرہ کیا جا رہا ہے۔

---

[1] صخرہ ایک بلند چٹان تھی جس کی جانب رخ کر کے یہودی اپنی عبادات کیا کرتے تھے۔ اسی جگہ پر اموی خلیفہ عبد الملک بن مروان نے "قبۃ الصخرۃ" بنایا تھا جو آج بھی قدیم اسلامی فن تعمیر کا شاہکار ہے۔

[2] العمری ، **الولاية على البلدان**، ص١٩٧

[3] ڈاکٹر صلابی نے اس قراداد کو قرارداد خلافت کا نام دیا ہے۔

[4] ایضا ، ص ١٩٧

## جنگ عراق کی قیادت

حضرت مثنی بن حارثہؓ نے حضرت عمر بن خطابؓ کے نام خط لکھ کر اہل فارس کی تیاریوں کے بارے میں آگاہ کیا کہ ان کی تیاریوں کی خبر پا کر اہل عراق نے بھی مسلمانوں کی خلاف علم بغاوت کے لیے بلند کر دیا ہے جس کی وجہ سے ہم "ذی قار"[1] میں پناہ لینے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے یہ خط پا کر مسلمانوں کا لشکر اکٹھا کیا اور مدینہ میں حضرت علیؓ کو اپنا نائب مقرر کر کے خود لشکر کی قیادت کرتے ہوئے مدینہ سے نکلے اور "حرار" نامی ایک چشمے پر قیام کیا۔ اس دوران یہ واضح نہیں تھا کہ آپؓ قیادت خود کریں گے یا کسی کو قائد بنائیں گے لہذا حضرت عثمان بن عفان ؓ نے آپؓ سے اس بابت دریافت کیا تو آپؓ نے "الصلاۃ جامعۃ" کی صدا لگوائی جو کہ مجلس شوری کا اجلاس بلانے کی علامت ہوتی تھی۔

البدایہ والنہایہ کی روایت کے مطابق آپؓ نے مدینہ سے حضرت علیؓ کو بھی اس اجلاس میں شرکت کرنے کے لیے بلا بھیجا۔
اجلاس میں آپؓ نے قیادت خود کرنے کے فیصلے کو اراکین کے سامنے رکھا تو سب صحابہ کرام کچھ دیر آپس میں مشورہ کرتے رہے اور پھر ان سب نے آپؓ کو قیادت نہ کرنے کی تجویز دے دی جس کو حضرت عبد الرحمن بن عوفؓ نے مزید وضاحت کے ساتھ بیان کیا فرمایا: آپؓ خود مدینہ میں رہیں اور قیادت کسی اور کے حوالے کریں اگر خدانخواستہ اسے شکست ہو گئی تو وہ اس ہزیمت سے کم ہو گی جو آپ کی قیادت میں پیش آئے گی لہذا اس پر مجلس شوری نے اتفاق کیا اور کسی اور کو امیر بنانے کا فیصلہ ہوا۔ حضرت عمرؓ نے ممکنہ امیر کے نام پر مشاورت شروع کرتے ہوئے پوچھا کہ امیر کسے بنایا جائے؟ جس پر حضرت عبد الرحمان بن عوفؓ نے کچھار کے شعر حضرت سعد بن ابی وقاص ؓ کا نام پیش کیا۔ حضرت عمرؓ نے حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کے نام کی منظوری دے دی جس کے بعد سعد بن ابی وقاصؓ کو نجد سے بلا کر جنگ عراق کے قیادت سونپ دی گئی۔
مجلس شوری میں فیصلہ طے پانے کے بعد حضرت عمرؓ نے لوگوں کو جمع کیا اور ان کو مجلس شوری کے فیصلے سے آگاہ کرتے ہوئے فرمایا: "مسلمانوں پر فرض ہے کہ وہ اپنے معاملات باہمی مشورے سے طے کریں میں بھی تم ہی میں سے ایک فرد ہوں تمہارے اہل الرائے نے مجھے روک دیا ہے اس لیے میں نے فیصلہ کیا ہے کہ میں خود نہ جاؤں اور یہ خدمت کسی اور کے سپرد کر دوں"[2]

اثرات:

اس شورائی فیصلے کے دو حصے ہیں پہلا حصہ حضرت عمرؓ کا جنگ کی قیادت کے لیے بذات خود نہ جانا یہ فیصلہ امت کے اجتماعی مفاد میں تھا۔ حضرت عبد الرحمن بن عوفؓ کے بقول اگر خدانخواستہ حضرت عمرؓ کو شکست ہو جاتی تو یہ مسلمانوں کے لیے انتہائی بڑا نقصان تھا جس کا مداوا کرنے میں انتہائی وقت صرف ہو جاتا اور دوسرا پہلو حضرت سعدؓ کے انتخاب کا تھا۔ اس انتخاب کے اثرات قادسیہ اور مدائن کی

---

[1] ذی قار عراق کے جنوب میں واقع ہے۔ موجودہ دور میں یہ عراق کا ایک صوبہ ہے جسکا دار الحکومت "ناصریہ" ہے اور اس صوبے کی اکثریتی آبادی اہل تشیع افراد کی ہے۔
[2] ہیکل، **فاروق اعظم**، ص ۱۸۵

فتوحات کی صورت میں سامنے آئے۔ حضرت سعدؓ نے جدید جنگی حکمت عملیوں سے مسلمانوں کی قلیل تعداد کے ساتھ کثیر تعداد کی افواج کو شکست دی اور ان کے بادشاہ ہرمزان کو قید کر کے مدینہ بھیج دیا۔

## معرکہ نہاوند

حضرت عمرؓ کی خلافت میں مسلمانوں نے فتوحات کا سلسلہ جاری رکھا۔ جنگ قادسیہ کے بعد بھی مسلمان رفتہ رفتہ مختلف کامیابیاں سمیٹتے رہے یہاں تک کہ حضرت عمرؓ نے پیش قدمی روکنے کا حکم دے دیا چونکہ مسلمان افواج ایک طویل عرصے سے بر سر پیکار تھے لہذا فوجیوں کی تنظیم نو اور مفتوحہ علاقوں کے نظم و نسق کو بہتر بنانے کے پیش نظر یہ حکم دربار خلافت سے جاری کیا گیا۔

اس دوران کوفہ کے گورنر جناب سعد بن ابی وقاص نے حضرت عمرؓ کو خبر دی کہ ایرانی مسلمانوں کے خلاف بڑے پیمانے پر جنگ کرنے کی تیاری کر رہے ہیں ۔ دراصل ایران کے شرفاء اور رؤساء نے اپنے بادشاہ یزدگرد کو مسلمانوں کے خلاف ایک منظم اور فیصلہ کن لڑائی کا مشورہ دیا تھا۔ اس مشورے کے بعد یزدگرد کے حکم سے ایرانی افواج نے بڑے پیمانے پر تیاریاں شروع کر دیں اور جنگ کے لیے نہاوند کا مقام طے کیا گیا اور اس جنگ میں ایرانی افواج کا سپہ سالار فیرزان کو مقرر کیا گیا۔ حضرت عمرؓ نے اس خبر کو سن کر اس کی تحقیقات کر کے معاملے کی نزاکت کے پیش نظر اس کو مجلس شوری کے سامنے رکھ دیا۔ حضرت عمرؓ نے حسب عادت "الصلوة جامعة" کی صدا لگوائی اور صحابہ کرام جمع ہو گئے۔ (یہ آواز خلیفہ کی طرف سے اجلاس بلانے کا سگنل ہوا کرتی تھی) آپؓ نے ان کے سامنے معاملے کی حساسیت کو سمجھتے ہوئے گورنران کے بھیجے ہوئے پیغامات کی روشنی میں دشمن کے اجتماع، کثرت تعداد اور تیاریوں کی مکمل تفصیلات رکھیں اور ان سے اپنی رائے بیان کرتے ہوئے فرمایا : "میں یہ چاہتا ہوں کہ جو افراد میں ساتھ لے جا سکتا ہوں ان کو لے جاؤں اور شہروں میں ٹھہر کر مزید افراد جمع کروں پھر میں ان کا معاون بنوں یہاں تک کہ اللہ تعالی انہیں فتح سے نواز دے"۔

مؤرخ حسین ہیکل لکھتے ہیں کہ بعض لوگوں نے حضرت عمر کو بذات خود قیادت سنبھالنے کا مشورہ دیا ۔[1]

البتہ البدایہ والنہایہ کے مطابق تمام اہم ممبران جن میں حضرت عثمان، علی، طلحہ، زبیر ،عبدالرحمن بن عوفؓ (جو اصحاب الرائے میں سے تھے) نے بالاتفاق حضرت عمرؓ کے مدینہ چھوڑنے کے فیصلے کی مخالفت کی اور لشکر بھیجنے کا مشورہ دیا۔ سب سے آخر میں حضرت علی ؓ نے حضرت عمرؓ کے مدینہ چھوڑنے کے نقصانات پر بحث کی اور یہ مشورہ دیا کہ اہل کوفہ اور بصرہ کو میدان جنگ میں آگے بڑھنے کا حکم جاری کریں جبکہ حضرت عثمانؓ کی رائے یہ تھی کہ اہل شام اور یمن کی افواج نہاوند کی جانب روانہ کی جائیں بالآخر مجلس شوری نے یہ متفقہ قرارداد پاس کی کہ حضرت عمرؓ مدینہ میں ہی رہیں گے اور کوفہ اور بصرہ کا اسلامی لشکر نہاوند کی جانب بھیجا جائے گا۔ اس قرارداد کے پاس ہونے کے بعد حضرت عمرؓ نے نہاوند کی جانب بھیجے جانے والے لشکر کی قیادت کی بابت دوبارہ مشورہ طلب کیا تمام اراکین نے یہ فیصلہ خلیفہ پر چھوڑ دیا ۔ حضرت عمرؓ نے "کسکر" کے گورنر حضرت نعمان بن مقرنؓ کا نام ان کے سامنے پیش کیا۔ تمام اراکین شوری نے

---

[1] ہیکل، فاروق اعظم، ص ۳۸۷

حضرت عمرؓ کے پیش کردہ نام کی ستائش کی اور اس کو منظور کر لیالہذا اس اجلاس میں دوسری قرارداد حضرت نعمان بن مقرنؓ کی بطور سپہ سالار تقرری کی منظور ہوئی پھر حضرت عمرؓ نے اس معرکے کے حوالے سے تفصیلی احکامات جاری کیے۔[1]

**اثرات:**

اس شورائی فیصلے کے اثرات کو حضرت علیؓ کے خطاب کی روشنی میں بخوبی سمجھا جا سکتا ہے کہ اگر حضرت عمرؓ یہ فیصلہ فرماتے کہ وہ خود میدان جہاد میں قیادت کے لیے تشریف لے جائیں گے تو اس سے مسلمانوں کا مرکز کمزور ہو جاتا اور سارے اسلامی خلافت میں بے چینی کی لہر دوڑ جاتی جس کے نتیجے میں ایرانیوں سے مقابلے کی بجائے اپنا ملک سنبھالنا مشکل ہو جاتا اور نئی شورشیں برپا ہو تیں کیونکہ عرب اقوام بذات خود موقع کی تلاش میں رہتے تھے جیسا کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات کے وقت موقع اور حالات کی نزاکت کا فائدہ اٹھاتے ہوئے کئی عرب قبائل مرتد ہو گئے اور کئی سارے جھوٹے مدعیان نبوت اٹھ کھڑے ہوئے جس کی وجہ سے خلافت صدیقیؓ میں مسلمانوں کو کئی چیلنجز کا سامنا رہالہذا حضرت عمرؓ کے مرکز چھوڑنے کی صورت میں اس قسم کے حالات کا دوبارہ وقوع پذیر ہونا بعید از قیاس نہ تھا کیونکہ خلیفہ مرکزیت کی علامت ہوتا ہے اور اس موقع پر خلیفہ کا بذات خود میدان میں نکلنا مرکزیت کی کمزوری کی علامت سمجھا جا سکتا تھا۔

اس فیصلے کا دوسرے پہلو اسلامی لشکر کے لیے کوفہ کی افواج کا چناؤ انتہائی دانشمندانہ فیصلہ ثابت ہوا کیونکہ اگر اہل شام کا چناؤ کرتے تو رومی شام پر حملہ کر سکتے تھے اور یمن کی افواج کو بھیجنے کی صورت میں حبشہ کی سرحد خطرات سے خالی نہیں تھی لہذا حضرت حذیفہ بن یمانؓ کی قیادت میں کوفہ کا لشکر اور حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کی قیادت میں بصرہ کا لشکر اور حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی قیادت میں انصار و مہاجرین کا لشکر معرکہ نہاوند کے لیے روانہ ہوا۔

اس شورائی فیصلے کا سب سے اہم حصہ قیادت کا انتخاب تھا جو کہ حضرت نعمان بن مقرنؓ کی تقرری کی صورت میں تھا یہ فیصلہ انتہائی شاندار ثابت ہوا کیونکہ حضرت نعمان بن مقرنؓ کی بہترین عسکری حکمت عملی سے مسلمانوں فتح سے ہمکنار ہوئے اور وہ اس معرکے میں خود بھی شہید ہوئے۔

حضرت نعمانؓ کی بہترین حکمت عملی کی چند واضح پہلو یہ تھے۔

- جنگ سے پہلے مکمل ریکی: حضرت نعمانؓ نے ایک دستہ میدان جنگ اور ارد گرد کے راستوں کی تحقیق اور تفتیش اور اس کے مکمل معائنے کے لیے بھیجا۔
- نہاوند سے باہر جنگ: نہاوند چونکہ ایک محفوظ شہر تھا اور اگر مسلمان اس کا محاصرہ کر کے بیٹھ جاتے تو یہ جنگ انتہائی طول پکڑ جاتی لہذا حضرت نعمانؓ نے انتہائی کامیاب داؤ پیچ سے دشمن کو اپنا مقام جنگ چھوڑنے پر مجبور کیا اور اسے گھسیٹ کر اپنے مقام تک لے آئے اور آمنے سامنے کی جنگ ان پر تھوپ دی۔

---

[1] ابن كثير ، **البداية و النهاية**، ج ۷ ، ص۱۲۲

- حملے کا وقت: تاریخ حضرت نعمانؓ کے مثالی تحمل اور حملے کے لیے مناسب وقت کے انتخاب میں ان کی مہارت و دانائی پر شاہد ہے وہ زوال افتاب کے بعد جب ہوائیں چلنے لگتیں تب حملہ کرتے تھے اور یہی طریقہ رسول اللہ کا ہوا کرتا تھا۔[1]

بنیادی طور پر یہ شورائی فیصلہ تین پہلوؤں پر مشتمل تھا

۱. حضرت عمر کا مدینہ نہ چھوڑنا۔

۲. اسلامی لشکر کے لیے کوفہ اور بصرہ کی افواج کا چناؤ۔

۳. لشکر کی قیادت کے لیے نعمان بن مقرنؓ کا انتخاب۔

اس معرکے کے اثرات میں سے ایک اہم بات یہ بھی ہے کہ دشمن کو آگے بڑھنے دینے کی بجائے بروقت شورائی فیصلے کے تحت اسلامی لشکر کے حملہ کرنے سے مسلمانوں کو نہاوند میں فتح حاصل ہوئی جس کے بعد عمائدین اور زعمائے فارس بھاگ بھاگ کر ہمدان، طبرستان اور اصفہان جا کر مسلمانوں سے صلح کی درخواست کرنے لگے[2] اور یکے بعد دیگرے مسلمان فتوحات سمیٹتے چلے گئے یعنی یہ معرکہ مشرق میں مسلمانوں کی فتوحات کا دروازہ ثابت ہوا۔

## کوفہ کی گورنری

حضرت عمرؓ کو کوفہ میں گورنری کے لیے کسی موزوں شخص کی تلاش تھی لہذا آپؓ نے مشاورت کے لیے صحابہ کرام کے سامنے اس مسئلے کو رکھا اور فرمایا: "مجھے مشورہ دو کہ اہل کوفہ پر کسے گورنر بنایا جائے" یا آپؓ نے فرمایا: اہل کوفہ کا اپنے امیر کے خلاف ان کے عدم تعاون اور بدسلوکی سے بچاؤ کے لیے مجھے راستہ کون بتائے گا؟ اگر میں کوئی نرم دل آدمی حاکم بناتا ہوں تو وہ اسے کمزور سمجھتے ہیں اور اگر کوئی سخت آدمی بناتا ہوں تو وہ اس کے خلاف بے ہودہ گوئی کرتے ہیں۔

اپنے مشورے کی پیچیدگی کو واضح کرتے ہوئے آپؓ نے فرمایا: "اے لوگو! ان دو آدمیوں کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے جن میں سے ایک کمزور ہے لیکن وہ متقی ہے اور دوسرا سخت ہے لیکن طاقتور ہے ان دونوں میں سے گورنری کے لیے زیادہ بہتر کون ہے؟" آپؓ کے سوال پر حضرت مغیرہ بن شعبہؓ نے فرمایا: امیر المؤمنین! کمزور کا اسلام تو صرف اسی کے لیے ہے لیکن اس کی کمزوری کا اثر مسلمانوں پر ہوگا اور طاقتور کی سخت گیری اس کی ذات تک محدود ہے البتہ اس کی طاقت سے آپ کو اور مسلمانوں کو فائدہ پہنچے گا چنانچہ حضرت عمرؓ نے مغیرہ بن شعبہؓ کی بات کی توثیق کی اور انہی کو کوفہ کا گورنر نامزد کر دیا۔[3]

---

[1] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص ۶۹۴

[2] محمد خضرمی، **اتمام الوفاء** (بیروت: مکتبة القافية ۱۹۸۲)، ص ۹۹ تا ۱۰۱

[3] العمری، **الولاية على البلدان**، ص ۱۷۳

اثرات:

حضرت عمر کے اس مشورے سے آپ کو ریاست کے انتہائی مشکل اور آزمائش والے علاقے کے لیے مناسب شخص مل گیا اور یہ فیصلہ اس قدر کارآمد ثابت ہوا کہ حضرت مغیرہؓ حضرت عمرؓ کی وفات تک کوفہ کے گورنر رہے اور اہل کوفہ نے پھر کسی قسم کی شرارت نہ کی۔

## نئے خلیفہ کا انتخاب

تاریخ انسانی میں نئے حکمران کے انتخاب کا عمل ہمیشہ سے ہی اہمیت کا حامل رہا ہے کیونکہ اس عمل سے ریاست اور مملکت کا مستقبل کمزور یا مضبوط ہوتا ہے۔نئے حکمران کے انتخاب میں کسی بھی ممکنہ تنازعے سے بچنے کے واسطے اس منصب کے لیے کسی اہل شخص کی تقرری لازم ہے جسکے لیے اسلام نے "شورائیت" کا راستہ اپنانے کا حکم دیا ہے سوجب اس راستے کو پس پشت ڈال کر خود ہی کوئی حکمران بن جائے یا چند افراد یا خاندان تسلط قائم کرلیں تو اس کے نتائج انتہائی سنگین ہوتے ہیں جو کہ سیاسی، اقتصادی، سماجی اور عسکری بحرانوں کی صورت میں ایک چیلنج کے طور پر ابھر کر سامنے آتے ہیں۔ اور تاریخ اسلامی میں اس طریقے کار سے ہٹ کر حکمرانوں کی تقرری کی وجہ سے مسلمانوں کو ناقابل تلافی نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ اسلام نے اسی بنیادی عنصر کو سب سے زیادہ اہمیت دی ہے اور قرآن مجید میں واضح حکم دیا گیا ہے "وأمرهم شورى بينهم "

ترجمہ: اور انکا کام آپس میں مشورہ کرنا ہے۔

چنانچہ اس اہمیت کو برقرار رکھنے کے لیے حضرت رسول اللہ ﷺ نے صریح الفاظ میں کسی کو خلیفہ منتخب نہیں کیا تھا۔ سقیفہ بنی ساعدہ میں حضرت ابو بکرؓ کے نام پر تمام مسلمان متفق ہوگئے اور ان کے ہاتھ پر بیعت کرلی کیونکہ تمام صحابہ حضرت ابو بکرؓ کی افضلیت اور اسلام لانے میں ان کی سبقت اور قربانی کے معترف تھے لہذا حضرت ابو بکرؓ کے انتخاب پر سب کا اتفاق ہوگیا۔ حضرت علیؓ کا حضرت ابو بکرؓ کی بیعت میں تامل بھی اسی وجہ سے تھا کہ ہمیں مشورے میں شامل نہیں کیا گیا۔ سو اس سے معلوم ہوا کہ اسلام میں نئے حکمران کے انتخاب کے لیے عوامی رائے اور رضامندی کے مطابق فیصلہ کرنا عوامی نمائندوں یعنی اراکین شوری پر لازم ہے اس کے تفصیلی دلائل تعارف کے باب میں گزر چکے ہیں۔[1]

حضرت ابو بکرؓ نے اپنی وفات کے وقت حضرت عمرؓ کی نامزدگی بھی عوامی آراء اور بزرگان امت کی مکمل اتفاق کے بعد کی جس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ کا انتخاب بھی مکمل طور پر شورائی طریقہ کار کے مطابق تھا۔

حضرت عمرؓ کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ انہوں نے خاص طور پر نئے خلیفہ کے انتخاب کے لیے ایک ایسے طریقے کار کی بنیاد رکھی جو "أمرهم شورى بينهم" کے اصول پر استوار تھی۔

---

[1] تفصیل کے لئے دیکھئے اس مقالہ کا باب اول کی ذیلی فصل ثانی۔

اگر غور کریں تو یہ طریقہ کار حضرت عمرؓ نے معاصر دنیا سے بالکل مختلف اور بے مثال اپنایا تھا جو کہ اس وقت دنیا میں کہیں پر رائج نہیں تھا اور ارد گرد کی تمام مشہور ریاستیں تقریباً موروثی نظام پر چل رہی تھیں۔

علامہ شبلی نعمانی لکھتے ہیں: "حضرت عمرؓ کی حکومت جمہوری حکومت تھی جبکہ گردوپیش کی حکومتیں جمہوری نہ تھیں۔ ایران میں تو سرے سے کبھی یہ مذاق ہی پیدا نہیں ہوا، روم البتہ کسی زمانے میں اس شرف سے ممتاز تھا لیکن حضرت عمرؓ کے زمانے سے پہلے وہاں شخصی حکومت قائم ہو چکی تھی"[1]

اس کے علاوہ برصغیر مختلف خاندانوں کی جاگیروں میں بٹا ہوا علاقہ تھا جس میں راجہ و مہاراجہ کی چھوٹی چھوٹی سلطنتیں تھیں اور وہ بھی موروثی بنیادوں پر چل رہی تھیں چنانچہ حضرت عمرؓ کے اس عمل کی معاصر اور ماقبل تاریخ میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔

## حضرت عمرؓ کی جدت طرازی

حضرت عمر بن خطابؓ نے موت و حیات کی کشمکش میں نئے خلیفہ کے انتخاب کا ایسا جدید طریقہ اختیار کیا جو ان سے پہلے کسی نے نہ اختیار کیا تھا اور یہ جدت طرازی اس بات کی غماز ہے کہ آپؓ کو اسلامی سلطنت کو چلانے میں عمیق سیاسی بصیرت حاصل تھی۔

جب آپؓ بستر مرگ پر تھے تو آپؓ سے اسی طرح مطالبہ کیا گیا جس طرح حضرت ابو بکرؓ سے مطالبہ کیا گیا تھا کہ اپنے بعد کسی کو خلیفہ نامزد کر دیں۔ آپؓ نے کچھ دیر خاموشی سے غور و فکر کیا اور اس نتیجے پر پہنچے کہ وقت کا تقاضا یہ ہے کہ نامزدگی کا کوئی دوسرا اصول وضع کیا جائے تو ان تقاضوں کو پورا کر سکے۔ چنانچہ آپؓ نے کسی ایک شخص کی نامزدگی کے بجائے اس معاملے کو مجلس شوری کے سپرد کر دیا اور پہلی دفعہ باقاعدہ طور پر ایک نئے خلیفہ کے انتخاب کے لئے منظم مجلس شوری تشکیل دے دی گئی۔[2]

## اراکین شوری

حضرت عمرؓ نے جن افراد کی مجلس شوری بنائی ان کے بارے میں فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ جب اس دنیا سے تشریف لے گئے تو آپ ﷺ ان لوگوں سے راضی تھے لہذا خلافت پر سب سے زیادہ انہی کا حق ہے پھر آپؓ نے ان افراد کو نامزد کیا: علی ابن طالب، عثمان بن عفان، زبیر بن عوام، طلحہ بن عبید اللہ، سعد بن ابی وقاص، عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہم[3]

ترتیب سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپؓ نے عشرہ مبشرہ صحابہ کرام کا انتخاب کیا لیکن آپؓ نے حضرت سعید بن زیدؓ کو اس مجلس میں شامل نہیں فرمایا کیونکہ وہ بنو عدی سے تھے اور حضرت عمرؓ کو یہ خدشہ لاحق ہوا کہ ان کو بنو عدی سے ہونے کی وجہ سے امارت کے لیے نہ چن لیا جائے۔[4]

---

[1] نعمانی، الفاروق، ص۱۷۹

[2] القرشي ،**اوليات الفاروق السياسية**(دار الوفاء للطباعة و النشر و التوزيع) ، ص ٣

[3] البيهقي ، **السنن الكبرى** ، ج ٨، ص ٢٥٩

[4] ابن کثیر، **البداية و النهاية** ،ج ٧ ص ١٥٥

## غیر جانبداری

شورائی فیصلے میں حضرت عمرؓ نے مکمل طور پر غیر جانبداری کا مظاہرہ کیا۔ اوپر مذکور روایت میں سعید بن زیدؓ کو بنو عدی میں سے ہونے کی وجہ سے شامل نہیں فرمایا۔ اسی طرح اپنے فرزند حضرت عبداللہ بن عمرؓ کو باوجود جلیل القدر صحابہ کرام میں سے ہونے کے اس میں شامل نہیں فرمایا۔ حضرت عمرؓ نے اپنے فرزند کو محض ایک فیصل کے طور پر شامل کرنے کا حکم دیا اور اس شمولیت کو ان کے لیے تعزیت قرار دیا گیا۔[1] حضرت عمرؓ کی غیر جانبداری کا ایک پہلو یہاں بھی دیکھا جا سکتا ہے کہ خلافت کی نامزدگی کے لیے جن چھ افراد کی مجلس شوریٰ بنائی تھی ان میں سے کسی کو اپنی جگہ امامت کا حق نہیں دیا تھا تاکہ کہیں ایسا نہ ہو کہ نماز کی امامت استحقاق خلافت کی علامت بن جائے۔ چنانچہ خلیفہ کے انتخاب تک حضرت صہیبؓ کو امامت کا حکم دیا گیا اور حضرت عمرؓ اور دیگر صحابہ کی نگاہ میں حضرت صہیبؓ کی قدر و منزلت مسلم تھی اور حضرت عمر فاروقؓ نے ان کے بارے میں فرمایا: "صہیب کتنا اچھا آدمی ہے اس کے دل میں اللہ کا ڈر ہے وہ اس کی نافرمانی نہیں کرتا"[2]

علامہ شبلی نعمانی نے اپنی کتاب الفاروق میں حضرت عمر کی خلافت کو جمہوری خلافت قرار دیا ہے کہ جس میں عوام کی حمایت و رضا سے پالیسیاں طے کی جاتی تھیں لیکن اس کے ساتھ ہی انہوں نے یہ لکھا کہ اپنے بعد خلیفہ کے انتخاب میں شوریٰ کی بجائے حضرت عمرؓ نے حضرت علی بن ابی طالبؓ کے انتخاب کی جانب جھکاؤ ظاہر کیا ہے۔[3] مقالہ نگار کی رائے کے مطابق یہ بات درست نہیں ہے کیونکہ اگر حضرت عمرؓ جھکاؤ ظاہر کرتے تو پھر شورائیت کا مقصد باقی نہیں رہتا چنانچہ صحیح روایت کے مطابق حضرت عمرؓ نے ان چھ معزز اشخاص میں سے حضرت سعدؓ کے بارے میں فرمایا کہ اگر امارت کو ان کے سپرد کیا گیا تو ان کو دے دینا وگرنہ جس کو بھی تم مقرر کرو اس کی مدد حضرت عمرؓ نے ان تمام ارکان کو بلا کر اہم ترین نصیحت فرمائی: "اے علی! اگر تمہیں امیر بنایا جائے تو اللہ سے ڈرنا اور بنو ہاشم کو لوگوں کی گردنوں پر سوار نہ کرنا ایک دوسری روایت کے مطابق اے علی! بنی ابی رکانہ کو لوگوں کی گردنوں پر سوار مت کرنا اور عثمان! اگر تمہیں امارت سونپ دی جائے تو اللہ سے ڈرتے رہنا اور ابن ابی معیط کو لوگوں کی گردنوں پر سوار مت کرنا اور اے عبدالرحمن! اگر تمہیں امارت سونپ دی جائے تو اپنے رشتہ داروں کو لوگوں کی گردنوں پر سوار مت کرنا پھر فرمایا جاؤ اور آپس میں مشاورت کرو"۔[5]

## خلیفہ کے انتخاب کے لیے درکار ووٹ

حضرت عمرؓ نے انتخاب کے لیے چھ میں سے اکثریت کی رائے کو حتمی قرار دیا اور یہ وضاحت فرما دی کہ اگر اکثریت کی بجائے دونوں طرف ووٹ برابر ہو جائیں تو عبداللہ بن عمرؓ کی رائے کو مان لینا اگر اس پر متفق نہ ہو سکو تو پھر اس گروپ کی رائے کا فیصلہ حتمی ہو گا جس

---

[1] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص۸۱۶

[2] ایضاً، ص۸۲۶

[3] شبلی نعمانی، **الفاروق**، ص۱۶۸

[4] البیهقی ، **السنن الکبری** ، ج ۸، ص۲۵۹

[5] عبد الرزاق ،**مصنف عبد الرزاق** ، ج۵ ص ۴۸۱

کے ساتھ حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ ہوں گے۔[1] آپؓ نے اس مسئلے میں یہ صراحت بھی فرمادی کہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی حیثیت محض مشیر کی ہوگی ان کو امارت کے لیے منتخب نہیں کیا جاسکے گا۔[2]

## مدت انتخاب

حضرت عمرؓ نے انتخابی مدت تین دن مقرر کی تھی اور یہ مدت اپنے مقصد کے لیے کافی تھی کیونکہ انتخابی مدت میں زیادہ موقع دینا اختلاف کو ہوا دینے کے مترادف تھا چنانچہ آپؓ نے سختی سے کہا تین کے بعد چوتھا دن نہ آنے پائے کہ تمہارا امیر مقرر ہو جائے۔[3]

## مجلس شوری کی (انتخابی عمل کے دوران) حفاظت و نگرانی

حضرت عمرؓ نے ابو طلحہ انصاریؓ کو بلایا اور ان سے کہا: اے ابو طلحہ! اللہ نے تم لوگوں کے ذریعے اسلام کو سربلند کیا۔ اپنے قبیلے کے ۵۰ انصاری صحابہ کو ساتھ لے کر اس جماعت کی نگرانی کرنا یہاں تک کہ یہ لوگ اپنے میں سے کسی کو امیر منتخب کر لیں۔ اس کے علاوہ حضرت مقداد بن اسودؓ سے فرمایا: جب تم لوگ مجھے میری قبر میں رکھ دو تو اس چھ رکنی جماعت کو گھر میں بند کر دینا یہاں تک کہ یہ لوگ اپنے آپ میں سے کسی کو امیر منتخب کر لیں۔[4]

## مجلس شوری کے انتخاب کی قانونی حیثیت

حضرت عمرؓ نے معاملہ خلافت چھ لوگوں کے سپرد کر کے واضح کر دیا کہ جسے یہ لوگ خلیفہ منتخب کر لیں تم اس کی اطاعت کرنا اور جو کوئی ان کی مخالفت کرے اسے قتل کر دو۔[5]

سیدنا عمرؓ کا یہ حکم رسول اللہ ﷺ کے فرمان کے موافق تھا۔

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: من اتاكم و أمركم جميع على رجل واحد يريد أن يشق عصاكم أو يفرق جماعتكم فاقتلوه[6]

ترجمہ جو شخص تمہارے پاس آئے اس حال میں کہ تم اپنے میں سے کسی کی امارت پر متفق ہو چکے ہو اور وہ آکر تمہارے اتحاد کو پارہ پارہ کرنا چاہتا ہو اور تمہاری جماعت کو گروہوں میں تقسیم کرنا چاہتا ہو تو اسے قتل کر دو۔

آپؓ زندگی کے اخری لمحات میں بھی جبکہ زخموں سے چور اور جان کنی عالم میں تھے مسلمانوں کے معاملات کو بہتر سے بہتر بنانے سے غافل نہ ہوئے اور ایسے شورائی نظام کی بنیاد رکھی جسے آپؓ سے پہلے کسی نے انجام نہ دیا تھا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ شورائی نظام کو ثبوت قران و سنت میں موجود ہے اور رسول اللہ ﷺ اور ابو بکر صدیقؓ نے اسلامی معاشرے میں اس کا عملی نفاذ کیا ہے اس لیے اصل دلیل کی رو سے حضرت عمرؓ کے عمل کو بدعت نہیں کہا جاسکتا ہے البتہ آپؓ کی جدت طرازی یہ رہی کہ آپؓ نے شورائی نظام کو ایک اصولی

---

[1] الطبری، **تاريخ الطبرى** ، ج ۴ ، ۲۳۰

[2] ایضا

[3] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص۸۱۶

[4] الطبری ، **تاريخ الطبرى** ، ج ۴ ، ص ۲۲۹

[5] البيهقى ، **السنن الكبرى** ، ج۸ ، ص ۲۵۹ ، ح ۱۶۵۸۰

[6] مسلم ، **صحيح مسلم** ، كتاب: الامارة ، باب :حكم من فرق امر المسلمين وهو مجتمع ، ح ۴۷۹۸

شکل دے دی کہ اسی بنیاد پر خلیفہ کا انتخاب عمل میں آئے گا اور اصولی شکل یہ تھی کہ شورائیت کے لیے مخصوص تعداد میں مخصوص لوگوں (اصحاب حل و عقد) کو منتخب کیا بس یہی جدت طرازی رسول اللہ ﷺ اور عہد صدیقیؓ میں نہ تھی جسے سب سے پہلے حضرت عمرؓ نے انجام دیا اور یہ طریقہ بہت ہی بہتر رہا کیونکہ اس وقت صحابہ کرام کے جو حالات تھے ان کے لیے اس سے بہتر اور کوئی مناسب طریقہ کار نہ تھا۔[1]

## مجلس شوریٰ کا اجلاس

مجلس شوریٰ کے انتخابی اجلاس کے حوالے سے روایات میں اختلاف موجود ہے البتہ مقالہ کے عنوان کے اعتبار سے مقالہ نگار صرف شورائی عمل کو واضح کرنے والی روایت نقل کرے گا۔ اس ضمن میں تمام روایات کو سامنے رکھتے ہوئے مختصراً اجلاس کا احوال ذکر کیا جارہا ہے۔

حضرت عمرؓ کی تدفین سے فارغ ہو کر اراکین شوریٰ حضرت مسور بن مخرمہؓ کے گھر جمع ہوئے۔ بعض روایات میں ہے بیت المال میں اور بعض روایات میں ہے کہ حجرہ عائشہ میں جمع ہوئے بہر حال اراکین شوریٰ کا اجلاس شروع ہوا اور حضرت ابو طلحہ انصاریؓ نے نگرانی کی ذمہ داری سنبھال لی۔

اجلاس میں پہلے دو دن شدید گرما گرمی ہوئی اور تیسرے دن حضرت عبد الرحمن بن عوفؓ نے ایک نئی تجویز پیش کی اور ایک روایت کے مطابق حضرت عبد الرحمن بن عوفؓ نے پہلے دن ہی معاملے کو سنبھال لیا تھا بہر حال انہوں نے سب سے کہا کہ تم میں سے کون ہے جو اپنے سے بہتر و افضل کے حق میں خلافت سے دستبردار ہونے کو تیار ہے؟ سب خاموش رہے کسی نے جواب نہ دیا یہاں تک کہ انہوں نے خود بولا کہ میں خلافت سے دستبردار ہوتا ہوں پھر حضرت عثمان، سعد اور زبیرؓ نے بھی کہا کہ ہم تیار ہیں لیکن حضرت علیؓ خاموش رہے۔ حضرت عبد الرحمنؓ نے پوچھا: اے ابو الحسن! تم کیا کہتے ہو حضرت علیؓ نے ان سے یہ عہد لیا کہ آپ حق کو ترجیح دیں گے ذاتی خواہش اور رشتہ داری کا لحاظ نہیں کریں گے اور امت کو نصیحت کرنے میں سستی اور کوتاہی سے کام نہیں لیں گے۔ حضرت عبد الرحمنؓ نے فرمایا: تم لوگ مجھ سے اس بات کا عہد کرو کہ حالات جو بھی رخ اختیار کریں تم میرے ساتھ رہو گے اور میں جسے خلیفہ منتخب کروں گا اسے منظور کر لو گے تو میں یہ وعدہ کرتا ہوں کہ میں کسی رشتہ دار کو رشتہ داری کی بنیاد پر منتخب نہیں کروں گا اور نہ امت کی بھلائی میں کوتاہی کروں گا چنانچہ سب نے وعدہ کر لیا۔

حضرت عبد الرحمن بن عوفؓ خود کو خلافت کی امیدواری سے دستبردار کر کے اپنی توجہ اس بات پر مرکوز کر لی کہ وہ جسے امیر منتخب کریں مسلمان متحدہ طور پر اسے اپنا امیر تسلیم کر لیں چنانچہ امیدواران کے دائرہ تنگ کرنا شروع کر دیا۔ حضرت زبیرؓ، حضرت علیؓ کے حق میں دستبردار ہو گئے اور حضرت طلحہؓ کا حق حضرت عثمانؓ کے لیے چھوڑ دیا گیا اور حضرت سعدؓ نے اپنا حق حضرت عبد الرحمن عوفؓ کے سپرد کر دیا۔ حضرت عبد الرحمنؓ چونکہ پہلے ہی اپنے حق سے دستبردار ہو گئے تھے تو لہذا بات صرف حضرت علیؓ اور عثمانؓ کے درمیان رہ گئی

[1] القرشی ، **اولیات الفاروق السیاسیة** ، ص ۱۲۷

تھی اور ان میں سے کسی ایک کا انتخاب حضرت عبد الرحمن بن عوفؓ کے اختیار میں تھا۔ حضرت عبد الرحمن بن عوفؓ نے حضرت علیؓ کو تنہائی میں پوچھا کہ اگر آپ کو کسی وجہ سے اس مجلس شوری میں شامل نہ کیا جاتا تو آپ اس میں سے کس کو خلافت کا زیادہ اہل سمجھتے ہیں تو انہوں نے کہا: عثمان کو! پھر حضرت عبد الرحمن بن عوفؓ نے اسی طرح عثمانؓ سے پوچھا تو انہوں نے کہا: علیؓ کو!

اس کے بعد حضرت عبد الرحمن بن عوفؓ نے مدینہ میں نکل کر صحابہ کرام، امراءِ لشکر اور رؤساء قوم سے ملاقاتیں شروع کیں اور لوگوں کی ان دونوں اصحاب کے بارے میں رائے معلوم کی۔ انہوں نے دیکھا کہ اکثریت حضرت عثمانؓ کے ساتھ ہے چنانچہ رات کے آخری پہر آپؓ نے دونوں بزرگوں کو بلایا اور عہد لیا کہ جسے امیر منتخب کیا جائے گا وہ عدل اختیار کرے گا اور جس پر امیر مقرر کیا جائے وہ اس کی اطاعت کرے گا۔ حضرت عبد الرحمنؓ نے صبح لوگوں میں منادی کرادی۔ جب لوگ جمع ہو گئے تو عبد الرحمان بن عوفؓ نے ممبر پر چڑھ کر لوگوں کے سامنے نئے خلیفہ کے طور پر حضرت عثمان بن عفانؓ کا اعلان کیا اور سب سے پہلے خود ان کی بیعت کی پھر حضرت علیؓ نے بیعت کی۔[1، 2]

مؤرخین نے اس موقع پر کئی ایسی روایات ذکر کی ہیں جو صحابہ کرام کے قبائلی عصبیت کے اظہار پر دلالت کرتی ہیں البتہ ان تمام روایات کو بیان کرنے کے بعد، مؤرخ ہیکل ان تمام روایات کو مردود قرار دیتے ہیں۔[3]

ڈاکٹر الصلابی نے بھی اپنی کتاب "عثمان بن عفان کی شخصیت و کارنامے" میں تفصیل کے ساتھ ان روایات کی بطلان پر بحث کی ہے کہ کیوں یہ روایات قابل اعتبار نہیں ہیں۔[4]

خلاصہ بحث یہ ہے کہ حضرت عمرؓ نے سب سے قابل افراد پر مشتمل مجلس شوری بنائی جنہوں نے آپس میں بغیر کسی اختلاف کے پر امن طریقے سے خلیفہ کے انتخاب کے عمل کو مکمل کیا اور امت کو انتشار و فساد سے محفوظ رکھا۔

### اثرات:

**عدم اختلاف :** حضرت عمرؓ کا خلیفہ کے چناؤ کے لیے مجلس شوری کا قیام ان کی گہری سیاسی بصیرت رکھنے والے سیاستدان ہونے کی علامت تھی۔ آپؓ اس خطرے کو بھانپ چکے تھے کہ بغیر مشاورت کے خلیفہ کے نامزدگی ایک بڑے اختلاف کو جنم دے سکتی ہے لہذا آپؓ نے دور اندیشی سے کام لیتے ہوئے شورائیت تمام اہل افراد کے درمیان لازم کردی تاکہ کسی قسم کا اختلاف واقع نہ ہو سکے اور شورائیت کے بغیر خلیفہ کے انتخاب سے اختلاف کا پیدا ہونا محال نہ تھا۔ اس کی سب سے بڑی دلیل سقیفہ بن ساعدہ میں حضرت ابو بکرؓ کی بیعت تھی جس میں حضرت علیؓ یا بنو ہاشم کے کسی فرد سے مشاورت نہ کی گئی اسکا نتیجہ حضرت علیؓ کی ناراضگی کی صورت میں سامنے آیا تھا اور انہوں حضرت ابو بکر صدیقؓ کی ہاتھ پر بیعت نہ کی جسکی وجہ سے بنو ہاشم بھی بیعت کرنے سے ہچکچاتے رہے۔ بالآخر چھ ماہ بعد حضرت

---

[1] ہیکل، **فاروق اعظم**، ص۷۴۳

[2] بخاری ، **الجامع الصحیح** ، کتاب : کتاب : فضائل اصحاب النبی ، باب : قصة البیعة ،ح ۳۷۰۰

[3] ہیکل، **فاروق اعظم**، ص۷۴۵

[4] الصلابی، علی بن محمد، **عثمان بن عفان شخصیت وکارنامے**، مترجم: شمیم احمد خلیل سلفی، (ریاض: مکتبۃ دار الفرقان)، ص۱۰۸

علیؓ نے واضح کیا کہ میں کسی حسد کی وجہ سے بیعت سے پیچھے نہیں رہابلکہ ہمارا حق تھا کہ مشاورت میں ہمیں شامل کیا جاتا لہذا اب میں آپؓ کے ہاتھ پر بیعت کرتا ہوں۔[1]

حضرت عمرؓ کے شورائی طریقہ کار کا سب سے بڑا اور پہلا فائدہ یہ ہوا کہ شورائی فیصلے کے بعد اس قسم کا کوئی اختلاف رونما نہ ہوا بلکہ حضرت علیؓ نے سب سے پہلے حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ کے بعد حضرت عثمانؓ کے ہاتھ پر بیعت کی[2] اور یہ معاملہ بغیر کسی اختلاف کے نہایت خوش اسلوبی سے طے پا گیا۔

**راست فیصلہ:** خلیفہ کے چناؤ کے لیے بنائی گئی شورائی کمیٹی کے اثرات میں سے دوسرا اہم ترین اثر شورائی کمیٹی کی اکثریت کے مطابق فیصلہ تھا جسکی وجہ سے عوامی اکثریت کی بھی ان پر رضامندی واضح ہوئی۔

**خلیفہ اور رعایا کے درمیان اعتماد کی فضا:** اگر خلیفہ کو بغیر شورائیت کے منتخب کر لیا جاتا تو عوام اور خلیفہ کے درمیان اعتماد کا فقدان پیدا ہو جاتا اور اطاعت و فرمانبرداری اور کار سرکار کی انجام دہی میں اضطراب و تشویش پیدا ہو جاتی چنانچہ شورائی عمل کے بہترین اثرات میں سے ایک یہ ہوا کہ ایسا خلیفہ منتخب ہو گیا جو عوامی رائے کی اکثریت کے مطابق اس منصب کا زیادہ حقدار تھا اور اس کی اطاعت و فرمانبرداری پر سب نے اتفاق کر لیا۔

**قابلِ تقلید:** قران حکیم کے اعلان کے مطابق صحابہ کرام معیار ایمان ہیں[3] اور قران مجید میں شورائیت کو مومن کی صفات میں سے ایک صفت کے طور پر ذکر کیا گیا ہے[4] چنانچہ معیار ایمان جماعت صحابہ کرام نے خلافت راشدہ میں نئے خلیفہ کے انتخاب کا بہترین شورائی اصول وضع کر دیا جو خالصتاً شرعی اصول پر بنایا ہوا طریقہ کار تھا اور یہ بعد والوں کے لیے مشعل راہ بنا۔

**اہل ترین افراد کی چناؤ کے اثرات:**

حضرت عمرؓ نے امت کے سب سے قابل ترین افراد کی جماعت کو شورائیت کے لیے چنا جو علم و فضل میں، فقہ و بصیرت میں اور حکمت و دانائی میں سب سے نمایاں تھے چنانچہ ان افراد نے اس نازک موقع پر جو حکمت و دانائی کا مظاہرہ کیا ان میں سے سرفہرست عبدالرحمن بن عوفؓ تھے اور باقی اراکین نے اپنی اپنی امارت کی حرص میں پڑنے کی بجائے امارت کا معاملہ نہایت عمدہ اور احسن طریقے سے حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ کے سپرد کر دیا۔

ذیل میں حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ جیسی شخصیت کی شوری میں شمولیت سے سامنے آنے والے اثرات کو ذکر کیا جارہا ہے۔

حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ نے شوری کی تنفیذ میں جو طریقہ اختیار فرمایا وہ بلندی عقل، شرافت نفس اور جذبہ ایثار و قربانی کا واضح ثبوت ہے۔ آپؓ نے مسلمانوں کی عام مصلحت کو ذاتی مصلحت اور شخصی نفی پر ترجیح دی اور برضا و رغبت عظیم ترین منصب کو خیر آباد کہا

---

[1] البخاری ، **الجامع الصحیح** ، کتاب المغازی ، باب : غزوة خیبر ، ح ۴۲۴۰

[2] البخاری ، **الجامع الصحیح** ، کتاب: فضائل اصحاب النبی ، باب : قصة البیعة ، ح ۳۷۰۰

[3] البقرة : ۱۳۷

[4] الشوری : ۳۸

جس کے لیے دنیا میں انسان انتہائی حریص ہوتا ہے۔ آپؓ نے یہ ایثار و قربانی اس لیے پیش کی کہ تاکہ مسلمان متحد رہیں اور ان کا شیرازہ منتشر نہ ہونے پائے اور آپؓ نے منظم شوری کے مظاہر میں سے پہلا مظہر خلیفہ کے انتخاب کی شکل میں حاصل کر لیا۔ آپؓ نے بڑی بردباری، انتظار و مہلت، صبر و عزم اور حسن تدبیر کا مظاہرہ کیا جس کے نتیجے میں اس عظیم ذمہ داری کی ادائیگی میں کامیابی سے ہمکنار ہوئے اس سلسلے میں جو طریقہ آپؓ نے اختیار کیا وہ اس طرح تھا۔

- مجلس شوری کے اول اجتماع میں اپنے پروگرام کو پیش کیا اور تمام ممبران شوری کو اس بات پر آمادہ کرنے میں کامیاب ہو گئے کہ وہ اپنی اپنی رائے پیش کریں اس طرح ہر ایک کا نقطہ نظر کو معلوم کر لیا اور پھر اپنا سفر دلائل و ثبوت کی روشنی میں آگے بڑھایا۔
- حق خلافت سے خود تنازل اختیار کر لیا تاکہ لوگوں کے دلوں میں کسی طرح کا شک و شبہ اور بدگمانی نہ پیدا ہو سکے اور لوگوں کا اعتماد بحال رہے۔
- ممبران شوری میں سے ہر ایک کے خیالات و تصورات کو معلوم کرنے میں لگے رہے اور مختلف پہلوؤں سے ان سے گفت و شنید کرتے رہے یہاں تک کہ جزوی انتخاب تک پہنچنے میں کامیابی حاصل کر لی جس میں حضرت عثمانؓ کے حق میں حاضرین کی اکثریت کی رائے نمودار ہوئی۔
- عثمان و علیؓ میں سے ہر ایک سے دوسرے کے بارے میں دوسرے ممبران شوری کے مقابلے میں حیثیت محروم کرنے کی کوشش کی جس میں آپؓ اس نتیجے پر پہنچے کہ دونوں ہی ایک دوسرے کو دیگر ممبران شوری کے مقابلے میں ترجیح کے قائل ہیں اور اس کے مقابلے میں کسی اور کو درجہ نہیں دیتے۔
- مجلس شوری سے باہر ہر خاص و عام کی رائے معلوم کرنی شروع کی، دیکھا کہ بیشتر لوگ عثمانؓ کے برابر کسی کو نہیں سمجھتے چنانچہ ان سے بیعت خلافت کی اور پھر تمام لوگوں نے عثمان سے بیعت کی۔[1]

**امام ذہبی فرماتے ہیں:** "ومن أفضل أعمال عبد الرحمن عزله نفسه من الأمر وقت الشورى، واختياره للأمة من أشار به أهل الحل والعقد، فنهض في ذلك أتم نهوض على جمع الأمة على عثمان، ولو كان محابيا فيها لأخذها لنفسه، أو لولاها ابن عمه، وأقرب الجماعة إليه، سعد بن أبي وقاص"

ترجمہ: "عبد الرحمن بن عوف کے افضل ترین اعمال میں سے شوری کے وقت اپنے آپ کو حق خلافت سے دستبردار کرنا اور اہل حل و عقد نے جس کا مشورہ دیا اس کو امت کے لیے بحیثیت خلیفہ منتخب کرنا ہے اس سلسلے میں آپؓ نے امت کو عثمان پر جمع کرنے میں بڑی کامیابی

[1] الصلابی، علی بن محمد، **عثمان بن عفان شخصیت و کارنامے**، مترجم: شمیم احمد خلیل سلفی، (ریاض: مکتبۃ دار الفرقان) ص۱۰۸

حاصل کی اگر وہ اس سلسلے میں حق سے گریز کرتے اور ترجیح نفس کا شکار ہوتے تو آپؓ خود اس منصب کو اپنے لیے حاصل کر لینا یا اپنے چچا زاد بھائی اور ممبران شوری میں سب سے قریبی حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کو منتخب فرما دیتے"[1]

اس طرح خلفائے راشدین کے دور میں شوری کی دوسری شکل سامنے آئی وہ یہ کہ مجلس شوری عام لوگوں سے مشورہ لے کر اپنے میں سے کسی ایک کو خلیفہ منتخب کر لے اور پھر عام بیعت ہو۔

[1] الذهبی ،شمس الدین ، **سیر اعلام النبلاء**، ج ۱، ص ۸۶

# فصل ثالث: عدلیہ میں شورائیت اور اسکے اثرات

## تمہید

حضرت عمرؓ کے زمانہ خلافت کی خصوصیات میں سے ایک خصوصیت عدلیہ کے محکمہ کی ترقی ہے۔ حضرت عمرؓ وہ پہلے خلیفہ تھے جنہوں نے محکمہ قضا کو ایک الگ ادارہ بنایا۔ اس کی سب سے بنیادی وجہ یہ تھی کہ اسلامی سلطنت کا دائرہ وسیع ہونے کی وجہ سے امراء اور گورنران کے سرکاری کاموں میں تنوع اور عوام کی باہمی تنازعات اور اختلافات میں اضافہ ہوتا جارہا تھا چنانچہ حضرت عمرؓ نے مستقل قاضی اور جج حضرات مقرر کیے جن کا سرکاری امور سے کوئی تعلق نہ ہوتا تھا بعض علاقوں میں حضرت عمرؓ خود کوئی قاضی مقرر فرماتے اور بعض علاقوں کے گورنر کو یہ اختیار سونپ دیتے کہ وہ اپنی مرضی سے اپنے ماتحت علاقوں میں قاضی مقرر کرے۔

حضرت عمرؓ نے محکمہ قضا کو الگ ادارے کی حیثیت دینے کے بعد کبھی بھی اس سے لاپرواہی نہیں برتی بلکہ باقاعدہ اس کی خبر لیتے رہتے، قاضیوں کی کارکردگی کا جائزہ لیتے اور انہیں فیصلوں کے حوالے سے باقاعدہ احکامات جاری کرتے علاوہ ازیں عدالتی دائرہ کار طے کرنا خلیفہ کی صوابدید ہوتی تھی جیسا کہ آپؓ نے تمام مملکت کی امراء اور وقضاۃ کو یہ حکم جاری کیا : لا تقتلوا أحدا إلا بإذني [1]

ترجمہ: میری اجازت کے بغیر کسی کو قتل کی سزا نہیں دینی۔

اگر کوئی قاضی ایسا فیصلہ کر دیتا جو خلیفہ کی رائے کے برخلاف ہوتا تو حضرت عمرؓ ان کے فیصلے سے اختلاف کے باوجود دخل اندازی نہیں کیا کرتے تھے ایک مرتبہ آپؓ ایک شخص سے ملے آپؓ نے اس سے پوچھا تمہارے قضیے کا کیا ہوا؟ اس نے کہا کہ میرے مسئلے میں حضرت علیؓ اور زید بن ثابتؓ نے یہ فیصلہ کیا ہے۔ حضرت عمر نے فرمایا: اگر میں فیصلہ کرتا تو ایسے فیصلہ کرتا۔ اس شخص نے جواب دیا: امیر المومنین آپ کو کیا امر مانع ہے؟ آپ کے پاس حکومت ہے (یعنی آپ فیصلہ تبدیل کرسکتے ہیں) حضرت عمرؓ نے فرمایا: اگر میرے پاس اس فیصلے کو رد کرنے کے لیے قران وسنت کی کوئی دلیل ہوتی تو میں ضرور رد کرتا لیکن میری تو صرف رائے ہے اور آراء سب مشترک ہیں چنانچہ آپؓ نے حضرت علیؓ اور زیدؓ کے فیصلے میں کوئی مداخلت نہیں کی۔ [2]

خلافت راشدہ میں قاضی حضرات شہری حقوق اور شخصی قوانین کے فیصل ہوا کرتے تھے اور قصاص وحدود کے بارے میں خلیفہ اور امراء ریاست فیصلہ کیا کرتے تھے لہذا ان دونوں معاملات میں فیصلہ کرتے وقت خلیفہ اور گورنر کے موافقت ضروری ہوتی تھی۔ [3]

---

[1] البیهقی ، **السنن الكبرى** ، ج ۸ ، ص۴۱۰

[2] الزحيلي، محمد ،**تاريخ القضاء فى الاسلام** ( بيروت: دار الفكر المعاصر ۱۹۹۵) ،ص ۱۳۰

[3] العمری ،اكرم ضياء، **عصر خلافة الراشدة محاولة لنقد الرواية لالتاريخية مة لموافق مناهج المحدثين** (بيروت، لبنان: مكتبة دار العبيكان۱۴۱۴ھ)، ص ۱۵۹

محکمہ قضا کے لیے کوئی جگہ خاص نہیں ہوتی تھی قاضی حضرات مسجدوں میں یا اپنے گھر میں عدالت لگایا کرتے تھے البتہ آخری وقت میں حضرت عمرؓ نے قاسم بن عبدالرحمن کو یہ حکم جاری کیا تھا کہ تم مسجد میں عدالت مت لگایا کرو کیونکہ تمہارے پاس حائضہ اور جنبی افراد آتے ہیں۔[۱]

حضرت عمرؓ کے عدالتی نظام کے ارتقائی دور کی دیگر خصوصیات میں سے ایک خصوصیت یہ تھی کہ آپؓ اپنے قاضیوں کو مشکل اور پیچیدہ مقدمات میں "شورائیت" کو اپنانے کی تلقین کیا کرتے تھے چنانچہ آپؓ نے قاضی شریح کے نام لکھا "اگر مناسب سمجھو تو مجھ سے مشورہ لے لیا کرو میرے خیال میں مجھ سے تمہارا مشورہ لے لینا تمہارے لیے مفید ثابت ہوگا"۔[۲]

سیدنا عمر بن خطابؓ بذات خود اپنے مقدمات میں اصحاب بصیرت سے مشاورت کیا کرتے تھے اور حضرت عمرؓ باوجود خود مجتہد ہونے کے اس امر پر سختی سے کاربند تھے۔ امام شعبی حضرت عمرؓ کے اس طرز عمل کو ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:

"من سره أن يأخذ بالوثيقة من القضاء فليأخذ بقضاء عمر ، فإنه كان يستشير"[۳]

ترجمہ: جو شخص قضا سے متعلق مستند دستاویزات کا خواہاں ہو اسے چاہیے کہ وہ حضرت عمرؓ کے فیصلوں کو دیکھے کیونکہ حضرت عمرؓ اپنے فیصلوں میں مشورہ لیا کرتے تھے۔

امام زحیلی نے عدالتی احکامات کے مصادر پر مفصل بحث کرتے ہوئے لکھا ہے کہ خلفاء راشدین کے عہد میں قاضیوں نے اپنے فیصلوں کے لیے انہی مصادر و اصولوں کو بنیاد بنایا جسے رسول اللہ ﷺ اور آپ ﷺ کے قاضیوں نے بنیاد بنایا تھا اور وہ تھے قرآن، سنت اور اجتہاد البتہ خلفائے راشدین کے عہد میں مزید دو چیزوں کا ظہور ہوا

اجماع: اجتہاد کے مفہوم اور اس پر عمل کرنے میں وسعت پیدا ہوئی اور اس کے نتیجے میں مقدمات وسائل اور مقاصد میں ترقی ہوئی چنانچہ مشاورت، تبادلہ آراء اور قیاس کا ظہور ہوا جو عہد نبوی میں اس شکل میں موجود نہ تھے۔

یعنی اگر قاضی قران و سنت میں واضح نص نہ پاتا تو علماء کی طرف رجوع کرتا اور صحابہ فقہاء سے مشاورت کرتا ان پر مسئلے کو پیش کر کے بحث کرتا اور وہ سب اس میں اجتہاد کرتے اور جب وہ اپنے اجتہاد کی بنا پر کسی ایک رائے پر اتفاق کر لیتے تو وہ اجماع ہو جاتا تھا اور یہ بالاتفاق شریعت اسلامیہ کا مصدر ثالث ہے جو خلافت راشدہ میں سامنے آیا۔

سابقہ عدالتی فیصلے: صحابہ کرام کی وہ عدالتی فیصلے جو خلفاء کے دور میں صادر ہوئے یعنی سابقہ عدالتی فیصلے بھی عدالتی کاروائی کے لیے بنیادی مصادر قرار پائے نیز دینی مسائل، معاملات اور احکامات میں مذکورہ مصادر کے ساتھ مشاورت کو ایک مصدر کی حیثیت حاصل رہی۔

---

[۱] قلعه جی ، **موسوعة فقه عمر بن خطاب**(کویت:مکتبة الفلاح ۱۹۸۱)،ص۱۵۹

[۲] البیهقی ، **السنن الکبری** ، ج ۱۰،ص۱۸۹ ،ح۲۰۳۱۳

[۳] الطریفی ، ناصر بن عقیل ، **القضاء فی عهد عمر بن الخطاب**(ریاض: مکتبة التوبة ۱۹۹٤)،ج۱ ، ص ۳۲۳

بہر حال بے شمار نصوص اور متعدد روایات ہیں جس سے اس بات کی تائید ہوتی ہے کہ مذکورہ مصادر قضا کے بارے میں معتبر ہوتے تھے البتہ مشاورت سے متعلقہ ایک روایت کی طرف اشارہ کیے دیتا ہوں امام شعبی نے قاضی شریح سے روایت کیا ہے کہ مجھے عمر بن خطابؓ نے لکھ کر بھیجا :

" اقض بما استبان لك من كتاب الله فان لم تعلم كل كتاب الله فقض بما استبان لك من قضاء رسول الله فان لم تعلم كل أقضية رسول الله فاقض بما استبان لك من ائمه المهتدين فان لم تعلم كل ما قضى به أئمة المهتدين فاجتهد رايك واستشر اهل العلم والصلاح"[1]

ترجمہ: کتاب اللہ کی روشنی میں جو تمہیں حق معلوم ہو وہی فیصلہ کرو اگر تم اس میں نہ پاؤ تو سنت رسول اللہ ﷺ کی روشنی میں فیصلہ کرو اگر تم رسول اللہ ﷺ کی کہ تمام فیصلوں کا احاطہ نہیں کر سکتے ہو تو تمہیں علماء صحابہ کے قول و عمل کی روشنی میں جو حق معلوم ہو اس سے فیصلہ کرو اگر اس کا استیعاب نہیں کر سکتے تو اجتہاد کرو اور علماء و پرہیز گاروں سے مشاورت کر کے فیصلہ کرو۔

حضرت عمرؓ کی اس قدر تلقین کی وجہ سے آپ کے مقرر کردہ قاضی حضرات اپنے فیصلوں میں شورائیت کو خاص اہمیت دیتے چنانچہ حضرت عمرؓ کے عہد کے مشہور قاضی شریح بن حارث کے بارے میں ابو خالد کہتے ہیں:

"رَأَيْتُ شُرَيْحًا يَقْضِي وَعِنْدَهُ أَبُو عَمْرٍو الشَّيْبَانِيّ وَأَشْيَاخٌ نَحْوُهُ يُجَالِسُونَهُ عَلَى الْقَضَاءِ[2]

ترجمہ: میں نے شریح کو دیکھا کہ وہ کسی مقدمے کا فیصلہ کرنے بیٹھتے تو اپنے ساتھ ابو عامر شیبانی اور ان جیسے بزرگوں کو مقدمے میں بٹھاتے تھے۔

ذیل میں حضرت عمر ؓ کے ان فیصلوں کو ذکر کیا جائے گا جن میں حضرت عمر ؓ نے شورائیت کو اپنایا یا آپؓ کے قاضیوں کا وہ فیصلہ جس میں انہوں نے حضرت عمرؓ کے ساتھ مشاورت کر کے حتمی فیصلہ کیا۔

## شراب نوشی کی حد مقرر کرنا

حضرت خالد بن ولیدؓ نے وبرۃ الصلتی کو شام سے حضرت عمرؓ کی خدمت میں بھیجا۔

وبرۃ فرماتے ہیں کہ میں جب مدینہ پہنچا تو میں نے دیکھا کہ حضرت عمرؓ مسجد میں بیٹھے ہوئے ہیں اور آپؓ کے پاس حضرت عبد الرحمن بن عوفؓ، طلحہؓ، زبیرؓ، اور علی بن ابی طالبؓ ٹیک لگائے بیٹھے ہیں۔ میں نے آپؓ سے کہا: خالد بن ولیدؓ نے آپ کو سلام عرض کیا ہے اور آپؓ کو خبر دی ہے کہ لوگ کثرت کے ساتھ شراب نوشی کرنے لگ گئے ہیں اور وہ سزا کا مذاق اڑاتے ہیں اس پر آپؓ کیا حکم فرماتے ہیں ؟

حضرت عمرؓ نے جواب دیا : یہ سب افراد اس معاملے پر ہی غور وخوض کر رہے ہیں۔ وبرہ کا کہنا ہے کہ حضرت علی بن ابی طالبؓ نے کہا: میرے خیال میں جب بندہ شراب نوشی کرے گا تو وہ نشے میں بدمست ہو گا اور مغلظات اور بے ہودگی بکے گا تو دوسروں پر تہمت

[1] الزحیلی ، **تاریخ القضاء فی االاسلام** ، ص ۱۱۹

[2] ابن ابی شیبۃ ، **مصنف ابن ابی شیبۃ** ،کتاب البیوع و الاقضیۃ ،باب فی القاضی هل یجالس احد علی القضاء ، ج ۴، ص۴۵۸، ح۲۲۱۰۰

لگائے گا اور تہمت لگانے والے کی شرعی حد ۸۰ کوڑے ہیں اسلیئے شراب نوشی پر ۸۰ کوڑوں کی حد نافذ کرنی چاہئیے ۔ حضرت علیؓ کی رائے کے ساتھ باقی اراکین نے بھی موافقت کی اور متفقہ قانون بنادیا جس کے بعد حضرت عمرؓ نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا: جس فیصلے پر انہوں (اراکین شوری) نے اتفاق کیا ہے اس سے اپنے ساتھی یعنی خالد بن ولیدؓ کو آگاہ کر دو چنانچہ حضرت خالدؓ نے شراب نوشی پر لوگوں کو ۸۰ کوڑے لگائے۔[1]

**اثرات**

حضرت عمرؓ کے اس شورائی فیصلے سے ایک ایسا قانون وضع ہو گیا جس میں ابھی تک احتمالات کا سہارا لے کر رعایا شراب نوشی کی عادت کا شکار ہو رہی تھی اور یہ عادت آگے چل کر مسلح افواج کو بھی اپنے لپیٹ میں لے سکتی تھی اس لیے آپؓ کے اس فیصلے سے شراب نوشی کے بڑھتے ہوئے رجحان کا تدارک ممکن ہوا۔

## حمل کی مدت

حضرت عمرؓ کے سامنے ایک کیس آیا جس میں ایک خاتون نے چھ ماہ بعد ہی اپنے بچے کو جنم دے دیا تھا۔ حضرت عمرؓ نے اس پر حد لگانا چاہی جو کہ سنگسار کرنا تھا۔ چنانچہ اس عورت کی بہن حضرت علیؓ کے پاس گئی اور کہا: عمرؓ میری بہن کو سنگسار کرنا چاہتے ہیں ۔ میں آپؓ کو اللہ کا واسطہ دے کر کہتی ہوں کہ کیا میری بہن کے لیے رجم سے بچنے کا کوئی عذر ہے؟

حضرت علی ؓ نے فرمایا: ہاں عذر ہے۔

اس عورت نے با آواز بلند "اللہ اکبر" کہا جسے حضرت عمرؓ اور آپؓ کے پاس بیٹھے ہوئے لوگوں نے بھی سنا۔ وہ عورت وہاں سے حضرت عمرؓ کے پاس آئی اور کہا بے شک حضرت علی ؓ کا خیال ہے کہ میری بہن کے لیے کوئی عذر ہے۔ حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ کو بلوایا اور پوچھا کہ اس کے لیے کیا عذر ہے؟ حضرت علی ؓ نے کہا: اللہ نے حمل اور دودھ پلانے کی کل مدت تیس ماہ بیان کی ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے: "و حمله و فصاله ثلثون شهرا "[2]

دوسری آیت میں اللہ تعالی نے صرف دودھ پلانے کی مدت دو سال بیان کی ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے: "والوالدات يرضعن اولادهن حولين كاملين"[3]

اب اگر کل مدت میں سے دودھ پلانے کے دو سال نکال دیئے جائیں تو حمل کی مدت چھ ماہ بنتی ہے اس طرح حمل کی کم از کم مدت چھ مہینے اور دودھ چھڑوانے کی مدت ۲۴ مہینے ہوتی ہے۔ حضرت عمرؓ نے حضرت علی ؓ کے اس استنباط کو سننے کے بعد انہی کی رائے کے مطابق فیصلہ صادر فرمادیا۔[4]

---

[1] ابن قيم ، **اعلام الموقعين عن رب العالمين** ، ج۱ ، س۱۶۱

[2] الاحقاف : ۱۵

[3] البقرة: ۲۳۳

[4] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص۴۸۵

اسی طرح نوماہ سے زیادہ بھی حمل کی مدت ہو سکتی ہے۔

حضرت عمرؓ کے پاس ایک ایسی خاتون کا قضیہ لایا گیا جس کا شوہر دو سالوں سے غائب تھا جب وہ گھر واپس آیا تو اس کی بیوی حاملہ تھی۔ حضرت عمرؓ نے اس کو رجم کرنا چاہا تو حضرت معاذؓ نے فورا مشورہ دیا: اے امیر المومنین آپ عورت پر تو حکم نافذ کر سکتے ہیں لیکن پیٹ میں پلنے والے بچے کا کیا قصور ہے؟ چنانچہ آپؓ نے اس عورت کو وقتی طور پر چھوڑ دیا پھر اس عورت کے ہاں لڑکے کی ولادت ہوئی تو لڑکے کے اگلے دو دانت گرے ہوئے تھے اور شوہر نے بچے کو اپنے مشابہ پایا یعنی وہ بچہ اسی شوہر کا تھا۔ حضرت عمرؓ نے اس موقع پر حضرت معاذؓ کے مشورے کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے فرمایا:

"عجزت النساء أن يلدن مثل معاذ ، لولا معاذ لهلك عمر"[1]

ترجمہ: عورتیں معاذ جیسے لوگوں کو پیدا کرنے سے بانجھ ہو گئی ہیں اگر معاذؓ نہ ہوتے تو عمرؓ ہلاک ہو جاتا۔

**اثرات:**

حضرت عمرؓ کے اس فیصلے جو کہ دیگر اصحاب کے مشورے سے ہوا، سے خواتین کے جسمانی صحت کی درست تشخیص کی تعیین میں یہ مدد ملی کہ حمل کی مدت کا معیار مختلف مواقع پر مختلف ہو سکتا ہے اور یہ فیصلہ حمل کے مختلف مراحل کو سمجھنے کے لیے ایک نقطہ آغاز ثابت ہوا علاوہ ازیں یہ فیصلہ عورتوں کے حقوق اور صحت کو مزید بہتر بنانے کے لیے اہم قدم ثابت ہوا۔

## اشارتا یا طنزا تہمت کا فیصلہ

عمرہ بنت عبد الرحمن فرماتی ہیں کہ حضرت عمرؓ کے زمانہ خلافت میں دو آدمی آپس میں جھگڑ رہے تھے اس دوران ایک نے دوسرے کو طنز کرتے ہوئے کہا کہ نہ میرا باپ زانی ہے اور نہ میری ماں بد چلن۔

جس شخص کو یہ طنز کیا گیا تھا اس نے حضرت عمرؓ کی عدالت میں مقدمہ دائر کیا اور دعوی کیا کہ اسکو اس طنز میں اپنے والدین پر تہمت محسوس ہوئی ہے۔

حضرت عمرؓ نے مقدمہ سن کر صحابہ کرام سے مشاورت طلب کی۔ کچھ لوگوں نے آپؓ کو کہا کہ اس نے تو اپنے والدین کی تعریف کی ہے جبکہ دوسرے گروہ نے کہا کہ یہ اپنے والدین کے بارے میں یہ کہہ کر اشارتا مخالف فریق پر تہمت لگا رہا ہے لہذا ہماری رائے یہ ہے کہ آپؓ اس پر تہمت کی حد نافذ کریں چنانچہ آپؓ نے اس مشورے کو مانتے ہوئے اس شخص پر تہمت کی حد ۸۰ کوڑے نافذ کی۔[2]

**اثرات:**

حضرت عمرؓ کے اس شورائی فیصلے سے معاشرے پر سب سے مثبت اثر یہ پڑا کہ احمقوں کو تادیبی سزا ملنے سے پاک دامن لوگوں کی عزتیں محفوظ ہو گئیں اور لوگ اپنے جھگڑوں میں بھی گھٹیا اور غیر اخلاقی طنز و مزاق سے باز آ گئے۔

---

[1] قلعه جی ، **موسوعة فقه عمر بن الخطاب** ، ۳۷۱

[2] البيهقي ، **السنن الكبرى** ،ج۸ ،ص ۴۴۰ ح ۱۷۱۴۷

حضرت عمرؓ کی اس باریک بینی کے ساتھ کیے گئے فیصلے سے رعایا کا نظام عدل پر بھر پور اعتماد کا ماحول پیدا ہوا۔

## پاگل عورت پر حد کا نفاذ

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ حضرت عمرؓ کے پاس ایک مجنون عورت کو لایا گیا جس نے زنا کا ارتکاب کیا تھا اور وہ حاملہ ہو گئی تھی پس حضرت عمرؓ نے اس کے بارے میں لوگوں سے مشاورت کی۔

حافظ ابن حجر نے ایک روایت سے یہ الفاظ نقل کیے ہیں کہ حضرت عمر نے اس مقدمے کے پیش ہونے پر حضرت علی ؓ کو مشاورت کے لیے طلب فرمایا جب وہ تشریف لائے تو حضرت عمرؓ نے مسئلہ ان کے سامنے رکھا اور حل دریافت کیا حضرت علیؓ نے کہا: امیر المومنین! آپکو یاد نہیں ہے کہ نبی رحمت ﷺ نے فرمایا تھا:

" رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلَاثَةٍ ؛ عَنِ الْمَجْنُونِ الْمَغْلُوبِ عَلَى عَقْلِهِ حَتَّى يُفِيقَ، وَعَنِ النَّائِمِ حَتَّى يَسْتَيْقِظَ، وَعَنِ الصَّبِيِّ حَتَّى يَحْتَلِمَ "[1]

ترجمہ: تین قسم کے لوگوں سے حکم اٹھا لیا گیا ہے ایک پاگل سے جس کا پاگل پن اس کے عقل پر غالب آ گیا ہو جب تک وہ ٹھیک نہ ہو جائے اور دوسرا بچے سے جب تک وہ بالغ نہ ہو جائے اور تیسرا سویا ہوا شخص جب تک وہ جاگ نہ جائے۔

حدیث سننے کے بعد حضرت عمرؓ نے اس خاتون کو چھوڑ دینے کا فیصلہ صادر کر دیا اور اللہ اکبر کہنے لگے۔[2]

**اثرات:**

اس حکم نے اسلام کا ایک ایسا پہلو واضح کیا جس میں انسان حقوق کے تحفظ کی اہمیت کا ایک مظہر نظر آتا ہے اور مجنون افراد کی معذوری کا واضح قانون وضع ہو گیا۔

## زنا بالجبر کی حد

خلافت عمرؓ میں ایک عورت نے ایک چرواہے سے پانی مانگا۔ چرواہے نے پانی دینے سے انکار کر دیا اور پانی حاصل کرنے کے لیے زنا کی شرط لگالی چنانچہ اس عورت نے (مجبورا) اپنے آپ کو اس کے حوالے کر دیا۔ جب یہ قضیہ حضرت عمرؓ کے پاس پہنچا تو آپؓ نے حضرت علیؓ سے پوچھا کہ ان کا کیا فیصلہ کیا جائے؟ حضرت علیؓ نے فرمایا: میری رائے یہ ہے کہ اس عورت کی اضطراری حالت تھی چنانچہ حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ کی رائے کی بنا پر اس عورت کو زنا کی سزا سے بری کر دیا اور مزید اپنی طرف سے کچھ عطیہ دے کر چھوڑ دیا۔[3]

---

[1] ابو داود ، **سنن ابی داود** ، کتاب الحدود ، باب : فی المجنون یسرق او یصیب حدا ، ح ۴۴۰۱

تخریج: اس حدیث کو امام البانی نے "صحیح" کہا ہے۔ دیکھئے : الالبانی ، ناصر الدین ، **إرواء الغليل في تخريج أحاديث منار السبيل**(بيروت : المكتب الإسلامي)، ج ۲ ، ص ۴

[2] ابن حجر العسقلانی ،احمد بن علی فتح الباری بشرح البخاری ، ( مصر : المکتبة السلفية) ج ۱۲ ، ص ۱۲۱

[3] الصلابی، عمر بن خطاب، ص ۴۷۷

**اثرات:**

مذکورہ بالا دونوں عدالتی فیصلے خلافت اسلامیہ میں خوتین کے حقوق کے تحفظ کی واضح دلیل ہیں کہ آپؓ کے اس فیصلے سے بے گناہ افراد یا ایسے افراد جو گناہ پر مجبور کیے گئے ہوں، انہیں آپؓ کی خلافت میں عدم تحفظ کا احساس نہیں تھا علاوہ ازیں آپؓ کے یہ عدالتی فیصلے سراسر عدل پر مبنی تھے کہ آپؓ نے ان قضیوں میں جلدی کرنے کی بجائے مشاورت کی جس سے عدل وانصاف قائم کرنے میں جو کہ اسلامی قضا کا بنیادی مقصد ہے، کامیابی حاصل ہوئی۔

## قتل میں ایک سے زائد افراد کی شرکت

کتب تاریخ میں مختلف روایات ہیں کہ حضرت عمرؓ کے پاس اس حوالے سے کون سا مقدمہ پہلے پیش ہوا؟[1] اس حوالے سے ایک قتل میں سات آدمیوں کی شراکت، ایک بچے کے قتل میں چار آدمیوں کی شراکت اور صحیح بخاری میں بے خبری میں مارے جانے والے بچے کو قتل کرنے میں دو لوگوں کی شرکت کے تمام واقعات مذکور ہیں۔ بہر حال یہ بات واضح ہے کہ ایک قتل میں ایک سے زائد افراد کے شریک ہونے کا کیس پہلی مرتبہ حضرت عمرؓ کے سامنے پیش ہوا۔[2]

حضرت عمرؓ کی طرف سے مقرر کردہ یمن کے عامل نے آپؓ کے پاس ایک کیس بھجوایا جس میں ایک شخص کے قتل میں دو افراد شریک تھے انہوں نے کہا کہ مجھے اس قضیے کا کوئی حل سجھائی نہیں دے رہا آپؓ کی اس میں کیا رائے ہے؟ آپؓ نے اس پر غور کیا تو قرآن کی یہ نص ان کے سامنے آئی۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے: وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيهَا أَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْأَنْفَ بِالْأَنْفِ وَالْأُذُنَ بِالْأُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوحَ قِصَاصٌ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهِ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَهُ وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ[3]

ترجمہ: اور ہم نے اس میں ان پر لکھ دیا کہ جان کے بدلے جان ہے اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور سب زخموں میں برابر بدلہ ہے، پھر جو اس (قصاص) کا صدقہ کر دے تو وہ اس کے لیے کفارہ ہے اور جو اس کے مطابق فیصلہ نہ کرے جو اللہ نے نازل کیا ہے تو وہی لوگ ظالم ہیں۔

پھر یہ آیت بھی آپکے سامنے آئی ارشاد باری تعالیٰ ہے: وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيَاةٌ يَاأُولِي الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُون۔[4]

ترجمہ: اور تمھارے لیے بدلہ لینے میں ایک طرح کی زندگی ہے اے عقلوں والو! تا کہ تم بچ جاؤ۔

---

[1] ڈاکٹر غالب نے ان تمام سندوں اور واقعات کو ایک جگہ جمع کرنے کے بعد لکھا ہے کہ یہ تمام واقعات ثابت ہیں۔

[2] القرشي ،غالب عبد الكافي ، اوليات الفاروق السياسية ،( دار الوفاء للطباعة و النشر و التوزيع ) ، ص ۴۰۸

[3] المائدة: ۴۵

[4] البقرة :۱۹۷

حضرت عمرؓ کو غور کرنے پر اندازہ ہوا کہ یہ نصوص جو ان کے سامنے ہیں وہ تو ایک جان کے بدلے ایک جان کا قصاص لینے کی دلیلیں ہیں اور در پیش قضیہ تو ایک جان کے بدلے کئی جانوں سے قصاص لینے کا ہے اور اس حوالے سے کوئی واضح حکم بھی موجود نہیں ہے۔ چنانچہ حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ کو مشاورت کے لیے طلب کیا اور جب کبھی کسی مقدمے کے وقت حضرت علیؓ نہ ہوتے تو آپؓ یہ فرمایا کرتے تھے: "یہ کیس ایسے وقت میں آیا ہے جب علی ؓ نہیں ہے۔" جب حضرت علیؓ تشریف لائے تو آپؓ نے پوچھا: اے علیؓ! ان دو افراد کا کیا کرنا ہے جنہوں نے ایک شخص کو قتل کیا ہے؟

حضرت علیؓ نے جواب دیا: وہ اس کے بدلے میں قتل کیے جائیں گے۔

حضرت عمرؓ کی اس جواب سے تسلی نہ ہوئی تو پوچھا کہ وہ کیسے؟ حضرت علیؓ نے مثال سے سمجھایا: امیر المومنین! آپ کا ان دو افراد کے بارے میں کیا خیال ہے جو ایک چیز کی چوری میں شریک ہوں، کیا آپ ان پر حد لاگو کریں گے؟

حضرت عمرؓ نے جواب دیا: کیوں نہیں۔

حضرت علی ؓ نے فرمایا: امیر المومنین! اسی طرح قتل بھی ہے۔

حضرت عمرؓ کو علی ؓ کے اس اجتہاد کو سن کر شرح صدر ہوا چنانچہ حضرت عمرؓ نے اپنے عامل کو لکھ بھیجا کہ تم ان دونوں قاتلوں کو قتل کر دو پھر ایک تاریخی جملہ کہا: لو اشْتَرَكَ فيها أَهْلُ صَنْعاء لَقَتَلْتُهم[1]

ترجمہ: اگر اس قتل میں صنعاء کے تمام لوگ بھی شریک ہوتے تو میں ایک قتل کے بدلے تمام اہل صنعاء کو قتل کر دیتا۔

ڈاکٹر غالب نے اس قضیے میں تمام صحابہ کرام کی موافقت بھی ذکر کی ہے۔[2]

**اثرات:**

حضرت عمرؓ کا یہ فیصلہ صحابہ کرام کے مشترکہ شورائیت کے بعد اجتہاد پر مبنی تھا جو کہ اجماع صحابہ ہونے کی وجہ سے ایسے قضیے میں شرعی دلیل بن گیا اور معاشرتی اعتبار سے انسانی جانوں کی حفاظت اور جرائم پیشہ افراد کو مجرمانہ کاروائیوں سے روکنے کا پیش خیمہ ثابت ہوا۔[3] اس فیصلے کے بعد حضرت عمرؓ کے تاریخی جملے سے آپ نے رعایا کو اس قسم کے جرائم میں ناقابل معافی جرم ہونے کا پیغام بھی دیا۔

## جادوگر کی سزا

جادوگر کی سزا کے بارے میں کوئی ٹھوس دلیل رسول اللہ ﷺ یا خلیفہ ابو بکر صدیقؓ سے ثابت نہیں تھی ا اس ضمن میں ایک روایت ذکر کی جاتی ہے: حد الساحر ضربة بالسيف[4]

---

[1] الشرقاوی ، عبد الرحمن ، الفاروق عمر بن الخطاب ،(قاهرة:مركز الاهرام ام للترجمة و النشر ) ،ص٢٧٥

[2] القرشي ، اوليات الفاروق السياسية ، ص ٤٠٨

[3] ايضا

[4] ترمذی ، **سنن ترمذی** ، ابواب الحدود ،باب : ما جاء في حد الساحر ، ح ١٤٦٠

یہ حدیث سنداً ثابت نہیں ہے۔[1]

چنانچہ حضرت عمرؓ کے عہد خلافت میں جادوگروں کا قضیہ آپؓ کے سامنے پیش ہوا تو آپ نے صحابہ کرام سے مشاورت کے بعد ایک متفقہ فیصلہ جاری فرمایا اور اس کو نافذ کیا چنانچہ صحابہ کرام کے اتفاق کی وجہ سے حضرت عمرؓ کا یہ عدالتی فیصلہ بھی اجماع صحابہ میں سے ہے۔[2]

ابو الشعثاء نے کہا کہ میں جزء بن معاویہؓ کا سیکرٹری تھا (اور یہ احناف بن قیس کے چچا تھے) اس دوران حضرت عمرؓ کی شہادت سے ایک سال قبل ہمارے پاس حضرت عمرؓ کا ایک خط آیا اور اس خط میں یہ احکامات تھے: اقْتُلُوا كُلَّ سَاحِرٍ وَفَرِّقُوا بَيْنَ كُلِّ ذِي مَحْرَمٍ مِنْ الْمَجُوسِ وَانْهَوْهُمْ عَنْ الزَّمْزَمَةِ فَقَتَلْنَا فِي يَوْمٍ ثَلَاثَةَ سَوَاحِرَ۔[3]

ترجمہ: ہر جادوگر کو قتل کردو اور مجوسیوں میں سے جس کسی نے اپنی محرم عورت سے نکاح کیا ہو ان میں تفریق کرادو اور انہیں (کھانے کے وقت) گنگنانے سے منع کردو۔ چنانچہ ہم نے ایک دن تین جادوگرنیوں کو قتل کیا۔

**اثرات:**

حضرت عمرؓ کے اس اجماعی فیصلے سے رعایا کی عزتوں کی حفاظت یقینی بنائی گئی کیونکہ جادوگروں کے عملیات کے اثرات شدید خاندانی اختلافات پر منتج ہوتے ہیں اور جب خاندان میں چپقلش اور اختلافات رونما ہوں تو اس سے معاشرے کی بنیادی اقدار کو نقصان پہنچتا ہے چنانچہ اس پس منظر میں یہ فیصلہ خاندانی اقدار کی حفاظت کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوا اور مستقبل میں تعزیراتی قوانین کے لیے مشعل راہ بھی۔

جادوگروں کے قتل کی سزا کے بارے میں کچھ طبقات نرمی برتنے کا موقف بھی رکھتے ہیں اور وہ حضرت عمرؓ کے اس فیصلے کے ثابت ہونے سے انکار کرتے ہیں چنانچہ یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ حضرت عمرؓ کی طرف سے اس فیصلے کا صادر ہونا صحیح سند کے ساتھ ثابت ہے لہٰذا اس کا انکار درست نہیں۔

## عورت کا حق زوجیت

امام شعبی فرماتے ہیں کہ کعب بن سوار، حضرت عمر بن خطابؓ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اس دوران آپؓ کے پاس ایک عورت آئی اور کہا: امیر المومنین! میں نے اپنے شوہر سے اچھا آدمی کبھی نہیں دیکھا۔ اللہ کی قسم! وہ پوری رات نمازوں میں گزارتا ہے اور پورا دن روزہ رکھتا ہے اور شدید گرمی میں بھی روزہ نہیں توڑتا۔ آپؓ نے اس عورت کے لیے دعا کی اور اس کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا: تم جیسی عورتوں کا ذکر خیر باقی رہتا ہے وہ عورت شرمندہ ہوئی اور وہاں سے چلی گئی۔

---

[1] تخریج: اس حدیث کو امام البانی نے "ضعیف" کہا ہے۔ دیکھئے: حلاق، محمد صبحی، **اللباب في فقه السنة والكتاب** «**مختصر فقه السنة** (القاهرة مكتبة التابعين ۲۰۰۴)، ج ۳، ص ۴۶۰

[2] القرشی، **اولیات الفاروق**، ص ۴۴۵

[3] ابو داود، **سنن ابی داود**، کتاب الخراج، باب فی اخذ الجزیة، ح ۳۰۴۳

تخریج: اس حدیث کو امام البانی نے "صحیح" کہا ہے۔ دیکھئے: الالبانی، **صحیح و ضعیف سنن ابی داود**، ح ۳۰۴۳

کعب بن سوار نے کہا! امیر المومنین! آپ نے اس عورت کا اس کے شوہر سے حق نہیں دلوایا۔ آپؓ نے پوچھا کیا اس نے اپنے خاوند کی شکایت کی ہے؟

کعب نے کہا: جی ہاں! اس نے اپنے خاوند کی شدید سخت شکایت کی ہے۔

حضرت عمرؓ نے اس عورت کو واپس بلوایا اور پوچھا کہ حق بات کہنے سے مت جھجکو۔ کعب کہہ رہا ہے کہ تم نے اپنے خاوند کی شکایت کی ہے کہ وہ تمہارے پاس نہیں آتا؟ عورت نے جواب دیا: جی ہاں! میں ایک جوان عورت ہوں مجھے بھی وہ خواہش ہوتی ہے جو دیگر عورتوں کی ہوتی ہے۔ آپؓ نے اس کے شوہر کو بلایا جب وہ آگیا تو آپؓ نے کعب سے کہا کہ ان دونوں کے درمیان تم فیصلہ کرو۔ کعب نے کہا: امیر مومنین! فیصلہ کرنے کے زیادہ حقدار آپ ہیں۔ آپؓ نے فرمایا: ان کا معاملہ جس طرح تم نے سمجھا ہے اس طرح میں نہیں سمجھ سکا لہذا تم ہی فیصلہ کروگے تو کعبؓ نے کہا میں فرض کرلیتا ہوں کہ اس عورت کی تین سوکنیں ہیں اور یہ عورت اس کی چوتھی بیوی ہے لہذا میرا فیصلہ یہ ہے کہ یہ بندہ تین دن اور راتیں عبادت میں گزارے اور ایک دن اور رات اس عورت کے پاس رہ کر اس کے حقوق ادا کرے۔ یہ فیصلہ سن کر حضرت عمرؓ نے فرمایا اے کعب تمہارا دوسرا فیصلہ پہلے کے مقابلے میں مجھے زیادہ پسند آیا۔ جاؤ آج سے تم بصرہ کے قاضی ہو۔[1]

**اثرات:**

حضرت عمرؓ کے اس مشاورتی عمل کے اثرات میں سے سب سے اہم ترین یہ تھا کہ آپؓ کو مملکت کے لیے بہترین قاضی تلاش کرنے میں آسانی ہوتی چنانچہ مختلف لوگوں سے مشاورت کرکے آپ ان کی استعداد کا جائزہ لیتے اور ان کو قضا کی ذمہ داری سونپتے جیسا کہ علی بن ابی طالبؓ اور اس فیصلے میں معاونت حاصل کرکے کعب بن سوار کی اہلیت کو جانچنے کے بعد ان کو قاضی مقرر کیا۔

حضرت عمرؓ کے اس فیصلے سے دینی اور معاشرتی ذمہ داریوں میں توازن پیدا ہوا جس کے نتیجے میں معاشرتی اعتبار سے پیدا ہونے والے ممکنہ خطرات اور خرابیوں کا ازالہ ہو گیا۔

## ہتک عزت کا کیس

حطیئہ[2] نامی ایک شاعر نے اپنے پڑوسی زبرقان بن بدر کی اپنے اشعار میں ہجو کی حطیئہ نے یہ اشعار کہے تھے:

دع المكارم لا ترحل لبغيتها

واقعد فأنك انت الطاعم الكاسي

ترجمہ: بلند اخلاق کی تلاش چھوڑ دے اس کے لیے سفر نہ کر اور گھر بیٹھ جاو، تم تو صرف کھانے والے اور کپڑے پہننے والے ہو۔

ان اشعار کو سننے کے بعد زبرقان نے حضرت عمرؓ کی عدالت میں حطیئہ کے خلاف ہتک عزت کا مقدمہ دائر کر دیا۔

---

[1] عبد الرذاق ، **المصنف** ،ج ۷، ص۱۴۸، ح۱۲۵۸۷

[2] حطیئہ عرب کے مشہور شعراء میں سے ہے اور اسکا نام جرول بن مالک بن جرول ہے۔ پست قامت ہونے کی وجہ سے اسکا لقب "حطیئہ" مشہور ہو گیا۔

حضرت عمرؓ نے حطیئہ کو بلایا اور اس کو وہی اشعار دہرانے کا حکم دیا۔ اشعار سننے کے بعد حضرت عمرؓ نے فرمایا: مجھے تو اس میں کوئی ہتک محسوس نہیں ہوتی۔ کیا تم کھانا کھانے اور کپڑا پہننے کی خواہش نہیں رکھتے؟

زبرقان نے کہا: امیر المومنین! اس نے ان اشعار میں میری ہجو کی ہے۔ حضرت عمرؓ نے مشہور شاعر حضرت حسان بن ثابتؓ کو مشورے کے لیے بلایا اور ان کے سامنے یہ مقدمہ رکھ کر ان سے پوچھا کہ اس میں زبرقان پر ہجو کی گئی ہے؟

حضرت حسانؓ نے ان اشعار کو سننے کے بعد فرمایا: امیر المومنین! یہ نہ صرف ہجو کر رہا ہے بلکہ یہ تو گالی دے رہا ہے۔

حضرت عمرؓ نے یہ سن کر حطیئہ کو مخاطب کر کے فرمایا: اے خبیث! میں تجھے مسلمانوں کی عزتوں سے مصروف کر دوں گا۔ پھر آپؓ نے اسے قید کر دیا۔[1]

**اثرات**

حضرت عمرؓ کی اس مقدمے میں ماہرین سے مشاورت کی وجہ سے انصاف مہیا کرنے میں آسانی ہوئی۔ چنانچہ کوئی ایسا مقدمہ جس میں قاضی کیس کی نوعیت کو سمجھنے سے قاصر ہو اس کو ماہرین سے مشاورت لازمی کرنی چاہیے۔ شعر و شاعری چونکہ ایک علیحدہ فن ہے جس کے اسرار رموز اور الگ سے اصطلاحات ہیں ہر ایک کو ان کی واقفیت نہیں ہوتی اس لیے حضرت عمرؓ نے اس کیس میں متعلقہ فرد جو کہ عرب کے نامی گرامی شاعر تھے، حضرت حسان بن ثابتؓ سے مشاورت کی اور اس مشاورت سے مقدمہ کے فیصلے میں آپؓ کو زبردست معاونت ملی اور مملکت میں ازادی اظہار کی بہانے لوگوں کی عزتوں کو اچھالنے کا راستہ بند کر دیا۔

## لاعلم زانی کی حد

یحیی بن عبد الرحمن بن حاطب بیان کرتے ہیں کہ عبد الرحمن بن حاطب جب فوت ہوئے تو انہوں نے اپنے غلاموں میں سے جو نماز اور روزے کے پابند غلام تھے ان کو آزاد کر دیا تھا۔ ان کی ایک نوبیہ لونڈی تھی جو نماز اور روزے کی پابند تھی لیکن وہ عجمی ہونے کی وجہ سے نا سمجھ تھی چنانچہ اس نے زنا کیا اور وہ اس سے حاملہ ہو گئی حالانکہ وہ شوہر دیدہ تھی۔ یحیی ڈر کے مارے حضرت عمرؓ کے پاس گئے اور لونڈی کا قضیہ ان کے سامنے پیش کر دیا۔ حضرت عمرؓ نے اس سے کہا کہ تو کبھی بھی خیر کی خبر نہیں لایا۔ حضرت عمرؓ نے تصدیق کی غرض سے لونڈی سے پوچھا: کیا تو حاملہ ہو گئی ہے؟ تو لونڈی نے بغیر چھپائے بے دھڑک انداز میں اعلانیہ کہا: جی ہاں میں نے "مرعوش" نامی شخص سے دو درہم کے عوض زنا کیا تھا۔

حضرت عمرؓ کے پاس حضرت علی، عثمان اور حضرت عبد الرحمن بن عوفؓ تشریف لائے۔ حضرت عمرؓ نے ان کو کہا: مجھے اس قضیے میں مشورہ دو۔ حضرت عثمانؓ پہلے بیٹھے ہوئے تھے پھر انہوں نے ٹیک لگالی۔ حضرت عمرؓ کو مشورہ دیتے ہوئے حضرت علیؓ اور عبد الرحمن بن عوفؓ نے فرمایا کہ اس پر حد لاگو ہو گی۔ حضرت عمرؓ نے عثمان سے پوچھا: اے عثمان آپ بھی مشورہ دیجئے۔

---

[1] ابن قتيبة، **الشعر و الشعراء لابن قتيبة**، محقق و شارح: احمد محمد شاكر، (قاهرة: دار المعارف ۱۹۵۸) ج ۱، ص ۳۲۷

حضرت عثمان نے کہا : آپ کو آپ کے دو بھائیوں نے مشورہ دے دیا ہے۔ لیکن حضرت عمرؓ نے دوبارہ فرمایا : عثمانؓ! آپ اپنا مشورہ بتائیے۔ حضرت عثمان نے فرمایا: جس طرح یہ عورت اس قدر اعلانیہ اور بے باک ہو کر اقرار کر رہی ہے اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ اسے زنا کی حرمت کا علم نہیں ہے اور جس کو حرمت کا علم نہ ہو اس پر حد لاگو نہیں کی جا سکتی ۔

حضرت عمرؓ نے حضرت عثمانؓ کے مشورے سے اتفاق کرتے ہوئے فرمایا: صدقت والذي نفسي بيده ما الحد إلا على من علم تم نے صحیح بات کہی ہے قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! یقیناً حد اس پر لاگو ہوتی ہے جس کو اس کی حرمت کا علم ہو پھر آپؓ نے اس کو ۱۰۰ کوڑے لگانے کا حکم دیا اور علاقہ بدر کر دیا۔[1]

**اثرات:**

حضرت عمرؓ کا یہ عدالتی فیصلہ جو مشاہیر صحابہ کی مشاورت کے بعد صادر ہوا تھا حدود کے باب میں احتیاط اور معاملے کی مکمل چھان بین کو لازمی قرار دیتا ہے چنانچہ حضرت عمرؓ نے حدود میں خصوصاً قتل اور سنگسار کرنے سے پہلے خلیفہ کی اجازت لازم قرار دے دی تاکہ ۱۰۰ فیصد یقین کے بعد کسی پر حد لگائی جائے اور یہ فیصلہ عدالتی معاملات کی حساسیت کو اجاگر کرنے کے لیے اہم ثابت ہوا۔

## قرآنی آیات کی باطل تاویل

حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ شام کے کچھ افراد نے شراب نوشی کی اس وقت وہاں کے گورنر یزید بن ابی سفیانؓ تھے۔ انہوں نے شراب نوشی کرنے والے افراد سے باز پرس کی تو انہوں نے کہا کہ شراب نوشی ہمارے لیے حلال ہے اور اپنے عمل کی دلیل کے طور پر انہوں نے قران کی اس آیت کی غلط تاویل کی ارشاد باری تعالی ہے:

"لَيْسَ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيمَا طَعِمُوا إِذَا مَا اتَّقَوا وَّآمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ثُمَّ اتَّقَوا وَّآمَنُوا ثُمَّ اتَّقَوا وَّأَحْسَنُوا ۗ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ"[2]

ترجمہ: ان لوگوں پر جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک اعمال کیے اس چیز میں کوئی گناہ نہیں جو وہ کھا چکے، جب کہ وہ متقی بنے اور ایمان لائے اور انھوں نے نیک اعمال کیے، پھر وہ متقی بنے اور ایمان لائے، پھر وہ متقی بنے اور انھوں نے نیکی کی اور اللہ نیکی کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

حضرت یزید بن ابوسفیانؓ نے یہ معاملہ حضرت عمرؓ کو لکھ کر بھیج دیا۔ حضرت عمرؓ نے مسئلے کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے حکم جاری کیا کہ ان لوگوں کو مدینہ بھجوا دو اس سے پہلے کہ یہ وہاں فساد پھیلا دیں۔ جب وہ لوگ مدینہ لائے گئے تو حضرت عمرؓ نے اس قضیے میں لوگوں سے مشاورت کی۔ تمام لوگوں نے کہا: امیر المومنین! ہمارے خیال میں انہوں نے بہت سنگین جرم کا ارتکاب کیا ہے کہ انہوں نے اللہ تعالی پر جھوٹ باندھا ہے اور اس کی شریعت میں ایسا دخل دیا ہے جس کی اللہ تعالی نے اجازت نہیں دی لہذا آپ ان کی گردنیں مارنے کا حکم

---

[1] عبد الرزاق ، **المصنف** ، باب لا حد الا على من علمه ، ج ۷ ، ص۴۰۳، ح۱۳۷۴۴

[2] المائدة: ۹۴

دیں ۔اس دوران حضرت علیؓ خاموش تھے۔ حضرت عمرؓ نے حضرت علی ؓ کو مخاطب کر کے پوچھا: اے ابوالحسن! تم ان لوگوں کے قضیہ میں کیا کہتے ہو؟

انہوں نے کہا میرے خیال میں پہلے ان لوگوں کو توبہ کرنے کا حکم دینا چاہیے پس اگر وہ توبہ کریں تو شراب نوشی کی جرم میں ان کو ۸۰ کوڑے لگائے جائیں اور اگر یہ لوگ توبہ نہ کریں تو ان کی گردنیں ماردی جائیں کیونکہ انہوں نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے اور انہوں نے شریعت میں وہ تبدیلی کی ہے جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی چنانچہ حضرت علیؓ کے مشورے کے مطابق ان کو توبہ کرنے کا کہا گیا ہے پس انہوں نے توبہ کرلی اور پھر ان کو صرف شراب نوشی کی حد ۸۰ کوڑے لگائے گے۔[1]

**اثرات:**

حضرت عمرؓ کے اس فیصلے سے اللہ تعالی کی آیات کی باطل تاویل سنگین جرم قرار پائی لیکن حضرت علیؓ کے مشورے سے توبہ کا مطالبہ کر کے اس تاویل کے باطل ہونے پر مہر تصدیق ثبت کردی گئی علاوہ ازیں حضرت عمرؓ کی دور اندیش نگاہوں نے باطل تاویلات کے سامنے بند باندھنے کے لیے اس معاملے کو صحابہ کرام کی مشاورت سے مستقل حل کردیا۔

## حاکم کا اکیلے کسی کو زنا کرتے ہوئے دیکھنا

حضرت عمرؓ ایک رات مدینہ میں گشت کر رہے تھے اس دوران آپؓ نے ایک مرد اور عورت کو زنا کرتے ہوئے دیکھا۔ صبح آپؓ نے اس مسئلے کو صحابہ کرام کے سامنے رکھا اور پوچھا: تمہارا کیا خیال ہے اگر حاکم خود کسی مرد اور عورت کو فحاشی کرتے ہوئے دیکھے پھر وہ ان دونوں پر حد لگادے تو تم اس بارے میں کیا کہتے ہو؟ لوگوں نے کہا: آپ حاکم ہیں۔ (یعنی حاکم حد نافذ کر سکتا ہے) حضرت علی ؓ نے فرمایا: آپ کو اس مسئلے میں حد لاگو کرنے کی اجازت نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالی نے اس مسئلے پر چار گواہوں سے کم میں پکڑ نہیں فرمائی حضرت عمرؓ نے کچھ عرصے کے لیے اس معاملے کو چھوڑ دیا اور کچھ عرصے بعد آپؓ نے اس قضیے پر دوبارہ مشاورت کی تو لوگوں نے وہی بات کہی اور حضرت علیؓ اپنی پہلی بات پر قائم رہے۔[2]

**اثرات:**

مذکورہ بالا روایت میں اگرچہ حتمی فیصلے کے بارے میں الفاظ مذکور نہیں ہیں البتہ حضرت علیؓ کی دلیل کو دیکھتے ہوئے اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ حضرت عمرؓ نے ان کی مشورے پر عمل کیا ہو گا کیونکہ حضرت عمرؓ نے پہلے بھی حضرت علیؓ کے مشورے کی وجہ سے اس قضیے کو چھوڑ دیا تھا مزید براں حضرت علیؓ کی اس رائے سے عدالتی نظام مضبوط ہوا اور لوگوں کی عزتیں محفوظ رہیں وگرنہ کوئی بھی ایک یا دو لوگ کسی پر بھی تہمت لگا سکتے تھے۔

---

[1] ابن ابی شیبة، **مصنف ابن ابی شیبة** ، ج ۵، ص ۵۰۳ ، ح۲۸۴۰۹

[2] المتقی ، الهندی ، **کنز العمال** ،ج۵ ، ص۴۵۷ ، ح ۱۳۵۹۷

## مرض سے شفایابی تک حد کا سقوط

عبد اللہ بن عامر بن ربیعہ کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے حضرت قدامہ بن مظعونؓ کو بحرین پر عامل بنایا۔ وہ حضرت حفصہ اور عبد اللہ بن عمر کے ماموں تھے۔ عبد القیس کا سردار جارود آگیا اور کہنے لگا: اے امیر المومنین! قدامہ نے شراب پی اور نشہ میں دھت ہو گیا تو میں نے اسے اللہ کی حدوں میں سے ایک حد پائی تو آپ کو بتادیا۔ حضرت عمرؓ نے پوچھا: اور کوئی گواہ ہے؟ کہا: ابو ہریرہؓ۔ حضرت عمرؓ نے ان سے پوچھا تو انہوں نے کہا: میں نے شراب پیتے نہیں دیکھا تھا، بلکہ وہ نشے کی حالت میں الٹیاں کر رہا تھا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: تو نے آدھی گواہی دی ہے۔ پھر حضرت عمرؓ نے قدامہؓ کو بحرین سے بلالیا تو وہ آ گئے۔ جارود پھر حضرت عمرؓ پاس گئے اور کہا: اللہ کی کتاب پر قائم رہنا تو عمر ؓ نے فرمایا: تو گواہ ہے یا مدعی؟ اس نے کہا: گواہ۔ تو آپؓ نے فرمایا: پھر تو نے اپنی گواہی دے دی۔ اگلے دن پھر جارود نے یہی کیا تو حضرت عمرؓ نے فرمایا: تو گواہ نہیں مدعی ہے۔ جارود کہنے لگا: میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں تو حضرت عمرؓ نے فرمایا: تو اپنی زبان کو قابو میں رکھ ورنہ میں تمہیں سزا دوں گا تو ابو ہریرہ ؓ کہنے لگے: اگر ہماری گواہی قبول نہیں تو ولید کی بیٹی قدامہ کی بیوی سے معلوم کر لو۔ جب اس سے پوچھا تو اس نے بھی گواہی دے دی تو حضرت عمرؓ نے قدامہ کو کہا: میں تجھے حد لگاؤں گا تو قدامہ کہنے لگے: آپ مجھ پر حد نہیں لگا سکتے، حضرت عمرؓ نے پوچھا: کیوں؟ قدامہ کہنے لگے: کیونکہ اللہ کا فرمان ہے " مومنون اور عمل صالح کرنے والوں پر ان کے کھانے میں ان پر کوئی گناہ نہیں ہے" ، حضرت عمرؓ نے فرمایا: تم اس کی غلط تفسیر کر رہے ہو، اگر تو اللہ سے ڈرتا تو کبھی حرام کام نہ کرتا۔

پھر حضرت عمرؓ نے لوگوں سے قدامہ کو کوڑے لگانے کے بارے میں مشورہ کیا تو لوگوں نے کہا: آپ اس پر حد نہ لگائیں کیونکہ ابھی وہ مریض ہے ۔ آپؓ نے کچھ عرصے بعد پھر لوگوں سے مشاورت کی ، پھر تو حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ مجھے اللہ کی بارگاہ میں کوڑے مارنے والے کی حاضری منظور ہے، لیکن یہ حد میرے گلے میں ہو، یہ مجھے منظور نہیں اور کوڑا منگوایا اور قدامہ کو حد لگائی۔

قدامہؓ حضرت عمر ؓ سے ناراض ہو گئے۔ اسی حالت میں ان دونوں نے حج کیا۔ جب حج سے واپس لوٹے اور "سقیا" مقام پر رکے۔ حضرت عمرؓ سو گئے جب بیدار ہوئے تو فرمایا: قدامہ کو یہاں لاؤ، انہیں بلایا گیا تو آنے سے انکار کر دیا تو حضرت عمرؓ نے کہا: زبردستی بلاؤ، انہیں زبردستی لایا گیا۔ آپؓ نے اس سے بات کی، اس کے لیے استغفار کی اور یہ ان کی آپس میں پہلی صلح تھی۔[1]

اثرات:

حضرت قدامہ بن مظعون کے مسئلے میں اس مشاورتی عمل سے یہ عدالتی قانون سامنے آیا کہ مجرم اگر مریض ہو تو اس سے مرض کے خاتمے تک حد کے نفاذ میں توقف کیا جا سکتا ہے اور حضرت عمر کے اس فیصلے سے مملکت میں انصاف کی ایک تاریخ رقم ہو گئی کہ خلیفہ نے جرم کرنے پر ایک بدری صحابی کو معاف نہیں کیا باوجود اس کے کہ وہ حضرت عمرؓ کے بچوں کے ماموں بھی تھے۔

---

[1] عبد الرزاق ، **المصنف** ، ج ۹ ص ۲۴۰ ، ح ۱۷۰۷۶

# باب ثالث: خلافتِ عمرؓ میں شورائی نمائندگی اور جدید مغربی جمہوریت

## فصل اول: شورائیت میں خواتین کی شمولیت

### تمہید

نبی رحمت ﷺ کی بعثت سے پہلے پوری دنیا کو جو اخلاقی بیماریاں دیمک کی طرح چاٹ رہی تھیں ان میں سے ایک اور اہم ترین "عورت" کو اس کے صحیح اور اصل مقام سے گرا کر نحوست، باعث عار اور معاشی بوجھ کا سبب سمجھا جاتا تھا۔ قران مجید میں جاہلیت کے اس رویے کا تذکرہ کیا گیا۔

ارشاد باری تعالی ہے: "وَإِذَا بُشِّرَ أَحَدُهُمْ بِالْأُنْثَى ظَلَّ وَجْهُهُ مُسْوَدًّا وَهُوَ كَظِيمٌ يَتَوَارَى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوءِ مَا بُشِّرَ بِهِ أَيُمْسِكُهُ عَلَى هُونٍ أَمْ يَدُسُّهُ فِي التُّرَابِ أَلَا سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ"[1]

ترجمہ: "اور جب ان میں سے کسی کو لڑکی کی خوش خبری دی جاتی ہے تو اس کا منہ دن بھر کالا رہتا ہے اور وہ غم سے بھرا ہوتا ہے۔ وہ لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے، اس خوش خبری کی برائی کی وجہ سے جو اسے دی گئی۔ آیا اسے ذلت کے باوجود رکھ لے، یا اسے مٹی میں دبا دے۔ سن لو! برا ہے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں"۔

عورت کی پیدائش پر اپنے تئیں وضع کردہ فکر کے مطابق حقارت کا نشانہ بناتے اور بالآخر وہ حقارت بیٹیوں کے قتل اور زمین میں زندہ در گور کرنے پر منتج ہوتی۔

چنانچہ اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا: "وَإِذَا الْمَوْءُودَةُ سُئِلَتْ"[2]

ترجمہ: "اور جب زندہ دفن کی گئی (لڑکی) سے پوچھا جائے گا"۔

عرب ثقافت میں عورت انسان اور حیوان کے درمیان ایک علیحدہ مخلوق تصور کی جاتی تھی جس کا کام صرف ترقی نسل اور مردوں کی خدمت تھا۔ لڑکیوں کا پیدا ہونا بد نصیبی تصور کی جاتی تھی اور ان کو زندہ دفن کر دینے کی رسم عام تھی اور اس کام بد کو وہ اپنا حق سمجھتے تھے۔[3]

---

[1] النحل: ۵۸،۵۹

[2] التکویر: ۸

[3] سید ضیاء الدین، **عورت قبل از اسلام و بعد از اسلام** (کراچی: النور ہیلتھ وایجوکیشن ٹرسٹ ۲۰۰۶)، ص ۶۹

الغرض عورت کو قبل از اسلام انتہائی تحقیرانہ امتیازی سلوک کا سامنا تھا جس کو اسلام نے ختم کر دیا۔ چنانچہ مرد اور عورت کو ایک ہی نوع یعنی انسان ہونے کے اعتبار سے ملنے والے شرف ومجد میں کوئی فرق نہیں کیا گیا۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے: لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ[1]

ترجمہ: بلاشبہ یقیناً ہم نے انسان کو سب سے اچھی بناوٹ میں پیدا کیا ہے۔

اس عزت وتکریم میں مرد اور عورت دونوں برابر ہیں کیونکہ نبی ﷺ کا ارشاد گرامی ہے:

"إِنَّمَا النِّسَاءُ شَقَائِقُ الرِّجَالِ"[2]

ترجمہ: بے شک عورتیں مردوں کی مانند ہیں۔

علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ نے اعمال کے اعتبار سے مراتب میں بھی مرد اور عورت میں کچھ فرق نہیں کیا چنانچہ ارشاد گرامی ہے:

"مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهُ حَيَاةً طَيِّبَةً وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ"[3]

ترجمہ: "جو بھی نیک عمل کرے، مرد ہو یا عورت اور وہ مومن ہو تو یقیناً ہم اسے ضرور زندگی بخشیں گے، پاکیزہ زندگی اور یقیناً ہم انھیں ان کا اجر ضرور بدلے میں دیں گے، ان بہترین اعمال کے مطابق جو وہ کیا کرتے تھے"۔

حضرت ام سلمہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے ایک دن رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا: "اے اللہ کے رسول! قرآن میں جس طرح مردوں کا ذکر ہوتا ہے ہم عورتوں کا نہیں ہوتا۔" تو اچانک ایک دن میں نے منبر پر آپ ﷺ کی آواز سنی، میں نے دروازے کے قریب ہو کر کان لگایا تو آپ ﷺ فرما رہے تھے: "اے لوگو! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

"إِنَّ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْقَانِتِينَ وَالْقَانِتَاتِ وَالصَّادِقِينَ وَالصَّادِقَاتِ وَالصَّابِرِينَ وَالصَّابِرَاتِ وَالْخَاشِعِينَ وَالْخَاشِعَاتِ وَالْمُتَصَدِّقِينَ وَالْمُتَصَدِّقَاتِ وَالصَّائِمِينَ وَالصَّائِمَاتِ وَالْحَافِظِينَ فُرُوجَهُمْ وَالْحَافِظَاتِ وَالذَّاكِرِينَ اللَّهَ كَثِيرًا وَالذَّاكِرَاتِ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ مَغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا"[4]

ترجمہ: "بے شک مسلم مرد اور مسلم عورتیں اور مومن مرد اور مومن عورتیں اور فرماں بردار مرد اور فرماں بردار عورتیں اور سچے مرد اور سچی عورتیں اور صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والی عورتیں اور عاجزی کرنے والے مرد اور عاجزی کرنے والی عورتیں اور صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں اور روزہ رکھنے والے مرد اور روزہ رکھنے والی عورتیں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں اور اللہ کا بہت ذکر کرنے والے مرد اور ذکر کرنے والی عورتیں، ان کے لیے اللہ نے بڑی بخشش اور بہت بڑا اجر تیار کر رکھا ہے"۔

---

[1] التین : ۴

[2] ابو داود، **سنن ابی داود**، کتاب الطهارة، باب: فی الرجل یجد البلة فی منامه، ح ۲۳٦

تخریج: اس حدیث کو امام البانی نے "صحیح" قرار دیا ہے۔ دیکھئیے: الالبانی ، ناصر الدین ، **سلسلة الاحادیث الصحیحة و شیئ من فقهها و فوائدها**، ج ۶، ص ۸۶۰

[3] النحل : ۹۷

[4] الاحزاب : ۳۵

اللہ تعالی نے مرد اور عورت کی جزااور سزامیں جہاں آخرت میں فرق نہیں رکھاوہیں پر دنیامیں بھی ان کو مساوی درجہ دیا گیاہے چنانچہ ارشاد باری تعالی ہے:"وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوا أَيْدِيَهُمَا جَزَاءً بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِنَ اللَّهِ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ"[1]

ترجمہ: اور جو چوری کرنے والا اور جو چوری کرنے والی ہے سو دونوں کے ہاتھ کاٹ دو، اس کی جزا کے لیے جو ان دونوں نے کمایا، اللہ کی طرف سے عبرت کے لیے اور اللہ سب پر غالب، کمال حکمت والا ہے۔

دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا:"الزَّانِيَةُ وَالزَّانِي فَاجْلِدُوا كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ وَلَا تَأْخُذْكُمْ بِهِمَا رَأْفَةٌ فِي دِينِ اللَّهِ إِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَائِفَةٌ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ"[2]

ترجمہ: "جو زنا کرنے والی عورت ہے اور جو زنا کرنے والا مرد ہے، سو دونوں میں سے ہر ایک کو سو کوڑے مارو اور تمھیں ان کے متعلق اللہ کے دین میں کوئی نرمی نہ پکڑے، اگر تم اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہو اور لازم ہے کہ ان کی سزا کے وقت مومنوں کی ایک جماعت موجود ہو"۔

مذکورہ بالا تفصیل کی روشنی میں یہ واضح ہوا کہ مرد اور عورت کے مابین میں اسلام میں کوئی امتیاز نہیں برتا گیا البتہ مرد اور عورت کی صنف مختلف ہے جو کہ بنیادی مساوات سے متناقض نہیں ہے بلکہ اللہ تبارک وتعالی نے صنفی استعداد کے مطابق حقوق وواجبات کو تقسیم کیا ہے لہذا یہ بات عدل کے منافی ہے کہ دو الگ جنس کے افراد کو ان کی صنفی استعداد کے برعکس ایک ہی جیسی ذمہ داریاں تفویض کر دی جاتیں چنانچہ اللہ تعالی نے دونوں کو جدا جدا خصوصیتوں اور صلاحیتوں سے نوازا ہے اور جس طرح انسانی معاشرے کا ایک رکن مرد ہے اسی طرح عورت ہے جن کا باقی کائنات کے عناصر کی طرح ایک دوسرے پر انحصار ہے لہذا کسی ایک کو بھی محض ایک نوع ہونے کی بنا پر ایک دوسرے سے کمتر نہیں سمجھا جا سکتا۔

ارشاد باری تعالی ہے:"وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللَّهُ بِهِ بَعْضَكُمْ عَلَى بَعْضٍ لِلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِمَّا اكْتَسَبُوا وَلِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ مِمَّا اكْتَسَبْنَ وَاسْأَلُوا اللَّهَ مِنْ فَضْلِهِ إِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا"[3]

ترجمہ: "اور اس چیز کی تمنا نہ کرو جس میں اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے، مردوں کے لیے اس میں سے ایک حصہ ہے، جو انھوں نے محنت سے کمایا اور عورتوں کے لیے اس میں سے ایک حصہ ہے، جو انھوں نے محنت سے کمایا اور اللہ سے اس کے فضل میں سے حصہ مانگو۔ بے شک اللہ ہمیشہ سے ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے"۔

---

[1] المائدة : ٣٨
[2] النور : ٢
[3] النساء : ٣٢

## مرد کو ترجیح

یہ بات واضح ہو گئی کہ اسلام نوع کے اعتبار سے مرد اور عورت کی کامل مساوات کا مدعی ہے چاہے وہ حقوق ہوں یا فرائض لیکن اس کے برعکس معاشرتی نظام میں اسلام مرد کو عورت پر ایک درجہ ترجیح دیتا ہے اور اس ترجیح کو زندگی کا توازن برقرار رکھنے کے لیے ضروری قرار دیا گیا ہے کیونکہ خاندان کی کفالت کا اصل بار گراں مرد اٹھاتا ہے اور اپنی صلاحیتوں کے لحاظ سے وہ یہ بوجھ اٹھانے کے قابل ہے اس لیے ضروری ہے کہ اس ذمہ داری کی زیادتی کی نسبت اس کا حق بھی زیادہ ہو چنانچہ ارشاد باری تعالی ہے:

"وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِي عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ"[1]

ترجمہ: "اور معروف کے مطابق ان (عورتوں) کے لیے اسی طرح حق ہے جیسے ان کے اوپر حق ہے اور مردوں کو ان پر ایک درجہ حاصل ہے"۔

اس ترجیح کی نوعیت اللہ تعالی نے دوسرے مقام پر واضح فرمائی کہ کفالت کا بوجھ اٹھانے کی قابلیت اللہ نے مرد میں رکھی ہے اس لیے بیوی بچوں کے نان ونفقہ کی مکمل ذمہ داری مرد پر ہی ہے عورت پر نہیں اس لیے مرد ہی اس بات کا حقدار ہے کہ اس کو قوام بنایا جائے فرمایا:

"الرِّجَالُ قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَاءِ بِمَا فَضَّلَ اللَّهُ بَعْضَهُمْ عَلَى بَعْضٍ وَبِمَا أَنْفَقُوا مِنْ أَمْوَالِهِمْ"[2]

ترجمہ: مرد عورتوں پر نگران ہیں، اس وجہ سے کہ اللہ نے ان کے بعض کو بعض پر فضیلت عطا کی اور اس وجہ سے کہ انھوں نے اپنے مالوں سے خرچ کیا۔

واضح رہے یہ ترجیح عورت کی حقارت کی بنا پر نہیں رکھی گئی بلکہ اسلام نے مرد اور عورت کی ذمہ داریوں کی بنا پر یہ تفاوت رکھا ہے مثلا ایک مرد پر جہاد کے لئے نکلنا لازم ہے لیکن عورت کو اس ذمہ داری سے مستغنی کر دیا گیا ہے لہذا ایک بندہ تب تک جہاد نہیں کر سکتا جب تک اس کے پیچھے ایک عورت اس کے گھر کو سنبھالنے اور دیکھ بھال میں اپنے قوتیں صرف نہ کرے چنانچہ میدان جہاد میں مرد کی یکسوئی عورت کی قربانیوں کا ثمر ہے اس لیے اگر مرد میدان میں لڑ رہا ہے تو وہ اکیلا نہیں لڑ رہا بلکہ اس کے ساتھ خدا کی وہ بندی بھی برسر پیکار ہے جس نے اس مرد کو زندگی کے دوسرے محاذوں سے بے پرواہ کر دیا ہے۔[3]

## عہد رسالت میں اجتماعی امور میں خواتین کی شرکت

عہد رسالت میں خواتین اجتماعی معاملات میں شریک ہوا کرتی تھی اور خواتین کی شرکت کئی اعتبار سے ہوتی تھی۔

**تعلیم کا حصول:** امام بخاری نے اپنی صحیح میں یہ باب باندھا ہے "باب امام النساء و تعلیمهن" اس کے تحت یہ حدیث نقل کی ہے کہ ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ نبی (ایک مرتبہ عید کے موقع پر مردوں کی صفوں میں سے) نکلے اور آپ ﷺ کے ساتھ بلالؓ تھے۔

---

[1] البقرۃ: ۲۲۸

[2] النساء: ۳۴

[3] اصلاحی، امین احسن، اسلامی معاشرے میں عورت کا مقام، (لاہور: فاران فاؤنڈیشن ۱۹۹۲)، ص ۹۴ تا ۱۰۰

آپ ﷺ کو خیال ہوا کہ عورتوں کو (خطبہ اچھی طرح) نہیں سنائی دیا۔ تو آپ ﷺ نے انھیں علیحدہ نصیحت فرمائی اور صدقے کا حکم دیا (یہ وعظ سن کر) کوئی عورت بالی (اور کوئی عورت) انگوٹھی ڈالنے لگی اور بلال اپنے کپڑے کے دامن میں (یہ چیزیں) لینے لگے۔[1]

**جہاد میں شرکت:** امام بخاری نے ہی ایک اور باب باندھا ہے "باب مداواة النساء الجرحى فى الغزو" اور اسکے تحت مذکورہ حدیث لائے ہیں۔

حضرت ربیع بنت معوذؓ نے بیان کیا کہ ہم نبی کریم کے ساتھ (غزوہ میں) شریک ہوتے تھے، مسلمان فوجیوں کو پانی پلاتے تھے، زخمیوں کی مرہم پٹی کرتے تھے اور جو لوگ شہید ہو جاتے انہیں مدینہ اٹھا کر لاتے تھے۔[2]

**بیعت:** یہ سیاست اسلامیہ کی بنیاد تھی لہذا اس بنیادی سیاسی عمل میں بھی نبی ﷺ نے جس طرح مردوں کو شامل کیا اسی طرح عورتوں سے بھی بیعت لی ارشاد باری تعالی ہے:

"يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَى أَنْ لَا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ"[3]

ترجمہ: "اے نبی! جب تیرے پاس مومن عورتیں آئیں، تجھ سے بیعت کرتی ہوں کہ وہ نہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک ٹھہرائیں گی اور نہ چوری کریں گی اور نہ زنا کریں گی اور نہ اپنی اولاد کو قتل کریں گی اور نہ کوئی بہتان لائیں گی جو اپنے ہاتھوں اور اپنے پاؤں کے درمیان گھڑ رہی ہوں اور نہ کسی نیک کام میں تیری نافرمانی کریں گی تو ان سے بیعت لے لے اور ان کے لیے اللہ سے بخشش کی دعا کر۔ یقیناً اللہ بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے"۔

**اجتماعی ذمہ داری:** اسلام نے اجتماعی طور پر جس طرح مردوں کی ذمہ داری لگائی کہ وہ "امر بالمعروف اور نہی عن المنکر" کا التزام کریں اسی طرح عورت کی ذمہ داری میں بھی یہ اہم ذمہ داری شامل فرمائی چنانچہ ارشاد باری تعالی ہے:

"وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَيُطِيعُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ أُولَئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللَّهُ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ"[4]

ترجمہ: "اور مومن مرد اور مومن عورتیں، ان کے بعض بعض کے دوست ہیں، وہ نیکی کا حکم دیتے ہیں اور برائی سے منع کرتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کا حکم مانتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن پر اللہ ضرور رحم کرے گا، بے شک اللہ سب پر غالب، کمال حکمت والا ہے"۔

---

[1] بخاری ، **الجامع الصحيح** ،كتاب : العلم ، باب : عظة النساء و تعليمهن ، ح ٩٨

[2] بخاری ، **الجامع الصحيح** ،كتاب : الجهاد و السير ، باب : مداواة النساء الجرحى فى الغزو ، ح ٢٨٨٢

[3] الممتحنة : ١٣

[4] التوبة : ٧١

یہ آیت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ بنیادی ذمہ داری میں مرد اور عورت مشترکہ ہیں اور اسی طرح اللہ تعالی نے عمومی ذمہ داری میں بھی عورتوں کو مردوں کی شانہ بشانہ مسؤلہ بنایاہے "امر بالمعروف نہی عن المنکر" اسلام کی بڑی ذمہ داریوں میں سے ہے اور اس بڑی ذمہ داری میں اللہ تعالی نے مرد اور عورت کی مابین کوئی تفریق نہیں فرمائی چنانچہ جس طرح اجتماعی امور میں مرد اپنی رائے کا اظہار کرنے میں آزاد ہے اسی طرح عورت کی رائے کو بھی اللہ تعالی نے اہمیت دی ہے۔[1]

## خواتین کی شورائیت کی شرعی حیثیت

اسلام میں خواتین کی حیثیت اور ذمہ داریوں کو واضح کرنے کے بعد شورائیت میں خواتین کی شمولیت سے متعلق عہد نبوی اور خلافت راشدہ سے ایسی بہت سی مثالیں ملتی جو اس امر کو واضح کرنے میں ایک بین ثبوت کے طور پر پیش کی جاسکتی ہیں۔

اسلامی معاشرے میں عورت کی جداگانہ حیثیت ہے اسلئے عہد نبوی اور خلافت راشدہ میں خواتین کی جنگوں میں شمولیت ، جامع مسجد میں حاضری اور خلفاء کے خطبات میں شمولیت اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ اسلامی سلطنت میں عورت کا اپنا حصہ ہے جس سے اس کو روکا نہیں جاسکتا۔[2]

قران مجید اور احادیث رسول ﷺ میں "عورت" سے مشاورت کے جواز کے دلائل کی تفصیل اس انداز میں بیان کی گئی ہے:

۱. ارشاد باری تعالی ہے:"وَأَمْرُهُمْ شُورَى بَيْنَهُمْ"[3]

اس آیت میں اللہ تعالی نے تمام مسلمانوں کے امور شورائیت کے ذریعے سے طے کرنے کا حکم دیا ہے اور "تمام" میں مرد اور عورت دونوں شامل ہیں اور اس آیت میں صرف مردوں کے لیے شورائیت مخصوص ہونے کی کوئی صورت نہیں ہے۔[4]

۲. ارشاد باری تعالی ہے:"فَإِنْ أَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا"[5]

اس آیت میں خاوند اور بیوی کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ بچے کا دودھ مدت رضاعت کے دوران چھڑوانے کے لیے باہم مشورہ کریں اگر دونوں میں سے کوئی ایک راضی نہ ہو تو دودھ چھڑوانا جائز نہ ہو گا۔[6]

اس آیت میں مشاورت کے حوالے سے عورت کی جداگانہ رائے کی اہمیت واضح کی گئی ہے چنانچہ جب ایک چھوٹے سے خاندانی فیصلے کے لیے شورائیت میں خاتون کی شمولیت لازم ہے تو پھر بڑے خاندان یعنی امت و مملکت کے فیصلوں میں ان کو اس حق سے کیسے محروم رکھا جا سکتا ہے۔[7]

---

[1] شلتوت ، محمود ، **الاسلام عقيدة و شريعة** (قاهرة : دار الشروق ۲۰۰۱) ص ۲۲۳

[2] زريق ، برهان ، **الشورى فى الاسلام** ، ( وزارة الاعلام السورية على الطباعة۲۰۱٦) ، ص ۸۸

[3] الشورى : ۳۳

[4] الصلابى ، على بن محمد ، **الشورى فريضة اسلامية** (قاهرة: مؤسسة اقرا للنشر و التوزيع و الترجمة۲۰۱۰) ص ۱۱۵

[5] البقرة: ۲۱۳

[6] الماوردى ، **تفسير الماوردى** ، ج ۱ ، ص ۳۰۱

[7] الصلابى ، الشورى ، ص ۱۱۵

۳. ارشاد باری تعالی ہے:"مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهُ حَيَاةً طَيِّبَةً وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ" [1]

ترجمہ: جو بھی نیک عمل کرے، مرد ہو یا عورت اور وہ مومن ہو تو یقیناہم اسے ضرور زندگی بخشیں گے، پاکیزہ زندگی اور یقیناہم انھیں ان کا اجر ضرور بدلے میں دیں گے، ان بہترین اعمال کے مطابق جو وہ کیا کرتے تھے۔

ڈاکٹر صلابی لکھتے ہیں کہ عمل سیاست اگر اخلاص نیت کے ساتھ کیا جائے تو یہ بھی اعمال صالحہ میں سے ہے [2]

۴. حضرت موسی کو ان کی والدہ نے اللہ تعالی کے حکم سے تابوت میں ڈال کر دریا کے سپرد کر دیا اس دوران ان کی بہن کی ذمہ داری لگائی گئی کہ وہ اس تابوت کی نگرانی کریں چنانچہ وہ اس تابوت کا پیچھا کرتی رہیں یہاں تک کہ وہ تابوت فرعون کے ہر کاروں کے ہاتھ لگ گیا جب فرعون نے اپنی بیوی کے کہنے پر اس بچے کو قتل کرنے کا ارادہ ترک کر دیا اور اپنے گھر میں رکھنے پر راضی ہوا تو حضرت موسی کے دودھ نہ پینے پر ان کی بہن نے اپنی ہی والدہ سے دودھ پلانے کا مشورہ دیا اور اس مشورے کی وجہ سے حضرت موسی علیہ السلام واپس اپنے والدہ کے پاس واپس آ گئے فرمان باری تعالی ہے:

"وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَى أَهْلِ بَيْتٍ يَكْفُلُونَهُ لَكُمْ وَهُمْ لَهُ نَاصِحُونَ۔ فَرَدَدْنَاهُ إِلَى أُمِّهِ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ أَنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَلَكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ" [3]

ترجمہ: "اور ہم نے اس پر پہلے سے تمام دودھ حرام کر دیے تو اس نے کہا کیا میں تمھیں ایک گھر والے بتلاؤں جو تمھارے لیے اس کی پرورش کریں اور وہ اس کے خیر خواہ ہوں۔ تو ہم نے اسے اس کی ماں کے پاس واپس پہنچا دیا، تا کہ اس کی آنکھ ٹھنڈی ہو اور وہ غم نہ کرے اور تا کہ وہ جان لے کہ اللہ کا وعدہ سچ ہے اور لیکن ان کے اکثر نہیں جانتے"۔

۵. موسی علیہ السلام جب مصر سے مدین تشریف لے گئے تو وہاں پر دو خواتین کنویں پر اپنی بکریوں کو پانی پلانے کے انتظار میں تھیں لیکن لوگوں کے ازدہام کی وجہ سے ایک جانب کھڑی ہوئی تھیں یہاں تک کہ تمام لوگ اپنی بکریوں کو پانی پلا چکے تو حضرت موسی علیہ السلام نے ان خواتین کی بکریوں کو پانی پلایا۔ ان خواتین نے گھر جا کر انہوں نے حضرت موسی علیہ السلام کا حال اپنے بوڑھے والد [4] کو کہہ سنایا۔ ان کے والد نے حضرت موسی علیہ السلام کو بلا بھیجا ان سے مدین آمد کی وجہ دریافت کر رہے تھے اس دوران ان دونوں خواتین میں سے ایک نے اپنے والد کو مشورہ دیا جس کو قران مجید نے کچھ یوں بیان فرمایا: "قَالَتْ إِحْدَاهُمَا يَاأَبَتِ اسْتَأْجِرْهُ إِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَأْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْأَمِينُ" [5]

---

[1] النحل : ٩٧

[2] الصلابی ، الشوری ، ص ١١٨

[3] القصص : ١٢،١٣

[4] ان خواتین کے والد کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ حضرت شعیب علیہ السلام تھے لیکن یہ بات کسی صحیح حدیث سے ثابت نہیں۔ دیکھیے: حافظ، عبد السلام بن محمد، تفسیر القرآن الکریم، (لاہور: دار الاندلس) القصص:٢٦

[5] القصص : ٢٦

ترجمہ: دونوں میں سے ایک نے کہا اے میرے باپ! اسے اجرت پر رکھ لے، کیونکہ سب سے بہتر شخص جسے تو اجرت پر رکھے طاقت ور، امانت دار ہی ہے۔

یہ مشورہ ان کے والد کو پسند آیا اور انہوں نے اس مشورے پر عمل کرتے ہوئے موسیٰ علیہ السلام کو کچھ شرائط کے ساتھ اپنے ہاں خادم مقرر کر دیا۔

۶. ارشاد نبوی ہے: " إِنَّ الدِّينَ النَّصِيحَةُ، إِنَّ الدِّينَ النَّصِيحَةُ، إِنَّ الدِّينَ النَّصِيحَةُ قَالُوا: لِمَنْ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: لِلَّهِ، وَكِتَابِهِ، وَرَسُولِهِ، وَأَئِمَّةِ الْمُؤْمِنِينَ وَعَامَّتِهِمْ، - أَوْ أَئِمَّةِ الْمُسْلِمِينَ وَعَامَّتِهِمْ[1]

ترجمہ: "دین نصیحت (خلوص و خیر خواہی) کا نام ہے۔ دین نصیحت کا نام ہے۔ دین نصیحت کا نام ہے۔ صحابہ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول !کس کے لیے؟ آپ ﷺ نے فرمایا " اللہ کے لیے، اس کی کتاب کے لیے، اس کے رسول کے لیے، اہل ایمان کے ائمہ و حکام اور عام لوگوں کے لیے"۔

اس حدیث کو ذکر کرنے کے بعد ڈاکٹر عبد الحلیم ابو شقہ لکھتے ہیں کہ معاملات میں جب تک کسی بات کی حرمت کی نص وارد نہ ہو وہ مباح ہوتی ہے اور مجھے خواتین کی شورائیت کی حرمت یا ممانعت کی کوئی دلیل نہیں ملی۔ اسلیے عورت جو بہتر سمجھتی ہے اسکے ساتھ وہ رائے دے سکتی ہے۔[2]

یہی بات مولانا گوہر الرحمن نے بھی لکھی ہے کہ عورت مشورہ دینے کے حق سے شرعاً محروم نہیں کی گئی۔[3]

۷. صلح حدیبیہ کے موقع پر مسلمانوں اور مشرکین مکہ کے مابین معاہدہ طے پا جانے کے بعد نبی ﷺ نے صحابہ کرام کو حکم دیا کہ اٹھو قربانی کرو اور اپنے سروں کو منڈوالو۔ آپ کی اس بات کو سن کر لوگوں میں کوئی حرکت نہ ہوئی تو آپ ﷺ نے دوبارہ اور سہ بارہ یہ حکم دیا لیکن اس کے باوجود صحابہ کرام اپنی جگہوں پر بیٹھے رہے۔ آپ ﷺ یہ صورتحال دیکھ کر خاموشی سے اٹھ کر خیمے میں تشریف لے گئے اور ام المومنین حضرت ام سلمہؓ سے سارا معاملہ کہہ سنایا۔ ابن اسحاق کی روایت کے مطابق حضرت ام سلمہؓ نے کمال فراست سے رسول اللہ ﷺ کو اس مسئلے کی وجہ بیان فرمائی اور پھر اس کے حل کا بہترین مشورہ دیا انہوں نے کہا: " يَا رَسُول الله: لَا تلمهم فَإِنَّهُم قد دخلهم أَمر عَظِيم مِمَّا أدخلت على نَفسك من الْمَشَقَّة فِي أَمر الصُّلْح، ورجوعهم بِغَيْر فتح"[4]

ترجمہ: اے اللہ کے رسول! آپ انہیں ملامت مت کیجئے کیونکہ بے شک ان پر بہت بڑا بوجھ آن پڑا ہے جو کہ آپ نے اپنے نفس کو مشقت میں ڈال کر صلح کا معاملہ انجام دیا ہے، اور انکے فتح کے بغیر لوٹنے کی وجہ سے۔

---

[1] ابو داود ، **سنن ابی داود** ،کتاب الادب ، باب فی النصیحة و أ ٤٩٤٤

[2] ابو شقة ،عبد الحلیم ، **تحرير المرأة فى عصر الرسالة دراسة جامعة لنصوص القرآن الكريم و صحيحي البخاري و مسلم** (كويت: دار القلم ٢٠٠٢)،ج٢، ص ۴۵۹

[3] گوہر الرحمن، اسلامی سیاست، ص ۳۲۱

[4] العینی ، محمد بن احمد ، **عمدة القاری شرح صحیح البخاری** (بیروت:دار احیاء التراث العربی)،ج ۱۴ ، ص ۱۴

مزید بر آں حضرت ام سلمہؓ نے مشورہ دیتے ہوئے فرمایا: اللہ کے نبی ﷺ! کیا آپ یہ پسند کریں گے کہ باہر تشریف لے جائیں اور کسی سے کچھ نہ کہیں بلکہ اپنا قربانی کا جانور ذبح کریں اور اپنے حجام کو بلالیں جو آپ کے بال مونڈھ دے۔ چنانچہ نبی ﷺ نے ایسا ہی کیا جب صحابہ کرام نے دیکھا تو وہ بھی ایک دوسرے کے بال مونڈھنے لگے اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ رنج و غم میں وہ ایک دوسرے سے لڑ پڑیں گے۔[1]

اس حدیث کو ذکر کرنے کے بعد حافظ ابن حجر لکھتے ہیں کہ اس میں مشاورت کی فضیلت ہے اور فاضلہ خاتون سے مشاورت کا جواز بھی ثابت ہوتا ہے۔[2]

۸. غزوہ حنین کے موقع پر جب فتح مکہ کے بعد معاف کیے جانے والے لوگ مسلمانوں کو چھوڑ کر بھاگے تو حضرت ام سلیمؓ نے نبی ﷺ کو یہ مشورہ دیا کہ جن کو ہمارے بعد فتح مکہ کے دن معافی دی گئی تھی آپ ﷺ ان کو قتل کر دیں تو رسول اللہ ﷺ نے ان کے مشورے کے جواب میں ارشاد فرمایا: " يا ام سليم ! ان الله قد كفى وأحسن "[3]

ترجمہ: "اے ام سلیم! بلاشبہ اللہ تعالیٰ کافی ہو گیا (ان کا بھاگنا جنگ ہارنے کا باعث نہ بنا) اور اس نے احسان فرمایا (کہ ہمیں فتح عطا کر دی)"

جو افراد فتح مکہ کے بعد اسلام لائے تھے ان کو "طلقاء" کہا جاتا تھا جو اسلام میں کمزور تھے اور انہوں نے اس اہم موقع پر جنگ سے فرار اختیار کی تو حضرت ام سلیمؓ نے ان کو منافق گردانتے ہوئے ان کو قتل کرنے کا مشورہ دیا جسے رسول اللہ ﷺ نے قبول نہ فرمایا۔

۹. حضرت ام سلمہؓ سے روایت کی کہ انھوں نے کہا: میں لوگوں سے سنتی تھی کہ وہ حوض (کوثر) کا ذکر کرتے تھے۔ میں نے یہ بات خود رسول اللہ ﷺ سے نہیں سنی تھی، پھر ان (میری باری کے) دنوں میں سے ایک دن ہوا۔ اور خادمہ میری کنگھی کر رہی تھی کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ کہتے ہوئے سنا: "اے لوگو!" میں نے خادمہ سے کہا: مجھ سے پیچھے ہٹ جاؤ! وہ کہنے لگی: آپ ﷺ نے مردوں کو پکارا (مخاطب فرمایا) ہے عورتوں کو نہیں۔ میں نے کہا: میں بھی "لوگوں" میں سے ہوں۔ (صرف مرد ہی لوگ نہیں ہوتے)[4]

۱۰. واقعہ افک میں حضرت رسول اللہ نے حضرت عائشہؓ کے بارے میں مردوں میں سے حضرت اسامہ بن زیدؓ اور حضرت علی بن طالبؓ سے مشورہ کیا اور خواتین میں سے حضرت عائشہؓ کی خادمہ "بریرہ" سے مشورہ کیا آپ ﷺ نے پوچھا:

۱۱. "أَيْ بَرِيرَةُ، هَلْ رَأَيْتِ مِنْ شَيْءٍ يَرِيبُكِ" ؟ " قَالَتْ لَهُ بَرِيرَةُ : "وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، مَا رَأَيْتُ عَلَيْهَا أَمْرًا قَطُّ أَغْمِصُهُ ، غَيْرَ أَنَّهَا جَارِيَةٌ حَدِيثَةُ السِّنِّ تَنَامُ عَنْ عَجِينِ أَهْلِهَا فَتَأْتِي الدَّاجِنُ فَتَأْكُلُهُ "[5]

---

[1] البخاری ، **الجامع الصحيح** ،كتاب : الشروط ، باب : الشروط فی الجهاد و المصالحة مع اهل الحرب ، ص ۲۷۳۲

[2] ابن حجر ، احمد بن علی ، **فتح الباری بشرح البخاری**،ج ۵ ، ص ۳۴۷

[3] مسلم ، **صحيح مسلم** ،كتاب : الجهاد و السير ، باب: غزوة الرجال مع النساء ،ح ۴۶۸۲

[4] مسلم ، **صحيح مسلم** ،كتاب : الفضائل ، باب :اثبات حوض نبيناﷺ و صفاته ، ح ۵۹۷۴

[5] البخاری ، **الجامع الصحيح** ،كتاب : المغازی ، باب : حديث الافك ، ح ۴۱۴۱

ترجمہ: "اے بریرۃ! کیا تم نے کوئی ایسی بات دیکھی ہے جس سے تمہیں (عائشہ پر) شبہ ہوا ہو۔ حضرت بریرہ ؓ نے کہا، اس ذات کی قسم !جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا۔ میں نے ان کے اندر کوئی ایسی چیز نہیں دیکھی جو بری ہو۔ اتنی بات ضرور ہے کہ وہ ایک نو عمر لڑکی ہیں ، آٹا گوندھ کر سو جاتی ہیں اور بکری آکر اسے کھا جاتی ہے"۔

اسی طرح نبی ﷺ نے اپنی دوسری زوجہ حضرت زینب بنت جحش ﷺ سے مشورہ مانگا تو انہوں نے کہا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَحْمِي سَمْعِي وَبَصَرِي ، وَاللَّهِ مَا عَلِمْتُ إِلَّا خَيْرًا[1]

ترجمہ: "یارسول اللہ !میں اپنی آنکھوں اور کانوں کو محفوظ رکھتی ہوں (کہ ان کی طرف خلاف واقعہ نسبت کروں) خدا کی قسم !میں ان کے بارے میں خیر کے سوا اور کچھ نہیں جانتی"۔

۱۲. حضرت ام الفضل بنت حارث فرماتی ہیں کہ عرفہ کے دن رسول اللہ ﷺ کے بارے میں لوگ تردد کا شکار تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے روزہ رکھا ہے کہ نہیں؟ حضرت ام فضل بنت حارثؓ کے پاس آکر لوگ کہنے لگے کہ رسول اللہ ﷺ روزے سے ہیں اور کچھ لوگ ان کے جواب میں کہنے لگے کہ آپ ﷺ روزے سے نہیں ہیں۔ ام فضل ؓ فرماتی ہیں کہ اس دوران میں نے رسول اللہ ﷺ کی طرف دودھ کا ایک پیالہ بھیجا ۔ آپ ﷺ اس وقت اونٹ پر سوار تھے چنانچہ آپ ﷺ نے وہ دودھ سب کے سامنے پی لیا۔ (یعنی صحابہ کرام کی پریشانی جاتی رہی)[2]

حافظ ابن حجر اس حدیث کے بعد لکھتے ہیں : "وَفِيهِ الْبَحْثُ وَالِاجْتِهَادُ فِي حَيَاتِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُنَاظَرَةُ فِي الْعِلْمِ بَيْنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ"[3]

ترجمہ: اس میں نبی ﷺ کی حیات مبارکہ میں تحقیق، اجتہاد اور مردوں اور عورتوں کے مابین علمی مناظرے کی دلیل ہے۔

۱۳. جمہور فقہاء کے نزدیک "فتوی" اور "شوری" ایک ہی درجے کے امور ہیں پس ہر وہ بندہ جو "فتوی" دینے کی شرائط پر پورا اترتا ہو وہ شورائیت کا حصہ بن سکتا ہے اور امام (حاکم) اور قاضی کے لیے جائز ہے کہ وہ اس سے مشورہ لے، اس کی رائے کو نافذ کرے اور یہ بات معلوم ہے کہ "فتوی" کی صحت کے لیے مفتی کے "مرد" ہونے کی کوئی شرط نہیں ہے[4] چنانچہ علامہ ماوردی لکھتے ہیں کہ قاضی کے لیے جائز ہے کہ وہ شروط پر پورا اترنے والے شخص سے مشورہ کر سکتا ہے اگرچہ مستشار اندھا ہو، غلام ہو یا عورت ہو کیونکہ ان میں سے ہر ایک فتوی دینے کا اہل ہے۔[5]

امام ابن حزم نے صحابہ کرام کے زمانے میں "فتاوی" جاری کرنے والے صحابہ کرام کے نام ذکر کرتے ہوئے تقریبا ۲۰ صحابیات کا بھی تذکرہ کیا ہے جو "فتوی" دیا کرتی تھیں ۔ سب سے پہلے ام المومنین عائشہ صدیقہؓ کا نام ہے اور اس کے بعد دیگر نام ذکر کیے ہیں جو کہ یہ

---

[1] ایضا

[2] البخاری ، **الجامع الصحيح** ،كتاب : الحج ، باب : الوقوف على الدابة بعرفة ، ح ١٦٦١

[3] ابن حجر ، **فتح الباری** ، ج ۴ ، ص ۲۳۸

[4] زريق ، **الشورى فى الاسلام** ، ص ۸۵

[5] الماوردی ، **علی بن محمد** ، ادب القاضی ، (بغداد: احياء التراث الاسلامی ۱۹۷۱ )،ج ۱ ، ص ۲۶۴

ہیں: ام سلمہ ؓ، حفصہ ؓ، ام حبیبہ ؓ، فاطمہ بنت رسول اللہ ؓ، فاطمہ بنت قیس ؓ، اسماء بنت ابی بکر ؓ، ام شریک ؓ، الحولا بنت تویت ؓ[1]، سہلہ بنت سہیل ؓ، ام درداء الکبریٰ ؓ، زینب بنت ام سلمہ ؓ، ام ایمن ؓ، ام یوسف ؓ، عاتکہ بنت عمرو بن عمرو بن زید بن نفیل ؓ۔[2]

عطا بن رباح فرماتے ہیں: "حضرت عائشہ ؓ[3] لوگوں میں سب سے زیادہ فقیہ، سب سے زیادہ عالم اور عام معاملات میں تمام لوگوں میں سب سے بہتر رائے رکھنے والی تھیں"

ابو بردہ اپنے والد ابو موسیٰ سے بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا: "ہمیں جب بھی کوئی پیچیدہ مسئلہ در پیش ہوا ہم اس بابت حضرت عائشہ ؓ سے پوچھتے تو آپ کے پاس اس کا علم ہوتا تھا"۔

مذکورہ بالا دلائل، نصوص اور آراء کی روشنی میں یہ بات واضح ہو گئی کہ خواتین بھی مردوں کی طرح شورائیت کا حصہ بن سکتی ہیں۔

## حضرت عمر ؓ کی خواتین سے شورائیت

امام ابن سیرین فرماتے ہیں کہ حضرت عمر ؓ معاملات خلافت میں مشاورت کیا کرتے تھے حتیٰ کہ وہ عورتوں سے بھی مشاورت کرتے اور اگر کسی خاتون کا مشورہ اچھا ہوتا تو آپ ؓ اس مشورے کو قبول کر لیتے اور اسے نافذ کر دیتے۔[4]

ڈاکٹر زریق لکھتے ہیں کہ صحابہ کرام خواتین سے مشاورت کیا کرتے تھے اور سب سے پہلے جنہوں نے عورتوں سے مشاورت کا اصول متعارف کروایا وہ عمر بن خطاب ؓ تھے۔[5]

## مجاہد کی محاذ جنگ پر وقت کی تحدید

حضرت عمر فاروق ؓ ایک روز حسب عادت مدینہ کی گلیوں میں گشت کر رہے تھے۔ اس دوران آپ ؓ عرب کی عورتوں میں سے ایک ایسی عورت کے گھر کے پاس سے گزرے جو اپنا دروازہ بند کر کے یہ اشعار پڑھ رہی تھی:

- تَطَاوَلَ هَذَا وَاخْضَلَّ جَانِبُهْ          وَأَرَّقَنِي إِذْ لَا خَلِيلَ أُلَاعِبُهْ

ترجمہ: یہ رات پھیلتی چلی گئی اور اندھیرا جارہا ہے اور اس چیز نے میری نیند اڑادی کہ یہاں پر میرا کوئی ہم بستر نہیں جس سے میں دل بہلا سکوں۔

- ألاعبه طورا و طورا كأنما          بدا قمرا فى ظلمة الليل حاجبه

ترجمہ: لحہ لحہ میں اس سے کھیلوں جیسے رات کے اندھیرے میں بادل کے افق سے چاند نکل کر انکھ مچولی کرتا ہے۔

---

[1] انکا درست نام "جولاء بنت لیث" ہے۔

[2] ابن حزم ، علی بن احمد ، **جوامع السيرة و خمس رسائل أخرى لابن حزم** (مصر: دار المعارف ۱۹۰۰)،ص ۳۱۹

[3] مقالہ نگار نے مقتیہ صحابیات میں سے بطور مثال صرف حضرت عائشہ ؓ کا ذکر کیا ہے۔

[4] البيهقى ، **السنن الكبرى** ،كتاب : آداب القاضى ، باب من يشاور،ج ۱۰، ص ۱۹۳ ، ح ۲۰۳۲۲

[5] زریق، **الشورى** ، ص ۸۳

- يسر به من كان يلهو بقربه      لطيف الحشى لا تجتويه أقاربه

ترجمہ: اس سے نزدیک رہ کر جو اس سے کھیلتا ہے اسے خوشی ہوتی ہے نرم ونازک پسلیوں والا اس کے خویش واقارب اسے ناپسند نہیں کرتے۔

- فوالله لو لا الله لا رب غيره      لحرك من هذا السرير جوانبه

ترجمہ: اللہ کی قسم اگر اللہ کا خوف نہ ہوتا اس کے سوا کسی کا خوف نہیں تو اس چارپائی کے پائے حرکت میں ہوتے۔

- ولكنني أخشى رقيبا موكلا      بأنفسنا لا يفتر الدهر كاتبه

ترجمہ: لیکن میں ایک نگران کار سے ڈرتی ہوں جو ہمارے اوپر نگران ہے اور کبھی کسی وقت اس کا لکھنے والا نہیں تھکتا۔

پھر اس نے ٹھنڈی آہ بھری اور کہا: "لهان علي عمر بن الخطاب وحشتي و غيبة عنة زوجي"

ترجمہ: عمر بن خطابؓ کی وجہ سے مجھے تنہائی اور اپنے خاوند سے جدائی کا سامنا ہے۔

حضرت عمرؓ نے اس کے دروازے پر دستک دی۔ اس عورت نے کہا: کون ہے جو رات کے اس وقت ایک اکیلی خاتون کے دروازے پر دستک دے رہا ہے؟

حضرت عمرؓ نے کہا: دروازہ کھولو! تو اس نے انکار کر دیا۔ جب حضرت عمرؓ نے زیادہ دستک دی تو اس نے دھمکی دی کہ اللہ کی قسم! اگر میں نے تیری شکایت امیر المومنین کو کر دی تو وہ تجھے سزا دیں گے۔ حضرت عمرؓ نے اس کی پاک دامنی دیکھی تو فرمایا: دروازہ کھولو میں امیر المومنین ہوں۔

اس نے کہا: تم جھوٹ بول رہے ہو جب آپؓ نے اپنی آواز بلند کی تو اس نے پہچان لیا اور دروازہ کھول دیا۔ آپؓ نے اس سے پوچھا کہ تم کیا کہہ رہی تھی؟ اس نے اپنی بات دہرائی۔ آپؓ نے پوچھا: تمہارا خاوند کہاں ہے؟ اس نے کہا: وہ فلاں معرکے میں جہاد پہ گیا ہے۔

حضرت عمرؓ نے اس لشکر کے سربراہ کو خط لکھ کر اس عورت کے خاوند کو فوری طلب کر لیا۔ جب وہ آیا تو آپؓ نے اس کو اپنے گھر جانے کا حکم دیا۔

اس مسئلے کے سامنے آنے کے بعد حضرت عمرؓ اس کے حل کے لیے کوشاں ہو گئے چنانچہ آپؓ نے خواتین سے متعلقہ مسئلہ ہونے کی وجہ سے انہی کی مشاورت سے حل کرنے کا فیصلہ کیا اور اپنی بیٹی ام المومنین حفصہؓ کے پاس تشریف لے گئے اور ان سے پوچھا کہ میری بیٹی! ایک عورت اپنے خاوند کے بغیر کتنا عرصہ گزار سکتی ہے؟ حضرت حفصہؓ نے فرمایا: ایک عورت اپنے خاوند کے بغیر زیادہ سے زیادہ چار ماہ گزار سکتی ہے چنانچہ حضرت عمرؓ نے ہر سپاہی کو چار ماہ بعد محاذ سے چھٹی دینے کا حکم نامہ لکھ کر لشکروں میں بھیج دیا اور صحابہ کرام میں سے کسی نے حضرت عمر ؓ کے اس فیصلے کی مخالفت نہ کی۔[1]

امام باقلانی نے دیگر خواتین سے مشاورت کا بھی ذکر کیا ہے:

[1] القرشی ، **اولیات الفاروق** ، ص ۲۸۶

"فَقَالَ لحفصة وَأهل التجربة من النِّسَاء كم أَكثر مَا يصبر النِّسَاء عَن أَزوَاجهنَّ فَقُلْنَ لَهُ أَرْبَعَة أشهر فَكَانَ لَا يحبس الْبَعْث أَكثر من أَرْبَعَة أشهر"[۱]

ترجمہ: پس حضرت عمرؓ نے حفصہؓ اور دیگر تجربہ کار خواتین سے مشاورت کی کہ عورتیں اپنے خاوندوں کے بغیر کتنا عرصہ صبر کر سکتی ہیں؟ تو انہوں نے کہا کہ چار ماہ۔ پس چار ماہ سے زائد کسی کو لشکر کے ساتھ نہیں بھیجا جاتا تھا۔

**اثرات**

اس فیصلے سے دو اہم مسائل حل ہو گئے پہلا مسئلہ یہ حل ہوا کہ خاوندوں کا اپنی بیویوں سے اتنا عرصہ دور رہنے سے معاشرے میں بے راہ روی بڑھنے کا امکان تھا، اس فیصلے سے اس امکان کا خاتمہ ہو گیا۔ اس کے علاوہ جو فوجی اتنا عرصہ اپنی بیویوں سے دور تھے وہ اپنی بیویوں کو خرچہ بھی نہیں بھیج رہے تھے چنانچہ حضرت عمرؓ نے فیصلے میں یہ لکھ کر بھیجا کہ وہ اپنی بیویوں کو خرچہ بھیجیں نہیں تو طلاق دے دیں اگر طلاق دینی ہو تو اس عرصے کا خرچہ دینا پڑے گا یعنی حضرت عمرؓ کے اس فیصلے سے خواتین کے مالی حقوق کا تحفظ بھی ممکن ہوا۔

## غسل جنابت کا حکم

حضرت عمرؓ کو خبر ہوئی کہ حضرت زید بن ثابتؓ یہ فتوی دے رہے ہیں کہ خاوند جب اپنی بیوی سے مباشرت کرے اور انزال نہ ہو تو غسل واجب نہیں ہوتا۔ حضرت عمرؓ نے زید بن ثابتؓ کو بلایا اور پوچھا: کیا تم اپنی رائے سے یہ فتوی دے رہے ہو؟

انہوں نے کہا: نہیں! امیر المومنین! میں نے اپنے چچاؤں ابو ایوبؓ، ابی بن کعبؓ اور رفاعہ بن رافعؓ سے سنا ہے۔

حضرت عمرؓ نے رفاعہؓ سے پوچھا تو انہوں نے کہا: ہاں ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں ایسا ہی کرتے تھے ہمارے پاس نہ اس کے حرام ہونے کا حکم آیا اور نہ ہی رسول اللہ ﷺ نے ہمیں اس سے منع فرمایا۔

حضرت عمرؓ نے پوچھا: کیا رسول اللہ ﷺ کو اس کا علم بھی تھا؟ انہوں نے کہا: یہ مجھے معلوم نہیں۔

اس اختلاف کو دیکھتے ہوئے حضرت عمرؓ نے مجلس شوری کا اجلاس طلب کیا۔ انصار و مہاجرین جب آپؓ کے پاس جمع ہوئے تو آپؓ نے ان سے اس مسئلے کا حل دریافت کیا۔ سب نے کہا کہ انزال نہ ہونے کی صورت میں غسل واجب نہیں ہے۔ حضرت علیؓ اور حضرت معاذ بن جبلؓ نے کہا: ایسا نہیں ہے بلکہ جب ختنے کی جگہ ختنے کی جگہ سے گزر جائے گی تو غسل واجب ہو جائے گا۔

اس اختلاف کو دیکھتے ہوئے حضرت عمرؓ نے کہا: یہ اہم مسئلہ ہے کہ تم اصحاب بدر ہوتے ہوئے آپس میں اس قدر مختلف ہوئے تو تمہارے بعد والوں کا کیا ہو گا؟ حضرت علی ؓ نے یہ رائے پیش کی کہ اے امیر المومنین! اس مسئلے میں رسول اللہ ﷺ کی سنت کے بارے میں ان کے گھر والوں سے زیادہ کوئی نہیں جانتا تو حضرت عمرؓ نے حضرت حفصہؓ کی طرف پیغام بھیجا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اس بارے میں علم نہیں۔ انہوں نے پھر حضرت عائشہؓ کی طرف بھیجا تو انہوں نے کہا: إ"ذا جاوز الختان الختان فقد وجب الغسل"

ترجمہ: جب ختنے کی جگہ ختنے کی جگہ سے گزر جائے گی تو غسل واجب ہو جائے گا۔

---

[۱] الباقلانی، ابو بکر محمد طیب بن محمد، **تمهيد الاوئل فى تلخيص الدلائل** (لبنان: مؤسسة الكتب الثقافة ۱۹۸۷)، ص ٤۹۸

حضرت عائشہؓ کی اس رائے کے بعد حضرت عمرؓ نے اس کو نافذ کر دیا اور سختی سے حکم جاری کیا کہ اگر مجھے پتہ لگا کہ کوئی شخص اس کی مخالفت کر رہا ہے تو میں اس کو سخت سزا دوں گا چنانچہ تمام اصحاب شوری کے اتفاق کے بعد حضرت عائشہؓ کی رائے کو نافذ کر دیا گیا۔[1]

**اثرات**

حضرت عمرؓ کے اس شورائی فیصلے سے ایک ایسا بنیادی مسئلہ حل ہو گیا جو طہارت سے متعلقہ تھا اور طہارت عبادات کی بنیاد ہوتی ہے۔ لہذا یہ کہا جا سکتا ہے کہ ایک خاتون کی رائے سے مسلمانوں کی عبادات کے بارے میں پیدا ہونے والے شکوک و شبہات کا ازالہ ہو گیا اور ایک خاتون کی رائے سے ایک بہت بڑا اختلاف خوش اسلوبی کے ساتھ اختتام کو پہنچ گیا۔

## حق مہر کی مقدار

مسروق فرماتے ہیں کہ ایک دن حضرت عمرؓ ممبر رسول پر تشریف فرما ہوئے اور لوگوں کو مخاطب کر کے کہا: اے لوگو! تم حق مہر میں مبالغہ آرائی سے کام کیوں لے رہے ہو حالانکہ رسول اللہ ﷺ نے چار سو درہم سے زیادہ حق مہر مقرر نہیں کیا؟ پھر آپؓ نے چار سو درہم سے زائد حق مہر مقرر کرنے سے منع فرما دیا۔

اس فیصلے کا اعلان کر کے آپؓ منبر سے نیچے اترے ایک خاتون جو قریش سے تعلق رکھتی تھیں، انہوں نے حضرت عمر بن خطابؓ کو مخاطب کر کے کہا: اے امیر المومنین آپؓ نے لوگوں کو عورتوں کے حق مہر میں چار سو درہم سے زائد دینے سے منع کر دیا ہے؟ انہوں نے کہا: ہاں! تو اس خاتون نے کہا: کیا آپ نے اللہ تعالی کا وہ کلام نہیں سنا جو قرآن مجید میں ہے؟ حضرت عمرؓ نے پوچھا: وہ کیا ہے؟ اس خاتون نے کہا: آپ نے سنا نہیں کہ اللہ تعالی نے فرمایا:

"وَإِنْ أَرَدْتُمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَكَانَ زَوْجٍ وَآتَيْتُمْ إِحْدَاهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَأْخُذُوا مِنْهُ شَيْئًا أَتَأْخُذُونَهُ بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُبِينًا"[2]

ترجمہ "اور اگر تم کسی بیوی کی جگہ اور بیوی بدل کر لانے کا ارادہ کرو اور تم ان میں سے کسی کو ایک خزانہ دے چکے ہو تو اس میں سے کچھ بھی واپس نہ لو، کیا تم اسے بہتان لگا کر اور صریح گناہ کر کے لو گے"۔

حضرت عمر نے کہا: "اللهم غفراً، كل الناس أفقه من عمر، ثم رجع فركب المنبر، فقال أيها الناس: إني كنت نهيتكم أن تزيدوا في صدقاتهن على أربعمائة درهم، فمن شاء أن يعطي من ماله ما أحب"

ترجمہ: "اے اللہ! مجھے معاف فرما! تمام لوگ ہی عمر سے بڑھ کر فقیہ ہیں۔ پھر آپ لوٹے اور ممبر پر دوبارہ براجمان ہوئے اور کہا: اے لوگو! بے شک میں نے تمہیں چار سو درہم سے زائد حق مہر مقرر کرنے سے منع کیا تھا بس جو چاہے وہ اپنے مال میں سے جتنا چاہے حق مہر ادا کرے"۔

ابو یعلی فرماتے ہیں کہ میرے خیال سے آپؓ نے کہا: "فمن طابت نفسه فليفعل"

---

[1] دہلوی، شاہ ولی اللہ، **ازلۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء**، مترجم: اشتیاق احمد دیوبندی، (کراچی: قدیمی کتب خانہ)، ج۳، ص۳۱۹

[2] النساء : ۲۰

**ترجمہ:** جس کو جیسے پسند ہو وہ کرے۔

مصعب بن عبد اللہ اپنے دادا سے اس عورت کا حلیہ بھی بیان کرتے ہیں کہ وہ ایک لمبی ناک والی خاتون تھیں۔[١]

امام قرطبی نے اس واقعے کو ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ حضرت عمرؓ نے ١٢اوقیہ سے زائد مہر مقرر کرنے سے منع فرمایا تو ایک خاتون نے کھڑے ہو کر آپ کو کہا: "يَا عُمَرُ، يُعْطِينَا اللَّهُ وَتَحْرِمُنَا! أَلَيْسَ اللَّهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى يَقُولُ: (وَآتَيْتُمْ إِحْداهُنَّ قِنْطاراً فَلا تَأْخُذُوا مِنْهُ شَيْئاً[٢])"؟ حضرت عمرؓ نے فرمایا: "خاتون درستگی پر ہے اور عمر کو غلطی لگی۔ اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت عمرؓ کچھ دیر گردن جھکائے خاموش رہے پھر فرمایا: اے عمر! تمام لوگ ہی تجھ سے زیادہ فقیہ ہیں۔ ایک اور روایت میں ہے کہ آپؓ نے فرمایا: عورت درست ٹھہری اور مرد غلطی کھا گیا اور آپؓ نے اپنی رائے کو ترجیح نہ دی"۔[٣]

**اثرات**

اس واقعے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ جب لوگوں کو کسی اہم مسئلے کے لیے جمع فرماتے تو اس میں خواتین بھی شامل ہوتی تھیں جس طرح عہد نبوی میں لوگوں کو جمع کیا جاتا تھا تو اس میں بھی خواتین حاضر ہوتی تھیں۔ ڈاکٹر فواد عبد المنعم لکھتے ہیں کہ موجودہ زمانے کے مطابق (اس واقعے کی روشنی میں) ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ عورت کو اسلام نے پارلیمان میں نمائندگی کا حق دیا ہے اور یہ کہ وہ عام قانون سازی میں حصہ لے سکتی ہے کیونکہ ابتدائے اسلام میں اسلامی سلطنت کی پارلیمان، مسجد ہوا کرتی تھی۔[٤]

الغرض حضرت عمرؓ کا یہ فیصلہ کرنا اور پھر ایک خاتون کے رد کرنے پر اپنی بات سے رجوع کرنا خلافت عمرؓ میں خواتین کی حق رائے دہی کی واضح علامت ہے اور اس فیصلے سے مہر کی حد بندی کا اصول کالعدم قرار دے دیا گیا۔

## بازار کی نگرانی

حضرت شفاء بنت عبد اللہؓ [٥] نے ہجرت سے قبل اسلام قبول کیا۔ آپؓ مہاجرات صحابیات میں سے تھیں۔ آپؓ نے نبی ﷺ کے ہاتھ پر بیعت بھی کی۔ حضرت شفاءؓ باصلاحیت اور فضلاء خواتین میں سے تھیں۔ آپؓ کی بذات خود رسول اللہ ﷺ بہت قدر کیا کرتے تھے اور ان کے گھر میں قیلولہ فرماتے تھے۔

---

[١] مجموعة من الوؤلفين ، **فتاوى واستشارات موقع الإسلام اليوم** ( موقع الإسلام اليوم )، كتاب : الفتوى و الافتاء ، باب : الطعن فى فتاوى كبار العلماء ، ج ٤ ص ٤٩٠

اس واقعے کو ذکر کرنے کے بعد مصنف نے اسکی سند کو "اسناد جید و قوی" قرار دیا اور جس سند سے اس عورت کا حلیہ بیان کیا گیا ہے اس پر مؤلف نے "منقطع" کا حکم لگایا ہے۔

[٢] النساء : ٢٠

[٣] القرطبى ، محمد بن احمد ، ، **الجامع لاحكام القرآن** (قاهرة: دار الكتب المصرية ١٩٦٤) ج ٥ ، ص ٩٩

[٤] عبد المنعم ، فواد ، **مبدأ المساواة فى الاسلام بحث من ناحية الدستورية مع المقارنة بالديمقراطيات الحديثة** (اسكندرية : المكتب العربى الحديث ٢٠٠٢) ، ص ١٧١

[٥] انکا حقیقی نام "لیلی" تھا۔

حضرت شفاءؓ کی حکمت و دانائی کی وجہ سے حضرت عمرؓ ان کا بے حد احترام کرتے اور ان سے مختلف معاملات میں مشورہ کیا کرتے تھے اور ان کی رائے کو مقدم رکھتے تھے۔[۱]

علامہ ابن عبد البر لکھتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے حضرت شفاء بنت عبد اللہؓ کو اپنے دور خلافت میں مختلف اوقات میں بازار کا نگران بھی مقرر کیا تھا۔[۲]

### اثرات

حضرت شفاءؓ کے بارے میں تذکرہ کرنے کے بعد ڈاکٹر قلعہ جی لکھتے ہیں کہ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ امامت عظمیٰ (یعنی مملکت کی سربراہی اور نماز کی امامت) کے سوا عورت کو کسی بھی چھوٹے درجے کی سربراہی کے لیے نااہل نہیں سمجھتے تھے۔[۳]

## خواب کی تعبیر

حضرت معدان الیعمری فرماتے ہیں کہ امیر المومنین عمر بن خطابؓ جمعہ کے دن خطبہ دینے کے لیے ممبر پر کھڑے ہوئے، حمد و ثنا کے بعد آپؓ نے رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابو بکرؓ کا ذکر خیر کیا پھر فرمایا:

"رَأَيْتُ رُؤْيَا لَا أُرَاهَا إِلَّا لِحُضُورِ أَجَلِي : رَأَيْتُ كَأَنَّ دِيكًا نَقَرَنِي نَقْرَتَيْنِ. قَالَ : وَذُكِرَ لِي أَنَّهُ دِيكٌ أَحْمَرُ"[۴]

ترجمہ: "میں نے ایک خواب دیکھا، جس کو میں اپنی موت کا پیغام سمجھتا ہوں۔ میں نے ایک مرغ کو دیکھا جس نے مجھے دو ٹھونگیں ماریں ہیں اور مجھے بتایا گیا کہ بے شک یہ سرخ رنگ کا مرغ ہے"۔

میں نے یہ خواب حضرت اسماء بنت عمیسؓ کے گوش گزار کیا تو انہوں نے فرمایا ہے: "يَقْتُلُكَ رَجُلٌ مِنَ الْعَجَمِ"[۵]

ترجمہ: "آپ کو عجمیوں میں سے کوئی آدمی قتل کرے گا"۔

ابن سعد لکھتے ہیں کہ اس واقعے کے بعد اسی ہفتے میں حضرت عمرؓ پر حملہ کیا گیا۔[۶]

---

[۱] ابن حجر ، **الاصابة** ، ج ۸ ، ص ۲۰۲

[۲] ابن عبد البر ، يوسف بن عبد الله ، **الاستيعاب** ، ۱۸۶۹

[۳] قلعہ جی، محمد رواس، **فقہ حضرت عمرؓ**، مترجم: ساجد الرحمن صدیقی، (لاہور: ادارہ معارف اسلامی ۱۹۹۰) ص۹۸

[۴] ابن حنبل ، **مسند احمد** ، مسند عمر بن الخطاب ، ح ۸۹

تخریج: اس حدیث کی سند کو علامہ احمد شاکر نے "صحیح" کہا ہے۔ دیکھئے: الشيباني ، **احمد بن حنبل** ، مسند احمد (القاهرة: دار الحديث ۱۹۹۵) ، ص۲۰۳

[۵] ایضا

[۶] ابن سعد ، **الطبقات الكبرى** ، ج ۳ ، ص ۲۵۶

**اثرات**

اس واقعے سے یہ واضح ہو رہا ہے کہ حضرت عمرؓ بر سر منبر یہ بتلا رہے ہیں کہ انہوں نے اپنے خواب کا حال اسماء بنت عمیسؓ کو سنایا اور انہوں نے جو تعبیر کی ہو بہو ویسا ہی ہوا چنانچہ ثابت ہوا کہ خلیفہ متعلقہ معاملے میں خواتین سے مشاورت کر سکتا ہے اور حضرت اسماء بنت عمیسؓ کا درست تعبیر کرنا ان کے علم و فضل میں مہارت کی دلیل ہے۔

# فصل ثانی: شورائیت میں غیر مسلموں کی شمولیت

## تمہید

تاریخ انسانیت میں اسلام پہلا دین اور حضرت محمد ﷺ پہلے حکمران اور قائد ہیں جنہوں نے اقلیتوں کے حقوق عدل وانصاف کے ساتھ، مکمل اصول ومبادی وضع کر کے، قانون کی شکل میں نافذ فرمائے۔ مدینہ میں پہلی اسلامی ریاست کے قیام کے ساتھ مسلمانوں کے باہمی اتحاد کے لئے "مواخاۃ مدینہ" کی صورت میں معاشرتی تنظیم سازی کی ابتدا کی گئی۔ اسکے علاوہ غیر مسلموں بالخصوص یہودیوں کو چونکہ امت مسلمہ کا رکن نہیں بنایا جاسکتا تھا کیونکہ انکا دین اور رسول جدا تھا اسلیئے انکو ریاست اسلامیہ میں "شریک ومعاہد" بنایا گیا۔ یہودیوں کے ساتھ نبی ﷺ نے جو معاہدہ طے کیا اس معاہدے کو تاریخ میں "میثاق مدینہ" یا "دستور مدینہ" کے نام سے آفاقی شہرت حاصل ہوئی۔ اس معاہدے کے تحت باشندگان مدینہ نے نبی رحمت ﷺ کی سیاسی بالادستی تسلیم کرلی اور مسلمانوں کی جانب سے انکو سیاسی نظام سے وابستہ کر کے انکے فرائض وحقوق متعین اور واضح کیے گئے۔

اس معاہدے کے علاوہ اسلامی ریاست میں رہنے والے کسی بھی فرد کی جان، مال عزت و آبرو کا تحفظ تمام مسلمانوں پر بالعموم اور ریاست پر بالخصوص فرض قرار دے دیا گیا۔ چنانچہ نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا:

" مَنْ قَتَلَ مُعَاهَدًا لَمْ يَرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ، وَإِنَّ رِيحَهَا تُوجَدُ مِنْ مَسِيرَةِ أَرْبَعِينَ عَامًا "[1]

ترجمہ: " جس نے کسی ذمی کو (ناحق) قتل کیا وہ جنت کی خوشبو بھی نہ پاسکے گا۔ حالانکہ جنت کی خوشبو چالیس سال کی مسافت (جتنی دور) سے سونگھی جاسکتی ہے"۔

علاوہ ازیں دین اسلام نے کسی بھی غیر مسلم کو زبردستی اسلام میں داخل کرنے سے سختی سے منع کر دیا۔ ارشاد گرامی ہے: "لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّينِ"[2]

ترجمہ: "دین میں کوئی زبردستی نہیں"۔

اس آیت کی تفسیر میں وضاحت کرتے ہوئے حافظ عبدالسلام بن محمد لکھتے ہیں: "زبردستی کسی کو مسلمان بنانا جائز نہیں، جو مسلمان ہونا چاہے سوچ سمجھ کر مسلمان ہو۔ زبردستی ہو گی تو دل میں ایمان نہیں آئے گا، اس کا کیا فائدہ؟ البتہ اسلام مسلمانوں کو کفر کا محکوم بننے کے بجائے جہاد کے ذریعے سے تمام کفار کو اسلام کا محکوم بنانے کا حکم دیتا ہے، جس میں کفار پر مسلمان ہونے کے لیے زبردستی نہیں کی جاتی، وہ امن وسلامتی کے ساتھ زندگی گزار سکتے ہیں مگر غلبۂ اسلام کی علامت کے طور پر ان سے معمولی رقم بطور جزیہ لی جاتی ہے۔ اگر

---

[1] البخاری ، **صحیح البخاری** ، کتاب : الجزية ، باب : اثم من قتل معاهدا بغير جرم ح ٣١٦٦

[2] البقرة : ٢٥٦

زبردستی مسلمان بنانا جائز ہوتا تو آج ہندوستان میں غیر مسلموں کا نام ونشان بھی نہ ہوتا، جیسا کہ اندلس میں نصرانیوں نے مسلمانوں پر زبردستی کر کے مسلمانوں کا نام ونشان تک مٹاڈالا"[1]۔

غیر مسلموں کے حقوق کے تحفظ میں اسلام کے انقلابی اقدامات کی حقیت کو سمجھنا ہو تو اس دور کی دیگر ریاستوں میں سیاسی مخالفین یا مذہبی اقلیتوں کی حالت زار کا جائزہ لینے سے خوب واضح ہو جائے گا چنانچہ اس دور میں روم فارس کی حکومتوں کے جو سیاسی قوانین نافذ تھے، سب ظلم واستبداد پر مبنی تھے جس سے رعایا تنگ آچکی تھی ۔

ڈاکٹر صلابی لکھتے ہیں کہ سیاسی مخالفین اور مذہبی اقلیتیں بدترین وحشت مظالم مصائب ومشکلات کا شکار تھیں مثال کے طور پر رومی سلطنت یعقوبی مذہب کے ماننے والوں کو خاص طور پر مصر وشام میں ملکانی مذہب کو قبول کرنے پر مجبور کرتی تھی بہت سارے افراد کو مشعلوں سے آگ لگا کر جلادیا گیا ،ان کے پہلوؤں سے چربیاں زمین پر بہنے لگیں یاریت کی بوریوں میں بھر کر سمندر میں پھینک دیا جاتا تھا اسی طرح فارسی سلطنت نے آسمانی مذاہب کے ماننے والوں پر مظالم کے پہاڑ توڑ دیے تھے۔[2]

رومی مسیحیوں نے اپنے عروج کے وقت مصر کے قبطیوں پر بھی شدید قہر ڈھایا تھا جس دوران ان کا مشہور پادری بنیامین روپوش ہو گیا جو کہ بعد ازاں حضرت عمرو بن عاصؓ کے مصر فتح کرنے کے بعد ان کے امان دینے پر منظر عام پر آیا۔ حضرت عمروؓ نے اس کو انتہائی احترام اور توقیر سے نوازا اور اس کو اپنے لوگوں کی نگہداشت اور ضروریات کا خیال رکھنے کے احکامات کے ساتھ باعزت رخصت کیا۔[3]

اسکے علاوہ مشرکین مکہ نے مسلمانوں پر جو ظلم وستم ڈھائے تھے وہ اس دور کی سیاسی یا مذہبی مخالفین کی حالت زار کو سمجھنے کے لیے کافی ہیں الغرض ایسے استبداد کے بعد جب اسلام کا دور آیا تو اس نے جہاں اپنے ماننے والوں کو امن وسلامتی سے مالا مال کیا وہیں غیر مسلموں کے حقوق کا بھی مکمل تحفظ کیا چنانچہ امام غزالی لکھتے ہیں کہ دنیا والوں کے لیے جس طرز کی مذہبی آزادیوں کا اسلام ضامن ہے پانچوں براعظموں میں اس کی مثال نہیں ملتی اور ایسا بھی کہیں نہیں ہوا کہ کسی مذہب کی مستقل طور پر اس قدر مضبوط عالمی گرفت رہی ہو اور انہوں نے اپنے مذہبی مخالفین کو ترقی وبقا کے وہ مواقع مہیا کیے ہوں جنہیں اسلام نے پیش کیا۔[4]

## غیر مسلموں سے مشاورت کی شرعی حیثیت

غیر مسلموں سے مشاورت کے بارے میں فقہاء کی مختلف آراء ہیں۔ مقالہ نگار ان آراء کو تین حصوں میں تقسیم کر کے راجح رائے کی ، (دلائل کی بنیاد پر جسکو مقالہ نگار نے بہتر سمجھا) نشاندہی کی ہے۔

---

[1] عبدالسلام، **تفسیر القرآن الکریم**، البقرۃ:۲۵۶

[2] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص۱۸۲

[3] ایضا، ص۱۸۷

[4] الغزالی ،محمد بن محمد ، **حقوق الانسان بین تعالیم الاسلام و اعلان الامم المتحدة** (مصر:شركة نهضة مصر للطباعة والنشر والتوزيع ٢٠٠٥) ص ٧٣

**پہلی رائے:** سب سے پہلی رائے یہ ہے کہ غیر مسلموں سے کسی بھی قسم کی مشاورت قطعی طور پر ممنوع ہے۔ یہ رائے فقہاء مالکیہ[1]، شافعی اور علماء کی ایک جماعت کی ہے۔[2]

اس رائے کے قائلین کے اہم دلائل ذیل میں بیان کیے جا رہے ہیں ۔

۱. ارشاد باری تعالی ہے: "يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا بِطَانَةً مِنْ دُونِكُمْ لَا يَأْلُونَكُمْ خَبَالًا وَدُّوا مَاعَنِتُّمْ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَاءُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ وَمَا تُخْفِي صُدُورُهُمْ أَكْبَرُ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْآيَاتِ إِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُونَ"[3]

ترجمہ: "اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اپنے سوا کسی کو دلی دوست نہ بناؤ، وہ تمھیں کسی طرح نقصان پہنچانے میں کمی نہیں کرتے، وہ ہر ایسی چیز کو پسند کرتے ہیں جس سے تم مصیبت میں پڑو۔ ان کی شدید دشمنی تو ان کے مونہوں سے ظاہر ہو چکی ہے اور جو کچھ ان کے سینے چھپا رہے ہیں وہ زیادہ بڑا ہے۔ بے شک ہم نے تمھارے لیے آیات کھول کر بیان کر دی ہیں، اگر تم سمجھتے ہو"۔

اس آیت میں مذکور "دونکم" میں یہود و نصاری اور مشرکین سبھی شامل ہیں[4]۔ اس آیت کے شان نزول کے بارے میں امام طبری نے حضرت ابن عباسؓ کی سند سے نقل کیا ہے کہ مسلمانوں میں سے کچھ آدمی یہودیوں کے ساتھ میل جول اور تعلقات رکھتے تھے کیونکہ وہ اسلام سے پہلے ہمسائے اور حلیف تھے تو یہ آیت نازل کر کے اللہ تعالی نے اندرونی راز فاش کرنے اور دلی دوست بنانے سے منع کر دیا۔[5]

اس آیت کی تفسیر میں امام طبری لکھتے ہیں : "فنهاهم الله عن ذلك وأن يستنصحوهم في شيء من أمورهم"[6]

ترجمہ: پس اللہ نے انہیں اس (دلی دوستی) سے منع کر دیا اور اس سے بھی منع کر دیا کہ وہ ان سے اپنے کاموں میں مشورہ طلب کریں۔

۲. ارشاد باری تعالی ہے: "لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ مِنْ دُونِ الْمُؤْمِنِينَ"[7]

ترجمہ: "ایمان والے مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست مت بنائیں"

اس آیت میں مذکور "اولیاء" "موالاۃ" سے ہے اور" موالاۃ "میں راز کی باتیں کرنا اور مشاورت کرنا شامل ہے اور یہ کفار سے درست نہیں ۔[8]

۳. اس معنی کی کئی دوسری آیات بھی قرآن کریم میں مذکور ہیں۔[9]

---

[1] ابن العربی ، محمد بن عبد الله ، **احكام القرآن** (بيروت ، لبنان : دار الكتب العلمية ۲۰۰۳) ، ج ۱ ، ص ۳۵۱

[2] الشوکانی ، محمد بن علی ، **نيل الاوطار** (مصر: دار الحديث ۱۹۹۳) ،ج ۷ ،ص ۲۶۴

[3] آل عمران : ۱۱۸

[4] عبدالسلام، **تفسیر القرآن الکریم**، آل عمران:۱۱۸

[5] الطبری ، محمد بن جریر ، **جامع البيان عن تاويل آيي القرآن** ، محقق : محمود محمد شاكر (مكة المكرمة :دار التربية والتراث ۲۰۰۰)، ج ۷ ، ص ۲۴۱

[6] ايضا ، ج ۷ ، ۱۴۰

[7] آل عمران : ۲۸

[8] القاسمی ، محمد جمال الدين ، **محاسن التاويل** (بيروت: دار الكتب العلمية ۱٤۱۸ھ) ،ج ۲ ، ص ۳۰۴

[9] المائدة :۵۱ ، الممتحنة :۱

٤. ارشاد باری تعالیٰ ہے: "يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ"[١]

ترجمہ: "اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کا حکم مانو اور رسول کا حکم مانو اور ان کا بھی جو تم میں سے حکم دینے والے ہیں"۔

ڈاکٹر عبد الحمید انصاری لکھتے ہیں: فيجب أن يكون الأشخاص الذين ستلقى إليهم مقاليد رئاسة الدولة و توجيه أمورها (منهم) أي من المسلمين[٢]

ترجمہ: ضروری ہے کہ مسلمانوں کے امور کی باگ دوڑ جن افراد کے سپرد کی جائے وہ انہی میں سے ہوں یعنی مسلمان ہوں۔

۵. فرمان نبوی ہے: " لَا تَسْتَضِيئُوا بِنَارِ الْمُشْرِكِينَ، وَلَا تَنْقُشُوا عَلَى خَوَاتِيمِكُمْ عَرَبِيًّا "[٣]

ترجمہ: مشرکین کی آگ سے روشنی حاصل نہ کرو۔ اور اپنی انگوٹھیوں پر عربی عبارت نقش نہ کرواؤ۔

امام حسن بصری نے "لا تستضيؤوا" کی تشریح کرتے ہوئے کہا: "لا تستشيروهم في شيء من أموركم"[٤]

٦. بدر کے دن نبی ﷺ کو ایک ایسا شخص ملا جس کی بہادری کے چرچے تھے اور وہ آپ کے ساتھ جنگ میں شامل ہونا چاہتا تھا تو آپ ﷺ نے اس کے مسلمان نہ ہونے پر فرمایا: " فَارْجِعْ، فَلَنْ أَسْتَعِينَ بِمُشْرِكٍ "[٥]

ترجمہ: تم لوٹ جاو پس میں کسی مشرک کی ہرگز مدد حاصل نہیں کرونگا۔

۷. امام جوینی فرماتے ہیں: "وَقَدْ تَوَافَتْ شَهَادَةُ نُصُوصِ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ عَلَى النَّهْيِ عَنِ الرُّكُونِ إِلَى الْكُفَّارِ، وَالْمَنْعِ مِنِ ائْتِمَانِهِمْ، وَإِطْلَاعِهِمْ عَلَى الْأَسْرَارِ"

ترجمہ: قرآن وسنت سے کثرت سے ایسے ثبوت ملتے ہیں جو کفار کی طرف مائل ہونے، اور ان پر بھروسہ کرنے اور انہیں اپنے رازوں سے آگاہ کرنے سے منع کرتی ہیں۔

**دوسری رائے:** دوسری رائے یہ ہے کہ غیر مسلموں سے مشاورت کرنا جائز ہے، ان کی استعانت حاصل کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے اور یہ رائے امام ابو حنیفہ اور ان کے اصحاب کی ہے[٦]۔

اس رائے کے قائلین کے اہم دلائل ذیل میں بیان کیے جا رہے ہیں۔

١. فرمان باری تعالیٰ ہے: "لَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَلَمْ يُخْرِجُوكُمْ مِنْ دِيَارِكُمْ أَنْ تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا إِلَيْهِمْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ"[٧]

---

[١] النساء : ٥٩

[٢] انصاری ، **الشوری و اثرها** ، ص ٣٢٣

[٣] النسائی ، **سنن النسائی** ،کتاب : الزینة من السنن ، باب : قول النبیِ ح ٥٢٠٩

[٤] طبری ، **تفسیر طبری** ، ج ٧ ،ص ١٤٢

[٥] مسلم ، **صحیح مسلم** ،کتاب : الجهاد و السیر باب :کراهة الاستعانة فی الغزو بکافر ، ح ١٨١٧

[٦] الشوکانی ، **نیل الاوطار** ، ج ٧ ، ص ٢٦٤

[٧] الممتحنة : ٨

ترجمہ: "اللہ تمھیں ان لوگوں سے منع نہیں کرتا جنھوں نے نہ تم سے دین کے بارے میں جنگ کی اور نہ تمھیں تمھارے گھروں سے نکالا کہ تم ان سے نیک سلوک کرو اور ان کے حق میں انصاف کرو، یقیناً اللہ انصاف کرنے والوں سے محبت کرتا ہے"۔

بعض لوگوں نے کہا کہ یہ آیت کچھ خاص کفار کے لیے تھی یا یہ آیت منسوخ ہو چکی ہے، امام ابن جریر نے ان افراد کا رد کیا اور اس آیت کی تفسیر میں فرمایا: "من جميع أصناف الملل والأديان، أن تبروهم وتصلوهم وتقسطوا إليهم"[1]

ترجمہ: تمام ملتوں اور ادیان سے تعلق رکھنے والے افراد کے ساتھ مومنوں کو چاہیئے کہ وہ نیک سلوک کریں اور انکے حق میں انصاف کریں۔

مشاورت بھی "بر وصلۃ" کی ہی ایک نوع ہے۔

۲. فرمان باری تعالیٰ ہے: "فَاسْأَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ"[2]

ترجمہ: "پس ذکر والوں سے پوچھ لو، اگر تم نہیں جانتے ہو"۔

بعض مفسرین کے نزدیک یہ آیت خاص اہل کتاب سے سوال پوچھنے کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ امام زمخشری فرماتے ہیں: "أمرهم أن يستعلموا أهل الذكر وهم أهل الكتاب"

ترجمہ: اللہ نے مسلمانوں کو حکم دیا کہ (نبی ﷺ کے بارے میں) تم اہل کتاب سے معلومات حاصل کر لو[3]۔

حضرت قتادہ سے مروی ہے کہ "اھل الذکر" سے مراد اہل تورات و انجیل ہیں لیکن اس سے اہل قرآن بھی مراد لیا گیا ہے۔[4]

۳. نبی نے اپنی مبارک زندگی میں کئی مرتبہ غیر مسلموں کی اعانت حاصل کی جو اس بات کی دلیل ہے کہ غیر مسلموں کی اعانت حاصل کی جا سکتی ہے اور مشاورت بھی اعانت ہی کی ایک قسم ہے۔

نبی ﷺ نے غزوہ حنین کے موقع پر صفوان بن امیہ سے ایک سو زرہیں مستعار لیں۔[5،6]

غزوہ احد میں مسلمانوں کی جانب سے "قزمان" نامی ایک شخص جنگ کر رہا تھا جو کہ مشرک تھا وہ اس قدر دلیری سے لڑا کہ اس نے مشرکین کے علمبردار بنی عبد الدار کے تین افراد کو موت کی گھاٹ اتار دیا آپ ﷺ نے فرمایا:

"إِنَّ اللَّهَ لَيَأْزُرُ هَذَا الدِّينَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ"[7]

ترجمہ: بے شک اللہ نے ایک فاجر آدمی کے ذریعے اس دین کو تقویت پہنچائی ہے۔

---

[1] القاسمی ، **محاسن التاويل** ، ج ۹ ، ص ۲۰۷

[2] الانبياء : ۷

[3] الزمخشری ، محمود بن عمر ، **الكشاف عن حقائق غوامض التنزيل وعيون الأقاويل في وجوه التأويل** (قاهرة :دار الريان للتراث ۱۴۰۷ھ) ، ج ۳ ، ص ۱۰۴

[4] الطبری ، **تفسير طبری** ، ج ۱۸ ، ص ۴۱۴س

[5] صفوان بن امیہ اس وقت مسلمان نہیں ہوئے تھے۔

[6] القاسمی ، **محاسن التاويل** ، ج ۵ ، ص ۳۷۰

[7] الشوكانی ، **نيل الاوطار** ، ج ۷ ص ۲۶۵

**تیسری رائے:** تیسری رائے قدرے معتدل اور متوازن ہے جس میں غیر مسلموں سے مشاورت کی مشروط اجازت ہے۔ اس رائے کے قائلین کے اقوال ذکر کیے جارہے ہیں۔

١. نبی ﷺ کی کفار سے معاونت کی ممانعت اور پھر اعانت حاصل کرنے والی روایات کے بارے میں امام صنعانی فرماتے ہیں کہ بعض روایات میں مشرکین کی مدد لینے سے انکار اور بعض مواقع پر معاونت حاصل کرنے والی روایات میں تطبیق یوں دی جا سکتی ہے کہ بدر کے دن جن کے بارے میں نبی ﷺ نے کہا کہ ہم مشرکین کی مدد نہیں لیتے، وہ ان کو اسلام قبول کرنے کی رغبت دلانے کے لیے تھا اور وہ گمان درست بھی ثابت ہوا اور اگر ممانعت ثابت بھی ہو جائے تو آپ ﷺ نے بعد میں مشرکین کی معاونت حاصل کر کے اس میں رخصت دے دی۔[1]

٢. **امام شافعی فرماتے ہیں :** "إِنْ كَانَ الْكَافِرُ حَسَنَ الرَّأْيِ فِي الْمُسْلِمِينَ وَدَعَتْ الْحَاجَةُ إِلَى الِاسْتِعَانَةِ أُسْتُعِينَ بِهِ وَإِلَّا فَيُكْرَهُ"[2]

ترجمہ: اگر کافر مسلمانوں کے بارے میں اچھی رائے رکھتا ہو اور اسکی مدد کی لازمی ضرورت ہو تو اسکی مدد لی جا سکتی ہے وگرنہ نہیں۔

٣. امام جلال الدین قاسمی نبی ﷺ کا کفار کی مدد حاصل کرنے اور اس سے منع کرنے کی روایات کو "ضرورت" پر محمول کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "أن الاستعانة جائزة مع الحاجة إليها وممنوعة مع عدم الحاجة، أو خشية مضرة منهم"[3]

ترجمہ: بے شک کفار سے مدد کا حصول کسی ضرورت کی وجہ سے جائز ہے اور اگر ضرورت نہیں ہے یا انکی جانب سے کسی نقصان کا اندیشہ ہے تو پھر انکی مدد حاصل کرنا ممنوع ہے۔

٤. شیخ مراغی لکھتے ہیں کہ "لا تتخذوا بطانة من دونكم "میں علت **"عداوت"** تھی پس اگر عداوت ختم ہو جائے تو پھر ان کو ہم راز بنایا جا سکتا ہے چنانچہ ابتدائے اسلام میں کفار مسلمانوں کے ساتھ شدید بغض رکھتے تھے لیکن آگے چل کر وہ عداوت مفقود ہو گئی تو پھر ان کی اعانت لینا درست ہے۔[4]

٥. امام قرطبی حضرت عمرؓ کا غیر مسلموں کو سرکاری ذمہ داریوں سے دور رکھنے کے واقعات ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں :
"وَقَدِ انْقَلَبَتِ الْأَحْوَالُ فِي هَذِهِ الْأَزْمَانِ بِاتِّخَاذِ أَهْلِ الْكِتَابِ كَتَبَةً وَأُمَنَاءَ وَتَسَوَّدُوا بِذَلِكَ عِنْدَ الْجَهَلَةِ الْأَغْبِيَاءِ مِنَ الْوُلَاةِ وَالْأُمَرَاءِ"[5]

ترجمہ: عصر حاضر میں اہل کتاب کو مشیر و معاون رکھنے کے حوالے سے حالات (کے تقاضے) بدل چکے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

---

[1] الصنعانی ، محمد بن اسماعیل ، **سبل السلام بشرح بلوغ المرام** (قاهرة:دار الحديث ١٩٩٧) ، ج٢ ، ص ٤٧٢
[2] ایضا
[3] القاسمی ، **محاسن التاویل** ، ج ٢ ، ص ٣٠٤
[4] المراغی ، احمد بن مصطفی ، **تفسیر المراغی** (مصر : شرکة مکتبة و مطبعة مصطفی البالی و اولاده بمصر ١٩٤٦) ، ج ٤ ، ص ٤٥
[5] القرطبی ، **تفسیر قرطبی** ، ج ٤ ، ١٧٩

## راجح رائے

حضرت عمرؓ کی طرز سیاست کی روشنی میں مقالہ نگار کی نظر میں تیسری رائے راجح ہے۔اس ضمن میں اس رائے کی وضاحت یوں کی جاسکتی ہے کہ تیسری رائے دو حالتوں پر منقسم ہے:

۱. پہلی حالت :ایسے امور جو خالص دینی احکام و مسائل سے متعلقہ ہوں ان میں غیر مسلموں سے مشاورت جائز نہیں ہے۔

۲. دوسری حالت ایسے امور جن میں فقہاء نے مسلمان ہونے کی شرط لاگو نہیں کی اور اس میں مسلمانوں کے پاس تجربے یا علم کا فقدان ہے، ایسے امور میں غیر مسلموں سے مشاورت کی جاسکتی ہے جیسے کہ اقتصاد تجارت وزراعت وغیرہ

اس رائے کو تقویت دینے والی قران کریم کی یہ آیت کریمہ ہے: "يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ"[1]

ترجمہ:"اے لوگو جو ایمان لائے ہو!اللہ کا حکم مانو اور رسول کا حکم مانو اور ان کا بھی جو تم میں سے حکم دینے والے ہیں"۔

علامہ رشید رضا اس آیت میں مذکور لفظ"اولی الامر"کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ہمارے دور میں "اولی الامر" یہ ہوں گے :کبار علماء، امرائے لشکر، قضاۃ، تاجر سربراہان، زراعت کے ماہرین، مختلف تنظیموں کے سربراہان اور عوامی اثر ورسوخ رکھنے والے افراد جنکے پاس لوگ اپنے مسائل میں رجوع کرتے ہیں۔[2]

عبدالحمید انصاری رقمطراز ہیں : "نرى أنه لا مانع من مشاركة أهل الذمة فى عضوية المجالس النيابية فى الدولة الإسلامية إذا كانت المصلحة العامة تقضى بذلك "[3]

ترجمہ:ہماری نظر میں جب مفاد عامہ کا تقاضہ ہو تو اسلامی سلطنت میں مجلس شوری کے اندر ذمی افراد کی شرکت کی کوئی ممانعت نہیں ہے۔

مولانا گوہر رحمان بھی اس رائے کی حمایت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ اسلام میں اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کی بہت تاکید ہے سو اس لیے اقلیتیں اپنے مخصوص مسائل اور عام انتظامی امور میں اپنی رائے دینے کے لیے جداگانہ انتخاب کے ذریعے سے اپنے نمائندے مجلس شوری میں بھیج سکتے ہیں مگر شرعی امور کے فیصلوں اور سربراہ مملکت کے انتخاب میں ان کا ووٹ شمار نہیں ہوگا۔[4]

## حضرت عمرؓ کا طرز عمل

ذیل میں مختصرا حضرت عمرؓ کے زمانہ خلافت میں اقلیتوں کی مذہبی اور سماجی آزادی و تحفظ کے بارے میں ذکر کیا جارہا ہے۔عہد فاروقی کی اسلامی فتوحات اس بات پر شاہد ہیں کہ اہل اسلام نے دیگر مذاہب اور ان کے ماننے والوں کا پورا احترام کیا اور کسی کو زبردستی اسلام قبول

[1] النساء : ۵۹

[2] رشید رضآ ، **تفسير المنار** ، ج ۵ ، ص ۱۶۱

[3] الانصاری ، **الشورى** ، ص ۳۲۵

[4] گوہر الرحمن، **اسلامی سیاست**، ص۳۳۷

کرنے پر مجبور نہیں کیا اس ضمن میں سب سے بہترین مثال حضرت عمرؓ کے غلام کی ہے جس کا نام اسق تھا۔ اسق بذات خود اپنے ساتھ حضرت عمرؓ کے برتاؤ کا ذکر کرتے ہوئے کہتا ہے:

"كنت مملوكا لعمر بن الخطاب وأنا نصراني. فكان يعرض علي الإسلام ويقول: إنك لو أسلمت استعنت بك على أمانتي فإنه لا يحل لي أن أستعين بك على أمانة المسلمين ولست على دينهم. فأبيت عليه فقال: لا إكراه في الدين. فلما حضرته الوفاة أعتقني وأنا نصراني وقال: اذهب حيث شئت"[1]

ترجمہ: میں حضرت عمر کا غلام تھا اور میں مذہبا عیسائی تھا چنانچہ مجھ پر حضرت عمرؓ نے اسلام پیش کرتے ہوئے فرمایا: اگر تو اسلام قبول کر لے تو میں تجھ سے اپنی امانت میں مدد حاصل کرلوں گا کیونکہ میرے لیے حلال نہیں ہے کہ میں مسلمانوں کی امانت کے متعلق تجھ سے کسی قسم کی مدد حاصل کروں کیونکہ تو ان کے دین پر نہیں ہے۔ میں نے حضرت عمرؓ کی اس دعوت پر انکار کر دیا تو آپؓ نے فرمایا: " لا اکراہ فی الدین "پس جب آپؓ کی وفات کا وقت قریب ہوا تو آپؓ نے مجھے آزاد کر دیا اس حال میں کہ میں عیسائی تھا اور آپؓ نے فرمایا: جاؤ! جہاں پر تمہارا جی چاہے۔

حضرت عمرؓ نے یہود و نصاریٰ کے بارے میں اپنی سیاست کو نہایت جامع انداز میں اس طرح بیان کیا: "ہم نے ان سے اس شرط پر معاہدہ کیا ہے کہ ان کے اور ان کے کلیساؤں کے درمیان ہم کوئی رخنہ نہیں ڈالیں گے۔ ان کی جو مرضی ہو گی وہ اس میں پڑھیں گے اور جسکی وہ طاقت نہیں رکھتے ہم انہیں اس کے لیے مکلف نہیں کریں گے۔ اگر ان کے دشمن انہیں تکلیف دینا چاہیں تو ہم ان کا دفاع کرتے ہوئے ان کے دشمنوں سے جنگ کریں گے۔ مزید ہمارا یہ عہد ہے کہ ان کے اور ان کے فیصلوں کے درمیان ہم حائل نہ ہوں گے مگر یہ کہ وہ اپنے خوشی سے ہم سے فیصلہ کرانا چاہیں تو ہم ان کا فیصلہ کریں گے اور اگر وہ ہم سے دور رہے تو ہم ان سے چھیڑ چھاڑ نہیں کریں گے"۔[2]

حضرت عمرؓ کی بیت المقدس کے سفر میں غیر مسلموں کے لیے بے مثال رواداری اور ان کے مذہبی مقامات کا تقدس و احترام آپؓ کے عدل و مساوات کی پالیسی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ حضرت عمرؓ نے ان کی گرجاگھروں اور صلیبوں کا تقدس باقی رکھا اور اس طرح یہود کا قبلہ جسے صخرہ کہا جاتا تھا، اس پتھر سے گرد و غبار اور غلاظتوں کو صاف کر کے اپنی چادر میں اٹھا کر باہر پھینکا۔[3]

حضرت عمرؓ جس طرح مسلمان رعایا کی حاجات و ضروریات اور انکے مسائل کے تدارک کا فوری بندوبست کرتے تھے اسی طرح غیر مسلموں کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں کی فوری تلافی فرماتے تھے۔ ابو عبیدہ لکھتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے ایک یہودی کو سوال کرتے ہوئے (یعنی بھیک مانگتے ہوئے) دیکھا تو اس کا جزیہ معاف کر دیا اور بیت المال کے خازن کے پاس بھیج کر یہ ہدایت دی کہ اس کا اور اس

---

[1] ابن سعد ، **الطبقات** ، ج ٦ ، ص ٢٠٢

[2] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص١٨٦

[3] ایضاً، ص٢٤٩

طرح کے دوسرے لوگوں کا خیال رکھو چنانچہ حضرت عمر بن عبد العزیز نے بھی حضرت عمرؓ کی اس پالیسی پر عمل کرتے ہوئے ایسے بیمار اور ضعیف غیر مسلم جو جزیہ ادا کرنے سے قاصر ہوں ان کا جزیہ ختم کر کے بیت المال سے وظائف مقرر کر دیے۔[1]

حضرت عمرؓ کا مذہبی مخالفین کے ساتھ مساوات کی بنیاد پر احسان اور اخلاق حسنہ سے بھرپور طرز حکومت محض سیاسی طور پر ہی نہیں تھا بلکہ حضرت عمرؓ کا یہ طرز عمل خالصتاً اللہ کی رضا کے لیے تھا۔ اس کی دلیل حضرت عمرؓ کی وصیت ہے جس میں آپؓ نے دیگر امور کے ساتھ ساتھ اپنے بعد آنے والے خلیفہ کو ذمیوں کے بارے میں بھی وصیت کرتے ہوئے فرمایا:

"وَأُوصِيهِ بِذِمَّةِ اللَّهِ وَذِمَّةِ رَسُولِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنْ يُوفَى لَهُمْ بِعَهْدِهِمْ، وَأَنْ يُقَاتَلَ مِنْ وَرَائِهِمْ، وَلَا يُكَلَّفُوا إِلَّا طَاقَتَهُمْ"[2]

ترجمہ: "میں اپنے بعد آنے والے خلیفہ کو اس کی وصیت کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اللہ ﷺ کا (ذمیوں سے) جو عہد ہے اس کو وہ پورا کرے اور یہ کہ ان کی حمایت میں ان کے دشمنوں سے جنگ کرے اور ان کی طاقت سے زیادہ کوئی بوجھ ان پر نہ ڈالا جائے"۔

حضرت عمرؓ کلیدی عہدوں اور خالص اسلامی اور دینی معاملات میں غیر مسلموں کی شرکت کو سخت ناپسند کرتے تھے لیکن انتظامی امور جن میں غیر مسلم مہارت رکھتے ہوں، میں غیر مسلموں سے مشاورت کرنے اور ان کو ذمہ داری بھی سونپنے کے آثار ملتے ہیں اس کے علاوہ خلافت عمرؓ میں اسلامی افواج میں غیر مسلموں کی بھی ایک بڑی تعداد شامل تھی۔[3] اور لازمی امر ہے کہ افواج کا حصہ ہونے کی وجہ سے ان کا نمائندہ فوجی مشاورت میں بھی شریک ہوتا ہوگا۔

## خراجی زمینوں کے بارے میں مشاورت

حضرت عمرؓ نے جب شورائی منظوری کے بعد مفتوحہ زمینوں سے خراج لینے کا فیصلہ کیا تو آپؓ نے اپنے نمائندوں کو حکم دیا کہ اپنے علاقوں سے رؤساء کو میرے پاس بھیجو تاکہ میں ان زمینوں کے بارے میں ان کی رائے لے سکوں چنانچہ جب آپؓ کے پاس وہ لوگ آئے تو ترجمان کی مدد سے آپؓ نے ان کی رائے لی اور کہا کہ تم عجمیوں کو کتنا ٹیکس ادا کرتے تھے؟ انہوں نے کہا: ہم انہیں فی جریب ۷ ادرہم دیتے تھے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: میں تم سے اس قدر خراج نہیں لوں گا چنانچہ آپؓ نے اجناس کے حساب سے مختلف خراج مقرر کیا۔[4]

**اثرات**

---

[1] ابو عبیدۃ، **کتاب الاموال**، ص ۴۶

[2] البخاری، **الجامع الصحیح**، کتاب الجهاد و السیر، باب: یقاتل عن أهل الذمة ولا یسترقون، ح ۳۰۵۲

[3] شبلی نعمانی، **الفاروق**، ص ۲۴۷

علامہ شبلی نعمانی اس حوالے سے قدرے تفصیل ذکر کی ہے۔

[4] ابو یوسف، **الخراج**، ص ۳۶

حضرت عمرؓ نے کمال عدل سے کام لیتے ہوئے ذمیوں کے مخصوص مسائل میں جب ان سے مشاورت کی تو انصاف سے فیصلہ کرنے میں آسانی ہوئی کیونکہ پچھلی حکومتیں ان لوگوں سے اجناس کا اعتبار کیے بغیر ۷ ادرہم وصول کرتی تھی لیکن آپؓ نے اجناس کے اعتبار سے پہلے سے انتہائی کم ٹیکس مقرر کیا۔ اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ جو امور خاص غیر مسلموں سے متعلق ہوں ان امور کے اندر ان سے مشاورت لیے جانے میں کوئی حرج نہیں ہے اور اس فیصلے کے اثرات انتہائی دوررس ثابت ہوئے جو کہ باب دوم کے فصل اول میں گزر چکے ہیں۔

## دیوان کی ترتیب نو

حضرت عمرؓ کے عہد خلافت میں جب ریاستی آمدن واخراجات میں اضافہ ہوا تو مجلس شوری کی منظوری سے یہ طے پایا کہ آمدن و اخراجات کا ریکارڈ مرتب کیا جائے لیکن مسلمانوں کو اس قسم کی کسی طریقہ کار کا کوئی علم نہیں تھا چنانچہ مدینہ میں موجود چند فارسی سرداروں سے حضرت عمرؓ نے مشورہ کیا تو انہوں نے کہا کہ حکام کسری کے ہاں اس حوالے سے ایک نظام رائج ہے جس کو "دیوان" کہتے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے ان سے اس نظام کے بارے میں ان سے تفصیلی مشاورت کی اور اسکو رائج کیا۔[1] بعد ازاں حضرت عمرؓ نے اس دیوان کے ذمہ داران فارسی، رومی اور قبطیوں کو مقرر کیا۔[2]

### اثرات

اس فیصلے میں غیر مسلموں کے تجربے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ان کی مشاورت کے ساتھ دیوان کو ترتیب دینے سے نظم ونسق میں واضح طور پر بہتری آئی اور آمدن واخراجات کا ریکارڈ مرتب کرنے میں بڑی سہولت حاصل ہوئی۔

## غیر مسلم کی رائے پہ فیصلہ

محمد بن زبیرؓ نے فرمایا کہ لوگوں نے حضرت عمرؓ سے پتلی شراب کے متعلق (پانی ملائی ہوئی) مشاورت کی تو عیسائیوں میں سے ایک آدمی نے کہا کہ ہم اپنے روزے میں ایک شراب تیار کرتے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا : اس میں سے کچھ میرے پاس لاؤ تو وہ (عیسائی) اس میں سے کچھ آپؓ کے پاس لایا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: یہ کس قدر اونٹوں کے روغن (اونٹوں پر رنگ کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے) کے مشابہ ہے، تم اسے کیسے بناتے ہو؟ اس (عیسائی) نے کہا کہ ہم رس کو پکاتے ہیں یہاں تک کہ اسکا ایک تہائی خشک ہو جاتا ہے اور ایک تہائی باقی رہ جاتا ہے۔

حضرت عمرؓ نے اس میں پانی ڈالا اور اس سے کچھ پیا پھر عبادہ بن صامتؓ کو پکڑا یا جو کہ انکی دائیں جانب بیٹھے تھے۔ تو عبادہ بن صامتؓ نے کہا کہ میں نہیں سمجھتا کہ آگ کسی شے کو حلال کرتی ہو (مطلب رس آگ پر پکنے کے بعد حلال ہوتا ہو)۔

---

[1] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص۴۳۶

[2] حسن ، حسن بن ابراهيم ، **تاريخ الاسلام السياسى** (قاهرة : مطبعة حجازى ١٩٣٥)، ج ١ ، ص ٣٢٧

حضرت عمرؓ نے کہا : اے احمق! کیا وہ شراب نہیں ہوتی پھر وہ سرکہ ہو جاتی ہے تو ہم اسے کھاتے ہیں۔(یعنی سرکہ بھی تو پہلے شراب ہوتی ہے)

اور اس میں دلیل ہے ایسی شراب کے پینے کے جائز ہونے پر کہ جو کہ ایک تہائی رہ چکی ہو اگرچہ وہ پکائی ہوئی ہی کیوں نا ہو

حضرت عمر ؓ نے انکو یہ رائے دی کہ پکائی ہوئی شراب کے متعلق میٹھی / کچی شراب کے علاوہ اور وہ زود ہضم ہوتی ہے اور رمضان کی راتوں میں عبادت کے واسطے تقویت فراہم کرتی ہے۔[1]

**اثرات**

امام سرخسی نے اس واقعے کو بیان کرنے کے بعد لکھا:

"وَفِيهِ دَلِيلٌ أَنَّهُ لَا بَأْسَ بِإِحْضَارِ بَعْضِ أَهْلِ الْكِتَابِ مَجْلِسَ الشُّورَى، فَإِنَّ النَّصْرَانِيَّ الَّذِي قَالَ مَا قَالَهُ قَدْ كَانَ حَضَرَ مَجْلِسَ عُمَرَ - رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ - لِلشُّورَى، وَلَمْ يُنْكِرْ عَلَيْهِ"

ترجمہ: یہ واقعہ اس بات کی دلیل ہے کہ اہل کتاب بھی مجلس شوریٰ میں آسکتے ہیں کیونکہ جس نصرانی نے حضرت عمرؓ کو شراب کے متعلق تمام تفصیل بتائی تھی، وہ حضرت عمرؓ کی مجلس شوریٰ میں موجود تھا اور آپؓ نے اسکو منع نہیں کیا۔(بلکہ اسکی رہنمائی کے مطابق رائے دی)۔

## ابتدائے تاریخ اسلامی میں غیر مسلموں سے مشاورت کی قلت

ابتدائی تاریخ اسلام میں ہمیں ذمیوں یعنی غیر مسلموں سے مشاورت کی زیادہ تفصیل نہیں ملتی چنانچہ ڈاکٹر فواد عبدالمنعم اس کی وجہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں : و لكن إذا كانت الشورى مقصورة على المسلمين دون الذميين فى صدر الإسلام فقد كانت لذلك مبررات اجتماعية و سياسية و دينية ، إذ كان اليهود و النصارى يفتنون المسلمين فى دينهم و كانوا يحاولون الإيقاع بينهم و الغدر بهم ، وكان من الضروري ألا يلجأ الرسول و الخلفاء من بعده إلى استشارة أهل الذمة.[2]

ترجمہ: اگر ابتدائے اسلام میں شوریٰ صرف مسلمانوں تک محدود تھی اس میں ذمی شامل نہیں تھے، تو اس کے سماجی، سیاسی اور مذہبی جواز موجود تھے، جیسا کہ یہود و نصاریٰ مسلمانوں کو ان کے مذہب میں فتنہ میں ڈال رہے تھے اور انہیں الجھانے اور خیانت کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ اور ضروری تھا کہ رسول اور خلفاء ان وجوہات کے بعد ذمیوں کی مشاورت کا سہارا نہ لیتے۔

اور پھر عصر حاضر کے حوالے سے لکھتے ہیں : و لكننا نرى أنه يصح فى العصر الحديث استشارة الذمي فى الأمور الدنيوية كالمسائل التجارية و الصناعية و العلمية طالما أنها لا تتصل بشؤن الدين أو أحكام الشريعة ، ولما غلب على مجلس الشورى متمثلة فى الهيئات البرلمانية الحديثة الصبغة الدنيوية دخل الذميون هذه المجالس

---

[1] السرخسي ، محمد بن احمد ، **المبسوط** ( بيروت : دار المعرفة ١٩٩٣ ) ، ج ٢٤ ، ص ٧

[2] فواد ، **مبدا المساواة** ، ص ١١٦

ترجمہ:: لیکن ہمارا عقیدہ ہے کہ جدید دور میں کسی غیر مسلم سے دنیاوی معاملات مثلاً تجارتی، صنعتی اور سائنسی معاملات میں مشورہ کرنا جائز ہے، جب تک کہ ان کا کوئی تعلق مذہبی امور یا شریعت کے احکام سے متعلق نہ ہوں، جب شوریٰ کونسل، جو جدید پارلیمانی اداروں کی صورت میں نمائندگی کرتی ہے، اس پر دنیاوی رنگ غالب آچکا ہے، تو غیر مسلم ان کونسلوں میں داخل ہو سکتے ہیں۔

عصر حاضر میں چونکہ کسی بھی اسلامی ریاست میں غیر مسلم اقلیتیں ایک بڑی تعداد میں موجود ہوتی ہیں اسلیئے ان کو مجلس شوری کی نمائندگی سے محروم رکھنا، معاشرتی اعتبار سے کئی مسائل کو جنم دے سکتا ہے لہذا مذکورہ دلائل کی روشنی میں غیر مسلموں کی شمولیت ہر صورت ممکن بنانی چاہیئے۔

# فصل ثالث: خلافت عمرؓ میں "شورائیت" اور جدید مغربی جمہوریت

## تمہید[1]

اردو زبان میں جمہوریت کا لفظ عربی زبان کے "الجمہور" کے لغوی مفہوم پر معروف ہوا ہے عربی زبان میں اس کے لغوی معنی اس طرح بیان کیے گئے ہیں: "الجمهور هي الرملة المشرفة على ما حولها المجتمعة وقيل هو ما أشرف منه و جمهور كل شيئ : معظمه و جمهور الناس : جلهم و جماهير القوم:أشرافهم" [2]

ترجمہ: جمہور "ریت" کے اس ڈھیر (ٹیلے) کو کہتے ہیں جو اپنے ارد گرد کی زمین سے بلند اور مجتمع ہو اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ زمین کے ممتاز حصے کو بھی کہتے ہیں، ہر چیز کے بڑے حصے کو بھی جمہور کہا جاتا ہے اس کے علاوہ "جمھور الناس" سے مراد ان کے ممتاز افراد ہوتے ہیں۔

اردو زبان میں لغوی طور پر اس کا معانی یہ بیان کیے گئے ہیں: ریت کا ڈھیر ،ریت کا ٹیلا، آدمیوں کا بڑا گروہ، سب لوگ، جماعت، آبادی، قوم

اور جمہوریت سے مراد وہ طرز حکومت ہے جس میں بادشاہ کے بجائے عوام کے نمائندے کاروبار حکومت انجام دیتے ہیں اور یہ ڈیمو کریسی کا اردو ترجمہ ہے۔[3]

اردو میں مستعمل لفظ "جمہوریت" چونکہ لفظ "ڈیمو کریسی" کا ترجمہ ہے اس لیے ڈیمو کریسی کی وضاحت کی جارہی ہے۔

معروف برطانوی ماہر سیاسیات ڈیوڈ ہیلڈ نے لکھا ہے: Democracy is derived from "Demokratia" the real meaning of Which are demos (people) and Kratos (rule) . Democracy means form of government in which in contradiction to monarchies and aristocracies, the people rule.

ترجمہ: لفظ ڈیمو کریسی دراصل "ڈیمو کریٹیا" سے ماخوذ ہے جو کہ دو الفاظ کا مجموعہ ہے پہلا لفظ "ڈیموس" ہے جس کا معنی "عوام" ہے اور دوسرے لفظ "کروتس" ہے جس کا معنی حکومت ہے گویا ڈیمو کریسی سے مراد ایسا طرز حکومت ہے جس میں بادشاہ ہوں یا اشرافیہ کے برعکس عوام کی منتخب کردہ حکومت ہو۔

ڈیوڈ ہیلڈ نے مزید لکھا ہے کہ یہ لفظ بنیادی طور پر یونانی زبان سے لیا گیا ہے اور یہ لفظ انگریزی زبان میں سولہویں صدی میں فرانسیسی ڈیمو کریسی سے آیا۔[4]

---

[1] اس فصل میں جمہوری نظام کے تمام پہلوؤں کا تقابل نہیں کیا گیا بلکہ ان بنیادی عناصر کا خلافت عمرؓ کی شورائیت سے تقابل کیا گیا ہے جو اس نظام کی اساسی حیثیت رکھتی ہیں اور مکمل نظام انہی اصولوں پر کاربند ہے۔

[2] ابن منظور ، محمد بن مکرم ، **لسان العرب** (بیروت : دار صادر ۱۴۱۴ھ) ، ج ۴ ، ص ۱۴۹

[3] سرہندی، **علمی اردو لغت**، ص ۵۴۳

[4] Held , David , Models of Democracy(Cambridge : polity press , 2006 ) , p 1-2

ڈاکٹر مستفیض علوی لکھتے ہیں کہ سیاسی ماہرین، "جمہوریت" کی کسی ایک متعین تعریف پر متفق نہیں ہے تاہم کوئی معاشرہ یا ریاست اپنے حالات کے مطابق اگر ایسا نظام حکومت ترتیب دیں جس میں ایک فرد یا مخصوص طبقے کی بجائے عوام الناس کی مرضی شامل ہو تو وہ جمہوریت کہلائے گی ۔[۱]

## جدید مغربی جمہوریت (ڈیموکریسی) کا پس منظر

